# برجوں کا مکمل انسائیکلوپیڈیا

## (آپ کے برج اور ستارے)



علیم اقبال

Marfat.com

آپ کی زندگی کے بارہ پہلوؤں پر ایک جامع کتاب

# برجوں کا مکمل انسائیکلوپیڈیا

(آپ کے برج اور ستارے مکمل زائچوں کیساتھ)

صاحبزادہ علیم اقبال

(آسٹرو پامسٹ)

---

**روبی پبلی کیشنز**

دکان نمبر 13 - الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ اُردو بازار، لاہور

فون: 042-37243301

Marfat.com

بے شک اللہ ہی بہتر رزق دینے والا ہے

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

اشاعت ---------- اکتوبر 2014

ناشر ---------- محمد عمران انجم

کمپوزنگ ---------- زکمپوزنگ سنٹر، لاہور

پرنٹرز ---------- چوہدری طاہر حمید

---------- ۵-قطب روڈ، لاہور

قیمت ---------- 300روپے

روبی پبلی کیشنز

دکان نمبر 13 - الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ اُردو بازار، لاہور

فون: 042-37243301

Marfat.com

# انتساب

نامور آسٹرو پامسٹ

معروف ریسرچ سکالر

**جناب معظم خان صاحب**

کے نام

Marfat.com

# حسن ترتیب


| | | |
|---|---|---|
| -1 | برج حمل کا مکمل زائچہ | صفحہ 23 تا 46 |
| -2 | برج ثور کا مکمل زائچہ | صفحہ 47 تا 66 |
| -3 | برج جوزا کا مکمل زائچہ | صفحہ 67 تا 85 |
| -4 | برج سرطان کا مکمل زائچہ | صفحہ 87 تا 108 |
| -5 | برج اسد کا مکمل زائچہ | صفحہ 109 تا 130 |
| -6 | برج سنبلہ کا مکمل زائچہ | صفحہ 131 تا 150 |
| -7 | برج میزان کا مکمل زائچہ | صفحہ 151 تا 170 |
| -8 | برج عقرب کا مکمل زائچہ | صفحہ 171 تا 189 |
| -9 | برج قوس کا مکمل زائچہ | صفحہ 191 تا 208 |
| -10 | برج جدی کا مکمل زائچہ | صفحہ 209 تا 228 |
| -11 | برج دلو کا مکمل زائچہ | صفحہ 229 تا 247 |
| -12 | برج حوت کا مکمل زائچہ | صفحہ 249 تا 268 |


Marfat.com

# پہلے یہ پڑھیئے!

سورج ہر سال 20 یا 21 مارچ کو برج حمل میں داخل ہوتا ہے اور پھر ہر برج میں کم و بیش ایک ماہ کا عرصہ گزار کر سال کے بارہ مہینوں میں بارہ برجوں کا دورہ کرتا ہے۔ کسی شخص کی پیدائش کے وقت سورج جس برج میں مقیم ہوگا' وہی اس شخص کا برج یا طالع شمسی (SUN-SIGN) کہلائے گا۔ جیسا کہ پہلے ذکر ہوا' سورج کے داخلے کے آغاز کی تاریخ میں ایک آدھ دن کا فرق پڑ سکتا ہے جس کی وجہ سے ایک عام قاری (Layman) کو الجھن کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

آپ کی سہولت کے لیے ہم ذیل میں عام سالوں اور لیپ کے سالوں میں ہر برج کے آغاز کی تاریخ درج کر رہے ہیں جس سے آپ کو اپنا برج صحت کے ساتھ معلوم کرنے میں آسانی ہوگی۔

## عام سالوں میں برجوں کی تواریخ

برج حمل کا آغاز ............ 21 مارچ

برج ثور کا آغاز ............ 20 اپریل

Marfat.com

| | |
|---|---|
| برج جوزا کا آغاز ........... | 21 مئی |
| برج سرطان کا آغاز ........... | 22 جون |
| برج اسد کا آغاز ........... | 23 جولائی |
| برج سنبلہ کا آغاز ........... | 24 اگست |
| برج میزان کا آغاز ........... | 23 ستمبر |
| برج عقرب کا آغاز ........... | 24 اکتوبر |
| برج قوس کا آغاز ........... | 23 نومبر |
| برج جدی کا آغاز ........... | 22 دسمبر |
| برج دلو کا آغاز ........... | 20 جنوری |
| برج حوت کا آغاز ........... | 19 فروری |

## لیپ کے سالوں میں برجوں کی تواریخ

| | |
|---|---|
| برج حمل کا آغاز ........... | 20 مارچ |
| برج ثور کا آغاز ........... | 20 اپریل |
| برج جوزا کا آغاز ........... | 21 مئی |
| برج سرطان کا آغاز ........... | 21 جون |
| برج اسد کا آغاز ........... | 23 جولائی |
| برج سنبلہ کا آغاز ........... | 23 اگست |
| برج میزان کا آغاز ........... | 23 ستمبر |
| برج عقرب کا آغاز ........... | 23 اکتوبر |

| | | |
|---|---|---|
| برج قوس کا آغاز | ............ | 22 نومبر |
| برج جدی کا آغاز | ............ | 22 دسمبر |
| برج دلو کا آغاز | ............ | 21 جنوری |
| برج حوت کا آغاز | ............ | 19 فروری |

نوٹ: مثال کے طور پر آپ کی تاریخ پیدائش کسی عام سال میں 21 مارچ کو آتی ہے تو آپ کا برج حمل ہے لیکن برج حوت کا دورانیہ بھی 21 مارچ کو ہی ختم ہو رہا ہے۔ چونکہ آپ کو 21 مارچ کو برج حوت کے اختتام اور برج حمل کے آغاز کا درست وقت معلوم نہیں ہے (جس کی یہ کتاب متحمل نہیں ہو سکتی) اس لیے آپ کو چاہیے کہ 21 مارچ کو برج حمل ہی قرار دیں کیونکہ حوت کا وقت ویسے بھی اس روز ختم ہو رہا ہے بلکہ بہتر ہوگا کہ آپ اپنی سہولت کے لیے برج حوت کے وقت کو 20 مارچ کو اختتام پذیر سمجھیں کیونکہ چند گھنٹوں کے معمولی فرق کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

اس طرح اگر آپ کی تاریخ پیدائش کسی ایسے دن آتی ہے جب کسی ایک برج کا وقت ختم ہو رہا ہے اور دوسرے کا شروع ہو رہا ہے تو آپ کو چاہیے کہ جس برج کا وقت شروع ہو رہا ہے، اپنا برج وہی تصور کریں اور گذشتہ برج کو اس سے پچھلے روز اختتام پذیر تصور کریں۔ عام کتابوں میں یہ تصریحات نہیں دی جاتیں جس سے اکثر قاری اپنے برج کے بارے میں الجھن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ نیز لیپ کے سال کا بھی ذکر نہیں کیا جاتا جس کی وجہ سے برج عقرب کا حامل خود کو میزان سمجھنے لگتا ہے اور میزان والا عقرب! اور جب مذکورہ برج کی خصوصیات اس کی شخصیت سے میل نہیں کھاتیں تو وہ اس علم کی صداقت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیتا ہے۔

Marfat.com

اکیسویں صدی کے اس دورِ جدید میں کم و بیش ہر پڑھا لکھا شخص برجوں سے بالعموم اور اپنے برج سے بالخصوص واقف ہے اور سریع سائنسی ترقی کے باوجود ''علم نجوم'' نے بطور سائنس اپنا وجود برقرار رکھا ہے بلکہ اس سے دلچسپی لینے والوں میں دن بدن معتد بہ اضافہ ہوتا جا رہا ہے جن میں عوام کے ساتھ ساتھ خواص کی ایک طویل فہرست شامل ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ علم نجوم نہ صرف کسی انسان کی شخصیت اور رویوں کے بارے میں گفتگو کرتا ہے بلکہ پیدائش سے لے کر موت تک قدم قدم پر اس کی رہنمائی کے لیے موجود ہوتا ہے اور انسانی زندگی کا کوئی ایسا شعبہ نہیں ہے جو اس کے دائرہ عمل سے باہر ہو۔ جہاں یہ اچھے وقت کے بارے میں خوشخبری دیتا ہے' وہاں برے وقت کے بارے میں پیشگوئی کر کے حفظ ماتقدم کا بھی مشورہ دیتا ہے۔

کسی زمانے میں یہ علمِ نافع بادشاہوں' امیروں' وزیروں اور راجوں مہاراجوں کے معاملات تک محدود تھا اور عام آدمی کی اس علم یا اس علم کے ماہرین تک رسائی اتنی آسان نہ تھی لیکن جہاں دیگر علوم کی ترویج و ترقی وقت کے ساتھ ساتھ ہوئی' وہاں یہ علم بھی

Marfat.com

خواص کے طبقے سے نکل کر عوام کے طبقے میں آ گیا اور عام آدمی بھی اس علم سے استفادہ کر کے اپنی زندگی کو سنوارنے کے قابل ہو گیا۔

دورِ جدید کی تیز رفتار زندگی میں ہر آدمی کے لیے یہ ممکن نہیں کہ وہ سالہا سال اس علم کے مطالعے پر صرف کرے۔ کمپیوٹر تک بھی ہر شخص کی رسائی نہیں ہے جس سے منٹوں میں زائچہ تیار کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح ہر شخص ماہرین نجوم سے مکمل زائچہ بنوا کر ان کی فیس ادا کرنے کی بھی استطاعت نہیں رکھتا تو لے دے کے کتاب ہی ایک ایسی چیز رہ جاتی ہے جس میں ہر برج کے حامل فرد کی زندگی کا زائچہ لکھ کر شائع کر دیا جائے لیکن برجوں کی آج تک جتنی بھی کتب اندرون و بیرون ملک شائع ہوئی ہیں، ان میں کسی صاحب نے بھی ہر برج کے مکمل زائچے یعنی بارہ گھروں کی تفصیل نہیں دی جو انسانی زندگی کے بارہ اہم شعبوں پر روشنی ڈالتے ہیں بلکہ چار پانچ پہلوؤں کا ذکر کر کے برج مکمل کر دیا جاتا ہے۔

اس تناظر میں راقم الحروف نے ''برجوں کے مکمل زائچے'' تحریر کرنے کا بیڑا اٹھایا جس میں آپ کی زندگی کے بارہ پہلو یعنی شخصیت، دولت، تعلیم، خاندان، بچے، صحت، محبت، عمر، سفر، کاروبار اور حدود ترتیب وار بیان کیے گئے ہیں۔ ہر برج کے آغاز میں اس کا مکمل زائچہ دیا گیا ہے۔ جس میں بارہ گھروں کی منسوبات اور ان پر اثر انداز ہونے والے ستارے درج ہیں۔ پھر متعلقہ برج کی مثبت اور منفی خصوصیات بیان کرنے کے بعد اس کے زائچے کے ہر گھر کا باری باری ذکر کیا گیا ہے جو کہ زندگی کے بارہ شعبوں میں سے کسی نہ کسی شعبے سے تعلق رکھتا ہے۔ لطف کی بات یہ کہ ہر گھر کے آغاز میں اس گھر کا ایک خصوصی زائچہ بھی دیا گیا ہے جس میں اس گھر کا نام اور اس پر اثر انداز ستارے کا علیحدہ سے نام دیا گیا ہے۔ اس طرح شخصیت سے لے کر حدود تک بارہ گھروں کا یکے بعد دیگرے ذکر مکمل کر کے متعلقہ برج کا زائچہ مکمل کیا گیا ہے۔ وعلیٰ ہذا القیاس

ان زائچوں سے ایک تو آپ کو اپنا مکمل زائچہ پڑھنے میں مدد ملے گی، دوسرے آپ کو کم از کم اپنے ہر گھر اور اس پر اثر انداز ستارے کا علم ہوگا۔ اس طرح آپ کو علم نجوم کی مبادیات کا علم ہوگا اور آپ اپنی ذات پر ان کا اطلاق بخوبی کر سکیں گے۔ اس کے بعد آپ اپنے عزیز و اقارب کی تاریخ پیدائش کی مدد سے ان کے زائچوں کا مطالعہ کریں گے تو آپ ان کی زندگی کے متعدد پہلوؤں سے روشناس ہوں گے اور اس طرح آپ کو علم نجوم کے مزید مطالعے کا شوق پیدا ہوگا۔ امید ہے کہ کتاب آپ کو پسند آئے گی۔

آپ کی آراء کا شدت سے منتظر:


علیم اقبال (آسٹروپامسٹ)

7- بخش سنٹر، 235- سرکلر روڈ، لاہور


Marfat.com

# علم نجوم کا تعارف

کیا آج کے تیز رفتار اور سائنسی دور میں علم نجوم کی کوئی گنجائش ہو سکتی ہے؟ کیا آج کے انتہائی مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے میں جب کہ دنیا کے سائنسدان چاند کے بعد اب کائنات کے دور دراز سیاروں پر کمندیں ڈال رہیں ہیں، علم نجوم پر یقین کرنے کی کوئی وجہ ہو سکتی ہے؟ کیا ستاروں کا علم واقعی ٹھوس حقائق اور مشاہدے پر مبنی ہے، یا یہ محض قدیم توہمات کے باقیات اور خوابوں کی دنیا میں رہنے والے جاہل لوگوں کے فرضی تصورات ہیں؟

یہ وہ سوالات ہیں جو آج کے تعلیم یافتہ افراد اکثر ان لوگوں سے پوچھتے نظر آتے ہیں، جن کا اعتقاد ابھی تک علم نجوم پر ہے۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ شاید ستاروں کا علم قدیم ادوار کے نیم مہذب اور جاہل لوگوں کے ذہنوں کی پیداوار ہے اور آج کی مادی دنیا میں اس کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے جبکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔

ان تمام سوالات کا نہایت سادہ اور واحد جواب یہ ہے کہ ستاروں کا علم آج بھی اتنا ہی سچا اور قابل عمل ہے جتنا آج سے صدہا برس پہلے تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آج امریکہ اور یورپ کے کروڑوں افراد اس علم کے ذریعے اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرتے ہیں اور نتیجتاً ایک زیادہ خوشگوار اور کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ علم نجوم پر یقین رکھنے والوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے حتیٰ کہ اب آسٹریلیا، ایشیاء اور افریقہ کے لاکھوں افراد بھی اس علم کے ماننے والوں میں شامل ہو چکے ہیں۔ مشرق وسطیٰ، بھارت اور مشرق بعید کے رہنے والے تو ہزاروں برسوں سے ستاروں کے علم کی مدد سے اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرتے رہے ہیں۔ شریک حیات کا انتخاب ہو یا کسی کاروبار کا آغاز، وہ ہر کام علم نجوم کی روشنی میں کرتے ہیں اور شاید اسی وجہ سے دنیا کے ان حصوں میں خودکشی اور طلاق کے واقعات یورپ اور امریکہ کے مقابلے میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔

بہت سے لوگ سائنس اور علم نجوم کو ایک دوسرے سے متصادم اور متضاد خیال کرتے ہیں، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ علم نجوم نے آج سے صدیوں پہلے جو تصورات اور نظریات پیش کئے تھے، جدید ترین سائنسی تحقیقات نے ان پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے،

Marfat.com

جس کی چند مثالیں درج ذیل ہیں۔

قدیم ترین ستارہ شناس بھی اس حقیقت سے باخبر تھے کہ اجرام فلکی کی حرکت نہ صرف ہماری زمین پر بلکہ زمین کی تمام مخلوقات پر جن میں انسان بھی شامل ہے، اثرانداز ہوتی ہے جبکہ سائنس دان ماضی قریب تک اس حقیقت سے انکار کرتے رہے ہیں، لیکن آج جدید ترین تحقیقات کے بعد ہم ان پرانے ستارہ شناسوں کے نظریات پر یقین کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔

اجرام فلکی کی حرکات کے اثر کی سب سے واضح مثال سمندر کے مدوجزر کی ہے۔ آج ہم سب جانتے ہیں کہ سمندر کا سکون اور تلاطم محض چاند کی حرکت پر منحصر ہے۔ چاند جوں جوں تکمیل کو پہنچتا ہے، سمندر کی لہروں میں تموج مسلسل بڑھتا رہتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ چاند کا یہ اثر محض سمندر پر نہیں بلکہ پانی کی ہر سطح پر ہوتا ہے چاہے وہ کسی چھوٹے سے پیالے میں ہی کیوں نہ ہو۔ یہ اور بات ہے کہ سمندر میں پانی کی غیر معمولی مقدار کے باعث ہم اس تلاطم کو بآسانی دیکھ سکتے ہیں جبکہ کم مقدار پانی پر چاند کے اثر کو ہم خالی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتے۔ انسانی وجود میں پانی کی مقدار اس کے کل حجم کا ستر فیصد ہوتی ہے، لہٰذا انسان پر اس سیارے کا اثر بھی یقینی ہے۔ اس بات کا ثبوت اس بات سے ملتا ہے کہ چڑھتے چاند کے دنوں میں ذہنی مریضوں کا جنون اور دیوانگی اپنے عروج کو پہنچ جاتی ہے۔ اسی طرح یہ بات سرکاری اعداد و شمار سے ثابت ہو چکی ہے کہ چاند کے عروج کے دنوں میں جرائم کی تعداد میں یکلخت اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جدید طبی تحقیق سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ عورتوں میں حمل کی مدت پورے نو قمری مہینوں کے برابر ہوتی ہے، اور یہ بھی کہ عورتوں کے خاص ایام کا انحصار بھی چاند کی حرکت پر ہوتا ہے۔

ماہرین ارضیات کے مشاہدے کے مطابق سمندری لہروں کا رخ، کامل چاند کے دنوں میں پوری دنیا میں ایک مخصوص سمت میں ہوتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے چاند کا غیر مرئی سایہ قطب شمالی سے قطب جنوبی کی طرف، پورے کرۂ ارض پر سے گزرتا ہے اور اس سائے کی زد میں آنے والی ہر شے پر اپنا مخصوص اثر ڈالتا ہے۔ حال ہی میں سائنسدان یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ سمندر کے تلاطم کے دنوں میں، امریکہ کے وسطی صحراؤں میں ریت کی تہہ میں چھپے ہوئے سیپ بھی چاند کے اس غیر مرئی سائے سے متاثر ہوتے ہیں۔ یعنی جب

سمندری تہہ میں سیپوں کے منہ کھلتے ہیں تو ریت کی تہہ میں چھپے ہوئے سیپ بھی کھل جاتے ہیں حالانکہ وہاں چاند کی کوئی کرن بھی نہیں پہنچ پاتی۔

اور یہ صرف چاند پر ہی منحصر نہیں، سورج بھی کرۂ ارض کی مخلوقات اور نباتات پر نہایت شدت سے اثر انداز ہوتا ہے۔ سورج مکھی کے پھول کا مسلسل سورج کی طرف رخ کیے رہنا تو ایک عام مشاہدہ ہے، مگر خود انسانی مزاج اور رویئے پر اس روشن سیارے کا بہت شدید اثر ہوتا ہے۔ سورج جب مشرق سے طلوع ہوتا ہے تو انسانی مزاج میں فرحت اور کشادگی کا ایک احساس پیدا ہوتا ہے، پھر جب سورج نصف انہار پر پہنچ جاتا ہے تو طبیعتوں میں ایک اضطراب محسوس کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد جب سورج ڈھلتے ڈھلتے غروب ہونے کو ہوتا ہے تو ہم اپنے آپ میں ایک عجیب سی اداسی اور تھکن محسوس کرتے ہیں، لیکن جب سورج نگاہوں سے اوجھل ہو جاتا ہے، ہر طرف تاریکی چھا جاتی ہے تو ہمیں ایک بے وجہ خوف گھیر لیتا ہے۔ وہی جگہیں جہاں ہم سورج کی روشنی میں بے خوفی سے گزرتے ہیں، وہاں سے رات کے اندھیرے میں گزرنا ہمیں دشوار محسوس ہونے لگتا ہے۔ یہ سب کیا ہے؟ ہمارے مزاج میں یہ بتدریج تبدیلیاں کیوں پیدا ہوتی ہیں؟ بلاشبہ ان تبدیلیوں کا بیشتر انحصار سورج کے مقام کی مسلسل تبدیلی پر ہے۔

جس طرح چاند اور سورج کی حرکت اور مقام کا اثر زمینی مخلوقات پر پڑتا ہے، اسی طرح کائنات کے دوسرے سیارے بھی ہم پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ ہم ان کی اثرپذیری کو زیادہ واضح طور پر نہیں دیکھ سکتے۔ اس سلسلے میں ہمیں علم نجوم سے مدد لینا پڑتی ہے۔ اس علم کے ماہرین نے صدیوں کی ریاضت، مشاہدے اور محنت سے جو نتائج اخذ کیے ہیں، ان کی روشنی میں ہم نہایت وثوق اور وضاحت سے یہ جان سکتے ہیں کہ کسی خاص وقت میں، کون سا سیارہ، انسانوں کے کسی مخصوص گروہ پر کیا اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی شخص کی پیدائش کے وقت اجرام فلکی جس مقام اور جس حالت میں ہوتے ہیں، اس کی روشنی میں اس شخص کے کردار، عادات، مزاج اور مستقبل کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ ستاروں کا علم ہمیں اپنے آپ کو جاننے میں مدد دیتا ہے۔

کچھ لوگ بجا طور پر یہ سوال پوچھ سکتے ہیں کہ ستاروں کے علم کے ذریعے اگر ہم اپنے

آپ کو جان بھی لیں تو اس سے ہمیں فائدہ کیا ہوگا اور جو لوگ اپنے ستاروں اور اپنے برج سے ناآشنا ہیں، وہ کیونکر خسارے میں ہیں؟ اس سوال کا جواب ذرا تفصیل طلب ہے، آیئے ہم اس کا جائزہ لیتے ہیں۔

انسانی وجود مسلسل واقعات اور حادثات کی زد میں رہتا ہے۔ ہم یہ فرض کر لیتے ہیں کہ اس کتاب کے تمام قاری عاقل و بالغ ہیں اور ان سے بچوں کی طرح جان بوجھ کر غلطیاں سرزد ہونے کا امکان نہیں، لیکن اس کے باوجود یہ حقیقت ہے کہ آپ بعض اوقات شیو کرتے وقت اپنے آپ کو زخمی کر لیتے ہیں، پھل کاٹتے وقت اپنی انگلی کاٹ لیتے ہیں اور کبھی بے دھیانی میں سڑک پار کرتے وقت کسی گاڑی یا کسی راہگیر سے بھی ٹکرا جاتے ہیں۔ یقیناً آپ نے کبھی نہ کبھی کسی جھگڑے میں ملوث ہو کر خفت اٹھائی ہو گی، کبھی معمولی سی بات پر کسی سے الجھ گئے ہوں گے اور بعد میں پچھتاتے رہے ہوں گے کہ کاش میں نے اپنے غصے پر قابو پا لیا ہوتا۔

علم نجوم کی مدد سے ہمیں یہ علم ہو جاتا ہے کہ ہم مزاج اور کردار کے مطابق انسانوں کے کس گروہ سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ بھی کہ اس گروہ کے افراد کی خصوصیات اور کمزوریاں کیا ہیں؟ اب یہ ایک واضح امر ہے کہ اگر ہمیں اپنی خامیوں اور کمزوریوں کا علم ہو جائے تو ہم ان کے نقصانات سے بچنے کے لئے پیش بندی کر سکتے ہیں۔

ستاروں کا علم ہمیں یہ بھی بتاتا ہے کہ کسی خاص مہینے، یا کسی خاص دن کے کون سے مخصوص لمحے میں ہمارے لئے یہ خطرہ ہے کہ ہم کوئی نقصان اٹھا سکتے ہیں یا کسی حادثے کا شکار ہو سکتے ہیں۔ یہ بات کسی تشریح کی محتاج نہیں کہ اگر ہمیں کسی مخصوص وقت کے "خطرناک" ہونے کا پیشگی علم ہو جائے تو ہم اس مخصوص وقفے میں زیادہ محتاط ہو کر ہر ممکنہ خطرے سے خود کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

جدید میڈیکل سائنس نے انسانوں کو جسمانی ساخت کے اعتبار سے مختلف گروہوں میں تقسیم کیا ہے اور یہ حقیقت ہے کہ مشترک جسمانی ساخت کے حامل افراد میں عموماً ایک جیسی عادات اور خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ اسی طرح علم نفسیات کے اولین ماہر سگمنڈ فرائڈ نے ذہنی امیج کے اعتبار سے ایسے انسانوں کی درجہ بندی کی ہے، جو ایک جیسے کردار اور مزاج کے حامل ہوتے ہیں۔ جبکہ علم نجوم نے آج سے صدیوں پہلے کے انسانوں کو ان کی تاریخ

Marfat.com

پیدائش کے اعتبار سے بارہ گروہوں میں تقسیم کیا تھا اور ہر گروہ کے افراد کی عادات، کردار اور مستقبیل تک کی نشان دہی کر دی تھی۔ بارہ برجوں کی وہ تقسیم اس قدر مکمل، جامع اور درست تھی کہ آج سینکڑوں سال گزرنے کے بعد بھی اسے غلط ثابت نہیں کیا جاسکتا، مگر آپ کو ان برجوں کی تفصیلات بتانے سے پہلے ہم چاہیں گے کہ علم نجوم کی تاریخ کا ایک مختصر جائزہ آپ کے سامنے پیش کر دیں۔

ستاروں کے علم کی ابتداء کب اور کیونکر ہوئی؟ یہ کہنا بہت دشوار ہے، لیکن قدیم ترین اہراموں اور قبل از تاریخ کے زمانوں میں آباد رہنے والے غاروں سے ایسے نقش و نگار اور نوادرات ملے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ستاروں کا علم ان ادوار میں بھی مروج تھا۔ ہندوستان اور چین کے قدیم مدفون شہروں اور مندروں کے مشاہدے سے معلوم ہوتا ہے کہ علم نجوم کے ماہرین ان وقتوں میں معاشرے کے اہم ترین ارکان میں شمار ہوتے تھے۔ اسی طرح یورپ میں سپین اور یونان کی پرانی تہذیبوں میں بھی علم نجوم پوری طرح رائج تھا۔ ادھر افریقہ میں مصر کے فراعین اور مراکش اور حبشہ کے شہنشاہوں کے دربار میں ماہر نجومی اور ستارہ شناس ہمہ وقت موجود رہتے تھے۔

دنیا کے ان مختلف ملکوں میں لوگ اپنے کاروبار اور سفر کے آغاز پر، رشتے ناتے جوڑنے کے موقعوں پر اور کسی ملک سے جنگ شروع کرنے سے پہلے علم نجوم کے ماہرین سے مستقبل کے زائچے بنوایا کرتے تھے اور ان کی روشنی میں اپنے آئندہ اقدامات کا تعین کیا کرتے تھے۔ ان تمام تہذیبوں میں نجومی اور جوتشی، شاہی درباروں کے لازمی اور اہم ارکان میں شامل رہا کرتے تھے اور ان کی طاقت بسا اوقات حکمرانوں سے بھی زیادہ ہوا کرتی تھی۔

زمانہ قبل از تاریخ سے لے کر آج تک مختلف تہذیبیں قائم ہوئیں اور مٹ گئیں، ان گنت بادشاہ آئے اور گئے اور ہزاروں نسلیں اپنی زندگیاں گزار کر زمین تلے سو گئیں مگر ستاروں کا علم آج بھی اسی طرح قائم اور رائج ہے۔ آج بھی دنیا کے کئی فرمانروا کسی اہم فیصلے سے پہلے ستارہ شناسوں اور جوتشیوں سے مشورہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ بھارت کی سابق وزیراعظم اندرا گاندھی بھی ان فرمانرواؤں میں سے ایک تھیں، اور یہ ایک حقیقت ہے کہ ان کے قتل کی پیشین گوئی دنیا کے بہت سے نجومیوں نے بہت پہلے ہی کر دی تھی، بلکہ بعض ستارہ شناس تو ایسے بھی ہیں جنہوں نے ان کی ہلاکت کی تاریخ یعنی 31 اکتوبر 84ء کی بھی

نشاندہی کر دی تھی۔

## برج اور سیارہ معلوم کرنے کا طریقہ

ستاروں کا علم جاننے والوں نے آج سے سینکڑوں برس پہلے تاریخ پیدائش کے اعتبار سے انسانوں کو بارہ گروہوں میں تقسیم کر دیا تھا اور ان کے مخصوص نشانات مقرر کر دیئے تھے۔ ہم ذیل میں ان تمام برجوں کے نام درج کر رہے ہیں۔ اگر آپ کو بھی اپنا برج معلوم نہ ہو تو اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق اپنے برج کا نام معلوم کر سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1:۔ برج حمل | March20- April19 | ARIES |
| 2:۔ برج ثور | April19-May20 | TAURUS |
| 3:۔ برج جوزا | May20-June21 | GEMINI |
| 4:۔ برج سرطان | June21-July22 | CANCER |
| 5:۔ برج اسد | July22-August23 | LEO |
| 6:۔ برج سنبلہ | August23-September22 | VIRGO |
| 7:۔ برج میزان | September22-October23 | LIBRA |
| 8:۔ برج عقرب | October23-November22 | SCORPIO |
| 9:۔ برج قوس | Noverber22-December21 | SAGITTARIUS |
| 10:۔ برج جدی | December21-January19 | CAPRICORN |
| 11:۔ برج دلو | January19-February18 | AQUARIUS |
| 12:۔ برج حوت | Februaru18-March20 | PISCES |

پیدائش کی تاریخ کے علاوہ پیدائش کا وقت بھی خاصی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ اجرام فلکی ہمہ وقت متحرک رہتے ہیں اور ہر آن اپنا مقام بدلتے رہتے ہیں۔ اگر پیدائش کا وقت معلوم ہو تو اس کے ذریعے بالکل صحیح طور پر معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کسی کا طالع برج کون سا ہے اور یہ کہ جس وقت وہ پیدا ہوا، اس وقت اس کا برج کس سیارے کے زیر اثر تھا، لیکن چونکہ یہ ایک پیچیدہ اور دیر طلب کام ہے اس لئے ہم اپنے قارئین کو پیدائش کی تاریخ کے ذریعے اپنا برج جاننے تک محدود رکھیں گے۔

Marfat.com

مندرجہ بالا برج کسی ایک یا دو سیاروں کے زیر اثر رہتے ہیں اور اس سیارے کے مخصوص اثرات اس برج کے حامل افراد میں پائے جاتے ہیں۔ ہر سیارہ اپنا مخصوص اثر اور خصائص رکھتا ہے جن پر ہم آئندہ صفحات میں بحث کریں گے۔ فی الحال ہم یہ دیکھتے ہیں کہ کون سا برج کس ایک یا ایک سے زیادہ سیاروں کے زیر اثر ہوتا ہے۔

| | | نام کا پہلا حرف | |
|---|---|---|---|
| 1 | برج حمل | ا۔ع۔ل۔ی | سیارہ مریخ |
| 2 | برج ثور | ب۔و | سیارہ زہرہ |
| 3 | برج جوزا | ق۔ک | سیارہ عطارد |
| 4 | برج سرطان | ح۔ھ | سیارہ قمر |
| 5 | برج اسد | م | سیارہ شمس |
| 6 | برج سنبلہ | پ۔غ | سیارہ عطارد |
| 7 | برج میزان | ت۔ٹ۔ر۔ط | سیارہ زہرہ |
| 8 | برج عقرب | ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن | سیارہ مریخ، سیارہ پلوٹو |
| 9 | برج قوس | ف | سیارہ مشتری |
| 10 | برج جدی | و۔خ۔گ | سیارہ زحل |
| 11 | برج دلو | س۔ش۔ث۔ص | سیارہ زحل، سیارہ یورینس |
| 12 | برج حوت | د۔چ | سیارہ مشتری، سیارہ نیپچون |

اوپر ہم نے جن سیاروں کے نام درج کئے ہیں، وہ اپنے متعلقہ برجوں کے حکمران اور نگران ہیں اور ان برجوں کے حامل افراد میں اپنے سیارے کے تمام یا کچھ خصائص کا پایا جانا لازمی امر ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ کون سا سیارہ کن مخصوص اوصاف کا حامل ہے۔

1۔ سیارہ شمس:۔ زندگی کا سرچشمہ، توانائی، قوت ارادہ۔

2۔ سیارہ قمر:۔ سطحی فطرت، متلون مزاجی، صلح جوئی، ممتا۔

3۔ سیارہ عطارد:۔ دوستی، ذہانت، تجسس، حقیقت پسندی، مختصر سفر۔

4۔ سیارہ زہرہ:۔ محبت، خوشی، آرٹ، خوبصورتی۔

5۔ سیارہ مشتری:۔ نیکی، نرم خوئی، کشادہ دلی، تحفظ، مواقع کا حصول۔

6۔ سیارہ زحل:۔ تنگ دلی، خدمت، تساہل، سرد مہری، تحقیق، خاموش طبعی، طویل جدو جہد کے بعد دیرپا ثمرات کا حصول۔

7۔ سیارہ یورنیس:۔ فیشن، پرکشش شخصیت، انقلاب پسندی، یکسر تبدیلی کا رجحان، سائنس سے دلچسپی۔

8۔ سیارہ نیپچون:۔ حساس فطرت، جذباتی، دھوکہ بازی اور اذیت پسندی۔

9۔ سیارہ پلوٹو:۔ تخلیق اور تباہی، ہوس اقتدار، زبردست قوت ارادہ، اولوالعزمی۔

ہم نے اوپر جو تین جدول دیئے ہیں، ان کی مدد سے ہمارے قارئین بخوبی جان سکتے ہیں کہ ان کا برج کون سا ہے، وہ کس سیارے کے زیر اثر ہے اور ان کے سیارے کی خصوصیات کیا ہیں تاہم یہ ضروری نہیں کہ اوپر کے جدول میں ہم نے جو خصوصیات درج کی ہیں، وہ سب کی سب ان میں موجود ہوں کیونکہ ہر برج میں بے شمار افراد ہوتے ہیں اور ظاہر ہے کہ کسی نہ کسی حد تک ایک دوسرے سے مختلف ضرور ہوں گے۔اس کے علاوہ کسی شخص میں کسی خصوصیت کا ہونا اس بات پر بھی منحصر ہے کہ جس وقت وہ پیدا ہوا، اس وقت مختلف سیاروں کی حالت اور مقام کیا تھا۔

## منطقہ البروج کے بارہ گھروں کی تفصیل

منطقہ البروج کے برجوں کو خاصیت کے اعتبار سے اربعہ ناصر یعنی آگ، مٹی، ہوا اور پانی میں تقسیم کیا جاتا ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ برج متعلقہ خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔

1...... آتشی بروج، حمل، اسد اور قوس ہیں۔

2...... خاکی بروج، ثور، سنبلہ اور جدی ہیں۔

3...... بادی بروج، جوزا، میزان اور دلو ہیں۔

4...... آبی بروج، حوت، سرطان اور عقرب ہیں۔

ان بارہ برجوں میں سے ہر برج انسانی جسم کے مختلف اعضاء پر حکمرانی کرتا ہے اور پیدائشی لگن کے مطابق اس عضر کو طاقتور یا حساس بنا دیتا ہے جس کا سبب یہ ہے کہ چاند سے خارج ہونے والی مقناطیسی لہریں ساری عمر اس عضو کو متاثر کرتی رہتی ہیں۔

Marfat.com

منطقہ البروج کا پہلا برج حمل ہے جس کے لفظی معنی ہیں ''مینڈھا'' اور اس کا حکمران سیارہ مریخ ہے جس کو قیادت کی علامت خیال کیا جاتا ہے۔ یہ بے خوفی، تحقیق اور تخلیق کرنے والوں کے علاوہ تجدید حیات اور نظریاتی کامیابی کا برج ہے۔ سر اور چہرے پر حمل کی حکمرانی ہے۔

منطقہ البروج کا دوسرا برج ثور ہے جس کے لفظی معنی ہیں ''سانڈ'' اور یہ دولت اور جائیداد کا برج ہے۔ زہرہ اس برج کا حکمران ہے جس نے اس برج کو محبت اور دولت کی علامت بنادیا ہے۔ گردن اور حلق پر ثور کی حکمرانی ہے۔

منطقہ البروج کا تیسرا برج جوزا ہے جس کے لفظی معنی ہیں ''جڑواں'' اور اس کو دوہری شخصیت، بھائیوں اور بہنوں، مختصر سفر، رفتار، پیغامات اور رابطہ کی علامت خیال کیا جاتا ہے۔ ذہن، ادراک اور ارتقاء یافتہ ذہانت اس برج کی خصوصیات ہیں۔ اس کا حکمران عطارد ہے۔ کندھوں، بازوؤں اور ہاتھوں پر جوزا حکمران ہے۔

منطقہ البروج کا چوتھا برج سرطان ہے جس کے لفظی معنی ہیں ''کیکڑا'' اور اس کو گھر اور والدہ کا برج کہا جاتا ہے۔ اس کے تابع پیدا ہونے والے افراد چھوٹا موٹا کاروبار کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ گھر اور کاروباری زندگی میں رہنمائی کرتا ہے۔ سرطان کا حکمران چاند ہے۔ یہ چھاتیوں اور پیٹ پر حکمران ہے۔

منطقہ البروج کا پانچواں برج اسد ہے جس کے لفظی معنی ہیں ''شیر'' اور اس کو محبت اور باقاعدہ بچوں کی علامت خیال کیا جاتا ہے۔ اس کو عیش کوشی، مہم جوئی، سپورٹس، قیاس آرائی، شومین شپ اور رومان کی علامت خیال کیا جاتا ہے۔ یہ خوش وقتی، چھٹیوں اور اچھی دوستی کا برج ہے۔ اسد کا حکمران سورج ہے اور یہ دل پر حکمرانی کرتا ہے۔

منطقہ البروج کا چھٹا برج سنبلہ ہے جس کے لفظی معنی ہیں ''کنواری لڑکی اور یہ صحت، کام اور خدمت کا برج ہے۔ سنبلہ بوڑھوں اور معذوروں کی خدمت کرنے، وفادار غلامی اور حفظان صحت کی علامت ہے۔ اس برج کا حکمران عطارد ہے اور یہ آنتوں پر حکمرانی کرتا ہے۔

منطقہ البروج کا ساتواں برج میزان ہے جس کے لفظی معنی ہیں ''ترازو'' اور یہ شراکت، شادی، ڈپلومیٹک اور خارجہ امور کا برج ہے۔ میزان کا حکمران سیارہ زہرہ ہے اور یہ

Marfat.com

مردوں کے گردوں اور عورتوں کے رحم پر حکمرانی کرتا ہے۔

منطقہ البروج کا آٹھواں برج عقرب ہے جس کے لفظی معنی ہیں "بچھو" اور یہ موت، نئی زندگی عطا کرنے، وصیت، وراثت اور اس برج کے تابع پیدا ہونے والے افراد کی اپنی موت کے ماحول سے تعلق رکھتا ہے۔ عقرب کا حکمران پلوٹو ہے اور یہ تناسلی اعضاء پر حکومت کرتا ہے۔

منطقہ البروج کا نواں برج قوس ہے جس کے لفظی معنی ہیں "تیر انداز" اور یہ عظیم فلسفہ دانوں اور مذہبی سکالروں کا برج ہے۔ ہر صورت میں توسیع پسندی، فضول خرچی، بڑے بڑے کام، بڑے کاروباری ادارے اور عالمی تجارت قوس کے تابع ہیں۔ اس کا حکمران سیارہ مشتری ہے اور یہ کولہوں اور رانوں پر حکومت کرتا ہے۔

منطقہ البروج کا دسواں برج جدی ہے جس کے لفظی معنی ہیں "بکرا" اور یہ کامیابی، اتھارٹی، ولدیت اور حکومتی امور کی علامت ہے۔ دنیاوی رتبہ، شہرت اور نقصان کی تلافی کا اندازہ جدی لگاتا ہے۔ اس برج کا حکمران زحل ہے جو گھٹنوں پر حکومت کرتا ہے۔

منطقہ البروج کا گیارہواں برج دلو ہے جس کے لفظی معنی "مشکیزہ بردار" کے ہیں۔ یہ دوستی کی علامت ہے۔ یہ اپنے کارکن ساتھیوں اور دوستوں کے ساتھ انسان کے سماجی تعلقات، انسانی وقار اور فرد کی تہذیب کی علامت ہے۔ اس کا حکمران یورینس ہے جو ٹانگوں پر حکومت کرتا ہے۔

منطقہ البروج کا بارہواں برج حوت ہے جس کے لفظی معنی "مچھلیاں" ہیں اور یہ خفیہ باتوں، خفیہ دشمنوں، دوسروں سے کٹ کر تنہا رہ جانے، قید اور آنسوؤں کی علامت ہے۔ روحانی دباؤ اور ظلم اس برج کے تابع پیدا ہونے والوں کی علامت ہے۔ اس کا حکمران نیپچون ہے اور یہ پیروں کا حاکم ہے۔

## بارہ گھروں میں سیاروں کی حرکات

آسمان میں واقع ان بارہ مقامات کو اکثر "بروج" کہتے ہیں۔ جب کوئی شخص پیدا ہوتا ہے تو اس وقت کوئی سیارہ ایک مخصوص برج میں ہوتا ہے چنانچہ اس سیارے کے برج کو اس کا "گھر" کہتے ہیں۔

Marfat.com

جس قانون کے تحت سیارے اپنا گھر بدلتے رہتے ہیں وہ درج ذیل ہے۔

پہلا گھر پہلے برج ہی کو کہتے ہیں جس کا نام حمل ہے۔ دوسرا گھر ثور ہے، تیسرا جوزا، چوتھا سرطان، پانچواں اسد، چھٹا سنبلہ، ساتواں میزان، آٹھواں عقرب، نواں قوس، دسواں جدی، گیارہواں دلو اور بارہواں حوت کہلاتا ہے۔

چونکہ لوگ سال کے ہر روز پیدا ہوتے ہیں اور سیارے ایک ریل گاڑی کی طرح ہمیشہ ان بارہ برجوں یا منطقہ البروج میں گردش کرتے رہتے ہیں اس لئے یہ ممکن ہے کہ ایک شخص کی پیدائش کے وقت دو مختلف الخاصیت (دشمن) سیارے ایک ہی گھر میں موجود ہوں۔

یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ اپنی ساری عمر جھگڑا کرتے رہتے ہیں گویا کہ فتنہ پروری ان کی فطرت میں داخل ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جن لوگوں میں دنیا کو جیسی کہ وہ ہو، اس کو قبول کرنے یا ہم آہنگی پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی ہے، ان کی ذہنی صلاحیت کمزور ہوتی ہے۔ بہت سے افراد جو اپنے ماحول سے ہم آہنگی پیدا نہیں کر سکتے وہ اگر اپنے پیدائشی زائچہ کو سلجھ لیں تو شاید بہتر طریقہ پر زندگی گزار سکیں گے۔

یہ گھر درج ذیل طریقہ سے زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

پیدائش کے وقت برج اور سیارے مختلف گھروں میں براجمان ہوتے ہیں۔ گھر کا ماحول برج اور سیاروں کی آمیزش سے ایک خاص تاثر پیدا کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ سیارے ایک دوسرے کو متاثر کر کے ایک مخصوص ماحول پیدا کر دیتے ہیں۔ اس طرح گھر، برج اور سیارہ تینوں ان پہلوؤں سے متاثر ہوتے ہیں۔

"پہلو" یا "نظر" سے مراد وہ طاقت ہے جو برج، گھر اور سیارے کو اجتماعی طور پر متاثر کر کے ان کی طبعی خصوصیات میں توانائی پیدا کر دیتی ہے۔ یہ پہلو سعد یا منحوس ہوتا ہے۔ ان کو مثلث، مربعے یا مخالف وغیرہ کہتے ہیں۔ مثلثی دائرے نہایت آہستگی سے حرکت کرتے ہیں لیکن ان کی حرکت میں ایک ہم آہنگی پائی جاتی ہے جبکہ مربعے دھماکے خیز ہوتے ہیں اور تنازع پیدا کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات یہ تشدد آمیز مربعے خوشی لانے والے مثلثی دائروں کے مقابلے میں زیادہ دولت اور اثاثہ پیدا کر دیتے ہیں۔

ان میں کچھ اتصالی مقامات کہلاتے ہیں جہاں ایک ہی برج میں دو سیارے پائے جاتے ہیں۔ اس پہلو میں دونوں سیاروں کے اثرات پائے جاتے ہیں اور جو سیارہ زیادہ طاقتور ہوتا ہے

اس کے اثرات زیادہ اختلاف پیدا کر دیتے ہیں۔ اس طرح جو سیارے ایک دوسرے سے زیادہ ہم آہنگ ہوتے ہیں ان کو "قرآن السعدین" کہتے ہیں۔


اگر کسی شخص کی پیدائش کے وقت اس کے زائچے میں کوئی دھماکہ خیز پہلو موجود ہو تو وہ شخص ساری عمر زندگی کے اسی مخصوص شعبے میں اس کے اثرات محسوس کرتا رہتا ہے مثال کے طور پر اگر پیدائش کے وقت پانچویں گھر کے حکمران سورج کی یورنیس مخالف کر رہا ہے تو اس شخص کی زندگی میں برقی تبدیلیاں آتی رہیں گی۔ یورنیس ایک ایسا سیارہ ہے جو تشدد آمیز تنظیم نو کے ذریعہ اتھل پتھل پیدا کر دیتا ہے۔ جس شخص کو یہ بات معلوم ہو جائے تو اس کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ تبدیلیاں بہتری کے لئے کی جاتی ہیں لیکن فوری اقدام بہت ضروری ہے۔

ہر "پہلو" یا "نظر" کا مثبت اور منفی ر، عمل ہو تا ہے۔ تاثر کے پیچھے جو قوت کار فرما ہوتی ہے، وہ بہت قابل قدر ہے۔ ایک دھماکہ خیز تمن میں وہ فائدہ مند توانائی ہوتی ہے جس کی مثبت برجوں اور سیاروں میں ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔

کسی مربعے یا مخالفت سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ درست انداز فکر اور درست اقدام سے ان شدید طاقتوں کا توڑ کر کے کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ موافق مثلثی دائرے اکثر ہمارے اندر ایک بے حسی اور خواب کی سی کیفیت پیدا کر دیتے ہیں۔ اس طرح ہم ان مواقع سے کوئی فائدہ نہیں اٹھاتے ہیں اور وقت گزر جاتا ہے۔ اس کے بعد ایک تشدد آمیز مخالف دور شروع ہو جاتا ہے جس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا ہے، لیکن یہ ایک ایسی توانائی ہوتی ہے جس کو دوسرے میدان میں صرف کیا جاسکتا ہے۔

Marfat.com

# برج حمل کا مکمل زائچہ




Marfat.com

# شخصیت کے مثبت پہلو

☆ یہ لوگ تصنع اور بناوٹ کو پسند نہیں کرتے اور اکثر سچائی اور صاف گوئی سے کام لیتے ہیں۔

☆ حمل افراد حسن و نغمگی کے بڑے دلدادہ ہوتے ہیں اور فنکاروں کو بہت پسند کرتے ہیں۔

☆ حمل افراد میں جمالیاتی ذوق بہت زیادہ ہوتا ہے اور حسن سے بہت جلد متاثر ہوتے ہیں۔

☆ حمل افراد بہت جلد اندازہ لگا لیتے ہیں کہ کون انہیں پسند کرتا ہے اور کون انہیں ناپسند کرتا ہے۔

☆ حمل افراد میں غیر معمولی خود اعتمادی پائی جاتی ہے۔

☆ یہ أفراد نئی چیزوں اور ان کے استعمال سے بہت خوش ہوتے ہیں۔

☆ حمل افراد جو فیصلہ کرتے ہیں سوچ سمجھ کر کرتے ہیں اور فیصلہ کرنے میں کوئی دیر نہیں لگاتے۔

☆ حمل افراد میں عزم و حوصلہ بہت پایا جاتا ہے۔

☆ حمل افراد اس بات کے قائل نہیں ہوتے کہ دوسروں کے نقش قدم پر چلیں بلکہ یہ دوسروں کو اپنے نقش قدم پر چلانے کی کوشش کرتے ہیں۔

☆ حمل افراد بہت زیادہ وفادار ہوتے ہیں اور دوسروں سے محبت اور وفاداری کی توقع رکھتے ہیں۔

☆ حمل افراد علم وادب اور فنون لطیفہ کا بڑا گہرا شوق رکھتے ہیں۔

☆ حمل افراد نہ کسی کو دھوکا دیتے ہیں اور نہ ہی دھوکا برداشت کرتے ہیں۔

☆ حمل افراد کے مزاج میں جدت پسندی ہوتی ہے اور وہ ترقی پسندانہ سوچ رکھتے ہیں۔

☆ حمل افراد مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔

☆ حمل افراد اپنا خود کام کرنے کے عادی ہوتے ہیں اس میں وہ کسی قسم کی مداخلت کو

برداشت نہیں کرتے۔

☆حمل افراد بہت تیز چلنے والے ہوتے ہیں اور ان کی خواہش ہوتی ہے کہ ہر میدان میں سب کو پیچھے چھوڑ جائیں۔

☆یہ افراد غفلت اور کاہلی کو ہرگز پسند نہیں کرتے چنانچہ سست اور کاہل لوگوں کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔

☆حمل افراد اچھے جیون ساتھی ثابت ہوتے ہیں۔ ان کے بچے ان کے گرویدہ ہوتے ہیں اور وہ دل و جان سے ان سے پیار کرتے ہیں۔

☆حمل افراد اولاد کے حق میں بڑا ذمے دارانہ رویہ رکھتے ہیں۔

☆یہ افراد محبت کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔


☆حمل افراد حد سے زیادہ محنت اور مشقت کرنے والے ہوتے ہیں۔ محنت اور مشقت سے نہ تو گھبراتے ہیں اور نہ ہی جی چراتے ہیں۔

## شخصیت کے منفی پہلو

برج حمل کے افراد کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ وہ بعض اوقات اپنا نقطۂ نظر دوسروں پر واضح نہیں کرپاتے اور جب دوسرے کسی بات پر ان سے اختلاف کرتے ہیں تو وہ شدید جھنجھلاہٹ اور طیش میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ وہ چونکہ خود بہت فعال اور تیز رفتار ہوتے ہیں لہٰذا دوسروں سے بھی مستعدی کی توقع رکھتے ہیں اور جب دوسروں کے کام سے مطمئن نہیں ہوتے تو درشتی پر اتر آتے ہیں اور یوں ان کے ساتھی زیادہ دیر ان کے ساتھ رہنا پسند نہیں کرتے۔ خاص طور پر حساس لوگ ان کی درشتی یا بدزبانی سے بہت جلد عاجز آ جاتے ہیں۔ جلد منزل تک پہنچنے کی کوشش میں وہ اکثر غلط راستہ اختیار کر لیتے ہیں یا غلط منصوبہ بندی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ وہ اختلاف رائے کو برداشت نہیں کر سکتے اور نتیجتاً جھنجھلاہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ اختلاف بعض اوقات دشمنی میں بدل جاتا ہے جس کا زیادہ نقصان خود انہی کو ہوتا ہے۔ کبھی کبھی دشمنی اس حد تک بڑھ جاتی ہے کہ انہیں مکمل تباہی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔

Marfat.com

## برج حمل کا پہلا گھر، شخصیت و کردار




برج حمل سے تعلق رکھنے والے لوگ عام طور پر تندرست و توانا اور مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ لوگ کوئی کام شروع کرنے سے پہلے اس کے ہر پہلو کا بخوبی جائزہ لیتے ہیں اور پھر بے خوف آتش نمرود میں کود پڑتے ہیں۔ یہ لوگ خطرات سے نہیں گھبراتے۔ بعض اوقات ان میں جلد بازی آجاتی ہے مگر شاذ ہی کسی حماقت کے مرتکب ہوتے ہیں۔ حمل مرد یا عورت اپنے آپ کو زیادہ مصروف رکھنا پسند کرتے ہیں۔ بے مقصد کاموں میں الجھنے کے بجائے یہ لوگ وقت اور توانائی ایسے کاموں میں صرف کرتے ہیں جن سے کچھ حاصل ہونے کی توقع ہو۔ ان میں خود اعتمادی کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے اور اپنے مقصد حیات کا تعین کر کے اس کے حصول کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا دیتے ہیں۔ ان میں کچھ نہ کچھ کرتے رہنے کی لگن موجود رہتی ہے اور یہ لوگ موقع سے فائدہ اٹھانا بھی خوب جانتے ہیں۔ حمل افراد حرکت میں برکت کے قائل ہوتے ہیں۔ وہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھ کر قسمت کے مہربان ہونے کا انتظار نہیں کرتے بلکہ مسلسل جدوجہد سے اپنی قسمت خود


Marfat.com

ہیں۔ ان کی طلب و جستجو اس وقت تک جاری رہتی ہے جب تک وہ اپنے مقصد کو پا نہیں لیتے۔ حمل کے زیر اثر افراد حسب ضرورت اپنے آپ میں تبدیلیاں پیدا کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں جس کے لئے وہ کسی کے مشوروں یا اعانت کا انتظار نہیں کرتے۔ یہ جو کچھ کرنا چاہتے ہیں، کسی کی مدد کے بغیر خود ہی کر لیتے ہیں۔ بعض حمل افراد حصول مقصد کے لئے بے رحمی اور سنگدلی کا اظہار بھی کرتے ہیں لیکن یہ لوگ کسی کے لئے خطرناک ثابت نہیں ہوتے۔ حمل افراد اپنی محنت کا پھل جلد حاصل کر لینا چاہتے ہیں۔

ایک متوسط حمل فرد، جس کے ذہن میں بے شمار منصوبے ہوتے ہیں، وہ کسی نئی صورت حال کو اپنانے میں کبھی ناکام نہیں رہتا۔ وہ نقصان کی صورت میں بھی منافع کا کوئی نہ کوئی پہلو نکال لیتا ہے۔ حمل افراد اگرچہ بڑے محتاط اور مستعد ہوتے ہیں لیکن کبھی کبھار کوئی ضمنی چیز ان کے ذہن کو منتشر کر دیتی ہے اور ایسے موقعوں پر وہ اس کام پر بھرپور توجہ نہیں دے پاتے جو انہوں نے پہلے سے شروع کر رکھا ہوتا ہے۔ اس طرح بعض اوقات انہیں نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ حمل افراد بعض اوقات جلد نتیجہ حاصل کرنے کے چکر میں خود اپنا کام بگاڑ لیتے ہیں۔ برج حمل کے زیر اثر افراد میں کینہ یا بغض نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ کسی سے عداوت رکھتے ہیں۔ محبت کے معاملے میں بھی یہ لوگ بڑے عجلت پسند واقع ہوئے ہیں۔ برج حمل سے تعلق رکھنے والے افراد پہلی نظر میں محبت کے قائل ہیں لیکن اپنی عجلت پسندی کے باعث جلد ہی اپنے پہلے محبوب کو چھوڑ کر دوسرے کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ ویسے محبت کے معاملات میں بھی یہ لوگ احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ حمل افراد چونکہ جہد مسلسل کے قائل ہوتے ہیں، اس لئے انہیں اپنے آپ کو مصروف رکھنے میں کوئی دشواری نہیں آتی۔ یہ لوگ عام طور پر خود مختار ہوتے ہیں۔ دوسروں کو بعض اوقات ان میں تکبر اور بد مزاجی کی جھلک بھی نظر آتی ہے۔ کمزور حمل افراد اپنے آپ کو کسی بحث کا موضوع بنانا پسند نہیں کرتے اور نہ ہی وہ اپنے آپ پر تنقید برداشت کرتے ہیں، خواہ وہ تنقید جائز ہی کیوں نہ ہو۔ اس کے برعکس دوسروں کو تنقید کا نشانہ بنانے سے کبھی نہیں چوکتے۔ یہ لوگ اپنی اہمیت منوانے کے لئے بہت آگے نکل جاتے ہیں۔ کسی معاملے پر اظہار رائے کرتے ہوئے یہ لوگ جس قسم کا رویہ اپناتے ہیں، اسے دوسرے پسند نہیں کرتے۔

Marfat.com

# برج حمل کا دوسرا گھر، مال و دولت





ان افراد کے بارے میں یہ بات خاص طور پر کہی جاسکتی ہے کہ وہ پیسہ کمانے کا فن بھی جانتے ہیں۔ انہیں کبھی تنگ دستی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا لیکن شاہ خرچی میں بھی وہ اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ رقم ہاتھ آتے ہی وہ اسے پہلی فرصت میں خرچ بھی کر ڈالتے ہیں۔ روپے پیسے کے معاملے میں یہ لوگ بڑے دیانتدار واقع ہوئے ہیں۔ کسی کا حق مارنا اچھا نہیں سمجھتے اور اپنا حق چھوڑتے بھی نہیں۔

اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد سلیقے اور رکھ رکھاؤ کو پسند کرتے ہیں۔ ان کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے دفتر میں خوب صورت اور قیمتی فرنیچر ہو جسے سلیقے سے آراستہ کیا گیا ہو۔ دفتر کی آرائش و زیبائش سے وہ دوسروں کو متاثر کر کے اپنے کاروبار میں بھی مدد لیتے ہیں۔ ان کے حلقہ احباب میں زیادہ تر نوجوان اور خوبرو افراد شامل ہوتے ہیں۔ بوڑھوں اور بد سلیقہ لوگوں کو یہ پسند نہیں کرتے۔ رجعت سے ان کو دور کا بھی رابطہ نہیں چنانچہ جدید اور ماڈرن ماحول ان پر نہایت خوشگوار اثر ڈالتا ہے۔

Marfat.com

بعض حمل افراد روپے پیسے کے معاملے میں بڑے لاپرواثابت ہوتے ہیں۔ وہ کچھ نہ کچھ بچانا چاہتے ہیں لیکن ان سے بن نہیں پڑتا۔ پیسہ ہاتھ میں آتے ہی وہ اسے اس طرح لٹانا شروع کر دیتے ہیں کہ آنے والے کل کے لئے کچھ نہیں بچتا۔ وہ صرف یہ جانتے ہیں کہ موجودہ وقت کیسے گزارا جا سکتا ہے۔ کمزور حمل افراد تو اس معاملے میں اور بھی لاپرواواقع ہوئے ہیں۔ وہ سوچے سمجھے بغیر بے تحاشا اخراجات بڑھا لیتے ہیں جس سے انہیں بہت سی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس کے برعکس مضبوط قوت ارادی اور فہم و ادراک کے مالک حمل افراد فضول خرچی سے دامن بچا کر مستقبل کے لئے کچھ نہ کچھ پس انداز ضرور کر لیتے ہیں۔

## برج حمل کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




برج حمل سے تعلق رکھنے والے بچوں کو تعلیم دلانے کا کام بھی کوئی معمولی کام نہیں ہوتا ہے، لیکن یہ ایک اچھی بات ہے کہ برج حمل سے متعلق افراد تعلیمی ماحول کو بہت جلد

قبول اور پسند کر لیتے ہیں۔ یہ بچے سکول میں نظم و ضبط کو بہت پسند کرتے ہیں۔ وہ ایسا ماحول پسند کرتے ہیں جہاں ہمت دلانے اور آگے بڑھنے کا موقع پایا جاتا ہو۔ وہ عملی تعلیم کی نسبت ماحول سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اسی لئے ان بچوں کے لئے پبلک سکول زیادہ بہتر ہوتے ہیں جہاں اجتماعی جذبوں سے کام لیا جاتا ہے۔ ایسا نظام ان کی مرضی کے مطابق ہوتا ہے اور ان کی تعمیر میں مدد دیتا ہے۔


یہ بچے خواہ لڑکا ہو یا لڑکی مضامین نگاری، آرٹس اور آرٹسٹک مضامین میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں اور دونوں ہی کھیل کود کے بہت زیادہ شوقین ہوتے ہیں۔ انہیں غیر ممالک میں بھیج کر بھی تعلیم دلائی جا سکتی ہے اور یہ بچے سکول کی یونین، کلب، یا سوسائٹی میں اس وقت تک حصہ نہیں لیتے جب تک کہ انہیں کوئی بڑا کلیدی عہدہ نہ دیا جائے لیکن جہاں تک بحث و مباحثہ اور مناظرانہ مجلسوں کا تعلق ہے تو ان میں یہ حصہ لے کر خود بخود ہی مشہور ہو جاتے ہیں۔

ان کی بلند ہمتی اور کام کرنے کے شوق کو عمدہ راستے پر لگانا چاہئے۔ کھلی فضا کے تمام کھیلوں اور تفریحات میں ان کی ہمت افزائی کرنی چاہئے۔ ساتھ ہی ساتھ تعمیری ذوق کی بھی تربیت کرنی چاہئے۔ ان کو اوزار نما کھلونے اور تفریح مہیا کریں اور لڑکیوں کو کھانا پکانے کی تربیت دیں۔ ان کو جسمانی ورزش کی بھی بڑی ضرورت ہوتی ہے۔

ان کو وقت کی قدر، آداب، تہذیب، فرمانبرداری اور خصوصاً صبر کی تعلیم دینا چاہئے کیونکہ یہ لوگ بہت پرجوش ہوتے ہیں۔ چار سال کے بعد ان کی قوتوں کو مفید کاموں میں مصروف کر دینا چاہئے۔ یہ بچے سبق بہت جلد یاد کر لیتے ہیں اور ہدایات پر بھی جلد عمل پیرا ہوتے ہیں۔ وہ پابندی سے بہت گھبراتے ہیں اور بہت جلد کھیل کود اور کاہلی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ یہ بچے گھر اور سکول دونوں جگہ دباؤ سے گھبراتے ہیں اور اپنی خواہشات اور تفریحات کے پابند رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔

وہ بہت جلد نقل اتار لیتے ہیں خصوصاً دوسروں کی کمزوریوں کو جلد سیکھتے ہیں۔ ان کے لئے جسمانی مار پیٹ کے مقابلہ میں سمجھانا بجھانا اور نرمی کے ساتھ ہدایت کرنا زیادہ معقول ہے۔

# برج حمل کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی




اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد فطرتاً گھر سے محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔ ان کے لئے گھر کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ دن بھر کے کام کاج کے بعد جب وہ گھر کی چار دیواری میں قدم رکھتے ہیں تو بڑا روحانی سکون محسوس کرتے ہیں۔ حمل خواتین عام طور پر بہترین خاتون خانہ ثابت ہوتی ہیں۔ گھر کی آرائش و زیبائش میں انہیں ملکہ حاصل

Marfat.com

ہوتا ہے۔ وہ اچھی طرح جانتی ہیں کہ گھر کو زیادہ سے زیادہ پرسکون کس طرح بنایا جاسکتا ہے۔ وہ اعلیٰ ذوق کی مالک ہوتے ہوئے انہیں گھر کی آرائش میں کسی قسم کی دشواری پیش نہیں آتی۔ ان کے ہاں آنے والے مہمان ان کے ذوق اور سلیقے کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔


یہ افراد اپنے اہل خانہ اور دوستوں کی خاطر تواضع میں بڑی خوشی محسوس کرتے ہیں۔ یہ لوگ مہمانوں کو بلائے جان نہیں سمجھتے بلکہ اگر کوئی مہمان بے وقت بھی آجائے تو اس کی خاطر تواضع میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھتے۔ ان کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے ہاں کوئی نہ کوئی مہمان آتا رہے۔ ان کے دوست بھی ان کا بڑا احترام کرتے ہیں۔

یہ افراد گھریلو معاملات میں بڑے جذباتی ہوتے ہیں۔ وہ افراد خانہ کے باہمی میل جول کو ترجیح دیتے ہیں کیونکہ ان کے خیال میں اس طرح ایک محبت آمیز اور خوشگوار ماحول پیدا ہوتا ہے۔ وہ اپنے گھر میں سکون اور محبت و آشتی چاہتے ہیں۔ بعض حالات میں حمل مرد یا عورت گھر کا سکون برقرار رکھنے کے لئے اپنی شخصیت اور حیثیت کو بھی استعمال کرتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کی رہنمائی میں کنبے کا یہ قافلہ کامیابی کی راہ پر گامزن رہ سکتا ہے۔

ان افراد کے لئے بچوں میں بڑی کشش ہوتی ہے۔ بچوں کی نفسیات کو سمجھتے ہوئے وہ بہت جلد ان کا اعتماد حاصل کر لیتے ہیں اور عام طور پر بچے بھی ان کے گرویدہ ہو جاتے ہیں چنانچہ وہ انہیں اپنے کھیل اور دیگر سرگرمیوں میں شامل کرنے سے ذرا نہیں ہچکچاتے۔ ان افراد میں مزاح کو سمجھنے کی صلاحیت بھی موجود ہوتی ہے۔ وہ موقع محل کے مطابق لطیفے اور چٹکلے چھوڑتے رہتے ہیں۔ اپنے اس ذوق کی بدولت وہ بچوں میں زیادہ مقبولیت حاصل کر لیتے ہیں۔ حمل افراد اپنے بچپن کو کبھی نہیں بھولتے۔ وہ اپنے بچوں کو اپنے بچپن کے واقعات بڑے دلچسپ انداز میں سناتے رہتے ہیں اور گھر میں اکثر بچوں کے ساتھ وہی کھیل کھیلتے رہتے ہیں جو وہ اپنے بچپن میں کھیل چکے ہوتے ہیں۔ ان افراد کی کوشش ہوتی ہے کہ ان کے بچے انہی کے نقش قدم پر چلیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ راستہ ان کا دیکھا بھالا ہے اس لئے وہ بچوں کو اس کی اونچ نیچ سے بخوبی آگاہ کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر بچے دانستہ یا نادانستہ طور پر ان کی کوئی بات ماننے سے انکار کر دیں تو انہیں بڑا دکھ ہوتا ہے۔ یہ افراد عام طور پر مثالی والدین ثابت ہوتے ہیں۔

Marfat.com

## برج حمل کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق




☆...... حمل والدین میں اپنے بچوں کو سمجھنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

☆...... حمل والدین اپنے بچوں سے محبت کرتے ہیں اور ان کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔

☆...... حمل والدین اپنے بچوں کو زیادہ وقت نہیں دے سکتے لیکن جب وہ ان کے لئے کوئی کام کرتے ہیں تو پھر اس میں خوشی اور لطف محسوس کرتے ہیں۔

☆...... حمل والدہ اپنے بچوں کو ہر کام آزادی کے ساتھ کرنے کا پورا موقع دیتی ہے۔ وہ ہرگز یہ پسند نہیں کرتی کہ اس کا بچہ کسی کا محتاج ہو یہاں تک کہ وہ تین سالہ بچے سے بھی یہی خواہش رکھتی ہے کہ وہ اپنا کام خود کرے اور کسی کا محتاج اور دست نگر نہ ہو۔

☆...... حمل والدین اپنے بچوں کے لئے بڑے فیاض اور کشادہ دل ہوتے ہیں مگر ان کا مزاج قدرے مختلف ہوتا ہے۔ وہ سخت اور درشت مزاج کے مالک ہوتے ہیں اور بچوں پر

بھی اس کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔

☆...... حمل والدین اپنے بچوں پر کچھ زیادہ ناز اور فخر کرتے ہیں اور انہیں صرف اور صرف اپنے ہی نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں۔

☆...... حمل والدہ اپنے بچوں کی تربیت اخلاقی انداز سے کرتی ہے۔ اس معاملے میں اس کا رویہ باپ کی نسبت سخت ہوتا ہے لیکن یہ تربیت بھی باپ سے بہتر کرتی ہے۔

☆...... حمل ماں اپنے بچوں کی تربیت دور جدید کے تقاضوں کے مطابق کرتی ہے۔ بچوں پر اس قدر سختی کرتی ہے کہ اس کے ہمسائے بھی پریشان ہو جاتے ہیں۔

☆...... حمل والدہ اپنے بچوں میں پہل کی عادت ڈالنے کی بڑی خواہشمند ہوتی ہے۔ وہ یہ پسند کرتی ہے کہ اس کے بچے ہر کام میں پہل کریں۔

☆...... حمل والدہ اگرچہ سخت گیر ہوتی ہے لیکن باپ کے مقابلے میں یہ اپنی اولاد کے لئے مہربان ہوتی ہے۔

☆...... حمل والدہ اپنے بچوں کو ہر طرح کی خود مختاری دیتی ہے۔ اس سلسلے میں خواہ وہ گھر کی قیمتی سے قیمتی چیزوں کو خراب کر دیں، وہ ان کی بھی کوئی پروا نہیں کرتی ہے۔

☆...... برج حمل سے تعلق رکھنے والے والدین خصوصاً والدہ غیر ذمہ دار نہیں ہوتی۔ وہ اپنے بچوں کو سوچ سمجھ کر پوری آزادی دیتی ہے۔ وہ ہرگز یہ نہیں چاہتی کہ اس کی اولاد صلاحیتوں سے محروم ہو جائے۔ اس معاملے میں وہ ان کو دبا کر رکھنا نہیں چاہتی۔

☆...... حمل باپ ماں سے قدرے مختلف ہوتا ہے وہ یہ ترقی پسند نظریات کا قائل ہوتا ہے۔ وہ اپنے خاندان اور اپنی اولاد پر ناز اور فخر کرتا ہے اور ان سے بہت اعلیٰ اور اچھی امیدیں رکھتا ہے۔


☆...... حمل والد اپنے بچوں کے لئے سب کچھ کرنے کے لئے تیار رہتا ہے لیکن وہ ان کے لئے اپنی زندگی کی قربانی نہیں دے سکتا۔

☆...... حمل والد کو اس بات سے بڑی الجھن اور پریشانی ہوتی ہے کہ ان کا بچہ مسلسل کسی چیز کی فرمائش کرتا رہے۔ اسے لگاتار فرمائش کے اصرار سے اس میں چڑچڑاپن آ جاتا ہے۔ وہ یہ نہیں چاہتا کہ ان کا بچہ بلا سوچے سمجھے تقاضا کرتا رہے۔

Marfat.com

☆......اس معاملے میں ماں کا رویہ ذرا مختلف ہوتا ہے۔ وہ خاوند کے مقابلے میں اپنے بچوں کے لئے بہت نرم دل ہوتی ہے۔ جب اس کا بچہ کسی تکلیف یا پریشانی میں مبتلا ہوتا ہے تو وہ بہت بے چین ہو جاتی ہے اور اسے بڑا دکھ ہوتا ہے، لیکن باپ اس معاملے میں بالکل الٹ ہوتا ہے۔ اسے اس بات کی ذرہ بھر پروا نہیں ہوتی۔ وہ سبق دلانے اور تجربہ حاصل کروانے کے لئے اس کے ساتھ ہمدردی نہیں کرتا بلکہ کہتا ہے کہ بہت اچھا ہوا۔ تمہارے ساتھ ہونا ہی ایسے چاہئے تھا۔

## برج حمل کا چھٹا گھر، صحت و امراض




برج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد عام طور پر تندرست اور صحت مند ہوتے ہیں لیکن اپنی صحت کو بحال رکھنے کے لئے ان لوگوں کو ضرورت سے زیادہ محنت سے احتراز برتنا چاہئے۔ یہ افراد اپنی جلد بازی اور لاپرواہی کے باعث حادثات کا شکار ہوتے رہتے ہیں۔

Marfat.com

خصوصاً جب وہ کسی خاص منصوبے پر کام کر رہے ہوں تو وہ کسی اور طرف توجہ نہیں دیتے۔ ایسی صورت میں کسی حادثے سے دوچار ہونا کوئی غیر معمولی بات نہیں۔ انہیں عام طور پر سر اور چہرے پر چوٹیں لگتی ہیں۔ ان لوگوں کے لئے آرام کرنا بہت ضروری ہے۔ یہ مرد اور خواتین کھیلوں میں خوب نام پیدا کرتے ہیں۔ ان کے جسم متناسب اور سڈول ہوتے ہیں۔ بیمار ہونے کے بعد یہ لوگ حیرت انگیز طور پر بہت جلد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ یہ افراد اگر یہ سمجھ لیں کہ توانائی کو کس طرح استعمال کیا جانا چاہئے تو وہ جسمانی طور پر اپنے آپ کو زیادہ صحت مند اور پر کشش بنا سکتے ہیں۔ کھیلوں میں یہ لوگ بڑی تیزی سے اپنی جگہ بناتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔ ان کا سر، حواس اور معدہ بہت جلد متاثر ہو جاتا ہے۔ ایسے لوگوں میں سر درد اور بخار کی شکایت عام ہوتی ہے۔


اگرچہ یہ لوگ کسی بیماری کے بعد فوری طور پر پہلے کی سی توانائی حاصل کر لیتے ہیں لیکن وہ اس بات کو نہیں سمجھتے کہ فوری طور پر حاصل ہونے والی اس توانائی کو کس طرح خرچ کیا جائے جس کا نتیجہ بعض اوقات نروس بریک ڈاؤن کی صورت میں نکلتا ہے۔ ان افراد کو اپنے مقصد کے حصول کی لگن اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ وہ آرام کرنا بھول جاتے ہیں۔ کام کی زیادتی ان کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ انہیں اپنے آپ پر قابو پانا بھی سیکھنا چاہئے۔

اس برج کے زیر اثر افراد بعض اوقات اپنے آپ کو منوانے کے لئے اس قدر آگے نکل جاتے ہیں جو انہیں جذباتی دیوالیہ پن کی طرف لے جا سکتا ہے۔ کسی معاملے میں بہت جلد غصے یا پریشانی کا اظہار بھی ان کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ ان کے لئے منفی جذبات پر قابو پانا بہت ضروری ہے کیونکہ ناخوشگوار موڈ ان کی صحت کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والوں کے لئے آرام بہت ضروری ہے۔ بھرپور اور پر سکون نیند ان کی صحت کے لئے مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ یہ افراد بیمار پڑنا پسند نہیں کرتے۔ کوئی معمولی سی بیماری بھی انہیں مضطرب اور بے چین کر دیتی ہے۔ وہ بیماری سے صحت یاب ہونے کے لئے زیا۔۔۔ قت کا صرف ہونا بھی پسند نہیں کرتے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ وہ دوسرے لوگوں کی نسبت جلدی صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ کوئی بیماری انہیں بری طرح مایوس کر سکتی ہے لیکن اپنی مضبوط قوت ارادی کے باعث وہ بہت جلد بیماری کو پچھاڑ کر اپنے پیروں پر کھڑے ہو

جاتے ہیں۔

برج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والے لوگ چونکہ جہد مسلسل اور حرکت میں برکت کے قائل ہوتے ہیں اس لئے دوسروں کی نسبت لمبی عمر پاتے ہیں۔ ایسے بعض افراد کو دیکھ کر کہا جاسکتا ہے کہ ساٹھ ستر سال کی عمر میں بھی بڑھاپا انہیں چھو کر نہیں گیا۔ جو برج حمل افراد اپنی قوت و توانائی کے صحیح استعمال کے راز کو پالیں، وہ اپنی زندگی میں مزید کئی برس کا اضافہ کر سکتے ہیں۔ ان افراد کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی صحت کے چارٹ پر کڑی نگاہ رکھیں۔

## برج حمل کا ساتواں گھر، محبت




حمل عورت اگر بہت زیادہ حسین نہیں تو خوبصورت ضرور ہوتی ہے اور جنس مخالف کے لئے اس میں ایک خاص کشش پائی جاتی ہے۔ محبت کے معاملے میں حمل عورت ضرورت سے کچھ زیادہ ہی دلچسپی لیتی ہے۔ جس شخص کو یہ پسند کرلیتی ہے، بلا خوف و خطر اپنا سب کچھ اس کے حوالے کردیتی ہے کیونکہ اسے یقین کامل ہوتا ہے کہ اس کا محبوب اسے


Marfat.com

دھوکا نہیں دے گا۔ برج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والی خواتین بڑی توانا اور با عمل ہوتی ہیں۔ ان کی ذہانت اور ٹھوس کردار بھی جنس مخالف کو ان میں دلچسپی لینے پر اکساتا ہے۔ حمل عورت مردوں سے بات کرتے ہوئے ذرا سی بھی جھجک محسوس نہیں کرتی اور عام طور پر وہ گفتگو میں مرد پر حاوی رہتی ہے۔ حمل عورتیں محبت کے معاملے میں کسی سے پیچھے رہنا پسند نہیں کرتیں۔ ان کا شمار ان عورتوں میں بھی نہیں کیا جا سکتا جو آرام سے بیٹھ کر خوابوں کے شہزادے کی آمد کا انتظار کرتی رہتی ہیں۔ اس کے برعکس اگر انہیں کوئی شخص پسند آجاتا ہے تو یہ خود پہل کرنے میں ذرا بھی ہچکچاہٹ سے کام نہیں لیتیں اور اس کے لئے وہ ایسا سحر انگیز طریقہ اختیار کرتی ہیں کہ مرد کو احساس بھی نہیں ہو پاتا کہ وہ اس کی محبت کا اسیر ہو چکا ہے۔ حمل خواتین چونکہ خود صداقت پسند ہوتی ہیں اس لئے اپنے محبوب سے بھی کوئی بات چھپانا پسند نہیں کرتیں بلکہ ہر بات کا کھل کر اظہار کرتی ہیں۔ ایسی خواتین مردوں کی بہترین اور بااعتماد دوست ثابت ہوتی ہیں۔ اس برج سے تعلق رکھنے والی خواتین جذبوں کی شدت رکھتی ہیں اور جذبات کی شدت اور روانی میں بسا اوقات انہیں اس بات کا خیال نہیں رہتا کہ وہ کیا کر رہی ہیں اور کہاں جا رہی ہیں۔ اگر وہ کسی سے محبت کرتی ہیں تو شدت کے ساتھ کرتی ہیں اور اپنا سب کچھ اس کے حوالے کر دیتی ہیں۔ حمل خواتین مثالی بیویاں ثابت ہوتی ہیں۔

برج حمل کے زیر اثر پیدا ہونے والے مرد بڑی پرکشش شخصیت کے مالک اور رومان پسند ہوتے ہیں۔ جنس مخالف کو یہ بہت جلد اپنی طرف متوجہ کر لیتے ہیں۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ جس عورت کو وہ چاہتے ہیں، اس کا دل کس طرح جیتا جا سکتا ہے۔ حمل مرد جس طرح دوسرے کاموں میں جوش و خروش کا مظاہرہ کرتا ہے، اس طرح محبت میں بھی وہ اسی جذبے کا اظہار کرتا ہے۔ ایسے مرد کے ساتھ رہنے والی عورت اگرچہ اپنے آپ کو محفوظ سمجھتی ہے لیکن بعض اوقات حمل مرد کا جذباتی رویہ اس کے دل میں نت نئے خدشات کو جنم دینے لگتا ہے۔ حمل مرد شادی کے بعد اگرچہ بیوی کے وفادار ہوتے ہیں لیکن شادی سے پہلے وہ بھنورے کی طرح کلی کلی منڈلانے کو معیوب نہیں سمجھتے۔ جب تک انہیں اپنی پسند کی لڑکی نہیں مل جاتی، وہ خوب سے خوب تر کی تلاش جاری رکھتے ہیں۔ ان کے اس طرز عمل سے کچھ رقیب بھی سامنے آجاتے ہیں لیکن حمل مرد کو ان سے نمٹنے میں زیادہ دشواری نہیں ہوتی۔

ان کے دل میں جب محبت کی چنگاری بھڑکتی ہے تو وہ اپنی ذہانت اور فہم ادراک سے راستے کی تمام رکاوٹوں کو دور کرتے چلے جاتے ہیں۔ حمل مرد محبت کا بھوکا ہوتا ہے اور اس کے لئے وہ بڑی سے بڑی قربانی دینے کو تیار رہتا ہے۔ حمل مرد اگر کسی سے سچے دل سے محبت کرتا ہے تو پھر اس کا وفادار ہو کر رہ جاتا ہے۔

## برج حمل کا آٹھواں گھر، عمر





ایک امریکی تحقیقاتی ادارہ نے سالہا سال کی لگاتار تحقیق کے بعد علم نجوم سے متعلق جو انکشافات کیے ہیں، وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔ اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا ہے کہ سیارے انسان کی عمر کے تعین میں بھی بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے انسانوں کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔ اس نے تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد و شمار اکٹھے کیے۔ یہ لوگ 1945ء سے

Marfat.com

لے کر 1981ء کے دوران اس دنیا سے رخصت ہوئے تھے۔ نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت عامہ سے حاصل کی تھیں۔ اس محکمے کے علاوہ قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے بھی مدد لی گئی۔ اس نے بتایا کہ جب ہم نے پندرہ ہزار کیسوں کا مطالعہ کیا تو ہم یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔

چنانچہ اب آپ بھی اپنی عمر دیکھ سکتے ہیں۔ چونکہ یہ باب برج حمل اور سیارہ مریخ سے متعلق ہے اس لئے برج اور سیارے کے لحاظ سے جن کی تاریخ پیدائش 21 مارچ تا 19 اپریل ہے، ان میں مردوں کی اوسط عمر 79 سال ہے اور خواتین کی عمر تقریباً 78 سال ہے۔

## برج حمل کا نواں گھر، قسمت





نام کا پہلا حرف: ا، ع، ل، ی

حکمران ستارہ: مریخ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| موافق نگینہ | حجرالدم، ہیرا |
| موافق رنگ | ارغوانی، سرخ، بھورا |
| موافق پھول | گلاب |
| موافق خوشبو | عطر گلاب |
| موافق دن | منگل |
| موافق نمبر | 9 |
| موافق برج | اسد، قوس |
| ناموافق برج | سرطان، میزان، جدی |
| گوارا برج | ثور، جوزا، دلو، حوت |
| غیر جانبدار برج | سنبلہ، عقرب |

## برج حمل کا دسواں گھر، پیشے




اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے لوگ بڑے باعمل، محنتی اور سرگرم ہوتے ہیں۔

انہیں کوئی ایسا پیشہ اپنانا چاہئے جس میں وہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور طور پر بروئے کار لا سکیں۔ اگرچہ یہ فرد فطرتاً بہت سے کاموں کی طرف مائل ہو سکتا ہے لیکن اسے اپنا کیریئر بنانے کے لئے کسی ایسے کام کا انتخاب کرنا چاہئے جو اس کی قابلیتوں اور صلاحیتوں کے اظہار کا ذریعہ بن سکے۔

یہ برج سر، دماغ اور قوت متخیلہ پر حکمرانی کا مظہر ہے۔ جو افراد برج حمل کے زیر اثر عرصے میں پیدا ہوتے ہیں، وہ متجسس طبیعت کے مالک، محنتی اور ذہین ہوتے ہیں۔ وہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنے کو معیوب سمجھتے ہیں بلکہ وہ بیکار بیٹھ ہی نہیں سکتے۔ برج حمل کے افراد فنکارانہ صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں اور تخلیقی نوعیت کے کاموں میں زیادہ کامیاب ثابت ہوتے ہیں جبکہ بعض اس الجھن کا شکار ہوتے ہیں کہ وہ اپنے لئے کس پیشے کا انتخاب کریں کیونکہ ان کا رجحان بہت سے کاموں کی طرف ہوتا ہے اور ہر کام کو وہ ماہرانہ طور پر انجام دے سکتے ہیں۔ مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ وہ اپنے مستقبل کے لئے جس پیشے کو بھی اپناتے ہیں، اس میں کامیاب رہتے ہیں۔ یہ لوگ چونکہ خوبرو، خوش اخلاق اور پرکشش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں اس لئے ایسے کاموں میں زیادہ کامیاب ثابت ہوتے ہیں جن سے ان کا رشتہ براہ راست پبلک سے رہتا ہے۔ ان کی گفتگو بڑی نپی تلی ہوتی ہے۔ وہ لوگوں کے مزاج کو سمجھتے ہوئے انہیں اپنی باتوں سے قائل کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ دوسرے لوگ اپنی مشکلات میں مشوروں کے لئے ان افراد سے رجوع کرتے ہیں۔ یہ افراد کامیاب لیڈر اور مشیر ثابت ہوتے ہیں۔ ان کی نگاہ ہمیشہ مستقبل پر رہتی ہے۔ یہ لوگ بہت سوچ سمجھ کر منصوبہ بندی کرتے ہیں اور اس میں انہیں ناکامی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد باعمل ہوتے ہیں۔ وہ فوج اور کھیلوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ یہ لوگ اگر طب کے شعبے کا رخ کریں تو کامیاب ڈاکٹر بن جاتے ہیں۔ بعض حمل افراد انجینئرنگ کے شعبے میں بہت سوں کو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔ ان افراد کو یہ علم ہوتا ہے کہ وہ زندگی سے کیا چاہتے ہیں اور وہ اسے حاصل کرنے میں کامیاب رہتے ہیں۔ وہ خود مختار رہنا پسند کرتے ہیں۔ وہ کسی کے احکامات ماننے کے بجائے خود احکامات صادر کرنا اور ان کی تعمیل کرانا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ وہ کسی گروپ کے رکن کی حیثیت سے


Marfat.com

کام کرنے کی بجائے خود مختار حیثیت سے زیادہ بہتر طور پر کام کر سکتے ہیں اور اپنی صلاحیتوں کا بھر پور اظہار کر سکتے ہیں۔

ایک خامی جو بعض حمل افراد میں پائی جاتی ہے، وہ یہ ہے کہ وہ ایک کام کو بڑے جوش و خروش سے شروع کرتے ہیں لیکن کچھ ہی عرصے بعد وہ کسی اور کام میں دلچسپی لینے لگتے ہیں اور اس طرح کوئی کام بھی پورا نہیں کر پاتے۔ بعض حمل افراد خود کوئی کام شروع کر کے اسے دوسروں کے حوالے کر دیتے ہیں۔ اس قسم کے لوگ کام کے معاملے میں شدید الجھنوں کا شکار رہتے ہیں۔

یہ حمل افراد نئے نئے کاموں میں دلچسپی لیتے رہتے ہیں لیکن یہ وہ لوگ ہیں جن کی قوت ارادی زیادہ مضبوط نہیں ہوتی۔ اس کے برعکس پختہ حمل افراد کو اس قسم کی کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔

## برج حمل کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




ان افراد کو نئے دوست بنانے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی لیکن وہ عام طور پر

Marfat.com


جوان اور خوبصورت افراد کو اپنی دوستی کے حلقے میں شامل کرتے ہیں۔ خوشگوار اور پرکشش شخصیت کے باعث دوسرے لوگ بھی ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔ یہ اپنے دوستوں کو خوش رکھنے کے فن سے واقف ہوتے ہیں اور کسی کو ان سے ناراض ہونے کا موقع بہت کم ملتا ہے۔ دوسرے لوگ اپنے مسائل کے حل کے لئے انہی سے رجوع کرتے ہیں اور یہ خوب اچھی طرح جانتے ہیں کہ ایسے لوگوں کی مدد کس طرح کی جاسکتی ہے چنانچہ وہ انہیں کبھی مایوس نہیں کرتے ہیں۔ بعض اوقات وہ دوسروں کا بوجھ اٹھا کر بھی ان کی مدد کرتے ہیں۔ دوسری طرف ان افراد میں یہ عادت بھی پائی جاتی ہے کہ وہ جلدی جلدی دوست بدلتے رہتے ہیں۔ نئے دوستوں میں انہیں زیادہ دلچسپی محسوس ہوتی ہے اور جب تک یہ دلچسپی برقرار رہتی ہے، ان کی دوستی بھی قائم رہتی ہے لیکن جیسے ہی دلچسپی کم ہوئی، وہ انہیں چھوڑ کر کسی نئے دوست کی تلاش میں آگے بڑھ جاتے ہیں۔ کام کے سلسلے میں بھی ان کا یہی حال ہے۔ کسی کام کو وہ بڑے جوش و خروش سے کرتے ہیں لیکن جیسے ہی اس کام میں دلچسپی ختم ہوئی، اسے کسی دوسرے کے سپرد کر کے نیا کام شروع کر دیتے ہیں۔

دوستوں کے معاملے میں یہ افراد بڑے حساس ہوتے ہیں۔ جو شخص انہیں زیادہ پسند آ جائے، اسے سر آنکھوں پر بٹھا لیتے ہیں۔ وہ دوستوں کو اپنی جاگیر سمجھنے لگتے ہیں۔ اگر کوئی اور شخص ان کے دوستوں سے تعلقات بڑھانے کی کوشش کرتا ہے تو وہ برا مان جاتے ہیں۔ بعض اوقات ان میں رقابت کے جذبات بھی بھڑک اٹھتے ہیں۔ وہ جس دوست سے اکتا جاتے ہیں، ان سے اس طرح دامن چھڑاتے ہیں کہ انہیں کچھ محسوس بھی نہیں ہوتا۔

حمل افراد میں اگرچہ لوگوں کو بہت جلد اپنا دوست بنانے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے لیکن بعض اوقات اپنے غیر محتاط رویے کی وجہ سے وہ اتنی ہی جلدی اچھے دوستوں سے محروم بھی ہو جاتے ہیں۔ کمزور حمل افراد تو اس معاملے میں کچھ اور بھی لاپروا ہوتے ہیں۔ ان میں اچھے برے کی تمیز نہیں ہوتی۔ جو شخص اپنے آپ کو جس حیثیت میں پیش کرتا ہے، وہ اسے اسی حیثیت میں قبول کر لیتے ہیں اور یہی چیز ان کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔

Marfat.com

# برج حمل کا بارہواں گھر، حدود




حمل کو اپنی کمزوری دبانے اور دوسروں کے سر الزام تھوپنے کے رجحان طبع کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اسے اپنے محبوب کو آزمائش میں ڈالنا بند کر دینا چاہئے اور ناکامی یا انحراف کے باعث ہونے والے نقصان کی نصف ذمہ داری خود قبول کر لینا چاہئے۔ اسے اپنے کو "کمزور" ہونے کا الزام دینے سے احتراز کرنا چاہئے۔ اس اپنے رفیق حیات کی باتوں کی سننے کے لئے تحمل مزاجی سے کام لینا ہوگا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے اپنی نت نئے انکشافات کرنے کی عادت سے آگاہ ہونا چاہئے اور اس پر قابو پانے کی کوشش بھی کرنی چاہئے۔


تعلقات کو مضبوط تر کرنے کے لئے اسے "جیو اور جینے دو" کی پالیسی پر عمل پیرا ہونا چاہئے۔ اسے دوسرے فریق کے آہنگ اور رفتار کو احترام کی نظر سے دیکھنا چاہئے۔ اسے یہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ وہ احساس کمتری اور کمزور ہوئے بغیر نرمی اختیار کر سکتا ہے۔ جب وہ یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ کسی کام کو ہونے دینا اسے ہونے پر مجبور کرنے سے بہتر ہے تو تعلقات میں بہتری محسوس ہوگی۔

خود مختاری کے حصول کے لئے حمل کو اپنی فطرت کے دبے ہوئے پہلو کو شناخت کر کے سامنے لانا چاہئے۔ مضبوطی حاصل کرنے کے لئے اسے اپنی ذات کے کمزور پہلوؤں سے آشنا ہونا چاہئے۔ اسے اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھنا چاہئے کہ اس کی مضطربانہ رفتار اور اس کے مطالبات کے پس منظر میں یہی خوف کار فرما ہے کہ دوسرے لوگ اس کے دلی جذبات اس کے چہرے سے نہ پڑھ لیں۔ جب وہ اپنے تعلقات میں تحفظ کے احساس سے سرشار ہوتا ہے تو وہ اپنی ذات میں کچھ تبدیلیاں کرنے پر آمادہ ہو سکتا ہے۔ تب وہ اپنے مطالبات مثلاً اس کا خیال رکھا جائے، محبت بھرے تحفے دیئے جائیں اور تنوع اختیار کیا جائے وغیرہ سے بھی دستبردار ہو سکتا ہے۔

حمل کو یہ سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ بوقت ضرورت محبت اور تعاون طلب کر سکے۔ وہ عملی تعاون طلب کرنے میں نسبتاً آسانی محسوس کرتا ہے اگرچہ یہ بھی اس کے فخریہ انداز کے لئے ایک دھچکے سے کم نہیں ہوتا لیکن جذباتی تعاون طلب کرتے ہوئے وہ ہچکچاتا ہے کیونکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ بنیادی طور پر کوئی نہ کوئی گڑبڑ ضرور ہے۔ آتشی بروج جو کہ بھرپور توانائی کے حامل ہوتے ہیں اور ہر لمحہ حرکت پذیر رہتے ہیں، سوکھی لکڑی کی طرح بھڑک اٹھتے ہیں۔

جو حمل فرد اپنے گہرے خدشات کا سامنا کرتا ہے اور رکاوٹ کے بغیر محبت میں اپنا حصہ ڈالتا ہے، ایک خوشگوار حیرت سے دوچار ہوتا ہے۔ اسے پتہ چلتا ہے کہ وہ اب تک جس شے کو دوستی یا محبت تصور کرتا آیا تھا، وہ تو محض حقیقت کا عکس تھا۔

## برج ثور کا مکمل زائچہ




Marfat.com

# شخصیت کے مثبت پہلو

برج ثور کے تحت جنم لینے والے افراد اپنی نیک دلی اور کردار کی مضبوطی میں منفرد ہوتے ہیں اور یہی ان کی شخصیت کا سب سے مثبت پہلو ہے۔ ان کے دوستوں کا حلقہ وسیع ہوتا ہے۔ وہ ضرورت مندوں کی مدد کرنے میں پیش پیش رہتے ہیں اور ان کے دوست مشکل حالات میں بجا طور پر ان پر بھروسہ کرتے ہیں۔

برج ثور کے حامل لوگ اگرچہ بہت زیادہ تیزی سے کام نہیں کرتے، مگر جو کام بھی شروع کرتے ہیں، اسے انجام تک پہنچائے بغیر نہیں رہتے۔ اپنی جدوجہد میں وہ جو کچھ حاصل کرتے ہیں، اس کی حفاظت بھی اسی مستعدی سے کرتے ہیں۔ وہ اپنی دھن کے پکے اور وعدے کے سچے ہوتے ہیں۔ کسی بھی معاملے میں ان کی رائے بے لاگ اور دوٹوک ہوتی ہے۔ وہ اگر اپنی شخصیت کے مثبت پہلوؤں کو اجاگر کریں تو عموماً ایک کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔ وہ کسی بھی منزل یا مقصد کے حصول کیلئے روایتی طریقوں پر عمل کرتے ہیں اور کسی چور دروازے یا ناجائز ذرائع پر بھروسہ نہیں کرتے۔ وہ اپنے تجربوں سے بہت کچھ حاصل کرتے ہیں اور کسی کام کے دوران جزئیات پر کڑی نظر رکھتے ہیں۔ برج ثور کے افراد دوسروں پر اعتماد کرتے ہیں اور اپنے ساتھیوں اور ماتحتوں سے ان کا رویہ دوستانہ اور ہمدردانہ ہوتا ہے۔ وہ کسی پر زیادہ نکتہ چینی نہیں کرتے اور درگزر سے کام لیتے ہیں۔ ان کی گھریلو زندگی عموماً پر سکون اور خوشگوار ہوتی ہے۔

ثوری افراد جو بھی کام کرتے ہیں، اس میں بے حد محتاط رہتے ہیں۔ وہ غیر ضروری رسک لینا پسند نہیں کرتے۔ کسی بھی لائحہ عمل کو طے کرنے سے پہلے وہ اس کے ہر پہلو کا بغور جائزہ لیں گے۔ وہ مستقل مزاج اور صابر ہوتے ہیں۔ وہ ہر فیصلہ سوچ سمجھ کر کرتے ہیں اور پھر اس پر اٹل ہو جاتے ہیں۔ برج ثور کے حامل افراد محبت کرنے والے، ہمدرد اور قابل اعتماد ہوتے ہیں۔

Marfat.com

بعض ثوری افراد پیدائشی خوش نصیب ہوتے ہیں۔ وہ جو داؤ پر لگاتے ہیں، جیت جاتے ہیں لیکن اُس خوش نصیبی کا تعلق زائچہ میں موجود دیگر عوامل سے ہوتا ہے، ان کی بنیادی افتاد طبع کا حصہ نہیں ہے کیونکہ افتاد طبع کے اعتبار سے کمانا چاہتے ہیں۔ ان میں پائی جانے والی قدامت پسندی انہیں مالی معاملات اور دیگر شعبوں میں غیر ضروری خطرات مول لینے سے روک دیتی ہے۔


## شخصیت کے منفی پہلو

برج ثور کے افراد کبھی کبھی کسی بات پر انتہائی غیر لچکدار رویہ اختیار کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں انہیں نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ وہ جب بہت سوچ بچار کے بعد کسی فیصلے پر جم جاتے ہیں تو اس فیصلے کے خلاف کسی بھی دلیل کو تسلیم کرنے پر تیار نہیں ہوتے، چاہے وہ کتنی ہی معقول اور حقیقت پسندانہ کیوں نہ ہو۔ وہ کسی کام کے لئے جو لائحہ عمل طے کرتے ہیں، اس سے انحراف پر وہ کسی طور بھی آمادہ نہیں ہوتے اور اگر انہیں یہ بتایا جائے کہ ان کا انتخاب کردہ راستہ درست نہیں ہے تو وہ برہم ہو جاتے ہیں۔ وہ کسی بھی قسم کی روک ٹوک برداشت نہیں کرتے۔

اس برج کے تحت جنم لینے والے عموماً شکی مزاج ہوتے ہیں اور بعض اوقات اپنے قریب ترین ساتھیوں اور رشتے داروں کو بھی شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اگرچہ وہ پہلی ملاقات میں دوسروں پر کسی حد تک اعتماد کر لیتے ہیں مگر کسی پر بھی کامل بھروسہ وہ کبھی نہیں کرتے۔ انہیں اکثر و بیشتر یہ شبہ بھی رہتا ہے کہ شاید دوسرے انہیں نقصان پہنچانے یا اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اگر یہ شک بڑھ جائے تو وہ انتہائی غیر لچکدار رویہ اختیار کر لیتے ہیں اور کسی طور بھی مفاہمت پر آمادہ نہیں ہوتے۔ برج ثور سے تعلق رکھنے والے بعض افراد مادہ پرست اور مطلبی بھی ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

## برج ثور کا پہلا گھر، شخصیت و کردار




برج ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور مستقل مزاج ہوتے ہیں۔ کوئی کام شروع کرنے سے پہلے وہ بہت اچھی طرح سوچ سمجھ لیتے ہیں اور پھر جس کام کی ابتداء کر لیتے ہیں، اسے پایہ تکمیل تک پہنچائے بغیر دم نہیں لیتے۔ یہ لوگ چونکہ ہر معاملے میں بہت محتاط ہوتے ہیں اس لئے ان سے غلطیاں بھی بہت کم سرزد ہوتی ہیں۔


Marfat.com

کسی کام کے دوران اگر کوئی رکاوٹ آجائے تو یہ لوگ مناسب وقت کا انتظار کرتے ہیں اور پھر موقع ملتے ہی اس کام کی تکمیل میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ ثور افراد کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ یہ لوگ جس نظریہ پر اڑ جاتے ہیں تو دنیا کی کوئی طاقت انہیں اپنا فیصلہ بدلنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔

متحمل مزاج ہونے کے ساتھ ثور افراد اپنے کام کو اطمینان سے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے عادی ہوتے ہیں۔ وہ کسی معاملے میں جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کر پاتے۔ ان کی یہ عادت بعض اوقات دوسروں پر جھنجھلاہٹ طاری کر دیتی ہے لیکن وہ ایسی باتوں کو خاطر میں نہیں لاتے۔ برج ثور کے زیر اثر افراد کسی منصوبے پر عمل پیرا ہونے سے پہلے اس کی پلاننگ کر لیتے ہیں کیونکہ ان کے خیال میں کسی کام کی صحیح منصوبہ بندی راستے کی آدھی دشواریوں کو ختم کر دیتی ہے۔ ثور افراد مادیت پر زیادہ یقین رکھتے ہیں۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے بعض لوگ عیش و عشرت کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ بعض اوقات احساس کمتری کا شکار بھی ہو جاتے ہیں لیکن اپنے قرب و جوار میں موجود مادی چیزوں کی موجودگی انہیں یہ احساس دلاتی رہتی ہے کہ وہ دوسروں سے کم نہیں ہیں۔ برج ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد انتہائی قابل بھروسہ اور قابل اعتماد ہوتے ہیں۔ ایک مرتبہ کسی کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا لینے کے بعد وہ کبھی پیچھے نہیں ہٹتے۔ وہ انتہائی وفا شعار اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔ ان کے دوستوں کا حلقہ اگرچہ محدود ہوتا ہے لیکن اس حلقے کے ہر فرد کو اپنی زندگی میں کامیاب کہا جا سکتا ہے۔ گویا ثور افراد دوستوں کے انتخاب کے معاملے میں بھی اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ وہ بھی ان کی طرح وہ ذہین، مستقل مزاج اور کامیابی کی طرف گامزن ہوں۔ یہ چونکہ خود کامیاب زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں اس لئے ان کی نظریں بھی ایسے افراد پر مرکوز رہتی ہیں جو کامیاب زندگی گزار رہے ہوں۔ برج ثور کے حامل افراد صاف گو اور صاف باطن فطرت کے حامل ہوتے ہیں۔ وہ ظاہر داری اور تکبر کو پسند نہیں کرتے اور لگی لپٹی رکھنے کی بجائے کھری بات کہہ دینے کو ترجیح دیتے ہیں۔ وہ خوابوں کی دنیا میں رہنے کی بجائے عملی زندگی کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ وہ عجلت میں کوئی فیصلہ نہیں کرتے لیکن جب کوئی فیصلہ کر لیتے ہیں تو دنیا کی کوئی طاقت انہیں اپنا فیصلہ بدلنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔

Marfat.com

## برج ثور کا دوسرا گھر، دولت





☆دیگر بروج سے تعلق رکھنے والے بعض افراد آئیڈیاز، صلاحیت اور مہارت رکھتے ہیں تو خود ہی روحانیت بھی تلاش کرتے ہیں جبکہ ثوری افراد صرف دولت پر نظر رکھتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ایسی صلاحیت کا کیا فائدہ اگر اس سے آپ گھر، فرنیچر، کار اور دیگر تعیشات حاصل نہ کر سکیں۔ اسی سوچ کی بناء پر اکثر ثوری افراد اسٹیٹ ایجنسی اور زرعی صنعتوں کے کاروبار میں بہت کامیاب رہتے ہیں۔

☆یہ لوگ زمین سے بہت زیادہ وابستہ ہوتے ہیں۔ قدیم زمانے میں کسی فرد کے پاس زمین کے قطعہ کی موجودگی ہی اس کو دولت مند بناتی تھی۔ ثوری افراد آج بھی یہی تعلق محسوس کرتے ہیں۔

☆دولت کے ساتھ ان کی محبت اور وابستگی یہی ہے جس کی بناء پر ان کی ذہانت اور اظہار کی صلاحیت پروان چڑھتی ہے۔ دولت کی اس تلاش اور دیگر ثوری افراد کے ساتھ تجارت کرنے کی ضرورت ان میں کچھ لچک بھی پیدا کر سکتی ہے۔

Marfat.com


## برج ثور کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




ان بچوں کو ابتدائی عمر میں فرمانبرداری سکھانا چاہئے کیونکہ ان میں ضد اور ہٹ کا مادہ بہت ہوتا ہے۔ جسمانی اور دماغی ورزشوں کے لئے ان کو ابھارتے رہنا چاہئے۔ لڑکیوں کو دوسروں کی تیمارداری اور کھانا پکانا سکھانا چاہئے ورنہ اس طرف سے لاپرواہ ہو جائیں گی۔ ان کو سوئی دھاگے کے کام نیز دوسرے مفید ہنروں کی طرف بھی توجہ دلانا چاہئے۔ ان کو کسی حال میں بھی بے کار نہ رہنے دینا چاہئے کیونکہ کاہلی کا ان میں بہت مادہ ہوتا ہے۔ لڑکیوں کو ہر قسم کے کھیل کود کی جانب متوجہ رکھنا چاہئے۔ انہیں باغبانی کے لئے بھی اکسانا چاہئے۔ ان میں لالچ یا خود غرضی کی کسی بات کو کبھی نظر انداز نہ کرنا چاہئے بلکہ اس کی فوراً روک تھام کر دینا چاہئے۔ عام طور پر یہ بچے فطرتاً محبت کرنے والے ہوتے ہیں اور دوستوں کی محبت اور مسرت کو عزیز رکھتے ہیں۔ اگر ان کو کام میں لگائے رکھا گیا اور بیرونی خانہ ورزشوں کے لئے تیار کیا گیا تو ان بچوں کی صحتیں عمدہ رہیں گی۔

Marfat.com

# برج ثور کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی




وہ افراد جن کا تعلق برج ثور سے ہے، گھریلو زندگی کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ وہ مانوس افراد میں گھرے رہنا پسند کرتے ہیں اور گھر کی چار دیواری کو اپنے لئے نا قابل تسخیر قلعہ سمجھتے ہیں۔ ان خواتین کو گھر کی آرائش اور اسے آرام دہ بنانے میں ملکہ حاصل ہوتا ہے۔ وہ اپنے گھر کو اس طرح آراستہ کرتی ہیں کہ وہاں آنے والا کوئی بھی مہمان اپنے آپ کو اجنبی نہیں سمجھتا جب کہ مرد اس بات کا خیال رکھتا ہے کہ گھر میں رہنے والے کسی فرد کو کسی چیز کی

کمی محسوس نہ ہونے پائے۔ یہ افراد جس طرح اپنی کاروباری زندگی میں کامیابی حاصل کرتے ہیں، اس طرح کی گھریلو زندگی بھی بڑی کامیاب گزرتی ہے۔

شہر میں رہنے کے باوجود ان افراد کو دیہی زندگی سے زیادہ لگاؤ ہوتا ہے۔ انہیں جب بھی کسی دیہی علاقے میں جانے کا موقع ملتا ہے تو وہ پر فضا اور پر سکون ماحول سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ان خواتین کو اپنے گھریلو کام کاج میں بڑی مہارت ہوتی ہے۔ وہ ہر کام کو سلیقے اور ترتیب سے وقت پر انجام دیتی ہیں۔ میزبانی میں بھی ان کا کوئی ثانی نہیں ہوتا۔


برج ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد کے دل میں یہ خواہش شدید تر ہوتی ہے کہ انہیں چاہا جائے۔ وہ اچھے دوستوں میں گھرے رہنا پسند کرتے ہیں۔ وہ اہم شخصیات کو ترجیح دیتے ہیں اور اگر مناسب سمجھیں تو انہیں اپنی سوشل سرگرمیوں میں بھی شامل کر لیتے ہیں۔ یہ خواتین چونکہ خود بہترین میزبان ہوتی ہیں اور مہمانوں کی خدمت اپنی بساط سے بڑھ کر کرتی ہیں، اس لئے جب ان کے ساتھ بہتر سلوک نہ ہو تو وہ برا مان جاتی ہیں۔

ثور افراد گھر کو زیادہ سے زیادہ آرام دہ بنانے کے لئے اس کی آرائش میں ردوبدل کرتے رہتے ہیں۔ گھر کی آرائش میں وہ نفیس اور خوب صورت چیزوں کو ترجیح دیتے ہیں جنہیں اپنے ارد گرد دیکھ کر وہ عجیب سا سکون محسوس کرتے ہیں۔

اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد بچوں کے معاملہ میں کسی حد تک سخت گیر واقع ہوتے ہیں۔ بچوں کی کسی قسم کی بدتمیزی، خواہ وہ شرارت کی صورت ہی میں کیوں نہ ہو، ان کے لئے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ وہ بچوں کی تعلیم و تربیت کا خاص خیال رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کے بچے دوسروں کے سامنے ایسا تاثر دیں جس سے ان کے اچھے خاندانی پس منظر کا اظہار ہوتا ہو۔ جب کوئی ان کے بچوں کی تعریف کرتا ہے تو وہ خوشی اور طمانیت سی محسوس کرتے ہیں لیکن بچے جیسے جیسے سن شعور کو پہنچتے ہیں، ان میں پیدا ہونے والی تبدیلیاں ان والدین کی پریشانی کا باعث بنتی ہیں۔ یہ افراد چونکہ تبدیلیوں کو پسند نہیں کرتے اس لئے اس عمر میں ان کے اور بچوں کے درمیان کچھ اختلافات پیدا ہو جاتے ہیں۔ لیکن بچے جب باشعور ہو جاتے ہیں تو یہ اختلافات خود بخود ختم ہو جاتے ہیں۔

Marfat.com

# برج ثور کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق




☆...... ثور والدین اپنے بچوں سے بے پناہ محبت رکھتے ہیں۔

☆...... ثور والدین اپنے بچوں کی اس انداز سے تربیت کرتے ہیں کہ وہ آپس میں مل جل کر اتفاق واتحاد کے ساتھ زندگی بسر کریں۔

☆...... ثور والدین کو خاندان کی قدر و قیمت چونکہ اچھی طرح معلوم ہوتی ہے اس لئے وہ اپنے بچوں کی تربیت میں خاندان کو مرکزی حیثیت دیتے ہیں۔

☆.. ثور والدین کے بچے نہایت سازگار ماحول میں تربیت پاتے ہیں۔

Marfat.com

☆...... ثور والدین اپنے بچوں کے لئے ہر لحاظ سے مثالی ثابت ہوتے ہیں۔

☆...... ثور والدین اپنے بچوں کے لئے انتہائی لطیف اور ہمدردانہ جذبات رکھتے ہیں۔

☆...... ثور والدین اپنے بچوں کے لئے بڑی محبت اور شفقت کے جذبات رکھتے ہیں۔

☆...... ثور والدین بہترین انداز سے اپنے بچوں کو تعمیر کرتے ہیں۔

☆...... ثور والدین اپنی فطرت کی بناء پر اپنے خاندان سے کبھی لڑائی جھگڑا نہیں کرتے اور اگر خدانخواستہ ان میں کبھی جھگڑا یا تکرار ہو بھی جائے تو یہ اس کا خاص خیال رکھتے ہیں کہ اس لڑائی جھگڑے کا اثر ان کے بچوں پر نہ پڑے اور ان کے گھر کا آرام و سکون تباہ و برباد نہ ہو جائے۔

☆...... ثور والدین کی ایک اور نمایاں خوبی یہ ہوتی ہے کہ یہ لوگ اپنے بچوں کی تربیت پرانے اور روائتی انداز سے کرتے ہیں۔

☆...... ثور والدین کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بچے اچھے برے میں تمیز کر سکیں اور آزادی کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔

☆...... ثور والدین کی یہ بھی کوشش ہوتی ہے کہ ان کے بچے اپنے حقوق و فرائض کو سمجھ لیں، دوسروں کے ساتھ اعلیٰ اخلاق اور حسن سلوک کا مظاہرہ کریں اور معاشرہ ان سے فائدہ اٹھائے۔

☆...... ثور والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بچے شجاعت اور بہادری سے زندگی بسر کریں۔ وہ مشکلات اور مصائب سے گھبرا نہ جائیں اور فرار کا راستہ اختیار نہ کریں۔


☆...... ثور والدین میں ایک اور بڑی خوبی یہ ہوتی ہے کہ یہ گھر کی ذمہ داریوں میں بھرپور حصہ لیتے ہیں اور اپنے بچوں کو بھی اسی انداز سے تربیت دیتے ہیں۔

☆...... ثور والدین کی یہ خواہش بھی ہوتی ہے کہ وہ شہر کے درمیان رہنے کی بجائے شہر سے باہر جا کر مکان بنا کر رہیں کہ ان کے بچے نہ صرف آزادانہ ماحول میں پرورش پائیں بلکہ وہ بری اور گندی سوسائٹی سے بھی دور رہ کر پرورش پائیں۔

☆...... برج ثور سے تعلق رکھنے والی والدہ اپنے بچوں کے لئے اپنے خاوند کی نسبت زیادہ سخت ہوتی ہے لیکن دلی طور پر وہ ان سے بہت محبت کرتی ہے۔

Marfat.com

# برج ثور کا چھٹا گھر، صحت وامراض




ثور افراد عام طور پر تندرست و صحت مند ہوتے ہیں۔ یہ انتہائی ٹھوس اور توانا جسم کے مالک ہوتے ہیں اور اس طرح ان میں قوت برداشت بھی دوسروں کے مقابلے میں حیرت انگیز حد تک زیادہ ہوتی ہے۔ انہیں اپنی توانائی پر بجا طور پر فخر ہوتا ہے اور کوئی بیماری بھی انہیں آسانی سے زیر نہیں کر سکتی۔ معمولی سی بیماری کو تو یہ خاطر ہی میں نہیں لاتے لیکن جب انہیں واقعی اپنے بیمار ہونے کا احساس ہو جاتا ہے تو ان پر مایوسی سی طاری ہو جاتی ہے کیونکہ یہ بیمار ہونے کو اپنی قوت و توانائی کی توہین سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر کی سطور میں بتایا جا چکا ہے کہ ثور افراد کسی معمولی سی بیماری کو خاطر میں نہیں لاتے لیکن جب یہ لوگ بیمار پڑتے ہیں تو ان کی توانائی زائل ہونے لگتی ہے اور صحت یاب ہونے میں خاصہ وقت لیتے ہیں۔


برج ثور کے حامل مرد عام طور پر تنومند اور جسیم ہوتے ہیں۔ ان کے شانے چوڑے اور قدم عام طور پر لمبا ہوتا ہے۔ ان میں بہت کم ایسے ہونگے جن پر پستہ قامتی کی تہمت لگ

Marfat.com

سکتی ہو۔ عمر میں اضافے کے ساتھ ساتھ یہ لوگ بتدریج موٹاپے کی طرف مائل ہوتے رہتے ہیں لیکن یہ موٹاپا بھی انہیں گراں نہیں گزرتا۔

ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والی خواتین عام طور پر حسین اور پرکشش ہوتی ہیں۔ ان کی پسند میں نفاست کو بڑا دخل ہوتا ہے اور وہ اپنے ارد گرد بھی ایسی ہی چیزوں کو دیکھنا پسند کرتی ہیں جو دوسروں کے لئے باعث کشش ہوں۔ وہ اگرچہ حسن کی دولت سے مالا مال ہوتی ہیں لیکن اپنے آپ کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش میں رہتی ہیں۔ یہ خواتین جوانی میں تو سڈول اور متناسب جسم کی مالک ہوتی ہیں لیکن بڑھاپے میں ان پر عام طور پر کسی حد تک موٹاپا طاری ہو جاتا ہے۔ یوں تو ثور خواتین کا چہرہ صبیح و ملیح ہوتا ہے لیکن ان کی آنکھوں میں بڑی کشش ہوتی ہے۔

## برج ثور کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




ثور عورت کے حسن و رعنائی کو الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ یوں تو وہ حسین ہوتی ہی ہے

Marfat.com


لیکن کوئی نہ کوئی ایسی بات ضرور ہوتی ہے جو دوسروں کو بے اختیار اس کی طرف مائل ہونے پر مجبور کر دیتی ہے جسے پر اسرار کشش کا نام دیا جا سکتا ہے۔ ثور عورت نیک فطرت، متحمل مزاج اور سکون پذیر ہوتی ہے۔ اسے ہینڈل کرنا زیادہ مشکل نہیں ہوتا چنانچہ برج ثور سے تعلق رکھنے والی کسی عورت کو متاثر کرنے کے لئے مرد کو زیادہ پاپڑ نہیں بیلنے پڑتے کیونکہ یہ عورت جنس مخالف سے بہت جلد متاثر ہو جاتی ہے۔ برج ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والی عورتیں رومان پسند ہوتی ہیں۔ جب تک وہ کسی ایک شخص کو دل میں بسانے کا فیصلہ نہیں کر لیتی اس وقت تک تتلی کی طرح ایک پھول سے دوسرے پھول پر منڈلاتی رہتی ہے۔ لیکن اک مرتبہ کوئی فیصلہ کر لینے کے بعد وہ اس پر قائم رہتی ہے اور زندگی کے آخری لمحوں تک اس شخص کی وفادار ہو کر رہتی ہے۔ بعض ثور خواتین مرد کی شکل وصورت کو زیادہ اہمیت نہیں دیتیں بلکہ وہ صرف یہ دیکھتی ہیں کہ وہ شخص انہیں زندگی کی تمامتر آسائش مہیا کر سکتا ہے کہ نہیں جبکہ بعض ثور خواتین دولت کے ساتھ مرد کی وجاہت کو بھی اتنی ہی اہمیت دیتی ہیں۔ ثور خواتین کا آئیڈیل خوبرو، لحیم شحیم باہمت اور دولت مند ہوتا ہے۔ اگر کسی مرد میں یہ تمام صفات موجود ہوں تو کسی ثور خاتون سے شادی کے بعد اس کی ازدواجی زندگی ایک مثالی حیثیت اختیار کر سکتی ہے۔ ثور کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ وہ اپنے آپ کو کسی نہ کسی کی توجہ کا مرکز بنائے رکھنا چاہتی ہے۔ اس خواہش میں کسی بدنیتی کو دخل نہیں ہوتا بلکہ اس طرح وہ آپ کو یہ احساس دلانا چاہتی ہے کہ وہ بھی چاہے جانے کے قابل ہے۔ یہ بھی اس کی رومان پسند فطرت کا ایک پہلو ہے۔ محبت ثور عورت کی معراج ہے۔ وہ جس شخص کو دل میں بسا لیتی ہے، اس کے حصول کے لئے کسی ایثار سے دریغ نہیں کرتی اور عام طور پر وہ اپنے مقصد میں کامیاب رہتی ہے۔

برج ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والے مرد جس طرح دیگر کاموں میں محنت اور استقلال کا ثبوت دیتے ہیں، اس طرح محبت کے معاملے میں بھی وہ ثابت قدم رہتے ہیں۔ وہ جس عورت کو پسند کر لیتے ہیں۔ اسے حاصل کئے بغیر دم نہیں لیتے۔ خواتین کے لئے ثور مرد میں بڑی کشش ہوتی ہے اور ثور بھی اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے کہ عورت کو کس طرح اپنا شیدا بنایا جا سکتا ہے۔ ثور مرد کے چہرے کے تاثرات اور باتوں سے شفقت کا اظہار ہوتا ہے

Marfat.com

یہی وجہ ہے کہ عام طور پر نوجوان لڑکیاں اس کی طرف مائل ہوتی ہیں کیونکہ اس کی قربت سے وہ اپنے آپ میں تحفظ کا احساس محسوس کرتی ہیں۔ ثور مرد چونکہ خوبرو، صحت مند اور جسیم ہوتے ہیں، اسے لئے صنف مخالف جلد ہی ان کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔ جس طرح ثور خاتون شادی سے پہلے حقیقی رومانس کی تلاش میں بھٹکتی رہتی ہے، اس طرح ثور فطرت کا حامل مرد بھی کسی ایک جگہ ٹکنے سے پہلے بھنورے کی طرح ایک پھول سے دوسرے پھول پر منڈلاتا ہے لیکن کسی کو دل میں بسا لینے کے وہ صرف اس کا وفادار ہو کر رہتا ہے اور زندگی کا ایک ایک لمحہ اپنی محبوب کی خوشنودی میں گزار دیتا ہے۔ ہر مرد کی طرح ثور مرد بھی حسین عورتوں کا دلدادہ ہوتا ہے۔ اسے شریک حیات کے لئے ایسی لڑکی کی ضرورت ہوتی ہے جو حسین ہونے کے ساتھ گرہستن، وفا شعار اور محبت کرنے والی ہو۔

## برج ثور کا آٹھواں گھر، عمر




ایک امریکی تحقیقاتی ادارے نے سات سال کی لگاتار تحقیق کے بعد علم نجوم سے


Marfat.com

متعلق جو انکشافات کئے ہیں وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔ اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا ہے کہ سیارے انسان کی عمر کے تعین میں بھی بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے انسانوں کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔

اس ادارے نے تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد و شمار جمع کئے۔ یہ لوگ 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس دنیا سے رخصت ہوئے نیز برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت عامہ سے حاصل کی تھیں۔ اس محکمے کے علاوہ قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے بھی مدد لی گئی تھی۔

اس نے بتایا کہ جب ہم نے پندرہ ہزار کیسوں کا مطالعہ کیا تو ہم یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔ چنانچہ اب آپ بھی اپنا برج اور اپنا سیارہ دیکھ کر اپنی عمر کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔


## برج ثور کا نواں گھر، قسمت




نام کا پہلا حرف     ب، و

| | |
|---|---|
| حکمران ستارہ | زہرہ |
| موافق نگینہ | ہیرا، زمرد |
| موافق رنگ | سرخ، زرد، ہلکا نیلا |
| موافق پھول | یاسمین |
| موافق خوشبو | مشک |
| موافق دن | جمعتہ المبارک |
| موافق نمبر | 6 |
| موافق برج | سنبلہ، جدی |
| ناموافق برج | اسد، عقرب، دلو |
| گوارا برج | حمل، جوزا، سرطان، حوت |
| غیر جانبدار برج | میزان، قوس |

برج ثور کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار





بنیادی طور پر چونکہ یہ لوگ مادہ پرست ہوتے ہیں اس لئے سادہ اور غیر پیچیدہ ہوتے

Marfat.com

ہیں۔ ثور افراد ان لوگوں کی تلاش میں رہتے ہیں جو غیر روایتی اور موجد ہوتے ہیں۔ ثور چاہتے ہیں کہ ان کا باس بھی تخلیقی اور فطری صلاحیتوں کا مالک ہو کیونکہ وہ خود بھی اپنی ذہنی صلاحیتوں کو معراج کمال تک پہنچانے کے بعد ہی مطمئن ہوتے ہیں۔ وہ ایسے لوگوں کی تعریف کرتے ہیں جن کا شعور سماجی اور سیاسی اعتبار سے وسیع ہوتا ہے۔ جب ان کے پاس آرام اور سیکورٹی کے سارے لوازمات ہوتے ہیں تو وہ یہ چاہتے ہیں کہ کوئی دوسرا شخص بھی ان بڑے مسائل میں ان کا شریک بن جائے۔

کاروباری معاملات میں ثور افراد بڑے تیز ہوتے ہیں اور اسی وجہ سے مالکان ان کی قدر کرتے ہیں۔ وہ کبھی سستی کا مظاہرہ نہیں کرتے۔ وہ کام کرنا اور اچھے نتائج حاصل کرنا پسند کرتے ہیں۔ ثور افراد غیر ضروری خطرہ مول نہیں لیتے اور اتھارٹی کی پوزیشن میں بھی اپنے فرائض اچھی طرح ادا کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اچھے مینیجر اور سپروائزر ہوتے ہیں۔

## برج ثور کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات





برج ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد اپنے آپ کو دوستوں کے حلقے میں مقبول

بنائے رکھنے کی بھر سعی کرتے رہتے ہیں۔ قریبی دوستوں سے ان کی وفاداریاں غیر مشکوک ہوتی ہیں اور وہ ہر لحاظ سے ان کا خیال رکھتے ہیں۔ وہ چونکہ صاف باطن اور بے ریا ہوتے ہیں اس لئے دوسرے لوگ بھی انہیں اپنے حلقہ دوستی میں شامل کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ ثور افراد بہترین خطیب ہونے کے ساتھ عمدہ سامع بھی ثابت ہوتے ہیں۔ عام لوگ اپنے مسائل کے حل کے لئے ان سے رجوع کرتے رہتے ہیں۔

یہ افراد چونکہ کاموں کو اہمیت دیتے ہیں اس لئے وہ ایسے لوگوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جو کامیابی کے لئے کوشاں ہوں یا کامیاب زندگی گزار رہے ہوں۔

برج ثور کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد گھریلو معاملات میں کسی کی مداخلت پسند نہیں کرتے خواہ وہ ان کا کتنا ہی قریبی عزیز یا دوست کیوں نہ ہو۔ یہ لوگ چونکہ اپنے اصولوں پر سختی سے قائم رہنے والے ہوتے ہیں اس لئے زندگی میں چند دشمن بھی بنا لیتے ہیں۔

## برج ثور کا بارہواں گھر، حدود




ثور کو یہ سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ اس کی جسمانی ضروریات اس کے حسن اور محبت کے

Marfat.com


تصورات میں مخل انداز نہ ہوں۔ جسم کو اس کا حق ملنا چاہیے لیکن اس کی حسن اور محبت کی ضرورت پر بھی توجہ دی جانی چاہئے۔ وہ اپنے ارد گرد کے لوگوں، اپنے ماحول یا اپنی ملکیتی اشیاء پر کنٹرول کر کے محبت نہیں پا سکتا۔ اگر وہ در حقیقت اپنی ذات سے محبت کرتا ہے تو وہ اپنی ضروریات کی تکمیل میں مگن ہو جائے گا اور اگر وہ در حقیقت دوسروں پر بھروسہ کرتا ہے۔ تو وہ محسوس کرے گا کہ وہ اس کی مطلوبہ محبت اور شفقت اس پر نچھاور کر دیں گے۔

اسے ان لوگوں کے سامنے اپنے جذبات کا اظہار کرنے سے گریز کرنا چاہئے جو کہ اس کے حقدار نہ ہوں۔ وہ تادم آخر امید پرست رہتا ہے اور اس کا عقیدہ ہے کہ وہ لوگوں سے محبت بھرا سلوک کرے گا تو وہ اس کی محبت کو ضرور لوٹائیں گے چنانچہ بعض اوقات یوں بھی ہوتا ہے کہ وہ اپنی ناکامیوں پر خود کو قصوروار ٹھہرانے لگتا ہے۔

ثور کو چاہیے کہ اپنی خواہشات کے بارے میں اپنے رفیق حیات سے تبادلہ خیالات کرے ورنہ نتیجہ پریشانی اور دبے ہوئے غصے کی شکل میں بر آمد ہو گا اور وہ اپنے اصولوں میں سے اہم ترین اصول "کچھ دو اور کچھ لو" کو نظر انداز کر سکتا ہے۔ وہ اپنا کردار ادا کرنے سے پہلے اپنے حصے کی یقین دہانی چاہتا ہے۔ اس کے لئے ایک صحتمندانہ نکتہ نظر یہ ہو سکتا ہے کہ محبت اور جنس کا ہر وقت متصل ہونا ضروری نہیں ہے تاہم وہ پور الطف کشید کرنے سے قاصر رہے گا۔

جب وہ محسوس کرے کہ اس کا تعلق غیر متوازن ہو رہا ہے تو اسے اپنی توانائیوں کو بھرپور انداز سے استعمال میں لانا چاہئے۔ اسے اپنی نفسیاتی خواہشات کو لگام دینا ہو گی کیونکہ ہو سکتا ہے کہ اس مسئلے کی تہہ میں رشک اور حسد کے جذبات کار فرما ہوں۔ عین ممکن ہے کہ وہ دبے ہوئے غصے کے اثرات بھگت رہا ہو یا اپنے سخت احساس فرض شناسی کے باعث تحت الشعور میں مسرت سے احتراز کر رہا ہو۔ جب وہ اپنی صلاحیتوں اور فطری توانائیوں کو مثبت اور تعمیری انداز سے استعمال کرے گا تو وہ لطف و انبساط کی گہرائیوں میں ڈوب جائے گا اور جب اسے احساس ہو گا کہ وہ نہ صرف اپنے اعمال میں خود مختار ہے بلکہ ان کے نتائج کا بھی ذمہ دار ہے تو وہ خوشی کے ایک نئے دور میں قدم رکھے گا۔

# برج جوزا کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی سب سے بڑی خصوصیات ان کی غیر معمولی ذہانت اور تیز فہمی ہے۔ بعض جوزا افراد بیک وقت کئی شعبوں میں کامل مہارت کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ اتنے ذہین ہوتے ہیں کہ دوسروں کی نسبت بہت جلد کسی بھی کام پر حاوی ہو جاتے ہیں اور ہمیشہ نئے علوم وفنون سیکھنے کے لئے بے تاب رہتے ہیں۔

اس برج سے تعلق رکھنے والے افراد ہر کام اور ہر چیز کا مکمل جائزہ لینے کے عادی ہوتے ہیں۔ وہ اپنی دانش مندی سے فائدہ اٹھانے کا شعور رکھتے ہیں۔ وہ اپنے جذبات کی نسبت عقل سے کام لیتے ہیں اور بہت جلد کسی بھی کام کے فوائد اور نقصانات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ جوزا افراد اپنے آپ کو مختلف مقامات کا بآسانی عادی بنا لیتے ہیں۔ وہ بہت تیزی سے سوچتے ہیں اور ایسے کاموں میں دلچسپی محسوس کرتے ہیں جن میں انہیں اپنی عقل و دانش کے استعمال کا موقع مل سکے۔ وہ ہر جدید علم اور نئی ایجادات سے بخوبی آشنا ہو جاتے ہیں۔

برج جوزا کے افراد اپنی غیر معمولی ذہانت کی وجہ سے ادب اور فنون لطیفہ کی طرف بھی راغب ہوتے ہیں اور عموماً کامیاب فنکار یا ادیب بنتے ہیں۔ وہ فن گفتار میں بھی کمال رکھتے ہیں، لہٰذا کسی بھی محفل کی جان بن جاتے ہیں۔


## شخصیت کے منفی پہلو

اس برج کے حامل افراد کی دلچسپیاں تیزی سے بدلتی ہیں اور وہ ہر فن میں کمال حاصل کرنے کے لئے بے تاب رہتے ہیں جس کا نتیجہ بعض اوقات یہ نکلتا ہے کہ وہ کسی بھی علم میں مہارت حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ وہ ذہین ہونے کے باوجود کسی ایک چیز پر توجہ مرکوز کرنے میں بمشکل کامیاب ہو پاتے ہیں۔ ہر لمحہ بدلتے ہوئے ارادوں کی وجہ سے وہ عموماً اپنے کام نامکمل چھوڑ دیتے ہیں، لہٰذا کسی اہم منصوبے کی تکمیل کے لئے ان پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔

جوزا افراد کوئی بھی علم بہت جلد سیکھ لیتے ہیں، لیکن ان کا علم سطحی رہتا ہے تاہم گفتار کے غازی ہونے کے باعث وہ اپنی اس خامی کو چھپا لینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ بعض جوزا مرد اور خواتین ضرورت سے زیادہ بولنے کے عادی ہوتے ہیں

Marfat.com

## برج جوزا کا پہلا گھر، شخصیت و کردار





جوزا افراد کی شخصیت پرت در پرت ہوتی ہے۔ ایک لمحے میں وہ آپ کو نہایت خوش و خرم اور پرامید دکھائی دیں گے مگر اگلے ہی لمحے وہ کسی قدر غم زدہ اور مایوس نظر آئیں گے جیسے خوشی کبھی ان کی زندگی میں داخل ہی نہ ہوئی ہو۔ ان سے متعلق لوگ اکثر اس سرعت انگیز تبدیلی پر جھنجلا کر رہ جاتے ہیں۔ جوزا مرد اور عورتوں کو ہر شعبے اور ہر فن سے دلچسپی ہوتی ہے اور بعض اوقات تو انتہائی متضاد شعبوں میں وہ بیک وقت منہمک و سرگرم رہتے

Marfat.com

ہیں۔ اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد طبعاً روحانیت پسند ہوتے ہیں۔ وہ انتہائی حساس اور ذہین لوگ ہوتے ہیں۔ ان کے بیدار اور مستعد ذہن ہر کام کو سرانجام دینے کے لئے نت نئے طریقے سوچتے رہتے ہیں۔ وہ جدت پسند ہوتے ہیں اور وقت کے ساتھ چلنا جانتے ہیں۔ مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ محنتی اور باعمل لوگ ہوتے ہیں مگر کبھی کبھی وہ اپنی صلاحیتوں اور توانائیوں سے بڑھ کر کام سرانجام دینے کی کوشش بھی کرنے لگتے ہیں۔ وہ بیک وقت دس بارہ مختلف نوعیت کے کاموں کا بیڑا اٹھا لیتے ہیں اور کسی ایک کو بھی تکمیل تک نہیں پہنچا پاتے۔ اصل میں ان کی دلچسپی اور جوش و خروش صرف کام کے آغاز تک برقرار رہتا ہے مگر جب وہ کام انہیں مانوس معلوم ہونے لگتا ہے تو ان کی ساری دلچسپی ختم ہو جاتی ہے تاہم ایک باشعور جوزا شخص اس مسئلے پر قابو پا لیتا ہے اور ماضی کے تجربات کی روشنی میں یہ حقیقت جان لیتا ہے کہ کسی بھی کام کی تکمیل کے لئے مستقل مزاجی ایک اہم شرط ہے۔ وہ اپنی دلچسپی، جوش عمل اور محنت کو صحیح تناسب سے استعمال کرنا سیکھ لیتا ہے اور آخر کار اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچا لیتا ہے جس کا آغاز اس نے بڑے ولولے اور جوش سے کیا تھا۔ زمانہ طالب علمی میں جوزا لڑکے اور لڑکیاں اپنے ساتھیوں میں بے حد مقبول ہوتے ہیں اور عموماً تعلیمی اعتبار سے بھی صف اول میں رہتے ہیں۔ وہ بہت جلد کام سیکھ لیتے ہیں اور خاص طور پر نئی زبانیں سیکھنے میں وہ عموماً دوسروں سے بازی لے جاتے ہیں۔ وہ بہت اچھے مقرر ثابت ہوتے ہیں۔ اکثر اپنی دلچسپ گفتگو سے سامعین کو دیر تک مسحور کئے رکھتے ہیں حتیٰ کہ وہ اپنی قوت گفتار سے گھنٹوں ایسے موضوعات پر بھی اظہار خیال کر سکتے ہیں جن کے بارے میں ان کا علم حقیقتاً محدود ہوتا ہے۔ اس برج سے تعلق رکھنے والوں کی ایک اہم خصوصیت ان کی بذلہ سنجی اور شگفتہ مزاجی بھی ہے بعض جوزا افراد تو اتنے غیر سنجیدہ ہوتے ہیں کہ ان کے احباب اس بات پر اکثر جھنجلا کر رہ جاتے ہیں۔ تاہم اس برج میں جنم لینے والے عموماً کشادہ دل اور کشادہ ذہن ہوتے ہیں اور دوسروں کی برہمی پر ناگواری کا اظہار نہیں کرتے۔ جوزا مرد اور خواتین حقیقت پسند ہوتے ہیں اور پرعزم ہونے کے باوجود وہ ناممکن تصورات کے پیچھے نہیں بھاگتے۔ وہ باعمل ہوتے ہیں اور ان کے ذہن میں منزل کا تصور حقیقی اور واضح ہوتا ہے۔

Marfat.com

## برج جوزا کا دوسرا گھر، دولت




دولت کی برج جوزا کے لئے بڑی اہمیت ہے مگر دولت حاصل کرنے کے لئے جاب کی روایتی میز پر بیٹھ کر کام کرنا ممکن نہیں۔ خاموشی سے ان کا نروس بریک ڈاؤن ہو جاتا ہے۔


جوزا افراد کے لئے دولت حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ایوی ایشن بھی ہے جیسے کمرشل جیٹ پائلٹ کی حیثیت سے آپ اپنے کاک پٹ میں بیٹھ کر مسافروں سے ڈھیر ساری باتیں کر سکتے ہیں اور ان کو بتا سکتے ہیں کہ آگے موسمی حالات سے سابقہ پڑنے والا ہے۔ اپنے وجدان کو آگے بڑھاتے ہوئے آپ مزید ریسرچ کر سکتے ہیں اور آپ گرم سیر گاہوں کے جو نام بتائیں گے وہ یقیناً گرم ہی ہوں گے۔

کاروباری دنیا میں رجحانات کو معلوم کر لینے کا ادراک آپ کو کامیاب گاہک اور کمیشن دلائے گا۔ اس خطوط پر کام کر کے آپ کوئی ایسا ادارہ کھول سکتے ہیں جس کی طرف لوگوں کا ہجوم چلا آئے۔ نائٹ کلب، ریسٹورنٹ، ہوٹل اور بوتیک سے آپ دولت کے خزانے کما

سکتے ہیں۔

دولت کمانے کا ایک اور طریقہ بھی ہے۔ جب اوپر والی تمام کوششیں ناکام ہو جائیں تو آپ کس سکینڈل میں ملوث ہو جائیں اور اس کے بعد آپ اپنی کتاب سے لاکھوں روپے کما سکتے ہیں اور جہاں تک رجحانات کا تعلق ہے آپ اس دور کے مادہ پرست لوگوں کے خلاف اپنی نفرت و حقارت کا اظہار کر سکتے ہیں لیکن آپ کو اپنی غیر روایتی زندگی گزارنے کے لئے روپیوں کی ضرورت ہے اور اس کے ساتھ بچت کے طریقے بھی سیکھ لیں۔ یہ آپ کے لئے بہتر ہو گا۔

## برج جوزا کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




جوزا بچے عام طور پر اپنے سن و سال سے بڑے معلوم ہوتے ہیں۔ یہ لوگ جب تک کتابوں میں مشغول نہیں ہو سکتے تو سوالات پہ سوالات کرتے اور مسلسل گفتگو کرتے رہتے ہیں۔ ان کی قابلیت کو باقاعدگی کے ساتھ تربیت دینا چاہیے۔


Marfat.com

انہیں خیالات کے مطابق کتابیں مہیا کرنی چاہئیں۔ یہ بچے ہر طرح کے علوم حاصل کرنے کے لئے موزوں ہوتے ہیں۔ جب ابتدائی عمر گزر جائے تو ان کو ایک اعلیٰ درجہ کا انسائیکلو پیڈیا لادینا چاہیے تاکہ وہ اپنے تمام سوالات کا حل اسی میں تلاش کر لیا کریں اور اس طرف ان کو آئندہ علم کے حصول میں بڑی امداد ملے گی۔

یہ بچے ہمیشہ منصوبے باندھا کرتے اور باتیں کیا کرتے ہیں۔ وہ جسم اور دماغ دونوں کے لحاظ سے بے قرار واقع ہوئے ہیں اور جلد تھک جانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ جہاں تک ممکن ہو، ان کو جلد سونا چاہیے اور بستر پر جانے سے پیشتر ہر طرح کے جوش و خروش کو دور کر دینا چاہیے۔ ان کے لئے کافی ورزش اور تازہ ہوا کی ضرورت ہے۔ ابتدائی سات برسوں میں وہ کھیل کود کو دوست رکھتے ہیں۔ ان کو کھلی ہوا میں کھیلنے دینا چاہیے۔

7 سے 14 سال کی عمر ان لوگوں کے لئے بہت اہم ہے۔

## برج جوزا کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی




ان لوگوں کی زندگی میں ان کا گھر نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ وہ ایسے گھر کے

خواہش مند رہتے ہیں جس میں حسن، قرینہ اور سکون ہو۔ وہ اکثر و بیشتر اپنے دوست احباب کو اپنے گھر مدعو کرتے ہیں اور ان کی خاطر مدارت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے۔

اس برج میں جنم لینے والوں کے لئے ان کا گھر بے پناہ اہمیت کا حامل ہونے کے باوجود کبھی ان کے پاؤں کی زنجیر نہیں بن سکتا۔ وہ اپنے مزاج کے مطابق اپنی جائے رہائش آئے دن تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ عام طور پر ان کے تعلقات افراد خانہ کے ساتھ مثالی ہوتے ہیں لیکن بعض جوزا افراد اپنی کبھی نہ مطمئن ہونے والی فطرت کی بنا پر دوسروں کے لئے عموماً مسئلہ بنے رہتے ہیں۔


یہ مرد اور خواتین اپنے گھر کی سجاوٹ میں بہت دلچسپی لیتے ہیں۔ وہ گھریلو اشیاء کی مرمت خود کر لیتے ہیں۔ نیز سفیدی اور رنگ و روغن کسی کی مدد کے بغیر باآسانی کر سکتے ہیں۔

یہ افراد دوسروں کی نظر میں سخت گیر والدین ہوتے ہیں، مگر درحقیقت وہ بچوں کی پرورش میں مکمل احتیاط اور ذمے داری کو ضروری سمجھتے ہیں اور ان کے بچے جو بہت جلد ان کی محبت سے آگاہ ہو جاتے ہیں، ان کی ڈانٹ پھٹکار کو چنداں اہمیت نہیں دیتے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ان کی اسی توجہ اور احتیاط کی بنا پر ان کے بچے آئندہ زندگی میں کامیاب رہتے ہیں۔

اس برج میں جنم لینے والے بچے عموماً خود سر اور نافرمان ثابت ہوتے ہیں کیونکہ یہ لوگ ہر کام اپنے انداز میں کرنا چاہتے ہیں اور کسی دوسرے کی مسلسل نگرانی کو سخت ناپسند کرتے ہیں لیکن وہ اس خواہش میں حق بجانب ہوتے ہیں کیونکہ ان میں ابتدائی عمر ہی سے بے پناہ صلاحیتیں موجود ہوتی ہیں۔

Marfat.com

# برج جوزا کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق





جوزا افراد شاذ و نادر ہی روایتی والدین ہوتے ہیں۔ در حقیقت آپ اپنے بچوں کے والدین سے زیادہ دوست ہوتے ہیں اور ساری زندگی ایک ساتھی بن کر سرگرمی سے ان کا ساتھ دیتے ہیں اور اگر آپ کے بچوں کے مشاغل یکساں ہوں تو پھر کیا کہنا؟ جب بچہ ذرا بڑا ہو جاتا ہے اور بولنے لگتا ہے تو جوزا والدین کے لئے اس کی پرورش زیادہ اطمینان بخش اور آسان ہو جاتی ہے۔ آپ اس کی پرورش کے مختلف مدراج میں بڑی دلچسپی لیتے ہیں مگر ابتدائی دنوں میں آپ کو اس وقت بڑی تکلیف ہوتی ہے جب بچہ زیادہ توجہ چاہتا ہے اور آپ کی سرگرمیوں کا بڑا وقت لیتا ہے۔

جوں جوں بچہ بڑا ہوتا ہے، آپ استاد کا کردار ادا کرنے لگتے ہیں اور اسے تصورات کی دنیا اور ذہنی مشاغل کی تربیت دینے لگتے ہیں۔ آپ حیرت انگیز طور پر بچوں کے کھیل میں ان کے ساتھی بن جاتے ہیں اور نہایت اعلیٰ درجہ کے داستان گو ہوتے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ بچوں کو ہوم ورک کرواتے وقت مشکل مسائل کو کس طرح آسان بنا کر ان کو سمجھایا جا

Marfat.com

سکتا ہے۔ ان والدین کے برعکس جو اپنے بچوں پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جوزا والدین اپنے بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرتے ہیں، تحقیق کرنے میں ان کی مدد کرتے ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کی کوشش کرتے ہیں۔

## برج جوزا کا چھٹا گھر، صحت و امراض





یہ افراد توانا اور سخت کوش ہوتے ہیں۔ وہ محنت اور مسلسل کام کرتے رہنا پسند کرتے ہیں لیکن غیر متوقع مصائب کا سامنا کرتے وقت وہ بعض اوقات اعصابی تناؤ اور گھبراہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس برج کے افراد سینے کے امراض میں بھی اکثر مبتلا رہتے ہیں۔ خاص طور پر سردیوں کا سارا موسم نزلے، زکام اور گلے کی سوزش میں گزرتا ہے تاہم وہ اپنی صحت کی طرف سے بہت محتاط رہیں تو عام طور پر تندرست اور نارمل ہوتے ہیں۔ یہ لوگ عموماً دبلے پتلے اور بظاہر کمزور نظر آتے ہیں لیکن درحقیقت وہ بے پناہ قوت اور توانائی کے مالک ہوتے ہیں اور کسی طور پر بھی نازک اندام نہیں ہوتے۔

یہ درست ہے کہ جوزا کے حامل مرد اور عورتیں عموماً کسی نہ کسی چھوٹی موٹی بیماری کا

شکار رہتے ہیں تاہم وہ شاذ ونادر ہی کسی تشویشناک مرض میں مبتلا ہوتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ انہیں کس حد تک محنت کرنی ہے اور کتنا آرام انہیں درکار ہے۔ بعض اوقات یہ لوگ کام کی دھن میں آرام اور نیند کو بھول جاتے ہیں اور یہ بات ان کی صحت کے لئے نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ انہیں اپنی نیند اور آرام کا پورا خیال رکھنا چاہئے۔

یہ افراد گو لحیم شحیم اور قوی ہیکل نہیں ہوتے لیکن اس کے باوجود وہ وجیہہ اور خوش شکل ہوتے ہیں۔ ان کی صورت اور شخصیت بلاشبہ پرکشش اور متاثر کرنے والی ہوتی ہے۔

## برج جوزا کا ساتواں گھر، محبت اور شادی





برج جوزا میں جنم لینے والے مردوں کی سب سے بڑی خواہش یہ ہوتی ہے کہ کوئی انہیں سچے دل سے چاہے، انہیں سمجھے مگر ان کی یہ خواہش ہمیشہ پوری نہیں ہو پاتی۔ وہ بڑی تندہی اور خلوص سے اپنے جیون ساتھی کی تلاش کرتے ہیں۔ جوزا مرد کی زندگی میں شادی سے پہلے کئی رومان جنم لیتے ہیں اور ختم ہو جاتے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہوتی ہے کہ

Marfat.com

جوزا افراد کسی کو ٹوٹ کر نہیں چاہتے۔ اس کے علاوہ آزادی پسند بھی ہوتے ہیں۔ جوزا مرد ایسی شریک حیات کو پسند کرتے ہیں جو مزاج اور ذہنی صلاحیتوں کے اعتبار سے ان کی ہم پلہ ہو اور کسی طرح بھی ان کی آزادی میں حارج نہ ہو۔ جوزا مرد عام طور پر شادی سے پہلے کئی لڑکیوں سے رومانس کرتے ہیں اور اچانک تعلق کو ختم بھی کر لیتے ہیں۔ ان کی فطرت انہیں کسی ایک جگہ جم کر نہیں رہنے دیتی۔ جوزا مرد شادی کے بعد بھی صنف مخالف کے دوسرے افراد سے تعلقات رکھتے ہیں جو عموماً شدید عشق کی صورت اختیار کر لیتے ہیں لیکن یہ زیادہ عرصہ تک کے لئے نہیں ہوتا۔ جوزا مرد کا جیون ساتھی اگر ان کی فطرت کو سمجھ لے اور ان کے بدلتے ہوئے مزاج کے ساتھ خود کو تبدیل کر لے تو یہ عادت مرتے دم تک قائم و برقرار رہتی ہے۔

برج جوزا کا آٹھواں گھر، عمر




ایک امریکی تحقیقاتی ادارے نے سات سال کی لگاتار تحقیق کے بعد علم نجوم سے

Marfat.com


متعلق جو انکشافات کئے ہیں وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔

اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا کہ سیارے انسان کی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والوں کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔ اس ادارے نے تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد و شمار جمع کئے۔ یہ افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔

اب آپ بھی اپنا برج اور اپنا سیارہ دیکھ کر اپنی عمر کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔

چونکہ یہ باب برج جوزا اور اس سے متعلقہ سیارہ عطارد سے تعلق رکھتا ہے چنانچہ جن افراد کی تاریخ پیدائش 20 مئی تا 19 جون کے درمیان ہے، ان میں مردوں کی اوسط عمر 70 سال اور خواتین کی اوسط عمر 81 سال 6 ماہ ہوتی ہے۔

## برج جوزا کا نواں گھر، قسمت





ق، ک

نام کا پہلا حرف

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حکمران ستارہ | عطارد |
| موافق نگینہ | بلور، عقیق |
| موافق رنگ | زرد، سبز، بنفشی |
| موافق پھول | گیندا |
| موافق خوشبو | صندل |
| موافق دن | بدھ |
| موافق نمبر | 5 |
| موافق برج | میزان، دلو |
| ناموافق برج | سنبلہ، قوس، حوت |
| گوارا برج | حمل، ثور، سرطان، اسد |
| غیر جانبدار برج | عقرب، جدی |

## برج جوزا کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار




یہ لوگ پرجوش اور باعمل ہوتے ہیں۔ انہیں ایسے کاموں کا انتخاب کرنا چاہئے جن

Marfat.com

میں وہ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو کام میں لاسکیں۔ وہ فن گفتار میں طاق ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان میں بذلہ سنجی کی ایک قدرتی صلاحیت بھی موجود ہوتی ہے اس لئے انہیں ایسے پیشے کا انتخاب کرنا چاہئے جس میں ان کا رابطہ بہت سے لوگوں کے ساتھ رہے۔


کاروباری معاملات میں بھی وہ اکثر کامیاب رہتے ہیں۔ وہ سودے بازی کرنا جانتے ہیں اور لوگوں کو مطمئن کر سکتے ہیں لہٰذا عام طور پر مثالی تاجر اور سیلز مین ثابت ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ صحافت اور تنقید نگاری میں بھی وہ نام پیدا کر سکتے ہیں۔ اس عدد کے افراد تصنیف، شاعری اور فنون لطیفہ میں بھی بہت کامیاب ثابت ہو سکتے ہیں۔

بعض جوزا مرد اور خواتین خالصتاً سائنسی اور تکنیکی شعبوں کا انتخاب بھی کرتے ہیں اور عموماً کامیاب رہتے ہیں۔ ان شعبوں میں طب اور انجینئرنگ کے علاوہ قانون اور اکاؤنٹس بھی شامل ہیں۔ یہ لوگ دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے خاصے محنتی اور فرض شناس ہوتے ہیں لیکن عام طور پر یہ کوئی بھی کام اپنے انداز میں کرنا پسند کرتے ہیں۔ کوئی مسلسل ان کی نگرانی پر مامور ہو تو انہیں کام کرنا دشوار معلوم ہوتا ہے۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے لوگ اس قدر مصروفیت پسند ہوتے ہیں کہ کسی ایک کام میں مصروف رہنا انہیں مشکل محسوس ہوتا ہے لہٰذا وہ بیک وقت دو یا اس سے بھی زیادہ کاموں میں مشغول رہتے ہیں اور بعض اوقات ان دونوں کاموں کو پیشے کے طور پر اختیار کر لیتے ہیں۔ ایسے کام جن میں یکسانیت ہو، انہیں پسند نہیں آتے۔ تخلیقی نوعیت کے شعبوں میں وہ خوب جی لگا کر کام کرتے ہیں۔

یہ افراد اگرچہ جاہ پرست اور لالچی نہیں ہوتے تاہم وہ مالی طور پر آسودہ اور خوشحال ہوتے ہیں۔ وہ جدید دور کے ساتھ زندہ رہنا جانتے ہیں اور ہرگز قدامت پرست نہیں ہوتے اکثر برج جوزا کے حامل لوگ شاہ خرچ ہوتے ہیں تاہم وہ مفلوک الحالی کا شکار نہیں ہوتے۔ اس برج کے لوگ کسی ایک پیشے سے پوری طرح مطمئن نہیں ہو پاتے اس لئے عموماً زندگی بھر پیشے اور ملازمتیں تبدیل کرتے رہتے ہیں۔

Marfat.com

# برج جوزا کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




برج جوزا کے تابع پیدا ہونے والے فرد کے ساتھ گزارہ کرنا عام طور پر آسان ہوتا ہے۔ وہ لوگوں کو پسند کرتا ہے اور یہ بھی جانتا ہے کہ لوگوں کا پسندیدہ شخص کیسے بن سکتا ہے۔ اس کے شاذو نادر ہی دشمن ہوتے ہیں کیونکہ اس کا رویہ اتنا دوستانہ ہوتا ہے کہ کوئی اس کا دشمن بن ہی نہیں سکتا ہے۔ وہ بڑا رحمدل اور خوش باش ہوتا ہے جس کی وجہ سے بہت سے لوگ اس کی طرف کھنچے چلے آئے ہیں۔ وہ بالعموم اپنی دوستی میں سنجیدہ ہوتا ہے اور توقع رکھتا ہے کہ دوسرے لوگ بھی اس کے ساتھ وفا کریں گے۔ یہ بڑا حساس انسان ہوتا ہے۔ اگر اس کے ساتھ کوئی زیادتی کی جائے تو کبھی نہیں بھولتا۔

جوزا افراد لوگوں کے جمگھٹے میں رہنا چاہتے ہیں۔ وہ طویل مدت تک تنہا نہیں رہ سکتے۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان کے دوست بھی اتنے ہی سرگرم اور مخلص ہوں جتنے کہ وہ خود ہیں۔ سماجی رابطہ ان لوگوں کے لئے بہت ضروری ہوتا ہے۔ وہ ایک لمحے میں کسی پارٹی کا اعلان کر دیتے

ہیں۔ جوزا مرد اور عورت دوسروں کو سکون پہنچا کر خوش ہوتے ہیں۔ وہ بڑے شاندار مہمان نواز ہوتے ہیں اور اپنے مہمانوں کی ضرورت کا قبل از وقت اندازہ لگا لیتے ہیں۔ کسی بھی جوزا فرد کو کبھی غیر مہمان نواز نہیں کہا جا سکتا ہے۔

ان کے دوست ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جوزا افراد ہر قسم کے آدمی کے ساتھ دوستی گانٹھ لیتے ہیں۔ ان کی سماجی ضروریات ان لوگوں کو متضاد معلوم ہوتی ہیں جو کہ جوزا افراد کی فطرت کو نہیں سمجھتے۔ اس برج کے تابع پیدا ہونے والا تعلیم یافتہ شخص اچھی طرح جانتا ہے کہ ان دوستوں سے کس طرح بچ کر رہنا چاہئے جن کے ساتھ گزارہ کرنا مشکل ہوتا ہے۔ وہ اپنے دوستوں میں کسی قسم کا لڑائی جھگڑا برداشت نہیں کر سکتا۔


منطقۃ البروج کے تیسرے برج یعنی جوزا کے تابع پیدا ہونے والے مرد اور عورتوں کے لئے نئے لوگوں سے ملاقات کرنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ وہ سماجی سرگرمیوں میں بہت خوش رہتے ہیں نیز وہ نظریات اور خیالات کا تبادلہ کرنا پسند کرتے ہیں۔

جوزا افراد یہ نہیں چاہتے ہیں کہ ان کے دوست بھی ان کی طرح ذہین ہوں۔ وہ معمولی باتوں پر بحث کر کے اتنے ہی خوش ہوتے ہیں جتنے کہ گہرے فلسفیانہ خیالات پر۔ وہ لوگوں کو پسند کرتے ہیں اور ان کے ساتھ مل کر سکون محسوس کرتے ہیں۔

یہ ممکن ہے کہ دوست بھی جوزا فرد کو پسند کرتے ہوں، لیکن ان کے لئے اس کو سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ ان کو اس آدمی میں بیک وقت بہت سی باتیں نظر آتی ہیں جو ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہوتی ہیں۔ اس لئے ان لوگوں کا تجزیہ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔

لوگ اکثر جوزا افراد کو اپنی پارٹیوں میں بلاتے رہتے ہیں۔ ان کے بغیر ہر پارٹی نامکمل معلوم ہوتی ہے۔ ان کی خوبصورتی اور زندہ دلی محفل میں رنگ بھر دیتی ہے۔ لوگ ان کے ارد گرد رہ کر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ اس کے باوجود سماجی اجتماع میں بعض اوقات یہ زبان درازی بھی کر جاتے ہیں اور بعض اوقات خود اپنے اور دوسروں کے بارے میں ایسی بات کر بیٹھتے ہیں، جو ان کو کرنی نہیں چاہئے تھے۔ بعض اوقات وہ بڑی سخت تنقید کرتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ ان کو اچھا نہیں خیال کرتے ہیں۔

## برج جوزا کا بارہواں گھر، حدود




جوزا ان چند افراد میں سے ایک ہوتا ہے جو مکمل ساتھی کی تلاش میں ہوتے ہیں اور اسے اپنی اس کوشش کے ناممکن پہلو کا بھی علم ہونا چاہئے۔ جب تک وہ اپنے آپ کو اچھی طرح نہیں سمجھ لیتا تب تک وہ اپنے ہی خوابوں کی دنیا میں مگن رہے گا چنانچہ وہ اپنے محبوب کی تلاش میں مایوس کن حالات سے گزر سکتا ہے۔ اسے چاہئے کہ محبوب کو اس طرح قبول کرے جس طرح وہ ہوتا ہے، اس طرح نہیں جس طرح وہ اسے دیکھنا چاہتا ہے۔ یہ بھی نہیں کہ وہ اپنی تلاش ختم کر ڈالے لیکن اسے علم ہونا چاہئے کہ تعمیری انداز سے اپنے آئیڈیل کی تلاش جاری رکھے۔

جوزا ہونے کا مطلب ہے کہ آپ میں بہت زیادہ قوت ہونی چاہئے کیونکہ جوزا اپنی مہمات کو فطری نتائج سے دوچار کرنے کے لئے بے اندازہ توانائی صرف کرتا ہے۔ اسے بہت سے خطرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے لیکن آخر میں وہ پھل پائے گا اور جتنا زیادہ خطرہ مول لے گا، پھل اتنا ہی زیادہ میٹھا ہوگا۔

اسے دوسروں کی ذہانت کا احترام کرنا چاہئے کیونکہ تلوار کا زخم تو بھر جاتا ہے مگر زبان کا زخم نہیں بھرتا۔ خواہ وہ کسی کی دل شکنی کر کے بھول جائے مگر لوگ اسے فراموش نہیں کر پائیں گے۔ ہر شخص کا ذہن مختلف انداز سے کام کرتا ہے۔ جوزا عطارد کے زیر حکومت ہونے کی بنا پر پارہ صفت ہوتا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ ہر ذی شعور شخص عظیم خیالات کا مالک ہو گا۔ جب وہ دوسروں کو ذہنی طور پر اپنے برابر تصور کرنے لگے گا تو اس کی اپنی سوچوں کو بلندی ملے گی۔

معاملات محبت میں وہ ستم شعار محبوب کو پسند کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ سے دہرا سوال کرتا ہے۔ یہ شخص مجھے کیا دے سکتا ہے اور اس کے بدلے میں اسے کیا دے سکتا ہوں؟ اور اگر باہمی ضرورت اور باہمی مفادات موجود ہیں تو تعلقات قائم ہو سکتے ہیں۔ اکثر اوقات جوزا رومانی اور جنسی تعلقات میں اپنا حصہ وصول کرنے کا رجحان رکھتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کا ساتھی اس سے توقعات وابستہ نہ کرے۔ یہ رویہ محبت اور شادی کو مکمل تباہی سے دوچار کر سکتا ہے۔ اسے مختلف مصروفیات اپنا کر اپنی نفسیاتی توانائی کا تعمیری انداز سے اخراج کرنے کی کوشش کرنی چاہئے جن میں گھر کی آرائش سے لے کر ملازمت تک شامل ہیں جہاں وہ اپنی ہمہ رنگ خصوصیات کو استعمال کر سکے۔

سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے ضبط نفس سیکھنا چاہئے۔ اگر وہ اپنے فطری رجحانات کو بے لگام چھوڑ دے تو وہ تباہی سے دوچار ہو سکتا ہے۔ اسے اپنے ذہن کو قابو میں رکھنا چاہئے ورنہ وہ آوارہ سوچوں کی آماجگاہ بن جائے گا۔ ایک بار اس نے اس منہ زور گھوڑے کو قابو کر لیا تو وہ اپنی اصل فطرت کو سمجھنے کے لئے بہتر پوزیشن میں ہوگا اور اس بارے میں کوئی عملی قدم اٹھا سکتا ہے۔ جس انداز سے وہ اپنی اندرونی فطرت کو سمجھتا ہے، اس کا بہت زیادہ انحصار اس بات پر بھی ہوگا کہ وہ جنس اور تعلقات کو کس انداز سے سمجھتا ہے۔

نیا سال آپ کے لئے کیا لے کر آیا ہے؟

بارہ برجوں پر مشتمل

# آپ کے ستارے کیا کہتے ہیں

(پاکستان میں باقاعدگی سے شائع ہونے والی واحد کتاب)

محمد ارشاد (آسٹروپامسٹ)


صاحبزادہ علیم اقبال (آسٹروپامسٹ)

روبی پبلی کیشنز

فسٹ فلور المعراج سنٹر 22 اردو بازار لاہور۔فون :0300-4213406

Marfat.com

## برج سرطان کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

برج سرطان سے تعلق رکھنے والوں کی سب سے بڑی خوبی ان کی معاملہ فہمی اور نرم دلی ہوتی ہے۔ وہ محبت کرنے والے اور ہمدرد فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ جان بوجھ کر کبھی کسی دوسرے کو نقصان پہنچانے یا کسی کا دل دکھانے کا باعث نہیں بنتے۔ وہ مہربان اور نرم خو ہوتے ہیں اور ہر وقت دوسروں کی مدد کرنے پر تیار رہتے ہیں۔ وہ کسی کو دکھ یا پریشانی میں مبتلا نہیں دیکھ سکتے۔ مجموعی طور پر وہ ہمدرد، سچے اور دیانتدار ہوتے ہیں۔

اس برج کے لوگوں میں صبر و تحمل کا جذبہ بدرجۂ اتم موجود ہوتا ہے۔ مصیبت اور مشکل وقت کو وہ صبر و سکون سے گزارتے ہیں۔ وہ ایک وقت میں ایک ہی کام یا علم پر اپنی توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔ ان میں قوت فیصلہ بھی دوسروں کی نسبت زیادہ قوی ہوتی ہے۔

برج سرطان کے حامل افراد اپنے گھر، خاندان اور دوستوں سے بے پناہ محبت رکھتے ہیں اور ان کے درمیان خوشی محسوس کرتے ہیں۔ ان کا رویہ سب کے ساتھ ہمدردانہ اور مشفقانہ ہوتا ہے، لہٰذا دوسرے لوگ اس برج سے متعلق افراد کی موجودگی میں ایک طرح کا اطمینان اور احساس تحفظ محسوس کرتے ہیں۔ وہ عموماً وفادار دوست اور سچے عاشق ہوتے ہیں اور روایت پسندی ان کا ایک خاص وصف ہوتی ہے۔ وہ اپنے علاوہ دوسروں کے جذبات کے معاملے میں بھی حد درجہ حساس ہوتے ہیں۔


## شخصیت کے منفی پہلو

برج سرطان کے افراد اس قدر نرم خو ہوتے ہیں کہ بعض اوقات زندگی انہیں بہت دشوار معلوم ہوتی ہے۔ حرص و ہوس سے بھری دنیا میں اپنے آپ کو سمونا ان کے لئے مشکل بن جاتا ہے جس کے نتیجے میں وہ بعض اوقات یاسیت اور بے عملی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ تساہل اور بے دلی اس برج کے افراد میں عام طور پر پائی جاتی ہے۔ وہ طبعاً سہل پسند اور سست رفتار ہوتے ہیں نیز کسی کام کے آغاز سے بہت گھبراتے ہیں۔ حساس ہونے کے باعث وہ عموماً تنہائی پسند ہو جاتے ہیں۔ اس برج کی عورتیں ذرا ذرا سی بات پر رونے دھونے لگتی ہیں۔

اس برج کے افراد اپنے گھر اور خاندان میں اتنے مگن رہتے ہیں کہ باہر کی دنیا کا سامنا کرتے ہوئے انہیں ہچکچاہٹ محسوس ہونے لگتی ہے اور احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں۔

Marfat.com

## برج سرطان کا پہلا گھر، شخصیت و کردار




ان کی نرم مزاجی اور فراخدلی کے باوجود اکثر دوسرے لوگ ان کے قریب آتے ہوئے ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے وہ بظاہر کم گو اور مغرور محسوس ہوتے ہیں حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے تاہم سرطان افراد دوسرے لوگوں کو کم ہی اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ وہ انہیں کوئی آزار پہنچا سکیں۔ اپنے دوستوں اور افراد خانہ کے لئے برج سرطان کے افراد بہت مخلص اور قابل اعتماد ہوتے ہیں۔ وہ بظاہر کم گو اور الگ تھلگ محسوس ہوتے ہیں مگر ان کا دل گہری محبت سے بھرپور ہوتا ہے۔ اس برج کے لوگ اکثر صنف مخالف کے کسی فرد سے چپکے چپکے محبت کرتے رہتے ہیں مگر کبھی اظہار محبت نہیں


کرتے۔ وہ عموماً اس انتظار میں رہتے ہیں کہ یہ کام دوسرا فریق انجام دے۔

سرطان افراد جب کسی بات کو طے کرلیں تو خاصے مستقل مزاج ثابت ہوتے ہیں۔ لوگ انہیں نرم مزاج اور کمزور سمجھ سکتے ہیں مگر وہ اپنے ارادوں کے اٹل اور مشن کے پکے ہوتے ہیں۔ وہ اپنے نظریات کے تحفظ کی خاطر کسی دباؤ اور سزا کو خاطر میں نہیں لاتے۔ اس برج میں جنم لینے والے بعض افراد شرمیلے ہوتے ہیں اور ان میں خود اعتمادی کی شدید کمی ہوتی ہے تاہم ہمدردی اور حوصلہ افزائی سے ان کی یہ خامیاں دور ہو سکتی ہیں لیکن اس کے برعکس حالات میں وہ بالکل بجھ کر رہ جاتے ہیں۔ سرطان افراد مشکل ہی سے تنقید برداشت کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس برج کے کچھ افراد الم پسند بھی واقع ہوتے ہیں۔ انہیں اس بات کی فکر رہتی ہے کہ دوسرے ان کے متعلق کیا خیالات رکھتے ہیں۔ نتیجتاً وہ احساس کمتری میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

سرطان مرد اور خواتین گھر میں بہت خوش رہتے ہیں۔ تنہائی میں انہیں تحفظ اور عافیت کا احساس ہوتا ہے۔ وہ خاصے روایتی اور قدامت پسند ہوتے ہیں۔ نت نئی تبدیلیاں انہیں پسند نہیں آتی۔ وہ تقریبات سے گریز کرتے ہیں اور محفلوں میں عام طور پر الگ الگ رہتے ہیں۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے افراد بااصول اور قانون پسند ہوتے ہیں۔ وہ کسی بھی کام میں بددیانتی کو برداشت نہیں کرتے۔ ان کا حافظہ بلا کا تیز ہوتا ہے اور ماضی کی نہ بھولنے والی یادوں کی وجہ سے وہ اکثر مستقبل سے غافل اور لاپروا رہتے ہیں۔ ان کا حافظہ ہاتھی کی طرح غیر معمولی ہوتا ہے اور وہ برسہا برس پرانی باتیں اور واقعات بھی نہیں بھولتے۔ اس برج کے لوگوں کی ایک اہم خصوصیت ان کی ممتا ہوتی ہے حتی کہ سرطان مرد بھی اس خصوصیت سے محروم نہیں ہوتے۔ ان کی ہستی میں دوسروں کو شفقت اور عافیت کا احساس ملتا ہے۔ لوگ اپنے اپنے دکھوں کے مداوے کے لئے ان سے رجوع کرتے ہیں۔ سرطان لوگوں میں کینہ اور بغض نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی تاہم ان کی ناراضگی مول لینا خطرناک ہوتا ہے۔ وہ اپنی ذہانت پر قدرے مغرور ہوتے ہیں اور کوئی انہیں احمق سمجھے تو وہ چراغ پا ہو جاتے ہیں۔ انہیں بے وقوف بنانا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔ برج سرطان سے متعلق افراد موسیقی، مذہب اور شریعت کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

Marfat.com

# برج سرطان کا دوسرا گھر، مال و دولت





سرطان کے تابع پیدا ہونے والے افراد کو اس کا بڑا گہرا شعور ہوتا ہے کہ دوسرے لوگ چیزوں کے بارے میں کیا محسوس کرتے ہیں اور کیوں کرتے ہیں؟ یہ صلاحیت کام کرنے کی جگہ اور کاروباری دنیا میں بڑی اہم خیال کی جاتی ہے۔ یہ صلاحیت خاندان اور گھر بنانے کے لئے بھی نہایت ضروری ہے، لیکن کاروبار میں بھی اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ خاندانی قسم کے کاروبار میں سرطان افراد بڑی دولت کما سکتے ہیں اور اگر کوئی ایسا کاروبار ہو جس کو خاندان والے نہ کر رہے ہوں تو پھر یہ بھی لوگ کاروبار کو خاندانی خیال کرتے ہیں۔ اگر سرطان افراد کسی دوسرے کا کاروبار کر رہے ہوں تو باس کو اپنا بزرگ خیال کرتے ہیں اور کارکن بھی ان کے نزدیک بھائی اور بہن کی مانند ہوتے ہیں۔ اگر کوئی سرطان فرد بذات خود باس بن جائے تو پھر وہ اپنے ملازمین کو بچے خیال کرتا ہے۔ سرطان افراد اس احساس سے بڑے خوش ہوتے ہیں کہ وہ دوسروں کو کھلا رہے ہیں۔ وہ اس بات سے لطف

Marfat.com

اندوز ہوتے ہیں کہ دوسرے ان کی کمائی کھا کر خوشحال ہو گئے ہیں۔ اپنے دوسرے شمسی گھر میں جس کا تعلق دولت سے ہے۔ سرطان افراد اکثر بڑے خوش قسمت واقع ہوتے ہیں بالخصوص رہائش، پراپرٹی یا ہوٹل اور ریسٹورنٹ کا کاروبار ان کو خوب راس آتا ہے۔ سرطان افراد کے لئے تفریح، ہوٹل اور نائٹ کلب بھی بڑے فائدہ مند رہتے ہیں۔ پانی کے کنارے واقع پراپرٹی کو یہ لوگ بہت پسند کرتے ہیں۔ اگرچہ بنیادی طور پر یہ لوگ روایتی ہوتے ہیں لیکن اکثر اوقات گلیمر کے ذریعے یہ لوگ اپنا رزق کمانا پسند کرتے ہیں۔

سورج جو سرطان افراد کے لئے دولت کا سیارہ ہوتا ہے یہ ایک نہایت اہم فنانشل پیغام دیتا ہے اور وہ یہ ہے کہ مالی امور میں سرطان افراد کو زیادہ موڈی نہیں ہونا چاہئے بلکہ مستحکم رویہ اختیار کرنا چاہئے۔

## برج سرطان تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




ان بچوں کی نگرانی کی بہت ضرورت ہوتی ہے۔ متوسط درجہ کی جسمانی مشقت ابتدائی

Marfat.com

عمر سے شروع کر دینا چاہئے۔ ان کی پرورش میں ان کی نازک کاٹھی کے باعث دقت پڑتی ہے۔

یہ بہت حساس اور روشن خیال ہوتے ہیں۔ ان پر زیادہ سختی کرنا عقلمندی نہیں۔ ان کو جسمانی سزا بھی نہ دینا چاہئے۔ پریوں کے قصے کہانیاں، بہادروں کے کارنامے اور عجائبات کی کتابیں ان کو پسند آتی ہیں۔ ان کے لئے ہمدری کی بہت ضرورت ہے۔ یہ خود بھی بہت ہمدرد ہوتے ہیں۔

بہت زیادہ اعصابی ہونے کی وجہ سے ان کو کبھی تنہا نہ چھوڑنا چاہئے۔ اور نہ اندھیری جگہوں پر بند رکھنا چاہئے۔ ابتدائی عمر میں وہ ماں یا اپنی دایہ پر بھروسہ رکھتے ہیں۔


یہ دوستوں کی صحبتوں، تقاریب اور جلسوں کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ ان بچوں کو بڑوں کے ساتھ نہ ملانا چاہئے بلکہ چھوٹے بچوں کے ساتھ روشن اور صاف ستھرے کمرے میں رکھنا چاہئے۔ ان بچوں کو کھلونے منہ میں نہ ڈالے رہنا چاہئے۔

ان کا دماغ اور تخیل شاندار قوت اظہار کی قابلیت رکھتا ہے لیکن ان کو سکھانا چاہئے کہ یہ زندگی میں کوئی مطمع نظر اور مقصد قائم کریں۔

عمر کے ابتدائی سات برسوں میں ان کو خاصی حفاظت کی ضرورت ہے اور غذا میں خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔

Marfat.com

# برج سرطان کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی





یہ ایک ایسا ذریعہ ہے جس میں سرطان افراد سب سے آگے نکل جاتے ہیں۔ گھر کا ماحول اور فیملی جس کو وہ پیدا کرتے ہیں، وہ ان کے فن کا شاہکار ہوتے ہیں۔ وہ پوری کوشش سے ایک خوبصورت چیز بناتے ہیں، جس سے ان کو خوبصورت زندگی عطا ہو سکے اور اکثر وہ اپنی کوشش میں کامیاب رہتے ہیں۔ سرطان افراد اپنے خاندان، رشتہ داروں اور بالخصوص اپنی ماؤں سے قربت محسوس کرتے ہیں۔ یہ رشتے ساری زندگی قائم رہتے ہیں اور ان کی عمر میں اضافہ ہونے سے مزید پختہ ہوتے رہتے ہیں۔ وہ اپنے خاندان کے ان لوگوں کو بہت پسند کرتے ہیں جو کامیاب رہتے ہیں اور خاندانی روایات سے وابستہ رہتے ہیں۔ سرطان افراد بچوں کو بھی بہت پسند کرتے ہیں اور ان کی ضروریات کی ہر چیز مہیا کر دیتے ہیں۔ اپنی مامتا اور احساس کی بدولت وہ بڑے اچھے والدین ہوتے ہیں بالخصوص سرطان ماں منطقۃ البروج کی شاندار ماں ہوتی ہے۔

وہ غیر مشروط طریقے سے اپنے خاندان سے محبت رکھتے ہیں۔ خاندان کا کوئی فرد خواہ

کتنی ہی بڑی غلطی کر دے، انجام کار سرطان باپ اس کو معاف کر دیتا ہے۔ خاندانی اقدار کا تحفظ ہی سرطان کی بقاء کی ضامن ہے اور ان سے دوسرے لوگ بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ سرطان کا گھر ہمیشہ صاف ستھرا ہوتا ہے۔ ہر چیز قرینے سے رکھی ہوتی ہے۔ وہ پرانے فیشن کے ساتھ ساتھ جدید فیشن کا فرنیچر بھی پسند کرتے ہیں۔ وہ اپنے خاندان اور دوستوں کو خوش کرنے کے لئے ان کی دعوتیں کرتے رہتے ہیں۔

والدین کی حیثیت سے سرطان افراد کا یہ مقولہ ہوتا ہے "صحیح ہیں یا غلط، ہیں تو میرے ہی بچے" چنانچہ غیر مشروط وفاداری اور وابستگی ان کا موقف ہوتا ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ ایک فیملی ممبر کیا کر رہا ہے۔ سرطان آخر کار اس کو معاف کر دیتا ہے کیونکہ وہ بہر حال اس کے خاندان کا فرد ہوتا ہے۔

## برج سرطان کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق




☆ سرطان مرد اور عورت دونوں ہی اپنے بچوں کے حق میں ہر لحاظ سے بہتر ہوتے

Marfat.com

ہیں بلکہ وہ مثالی والدین ہوتے ہیں۔

☆سرطانی ماں مجموعی طور پر اپنے بچوں کے حق میں ہر لحاظ سے بہترین اور مثالی ماں ثابت ہوتی ہے اور اس کی اولاد بھی باپ کی نسبت ماں سے زیادہ رغبت رکھتی ہے۔

☆وہ اپنے بچوں کی پسند وناپسند کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں۔

☆سرطان ماں پہلے تو بچوں کو بگاڑ دیتی ہے اور پھر جب وہ گستاخی اور بے ادبی کرتے ہیں تو وہ ان کی نازیبا حرکات کو بالکل پسند نہیں کرتی اور پھر انہیں سخت سزا دیتی ہے۔


☆وہ اپنے بچوں کو ہر قسم کا آرام و آرائش پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

☆برج سرطان سے تعلق رکھنے والی خواتین اپنی اولاد سے شدید محبت کرتی ہیں۔ ان کے دل میں محبت، شفقت اور ممتا کے جذبات بہت زیادہ پائے جاتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی بہترین صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے بڑے ایثار اور بھرپور توجہ سے کام لیتی ہے۔

☆برج سرطان سے تعلق رکھنے والے افراد بہترین والدین ثابت ہوتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کے لباس، خوراک نیز ان کی تعلیم اور ماحول کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں۔

☆سرطانی خاتون عام طور پر اپنے بچوں پر جان نچھاور کر دیتی ہے اور ان کے ہر طرح کے آرام و آسائش کا ہر طرح خیال رکھتی ہے۔ اگر کوئی بچہ بیمار ہو جائے تو وہ بے چین ہو جاتی ہے۔

# برج سرطان کا چھٹا گھر، صحت وامراض




سرطان پیٹ پر حکمران ہے اور ہمیں پہلے ہی معلوم ہے کہ آپ کو کھانا بہت پسند ہے اور منطقی اصول سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ آپ کے موٹے ہو جانے کا زیادہ امکان ہے۔ موٹاپا سارے جسم میں نہیں بلکہ جسم کی وہ مشک جس میں آپ ہر وقت دانہ پانی بھرتے رہتے ہیں یعنی آپ کی توند۔ یہ ایک نامعلوم طریقہ سے بڑھتا رہتا ہے اور اس کا پتہ تب چلتا ہے۔ جب آپ کی پتلون پھسلنے لگتی ہے۔

جو بیماریاں آپ کو پریشان کریں گی، ان میں بدہضمی کی بیماری سرفہرست ہے۔ ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آپ میں بیماری کے دن اتنے زیادہ ہیں جتنے کہ مراتی سنبلہ میں ہوتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اس کا یہ سبب ہو کہ آپ حقیقتاً بیمار نہیں ہوتے یا یہ کہ آپ گھر پر آرام سے دن گزارنا چاہتے ہیں تاکہ آپ کو پرہیزی کھانا مل جائے۔


اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس برج میں پیدا ہونے والے تمام افراد پیٹو ہوتے ہیں۔

Marfat.com

میں نے بہت سی خواتین کو دیکھا ہے جن کی تاریخ پیدائش ان ہی دنوں میں ہوئی ہے لیکن ان کا پیٹ ابھرا ہوا نہ تھا بلکہ یہ کہنا درست ہوگا کہ نہایت باوقار توند تھی لیکن یہ ماننا پڑے گا کہ یہ خواتین سخت محنت کے بعد اپنی توند کو بڑھنے سے روکنے پر قادر ہوسکی تھیں۔

خواہ آپ نے اپنی توند گھٹالی ہے یا نہیں لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا اپنے پیٹ کے ساتھ مذاکرہ چلتا رہا ہے۔ جب کبھی آپ نے کسی میں دلچسپی لینی شروع کی ہوگی تو دوسروں نے لازمی طور پر آپ کے پیٹ میں تتلیوں کے پر پھڑپھڑانے کی آواز سنی ہوگی۔ جب کبھی اس برج کی بات کی جاتی ہے تو کلیہ درست ثابت ہوتا ہے یعنی کہ سرطان افراد کے دل تک پہنچنے کا راستہ منہ سے گزرتا ہے۔

## برج سرطان کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




برج سرطان سے تعلق رکھنے والی عورت محبت کے معاملے میں بہت پرجوش اور مخلص ہوتی ہے تاہم وہ بے حد حساس ہوتی ہے اور بعض اوقات اس کا محبوب اسے پوری طرح سمجھ نہیں پاتا۔ اس برج کی لڑکیاں ذرا ذرا سی بات پر رنجیدہ اور غمگین ہو جاتی ہیں۔

Marfat.com

برج سرطان کی عورتیں محبت میں مستقل مزاج ہوتی ہیں لہٰذا شادی ان کے لئے انتہائی ضروری اور موزوں قدم ہے۔ وہ محبت میں تبدیلی یا ہرجائی پن کی قائل نہیں ہوتی۔ ان کے جذبات بہت گہرے اور دیرپا ہوتے ہیں۔ وہ ایسے مرد کو پسند کرتی ہیں جو انہیں تحفظ اور پرخلوص چاہت کا یقین دلا سکے۔ وہ اس کی طرف سے محبت کی بار بار یقین دہانی کی طلب گار رہتی ہیں۔ اس برج کی خواتین اپنے شوہر کی خدمت گزار ہوتی ہیں۔ برج سرطان سے تعلق رکھنے والی عورت رومان اور پیار و محبت کے معاملات میں قدم بڑھانے سے ڈرتی اور گھبراتی ہے۔ وہ اس لئے ہچکچاتی ہے کہ کہیں اسے محبت میں ناکامی نہ ہو یا اسے ٹھکرا نہ دیا جائے۔ سرطان عورت ظاہری طور پر شرمیلا پن ظاہر کرتی ہے مگر اپنے اندر شدید اور پرجوش محبت کے جذبات رکھتی ہے۔ اس کے پاس غیر مادی اور حیاتی قوتیں ہیں۔ وہ اپنے حسن میں ایک ساحرانہ قوت رکھتی ہے اور جنس مخالف کو ایک مقناطیسی کشش سے اپنے سحر انگیز حسن کے جال میں جکڑ کر اپنا تابع بنا لیتی ہے۔ ایک بات اس کی فطرت میں بہت سخت ہے۔ وہ اپنے محبوب یا شوہر سے بے وفائی کی توقع نہیں رکھتی۔ اگر اسے معلوم ہو جائے کہ وہ جس سے محبت کرتی ہے، وہ اسے بے وقوف بنا رہا ہے یا بے وفائی کر رہا ہے تو وہ اپنے بیوفا محبوب یا شوہر سے بھیانک انتقام لیتی ہے چنانچہ وہ ایک دم سفاک بن جائے گی اور اسے تباہ و برباد کر کے رکھ دے گی۔


برج سرطان سے تعلق رکھنے والا مرد عام طور پر خاموش طبع اور الگ تھلگ رہنے والا ہوتا ہے۔ عورتیں اسے مشکل ہی سے سمجھ پاتی ہیں۔ حقیقت میں وہ محبت کرنے والا شخص ہونے کے باوجود دوسروں کو اس کا یقین نہیں دلا پاتا۔ وہ خود بھی اس اندیشے کی وجہ سے عورتوں سے دور رہتا ہے کہ کہیں وہ اس کی محبت کو مسترد نہ کر دیں۔

ماں کی شدید محبت کے باعث سرطان مرد ایسی عورتوں کے جلد نزدیک آ جاتے ہیں جن میں ان کی ماں جیسی خصوصیات اور عادات ہوں۔ وہ بڑی عمر کی یا پرانی وضع کی عورتوں میں کشش محسوس کرتے ہیں۔ وہ اپنی بیوی کو اچھی باورچن اور خدمت گزار دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ سرطان مرد جب کسی سے محبت کرتا ہے تو اس کے لئے ہر قربانی کے لئے آمادہ رہتا ہے۔ وہ محبت میں پرجوش ہوتا ہے۔ وہ جس عورت کو پسند کرے، اسے ہمیشہ کے لئے اپنانے

Marfat.com

کے لئے بے چین ہو جاتا ہے۔ سرطان مرد اچھا شوہر اور مہربان باپ ثابت ہوتا ہے۔ سرطان مرد انتہا سے زیادہ جذباتی ہوتا ہے۔ اگر انہیں کوئی حسین و جمیل خاتون مل جائے تو وہ اسے حاصل کرنے کے لئے دیوانگی کی حد تک جا سکتے ہیں اور دیوانے پن کا مظاہرہ کرنے لگتے ہیں وہ اس سے کسی نہ کسی طرح رومان لڑاتے ہیں اور پھر اس کوشش میں مصروف ہو جاتے ہیں کہ وہ جلد سے جلد ان کی جیون ساتھی بن جائے اور جب اسے اپنی جیون ساتھی بنا لیتے ہیں تو بے حد مسرت، خوشی اور آسودگی محسوس کرتے ہیں۔ سرطان مرد محض رومان لڑانے پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اپنی پسندیدہ محبوب سے فوراً رشتہ ازدواج قائم کر لیتے ہیں۔ یہ بات ضرور ہے کہ وہ اپنی جیون ساتھی رومان کے ذریعے تلاش کرتے ہیں اور ان معاملات میں کوئی بھی عورت ان پر مکمل بھروسہ کر سکتی ہے۔ وہ محض اسے دل بستگی کا سامان نہیں سمجھیں گے بلکہ اسے بیوی بنائیں گے۔

## برج سرطان کا آٹھواں گھر، عمر




اس ضمن میں ایک امریکی تحقیقاتی ادارے نے سات سال کی متواتر تحقیق کے بعد علم

نجوم کے بارے میں جو انکشافات کئے ہیں، وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔


اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا ہے کہ سیارے انسان کی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔

اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد و شمار جمع کئے ہیں۔ ان کے مطابق یہ افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس دنیا سے رخصت ہوئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے اور اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت عامہ سے حاصل کی تھیں۔ اس کے علاوہ قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے بھی مدد لی گئی۔

اس نے بتایا کہ ہم نے پندرہ ہزار کیسوں کا مطالعہ کیا اور ہم یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔ اب آپ بھی اپنی تاریخ پیدائش سے اپنی عمر معلوم کر سکتے ہیں۔

چونکہ یہ باب برج سرطان سے تعلق رکھتا ہے چنانچہ جن افراد کی عمر یعنی تاریخ پیدائش 19 فروری تا 20 مارچ کے دوران ہوئی ان میں مردوں کی عمر 65 سال ہے اور عورتوں کی عمر 70 سال ہے۔


# برج سرطان کا نواں گھر، قسمت




| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | ح، ڈ |
| حکمران ستارہ | چاند |
| موافق نگینہ | موتی، حجرالقمر |
| موافق رنگ | سبز، نیلا، سفید |
| موافق پھول | گل سوسن |
| موافق خوشبو | عطر گل لالہ |
| موافق دن | سوموار |
| موافق نمبر | 2 |
| موافق برج | عقرب، حوت |
| ناموافق برج | حمل، میزان، جدی |
| گوارا برج | ثور، جوزا، اسد، سنبلہ |
| غیر جانبدار برج | قوس، دلو |

Marfat.com

# برج سرطان کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار




اس برج میں پیدا ہونے والوں کے لئے سب سے مناسب پیشہ تجارت ہے۔ ان میں کامیاب بزنس مین بننے کی تمام صلاحیتیں پائی جاتی ہیں۔ پیسوں کے معاملے میں وہ بہت کفایت شعار اور محتاط ہوتے ہیں۔ ایسے شعبوں کی نسبت جن میں جسمانی مشقت ضروری ہو، وہ ایسے کام پسند کرتے ہیں جن میں انہیں اپنی سوجھ بوجھ سے کام لینے کا موقع مل سکے۔ تجارت کے علاوہ جس شعبے میں وہ کامیاب ہو سکتے ہیں، سماجی کاموں کا شعبہ ہے۔ اکثر و بیشتر ان کے وسائل اور تعلقات بھی کافی وسیع ہوتے ہیں۔

یہ لوگ اپنی ظاہری کاہلی کے باوجود قیادت کی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ اپنی توانائیوں کو استعمال کرنا جانتے ہیں۔ وہ بعض نہایت دشوار کاموں کو بھی انتہائی خوش اسلوبی سے سرانجام دے لیتے ہیں لیکن کچھ ایسے کام جو بظاہر آسان معلوم ہوتے ہیں، ان کی انجام دہی کے دوران وہ گھبرا جاتے ہیں۔ وہ خطروں سے بھی جلد خوف زدہ ہو جاتے ہیں تاہم کام کیسا ہی مشکل کیوں نہ ہو، وہ اس کا واویلا نہیں کرتے بلکہ چپ چاپ اسے سرانجام دینے کی

کوشش میں لگے رہتے ہیں۔

اس برج کے لوگ دوسروں کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ ان میں پرخلوص شفقت کا گہرا جذبہ پایا جاتا ہے۔ وہ بچوں سے بہت جلد گھل مل جاتے ہیں اور شاید اسی لئے تعلیم و تدریس کے شعبے میں بہت کامیاب رہتے ہیں۔


سمندر اور بہتا ہوا پانی ان لوگوں کے محبوب مناظر ہیں۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے اکثر افراد بحری جہازوں یا ساحل پر کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ یہ لوگ آرٹ سے بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کی قوت متخلیہ بے مثل ہوتی ہے اور وہ فنون لطیفہ میں بھی کامیاب رہتے ہیں۔ موسیقی، مجسمہ سازی اور مصوری ان کے لئے موزوں شعبے ہو سکتے ہیں۔

اس برج کے افراد کے لئے یہ بات انتہائی ضروری ہے کہ وہ اپنی خداداد صلاحیتوں اور اپنی ذہنی اپج کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی پیشے کا انتخاب کریں۔ وہ کسی کام کا آغاز بظاہر دولت کمانے کے لئے کرتے ہیں مگر بعد میں انہیں اس سے دلچسپی اور قلبی لگاؤ پیدا ہو جاتا ہے تاہم اگر وہ اپنے مزاج کے خلاف کسی پیشے سے وابستہ ہو جائیں تو ان کا بیشتر وقت اسے ترک کرنے کے منصوبے بنانے میں صرف ہوتا ہے۔

یہ افراد فضول خرچ ہرگز نہیں ہوتے۔ وہ دولت کی قدر جانتے ہیں اور ہر کام میں اعتدال اور میانہ روی کو ملحوظ رکھتے ہیں۔ اس برج میں آپ کو بہت سے انتہائی دولت مند لوگ ملیں گے۔ اس کی اصل وجہ ان کی کاروباری سوجھ بوجھ اور کفایت شعاری ہوتی ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ وہ کنجوس ہوتے ہیں۔ وہ ضرورت مندوں کی مدد کے لئے ہر وقت آمادہ رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو اپنے مالی تحفظ کی بہت فکر رہتی ہے حتیٰ کہ بے اندازہ دولت کی موجودگی میں بھی انہیں یہ احساس ستاتا رہتا ہے کہ یہ دولت ختم ہو گئی تو پھر کیا ہو گا۔ ان بے وجہ اندیشوں کی وجہ سے ان کی صحت بھی متاثر ہوتی ہے اور ذہنی سکون بھی لیکن اگر وہ اپنی اس خامی کو دور کر لیں تو ان کی زندگی پرسکون اور خوشگوار ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

# برج سرطان کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات





برج سرطان میں پیدا ہونے والے افراد بظاہر کم گو اور لئے دیئے رہنے والے ہوتے ہیں مگر ان کے قریبی لوگ اور احباب جانتے ہیں کہ وہ کس قدر ہمدرد اور نرم دل ہوتے ہیں۔ وہ دوستوں کو عزیز رکھتے ہیں اور ان سے بھی ایسی یہ پر خلوص محبت کی توقع رکھتے ہیں لیکن اگر انہیں دوستوں کی بھرپور توجہ اور پر خلوص محبت نہ ملے تو وہ ناراض اور رنجیدہ ہو جاتے ہیں۔

یہ افراد طاقت ور وجدانی قوت کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ کسی سے ایک دو ملاقاتوں کے بعد ہی اس کی فطرت اور خلوص سے آگاہ ہو جاتے ہیں۔ کسی دوست سے قطع تعلق ہونے کی صورت میں انہیں شدید صدمہ ہوتا ہے۔ دوستوں سے ان کا تعلق گہری جذباتیت پر مبنی ہوتا ہے اس عدد کے لوگ حد درجہ حساس ہونے کی وجہ سے دوستوں کی معمولی باتوں کا بھی شدید اثر لیتے ہیں. ان سے دوستی اسی صورت میں برقرار رہ سکتی ہے جب انہیں بار بار خلوص کا یقین دلایا جاتا رہے۔

Marfat.com

# برج سرطان کا بارہواں گھر، حدود




سرطان کو اول و آخر اپنی ذات کے ساتھ مکمل طور پر ایمانداری برتنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ دوسرے لوگ اسے تادیر بے وقوف نہیں بنا سکتے مگر وہ خود ہی اپنے آپ کو بے وقوف بناتا ہے۔ وہ اندر کی گہرائیوں سے حسیت پسند ہے مگر ابتدا میں ضبط کی طرف مائل ہوتا ہے۔ وہ صرف اور صرف اپنے محبوب کے ساتھ ہی ازدواجی تعلقات قائم کرنے کو ترجیح دے گا تاہم اس کی زندگی میں ایسے ادوار آ سکتے ہیں جب وہ کسی خاص وجہ کے بغیر نئے افق تلاش کرنے کے لئے برانگیختہ ہو گا اور خالصتاً جنس برائے جنس کی سعی کرے گا۔ اسے اس کے لئے پہلے سے تیار رہنا چاہئے۔

اسے مکمل طور پر اپنے محبوب کی خواہشات کا احترام کرنا سیکھنا چاہئے۔ اگرچہ وہ مکمل طور پر اثر پذیری سے بھرپور ہے تاہم وہ گرفت اور کنٹرول کے لئے خفیہ خواہش رکھ سکتا ہے اور اکثر کھل کر سامنے آنے سے خود کو باز رکھتا ہے۔ اگر وہ ایک بار اس چیز سے آگاہ ہو جائے تو

ازدواجی تعلقات میں حقوق وفرائض کا درست تناسب قائم ہو جاتا ہے۔

سرطان کو جنسی یا مجموعی تعلقات میں اپنی بات کو واضح اور براہ راست انداز میں منوانا سیکھنا چاہئے۔ وہ بالواسطہ انداز سے معاملات کو نبٹانے کا رجحان رکھتا ہے اور اپنی سچی خواہشات پر توجہ نہیں دیتا۔ اسے اپنے خفیہ انداز واطوار پر قابو پانے کی کوشش کرنی چاہئے اور اس کے مقابلے میں تبادلہ خیالات کی اہمیت سے آگاہ ہونا چاہئے۔ اسے اپنے رفیق حیات کو بتانا چاہئے کہ وہ کیا، کب اور کیسے چاہتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اسے اس کی ازدواجی ضروریات کے بارے میں بھی استفسار کرنا چاہئے۔

اسے اپنے عدم تحفظ، شکوک اور خدشات سے آگاہ ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسے یقین کرنا چاہئے کہ اس کا کل اس کے آج سے بہتر ہوگا۔ وہ اکثر تصور کرتا ہے کہ آنے والا کل ناسازگار موسم اپنے جلو میں لے کر آئے گا چنانچہ وہ حفظ ماتقدم میں حد سے زیادہ توانائی صرف کر ڈالتا ہے۔

سرطان کو چاہئے کہ تبدیلی کو سکون سے قبول کرے۔ دراصل جنسی توانائی زندگی کی توانائی ہوتی ہے۔ جنسیت کا اظہار بہت سادہ، انفرادی اور متغیر ہو سکتا ہے اور یہی حال زندگی کا ہوتا ہے۔ محبت اور جنس کو سبوتاژ نہیں کیا جا سکتا اور اسے محبوب پر ملکیت جتانے پر اپنی طاقت صرف نہیں کرنی چاہئے۔ زندگی ایک حرکی تناسب ہے۔ بعینہٖ جنس میں بھی تسلسل پایا جاتا ہے۔ سرطان کو شراکت، حرکت اور تسلسل سیکھنے کے لئے خود کو آمادہ کرنا چاہئے۔ پانی اس کا عنصر ہے جو کہ کبھی بہاؤ سے نہیں رکتا۔


اسے اکثر لوگوں کی طرف سے بدسلوکی کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے وہ حقیقت پسندی کی طرف مائل ہوتا ہے۔ وہ عملی شخصیت ہے اور تعلقات کے آغاز میں متاثر کرنے میں آسانی محسوس کرتا ہے۔ جب تک وہ غور و فکر کے قابل ہوتا ہے تب تک وہ غلط فرد کے ساتھ منسلک ہو چکا ہوتا ہے۔ اس طرح سرطان کے لئے سب سے بڑا سبق غلط فرد سے پیچھا چھڑانے پر مبنی ہے۔ وقت اور عمل دو قابل قدر ہتھیار ہیں جنہیں وہ اپنے مفادات کے حصول کیلئے استعمال کر سکتا ہے۔

Marfat.com

مختصر یہ کہ سرطان کو یہ جاننے کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ چاہتا کیا ہے تاکہ وہ اس کے حصول کے لئے منصوبہ بندی کر سکے۔ اس کی جنسی اور جذباتی زندگی کے مسائل زیادہ تر غلط فیصلوں کی وجہ سے رونما ہوتے ہیں۔ اس طرح اپنی جنسیت سے آگاہی سرطان کی بہتر زندگی فیصلہ کن جزو ہے۔

Marfat.com

# برج اسد کا مکمل زائچہ




Marfat.com

# شخصیت کے مثبت پہلو

اس برج نے اکثر لیڈر اور حکمران پیدا کئے ہیں۔ وہ اچھے منتظم اور نگران ہوتے ہیں۔ وہ لوگوں میں بہت جلد مقبول ہو جاتے ہیں اور جس پارٹی یا گروہ سے ان کا تعلق ہو، وہ جلد ہی اس کے اعلیٰ ترین عہدے پر فائز ہو جاتے ہیں۔

اسد افراد اکثر فراخ دل ہوتے ہیں، وہ دوسروں کو تحفے اور انعامات دے کر خوش ہوتے ہیں اور یہ ان کی مقبولیت کی ایک بڑی وجہ بنتی ہے۔ وہ مجلسی لوگ ہوتے ہیں، چنانچہ وہ آئے دن دوست احباب کی دعوتیں کرتے ہیں اور ان دعوتوں پر بے دریغ دولت بھی صرف کرتے ہیں۔ ان افراد میں حرکت و توانائی بے پناہ ہوتی ہے اور وہ بڑی جانفشانی سے اپنی منزل کی طرف بڑھتے رہتے ہیں۔ گو اس برج سے تعلق رکھنے والے خاصے بااعتماد ہوتے ہیں مگر وہ اپنی حالت اور مرتبے سے کبھی مطمئن نہیں ہوتے۔ وہ تیزی سے سوچتے اور تیزی سے فیصلہ کرتے ہیں۔ اسد لوگ بڑے پر جوش اور پر عزم ہوتے ہیں۔ وہ مزاح پسند اور بذلہ سنج ہوتے ہیں، مگر اس میں ذہانت، گہرائی اور شائستگی کو ملحوظ رکھتے ہیں۔


اس برج میں جنم لینے والے افراد سطحی اور کم مرتبہ چیزوں کو کبھی پسند نہیں کرتے۔ وہ عموماً اعلیٰ اور نفیس چیزوں کو پسند کرتے ہیں، چاہے ان کے حصول میں انہیں بہت دقتوں کا سامنا کیوں نہ کرنا پڑے۔ ان کی دوستی دوسروں کے لئے قابل فخر ہوتی ہے۔

# شخصیت کے منفی پہلو

اسد افراد کی سب سے بڑی خامی ان کا حد سے زیادہ فخر و غرور ہوتا ہے۔ وہ اپنے بارے میں عموماً خوش فہمیوں میں مبتلا رہتے ہیں اور اگر ان کی موجودگی میں کسی گروہ یا پارٹی کی سربراہی کسی اور کو سونپ دی جائے تو وہ برافروختہ ہو جاتے ہیں۔ اسی بے جا غرور اور خوش فہمی کے باعث وہ بعض اوقات نامقبول بلکہ لوگوں کی نفرت کا ہدف بھی بن جاتے ہیں۔

اس برج کے لوگوں کی انا پسندی، بعض اوقات دولت کے لالچ اور مادیت پرستی پر منتج ہوتی ہے۔ اسی طرح اقتدار کی ہوس انہیں اپنے قریب ترین دوستوں سے بھی محروم کر دیتی ہے حتیٰ کہ ان کے گھر کے افراد بھی بعض اوقات ان سے نفرت کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

# برج اسد کا پہلا گھر، شخصیت و کردار





برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد میں تحکم کا عنصر نمایاں ہوتا ہے۔ ان میں کوئی نہ کوئی ایسی بات ضرور ہوتی ہے کہ دوسرے نہ صرف ان کی بالادستی کو تسلیم کر لیتے ہیں بلکہ ان کے فیصلوں کا احترام بھی کرتے ہیں۔ اس برج کے حامل افراد خود مختار ہوتے ہیں اور وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ کسی مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے توانائی کس طرح خرچ کی جانی چاہیے۔ کسی معاملے میں ان سے وقت ضائع کرنے کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ رومانس کے شعبے میں ان کے جذبات بہت گہرے ہوتے ہیں۔ یہ مضبوط قوت ارادی اور استقلال کے مالک اور دور اندیش ہوتے ہیں۔ یہ جس کام کو شروع کرتے ہیں، تمام تر توجہ اس کی طرف مبذول رکھتے ہیں۔ بلند حوصلہ ہونے کے باعث مایوسی وناکامی کا سامنا بہت کم ہوتا ہے۔ برج اسد کے حامل افراد اپنے وقار کا بہت خیال رکھتے ہیں اور اپنی سطح سے نیچے آنا پسند نہیں کرتے خوش مزاج ہونے کے باعث انہیں غصہ بہت کم آتا ہے لیکن جب قوت برداشت جواب

Marfat.com

دے جائے تو یہ طوفان کی طرح پھٹ پڑتے ہیں۔ اسد افراد عام طور پر کم عمری میں ہی اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو جاتے ہیں۔ وہ زندگی کو جس انداز میں سمجھتے ہیں، دوسرے اس پہلو پر بہت کم توجہ دیتے ہیں۔ وہ مشکلات سے نہیں گھبراتے بلکہ ان کے سامنے سینہ سپر ہو جاتے ہیں کیونکہ ان کے خیال میں کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے کسی مصیبت کو ٹالا نہیں جا سکتا۔ برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد زندگی کے راستے کا تعین کرنے کے بعد نہایت استقلال سے اس پر چلتے رہتے ہیں۔ وہ آسانی سے شکست تسلیم نہیں کرتے اور اپنی جدوجہد آخری لمحوں تک جاری رکھتے ہیں۔ اسد افراد کوئی ایسی پوزیشن پسند نہیں کرتے جہاں انہیں دوسروں کے احکامات کی اطاعت کرنی پڑے۔ وہ کلیدی عہدوں پر ہی کامیاب رہتے ہیں۔ اسد افراد فراخدل اور متحمل مزاج کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ اس اصول پر قائم رہتے ہیں کہ "جیو اور جینے دو" اور کم از کم اس وقت تک اس اصول پر قائم رہتے ہیں جب تک کہ کوئی ان کے حقوق غصب کرنے کی کوشش نہیں کرتا۔ وہ صاف گو، کھرے اور کھلے دل کے مالک ہوتے ہیں لیکن کسی قسم کی بددیانتی ان کے لئے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد اپنے وضع کردہ اصولوں پر سختی سے قائم رہتے ہیں۔ اسد افراد تخلیقی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں اور ان میں فنی صلاحیتوں کی بھی کمی نہیں ہوتی۔ دنیا کے بیشتر کامیاب فلمسٹار اس برج سے تعلق رکھتے ہیں۔ شاعرانہ مزاج کی بدولت اسد افراد کبھی کبھی بہت رومانی ہو جاتے ہیں۔ ویسے بھی وہ محبت کے مفہوم کو بہت اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ ان کے دل میں محبت کا جذبہ بہت گہرا ہوتا ہے اور نازک اور خوبصورت چیزیں انہیں زیادہ بھاتی ہیں۔

Marfat.com

## برج اسد کا دوسرا گھر، دولت




☆...... دولت کمانے کے سلسلے میں اسد افراد بڑے خوش قسمت ہیں۔

☆...... فنون لطیفہ، دواسازی، طب، پبلسٹی، سماجی بہبود کے ادارے، تصنیف و تالیف، ہر قسم کے انتظامی عہدے، نفسیات، فلم سازی، تعلیم و تدریس کے شعبے اپنا کر اسد افراد دولت کما سکتے ہیں۔

☆...... اسد افراد شو بزنس میں پروموٹر اور منیجر دونوں حیثیتوں سے اپنا لوہا منوا کر دولت کما سکتے ہیں۔

☆...... آپ دولت کمانے کے لئے کاروبار کی توسیع و ترقی کے لئے جو طریقے وضع کرتے ہیں وہ بڑے حیرت انگیز ہوتے ہیں۔


☆...... اگر آپ اسد افراد کو اپنے کاروبار میں شریک کرنا چاہتے ہیں تو اس حقیقت کو ذہن نشین کر لیں کہ اسد فرد کاروبار میں ثانوی حیثیت سے شریک نہیں ہو سکتا بلکہ وہ آپ کے ساتھ برابری کی حیثیت میں کام کرے گا۔

Marfat.com

☆......اسد افراد میں کاروبار کو تیزی سے آگے بڑھانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

☆......اس کی دلچسپی کی وجہ حصول دولت نہیں بلکہ جذبے کی تسکین ہے۔

## برج اسد کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




ان بچوں کو اپنی قوتوں پر بھروسہ کرنے کی ہدایت کرتے رہنا چاہئے کیونکہ ان میں اس کی استعداد ہوتی ہے۔ ان کو غرور اور خود پسندی کی خرابیوں سے واقف کرانا چاہئے نیز

ان میں ظاہر داری کے پیدا ہو جانے کا بھی احتمال رہتا ہے اور ابتدا ہی سے ان کو اپنی برتری کا احساس ہوتا ہے چنانچہ اس احساس کو مٹانا چاہئے۔ نیز حلم اور خاکساری کی قدر و قیمت جتانا چاہئے۔ ساتھ ہی ساتھ ان کی فطری قوتوں کی ترقی کے لئے بھی راستہ پیدا کرنا چاہئے۔ ان سے کھیل وغیرہ کا انتظام کرانا چاہئے تاکہ ان کی انتظامی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

وہ اکثر نقل اتارنے کی بھی کوشش کرتے ہیں۔ یہ ناٹک اور اداکاری میں حصہ لینے کی دلیل ہے۔ اگر جی چاہے تو اس صلاحت کو بھی عمدہ راستے پر لگا دینا چاہئے۔


ہر دو اصناف کو مختلف تفریحات میں حصہ لینے دینا چاہئے تاکہ ان کی صحت اچھی رہے۔ اگر باقاعدہ جسمانی ورزش اور دماغی ورزش کے عادی رہے تو وہ آخر عمر میں دل و دماغ کی کمزوریوں میں کم مبتلا ہوں گے۔

لڑکیوں کو زیادہ لاڈ و پیار نہیں کرنا چاہئے ورنہ وہ پھوہڑ ہو کر رہ جائیں گی۔ وہ اپنی رائے کو بہت صائب سمجھتے ہیں لیکن اگر ان کی مخالفت کی جائے تو شکستہ خاطر ہو جاتے ہیں۔ والدین کو، جہاں تک ممکن ہو، ان کے ساتھ رہنا چاہئے۔ ان کو جس چیز سے منع کریں، سختی سے کریں۔ بہلا پھسلا کر رکھنے کی عادت اچھی نہیں۔ اس برج کے لڑکے اور لڑکیاں اپنی عزیز ترین چیز یا عادت کی پرورش کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

لڑکیوں کے لئے خاص طور پر چھوٹے چھوٹے فرائض مقرر کر دینے چاہئیں۔ وہ اس سے خوش بھی ہوں گی، ساتھ ہی ساتھ ان کی فطری قابلیتیں بھی ترقی کریں گی اور ان سے آئندہ زندگی میں بڑے بڑے کاموں کے کرنے میں بہت مدد ملے گی۔ چھوٹے بچوں کی نگرانی کا کام انہی کے سپرد کر دینا چاہئے۔

Marfat.com

# برج اسد کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی




برج اسد والے افراد گھر کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ دراصل گھر ان کے لئے ایک ایسے قلعے اور پناہ گاہ کی حیثیت رکھتا ہے جہاں وہ اپنے آپ کو پرسکون اور محفوظ سمجھتے ہیں۔ اس لحاظ سے وہ گھر کو زیادہ سے زیادہ آرام دہ بنانے پر خصوصی توجہ دیتے ہیں۔ سربراہ خانہ کی حیثیت سے یہ افراد اہل خانہ کی جذباتی وابستگیوں اور ان کی ضروریات کا بہت خیال

Marfat.com

رکھتے ہیں۔اس کے ساتھ ہی ان کی یہ خواہش بھی ہوتی ہے کہ افراد خانہ اپنی ضروریات کے سلسلے میں ان سے رجوع کریں اور ان کا احترام کریں۔ یہ افراد بہت اچھے میزبان ثابت ہوتے ہیں اور وقتاً فوقتاً اپنے قریبی دوستوں کی دعوت کرتے رہتے ہیں جن میں بڑے اہتمام کا مظاہرہ کیا جاتا ہے۔ خاتون خانہ کا تعلق اگر برج اسد سے ہو تو مہمانوں کو یہ احساس نہیں ہو پاتا کہ وہ کسی اجنبی جگہ پر ہیں بلکہ وہ اپنے ہی گھر کا سا آرام محسوس کرتے ہیں۔


جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ یہ افراد نمود و نمائش کے دلدادہ ہوتے ہیں لہٰذا وقتاً فوقتاً دعوتوں اور دوستوں کو تحائف سے نوازنے کا مقصد بھی نمائش ہی ہوتا ہے۔ اس طرح وہ لوگ یہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ ان کے پاس دولت ہے اور وہ اسے خرچ کر سکتے ہیں۔

اسد خواتین عام طور پر خوش لباس ہوتی ہیں۔ کوئی بھی لباس ہو ان کے جسم پر خوب سجتا ہے لیکن وہ لباس کے معاملے میں بڑے اہتمام سے کام لیتی ہیں۔ ان کے وارڈروب میں ملبوسات کی کمی نہیں ہوتی۔ اگر ان کی مالی حیثیت اچھی ہو تو وہ ایک لباس کو دوسری مرتبہ پہننا پسند نہیں کرتیں۔ اگر شوہر کے ذرائع آمدن محدود ہوں تو ایسی عورت اس پر بوجھ بن سکتی ہے لیکن ایسی خواتین کی ایک تعریف یہ بھی ہے کہ اگر شوہر کی آمدنی محدود ہو تو وہ اخراجات کے معاملے میں خاصی سمجھ بوجھ سے کام لیتی ہیں تاہم ایسی خواتین کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔

ان افراد کو بچوں سے گہرا لگاؤ ہوتا ہے۔ وہ ان کی تربیت اور پرورش پر خصوصی توجہ دیتے ہیں لیکن بعض حالات میں وہ اس قدر سخت گیر ثابت ہوتے ہیں کہ بچوں کو اپنے طور پر کچھ کرنے کا موقع نہیں ملتا۔ محلے والوں نے بچوں کی شکایت ان کے لئے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ بعض اسد افراد اپنی اولاد کو اس قدر ڈھیل دے دیتے ہیں کہ وہ بڑے ہو کر ان کے قابو میں نہیں رہتے۔ اگر ان کے عزیز یا دوست احباب انہیں بچوں کے معاملے میں لاپروا ثابت کرنے کی کوشش کریں تو وہ برا مان جاتے ہیں۔ بچے جوان ہو کر جب اپنی من مانی کرتے ہیں تو اسد والدین یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے تو اولاد کے لئے بہت کچھ کیا لیکن اولاد انہیں نظرانداز کر رہی ہے۔ ایسی صورتحال میں یہ افراد بعض اوقات انتہاپسندی پر اتر آتے ہیں جو نہ صرف ان کے لئے بلکہ اولاد کے لئے بھی نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔

Marfat.com

## برج اسد کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق




جہاں تک برج اسد سے تعلق رکھنے والے والدین کا تعلق ہے، ان کے بارے میں یہ
کہا جا سکتا ہے کہ والدین کی حیثیت سے یہ لوگ بہت اچھے ثابت ہوتے ہیں۔ ان اسد والدین


Marfat.com

کے دلوں میں بڑی بڑی آرزوئیں اور ارمان ہوتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کی بہترین انداز سے پرورش کریں اور تعلیم و تربیت کے سلسلے میں کسی قسم کی کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں کہ ان کی یہ زبردست خواہش ہوتی ہے۔ وہ اپنے بچوں کو ہر قسم کی سہولت فراہم کریں۔ وہ اس لئے کہ ان کے بچے زندگی کے ہر میدان میں کامیابی اور کامرانی حاصل کریں۔ اسد والدین کو بچوں کے برج سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ اسد والدین اپنے بچوں کے لئے ہر قسم کی قربانی اور جانثاری سے کام لیتے ہیں۔ یہ ہمیشہ اپنے بچوں کے بارے میں ہی سوچتے رہتے ہیں۔ ان اسد والدین کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو مناسب حد تک میدان میں لائیں تاکہ ان کی پرورش میں کسی قسم کا رخنہ اور رکاوٹ نہ پڑے۔ یہ درست ہے کہ اسد والدین اکثر یہ

سوچتے ہیں کہ ان کے بچے پہل کریں، اور ان کی زبردست دلی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بچے اعلیٰ مقامات حاصل کریں اور اعلیٰ مرتبوں پر فائز ہوں۔ اس کے لئے یہ بات بہت ضروری ہے کہ وہ ان پر بہت زیادہ دباؤ اور بوجھ نہ ڈالیں بلکہ مناسب حد تک ان پر بوجھ ڈالیں تاکہ یہ افراد یعنی ان کے بچے بہت زیادہ اعصابی دباؤ محسوس نہ کریں۔ اگر والدین ان پر زیادہ بوجھ ڈالیں گے تو یہ بھی ممکن ہے کہ بچے بڑے ہو کر اپنے والدین کے رویے سے برگشتہ ہو جائیں۔ ویسے یہ والدین اپنے بچوں پر زیادہ دباؤ نہیں ڈالتے مگر جب وہ انہیں ہر طرح کا عیش و آرام اور آسائشیں فراہم کرتے ہیں تو ان پر کچھ پابندیاں لگانا بھی اپنا حق سمجھتے ہیں۔ اس طرح وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کے بچوں میں ذمے داری کا احساس پیدا ہو گا۔ ان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بچے دوسروں کے بچوں کی نسبت زیادہ ذہین، زیادہ قابل اور زیادہ لائق ہوں۔

ان والدین کو چاہئے کہ نہ تو وہ اپنے بچوں سے بہت زیادہ لاڈ پیار کریں اور نہ ہی ان کے ساتھ بہت سختی سے پیش آئیں بلکہ اس انداز سے ان کی تربیت اور پرورش کریں کہ ان کے بچے نہ تو والدین کی طرف سے اپنے اوپر بہت زیادہ دباؤ محسوس کر کے ان سے فرار کا راستہ اختیار کریں اور نہ ہی اتنا زیادہ لاڈ پیار کریں کہ وہ شتر بے مہار ہی بن جائیں۔

## برج اسد کا چھٹا گھر، صحت و امراض




برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد عام طور پر مضبوط و توانا تن و توش کے مالک ہوتے ہیں۔ ان میں بہت زیادہ قوت برداشت ہوتی ہے لیکن کبھی کبھی اچانک ہی وہ قوت برداشت کھو بیٹھتے ہیں جس سے ان کی صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ اسد افراد کسی بھی قسم کے

Marfat.com


چیلنج کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اپنی صلاحیتیں منوانے کے لئے بعض اوقات وہ اپنی قوت برداشت سے زیادہ کام کر گزرتے ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ اسد افراد بنیادی طور پر بہت مستعد ہوتے ہیں لیکن اس کی بھی کوئی نہ کوئی حد ہوتی ہے۔ اگر وہ اس کا خیال نہیں رکھیں گے تو ان کے اعصاب متاثر ہونے کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔ بعض اسد افراد شہرت و کامیابی کے حصول کے لئے رات گئے تک کام کرتے رہنے کے عادی ہوتے ہیں۔ جوانی میں تو انہیں اس عادت کے مضر اثرات کا اندازہ یا احساس نہیں ہوتا لیکن جیسے ہی عمر ڈھلنا شروع ہوتی ہے، اس کے اثرات بھی ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور بیماریوں کے خلاف ان کی قوت مدافعت رفتہ رفتہ جواب دینے لگتی ہے۔

ریڑھ کی ہڈی اور دل اسد افراد کے جسم کے کمزور ترین حصے ہیں۔ لٰہذا ایسے کاموں سے پرہیز کرنا چاہئے جن سے ان دونوں چیزوں کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہو۔ جوڑوں کا درد اور امراض قلب اسد افراد کو بہت جلد زیر کر لیتے ہیں۔ ان دو بیماریوں سے قطع نظر اسد افراد عام طور پر کسی بیماری کو قریب نہیں پھٹکنے دیتے۔ وہ چونکہ مضبوط تن و توش کے مالک ہوتے ہیں اس لئے جب کبھی بیمار بھی ہوں تو بہت جلد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اسد افراد بیمار بن کر پڑے رہنے کو پسند نہیں کرتے۔ اس سلسلے میں ان کی قوت ارادی بڑی کار آمد ثابت ہوتی ہے اور وہ بہت جلد بستر چھوڑ دیتے ہیں۔

برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد بڑے دلیر اور جرأت مند ہوتے ہیں۔ لیکن اگر وہ صحت کے اصولوں کا خیال رکھیں تو چھوٹی چھوٹی بیماریوں سے بھی محفوظ رہ سکتے ہیں۔ انہیں زندگی سے بڑی محبت ہوتی ہے۔ ہر اچھی چیز کے حصول کی لگن انہیں زندگی میں آگے بڑھتے رہنے پر مجبور کرتی رہتی ہے۔ بعض اوقات وہ اس قدر گرم جوشی کا مظاہرہ کرتے ہیں کہ کوئی نہ کوئی حادثہ انہیں وقتی طور پر مفلوج کر دیتا ہے۔ بعض اوقات وہ ایسا رسک لینے پر بھی تیار ہو جاتے ہیں جنہیں دوسرے لوگ پسند نہیں کرتے۔

Marfat.com

## برج اسد کا ساتواں گھر، محبت اور شادی





برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے والی عورت چونکہ حسین اور پر کشش ہوتی ہے اس لئے اسے اپنی پسند کے مرد کے انتخاب میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ محبت کے معاملے میں اس کے جذبات نہایت ہی گہرے ہوتے ہیں۔ شادی سے پہلے بھی اس کے کسی نہ کسی سے افیئر ز ہو سکتے ہیں لیکن شادی کے بعد وہ اپنے شوہر کی وفادار ہو کر رہتی ہے اور کسی دوسرے کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھنا تک پسند نہیں کرتی۔ وہ ایسے مرد کو ناپسند کرتی جو حاسدانہ جذبات رکھتا ہو یا اس کی محبت کو شبہ کی نگاہ سے دیکھتا ہو۔ اسد عورت سماجی معاملات میں بڑی سرگرم اور ملنسار ہوتی ہے اور اپنے دوستوں کی خوشنودی کے لئے اکثر پر تکلف دعوتوں کا

اہتمام کرتی رہتی ہے۔ اسد عورت کا شوہر یا محبوب اگر اسے تحفے تحائف پیش کرتا رہے تو وہ بہت خوش رہتی ہے۔ بعض اسد عورتیں جذبات میں آکر شریک حیات کے طور پر ایسے مرد کا انتخاب کرلیتی ہیں جو زندگی بھر انہیں پریشان رکھتا ہے۔ ایسی عورت کو بعد میں اپنے فیصلے پر پچھتانا پڑتا ہے۔ اسد عورت محبت کے معاملے میں فریب کی قائل نہیں ہے چنانچہ محبت کے معاملے میں اسد عورت پر مکمل بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔ اسد عورت اگر دل سے محبت کرے گی تو وہ زندگی کے آخری لمحوں تک وفا کو نبھانے کی کوشش کرتی ہے۔ اسد عورت کسی کو شریک حیات کے طور پر منتخب کرنے سے پہلے یہ اطمینان ضرور کرلیتی ہے کہ وہ حاسد یا منفی جذبات کا مالک تو نہیں ہے۔ جس طرح وہ خود صاف گو اور صاف باطن ہوتی ہے، محبت کے معاملے میں دوسروں سے بھی ایسی ہی توقع رکھتی ہے۔

محبت اسد افراد کی زندگی کا اہم ترین پہلو ہے۔ اسد صفات کا حامل مرد اس معاملے میں زیادہ ہی جوشیلا اور تند مزاج واقع ہوا ہے۔ وہ جس لڑکی کو حاصل کرنے کا ارادہ کرلیتا ہے تو دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی طاقت بھی اس کے راستے کی رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ محبت میں آتش مزاج فطرت کے باعث عورتوں کے لئے اسد مُرد میں بڑی کشش ہوتی ہے۔ اسد مرد کے ساتھ محبت کرنے والی عورت اپنے آپ کو محفوظ تصور کرتی ہے کیونکہ وہ بہت جلد جان لیتی ہے کہ اسد مرد اس سے بے وفائی نہیں کرے گا اور حقیقت بھی یہ ہے کہ اسد مرد خصوصاً رومانس کے شعبے میں مکروفریب، دھوکہ بازی اور بے وفائی کو انتہائی برا سمجھتا ہے۔ وہ اپنی محبوبہ کو خوش رکھنے کے لئے اسے وقتاً فوقتاً قیمتی تحائف سے نوازتا رہتا ہے۔ وہ اپنی محبوبہ کی بعض غلطیوں اور خامیوں کو بھی نظر انداز کردیتا ہے۔ محبوبہ کی حیثیت اس کے نزدیک ایک دیوی سے کم نہیں ہوتی لیکن بعض اوقات جذباتی انداز میں کیا ہوا غلط فیصلہ اس کے لئے زندگی بھر کا عذاب بن جاتا ہے۔ اسد مرد بے مقصد فلرٹ کرنا پسند نہیں کرتا۔ اس کے خیال میں محبت ایک ایسا نازک مسئلہ ہے جس پر نہایت سنجیدگی سے توجہ دی جانی چاہئے۔ اسد مرد کے لئے محبوبہ یا بیوی کی طرف سے کسی قسم کی پابندی بھی قابل برداشت نہیں ہوتی۔ محبت کے بندھن میں جکڑا ہونے کے باوجود وہ آزاد رہنا پسند کرتا ہے۔ شادی کے بعد بھی وہ اگرچہ دوسری عورتوں کی توجہ کا مرکز بنا رہتا ہے مگر بیوی سے اس کی وفا میں فرق نہیں آتا۔

Marfat.com

## برج اسد کا آٹھواں گھر، عمر





عمروں کے ضمن میں ایک امریکی ادارے کے سات سال کی لگاتار محنت کے بعد جو انکشافات کئے وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔ اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا ہے کہ سیارے انسانی عمروں کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔

اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے بعد ان کے اعداد جمع کئے۔ یہ تمام افراد 1945ء سے 1981ء کے دوران اس فانی دنیا سے کوچ کر گئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت اور قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے حاصل کی تھیں۔ اس نے بتایا کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔ یوں یہ حقیقت ہمارے سامنے آئی۔ اب آپ بھی اپنے برج کے مطابق اپنی عمروں کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔

چونکہ یہ باب برج اسد سے تعلق رکھتی ہے اس لئے جن کی تاریخ پیدائش 20 جولائی تا 22 اگست کے درمیان کسی بھی وقت ہوئی ہو، اس کے مطابق مردوں کی اوسط عمر 74 سال ہے اور خواتین کی عمروں میں ہر ایک کی اوسط عمر 76 سال ہوتی ہے۔

Marfat.com


# برج اسد کا نواں گھر، قسمت




| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | ٹ، م |
| حکمران ستارہ | سورج |
| موافق نگینہ | یاقوت، پکھراج |
| موافق رنگ | سنہری، زرد، نارنجی |
| موافق پھول | گلاب |
| موافق خوشبو | لوبان |
| موافق دن | اتوار |
| موافق نمبر | 1 |
| موافق برج | حمل، قوس |
| ناموافق برج | ثور، عقرب، دلو |
| گوارا برج | جوزا، سرطان، سنبلہ، میزان |
| غیر جانبدار برج | جدی، حوت |

Marfat.com

# برج اسد کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار




اسد افراد عام طور پر ایسے پیشے یا کاروبار کا انتخاب کرتے ہیں جس میں انہیں اپنی صلاحیتوں کے کھل کر اظہار کا موقع ملتا ہو۔ ویسے وہ اپنے لئے کلیدی حیثیت پسند کرتے ہیں اور وہ جو بھی فیصلے کرتے ہیں، دوسرے عام طور پر انہیں تسلیم کر لیتے ہیں۔ ان میں قیادت کی صلاحیت نمایاں ہوتی ہے اور وہ ہر قسم کی صورت حال کو کنٹرول کرنا بھی جانتے ہیں۔ کاروباری معاملات میں وہ کھلے ذہن کے مالک ہوتے ہیں اور دھوکے یا فراڈ کو پسند نہیں کرتے۔ ان کی گفتگو میں بھی کوئی فریب نہیں ہوتا۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ انہیں نقصان پہنچ سکتا ہے، وہ صاف گوئی ترک نہیں کرتے۔ جھوٹ سے انہیں سخت نفرت ہے، سچ خواہ کتنا ہی کڑوا اور تکلیف دہ کیوں نہ ہو! اس کے باوجود کہ اسد افراد بعض اوقات بہت سخت گیر اور خطرناک ثابت ہوتے ہیں، ان کے ماتحت کام کرنے والے لوگ عام طور پر ان کا احترام کرتے ہیں اور انہیں سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں چنانچہ انہیں تنقید کا موقع بہت کم ملتا ہے۔ اسد افراد جس کام کو ہاتھ میں لیتے ہیں، پوری توجہ اسی کی طرف مبذول رکھتے ہیں۔ وہ کسی کی ماتحتی میں کام کرنا پسند نہیں کرتے لیکن اگر کبھی کوئی ایسا موقع آ ہی جائے تو اس وقت تک

Marfat.com

آگے بڑھنے کی کوشش جاری رکھتے ہیں جب تک کہ اپنے پسندیدہ مقام پر نہیں پہنچ جاتے۔ وہ کام کی نوعیت کے علاوہ متعلقہ افراد کی نفسیات سے آگاہ ہو کر ان سے کام لینے کا فن بھی جانتے ہیں۔

اسد افراد خوش فہم نہیں ہوتے۔ وہ تقدیر پر بھروسہ کرنے کے بجائے اپنے قوت بازو سے آگے بڑھتے رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ وہ وقت کے دھارے کو سمجھ کر اس کے ساتھ ساتھ چلنے کی کوشش کرتے ہیں۔

برج اسد کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد جہد مسلسل کے قائل ہوتے ہیں۔ وہ آسانی سے شکست تسلیم نہیں کرتے۔ بلکہ وہ ناکامی کا خیال ہی ذہن میں نہیں لاتے۔ اس کے برعکس وہ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ روزمرہ کے معمول کے کام وہ دوسروں کے سپرد کر دیتے ہیں جبکہ خود وہ کام سنبھالتے ہیں جس میں انہیں اپنے طور پر فیصلے کرنے کا موقع ملتا ہے۔


جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ اسد افراد کسی کی ماتحتی میں کام کرنا پسند نہیں کرتے لیکن اگر کوئی ایسا موقع بھی آ جائے تو احکامات ماننے سے انکار کر دیتے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ کسی معاملے میں ان سے بہتر رہنمائی کوئی اور نہیں کر سکتا۔ دوسروں کے کام میں انہیں اکثر خامیاں نظر آتی ہیں مگر اپنے کام کو وہ ہر لحاظ سے مکمل قرار دیتے ہیں۔ برج اسد کے حامل افراد پبلک ڈیلنگ میں بھی بڑے کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔ دوسروں کو قائل کرنے میں انہیں ملکہ حاصل ہوتا ہے اور وہ بات اس قدر خود اعتمادی سے کرتے ہیں کہ دوسروں کو یقین کرنا ہی پڑتا ہے۔ اگر کسی اسد فرد کو انتظامی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع دیا جائے تو وہ ایک بہترین منتظم ثابت ہوتا ہے۔ انہیں سیاست میں بھی عمل دخل کا شوق ہوتا ہے اور یہ اس میدان میں بھی بڑی کامیابی سے آگے بڑھتے ہیں۔

جیسا کہ پہلے بھی بتایا جا چکا ہے کہ اسد کی صفات کے حامل افراد پیدائشی اداکار ہوتے ہیں۔ وہ کسی فلم یا ڈرامے کا کوئی بھی رول آسانی سے اپنا لیتے ہیں اور اس میں اس قدر حقیقت کا رنگ بھرتے ہیں کہ تماشائی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتے۔ اسد افراد بخیل نہیں ہوتے۔ دوستوں کی خاطر تواضع میں وہ بڑی فراخدلی کا ثبوت دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ

Marfat.com

اخراجات کے معاملے میں بڑے محتاط ثابت ہوئے ہیں۔ انہیں ہر وقت یہ خدشہ رہتا ہے کہ کبھی مالی مشکلات سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ اپنے مفادات کے تحفظ کے لئے وہ ہر ممکن اقدام کرتے ہیں۔

## برج اسد کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




اسد افراد کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ وہ کسی کو بے یار و مددگار نہیں دیکھ سکتے۔ وہ اپنے طور پر ایسے لوگوں کی مدد کر کے خوش ہوتے ہیں لیکن جب ان سے قرض مانگا جائے تو بعض اوقات صاف انکار کر دیتے ہیں۔ برج اسد کی صفات کے حامل افراد دوستوں کو تحفے تحائف دیتے رہتے ہیں۔ ان کے تحفے عام طور پر بہت قیمتی ہوتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ دوسرے ان کا احترام کریں اور ان کے بارے میں اچھے تاثرات کا اظہار کریں۔ تحائف دینے کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ دوسروں کو اپنا ممنون احسان رکھنا چاہتے ہیں۔ اس طرح وہ کاروباری مفادات حاصل کرنے کی طرف توجہ مرکوز کرتے ہیں۔


اسد افراد کو دوست بنانے میں زیادہ دشواری پیش نہیں آتی۔ دوسرے لوگ بے

Marfat.com

اختیار ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔ ان کے حلقہ احباب میں انہیں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ وہ ہمیشہ اگلی صفوں میں رہتے ہیں جہاں اپنی پر وقار شخصیت کے باعث وہ دوسروں کی توجہ کا مرکز بنے رہتے ہیں۔ اسد افراد متحرک سماجی زندگی پسند کرتے ہیں اور انہی سرگرمیوں کے باعث وہ اکثر کاروباری مفاد بھی حاصل کر لیتے ہیں۔

وہ لوگ جو اسد افراد کے حلقہ دوستی میں ہوتے ہیں، بہت جلد ان کی قیادت کو تسلیم کر لیتے ہیں اور انہیں ان کے فیصلوں سے بھی کوئی اختلاف نہیں ہوتا۔ اسد افراد بہت جلد لوگوں میں گھل مل جاتے ہیں لیکن بعض حالات میں وہ اپنے اور دوسروں کے درمیان ایسا فاصلہ قائم رکھتے ہیں کہ دوسروں کو بھی برا محسوس نہیں ہوتا۔ مجموعی طور پر یہ لوگ خوش مزاج ہوتے ہیں اور بعض لوگ ان کی دوستی سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

## برج اسد کا بارہواں گھر، حدود




اسد کو چاہئے کہ وہ اشیاء کو محسوس کرنا سیکھے۔ وہ عموماً اپنی شبیہہ کے ساتھ اس طرح

Marfat.com

وابستہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے اندر کی شخصیت کو فروغ دینا بھول جاتا ہے۔ اسے اپنے آپ کو حقیقی انداز میں جاننے کی کوشش کرنی چاہیے۔ وہ اپنے گریبان میں جھانکے بغیر محبوب کو اس کی نااہلی پر جھاڑ جھپاڑ کر دیتا ہے۔


یہ بھی ممکن ہے کہ وہ روایتی تصور عشق سے باغی ہو کیونکہ اسد عورت کی تواضع کرنے کی بجائے اس سے تواضع کروانا پسند کرتا ہے۔ یہی حال عورت کا ہے۔ وہ اپنے تعلقات کے معمول کے پہلوؤں پر غور کرنا ناپسند کرتا ہے۔ اسے اس چیز پر غور کرنا چاہیے کہ اس کے لئے انفرادی طور پر جنس مخالف ہونا کتنا اہم ہے۔ اسے اپنے ساتھی کے آگے کھلی کتاب کی طرح ہونا چاہیے جو کہ اسے تعلقات میں مساوات برقرار رکھنے کے بارے میں اہم نکات سکھا سکے۔

اسے ناکامی کو تسلیم نہ کرنے کی، مغرورانہ ضد پر قابو پانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اداکاری پر لطف اور عمدہ شدہ ہے لیکن اسے احساس کو منفی بنانے کے مستقل طریقے میں تبدیل نہیں کرنا چاہیے۔ اسے اپنی مثالی توقعات کا جائزہ لینے اور ان میں تخفیف کرنے کے لئے عقل سلیم سے کام لینا چاہیے۔

اسے اپنی ذات سے نئے سرے سے محبت کی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ غالباً اپنی نگاہوں، تخلیقی صلاحیتوں اور طاقت پر مغرور ہوتا ہے لیکن کیا وہ سچ مچ ان لطیف احساسات کو قبول کرتا ہے جو کہ محبت اور جب نفس کی قوس و قزح میں رنگ بکھیرتے ہیں۔ صرف اسد ہی اس سوال کا جواب فراہم کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ خود بھی اس سے بخوبی آگاہ ہو۔

Marfat.com

## برج سنبلہ کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

اس برج میں پیدا ہونے والے عموماً مصروف اور عمل پسند لوگ ہوتے ہیں۔ وہ چیزوں کی ترتیب اور کاموں کی منصوبہ بندی کے ماہر ہوتے ہیں۔ وہ عملی افراد ہونے کے باعث ہر وقت محنت اور سخت کوشی کے لئے آمادہ رہتے ہیں۔ وہ جب کسی کام کا آغاز کر لیتے ہیں تو اس کی تکمیل تک انتھک محنت اور لگن میں مصروف رہتے ہیں۔ کسی بھی مہم یا منصوبے کی تکمیل کے لئے سنبلہ افراد پر پورا بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔

سنبلہ برج کے افراد تکمیل پسند اور اعلیٰ معیار کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ انہیں دولت سے زیادہ سروکار نہیں ہوتا مگر پھر بھی محض اپنی تسکین طبع اور اطمینان قلبی کے لئے وہ مسلسل محنت اور کام میں مصروف رہتے ہیں اور خود کو بہتر سے بہتر بنانے کی جدوجہد کرتے رہتے ہیں۔

اس برج سے تعلق رکھنے والوں کو دوسرں کے جذبات اور احساسات کا بہت خیال رہتا ہے۔ وہ صاف گو اور سیدھے سچے لوگ ہوتے ہیں اور کبھی لگی لپٹی نہیں رکھتے۔


سنبلہ لوگ جس شعبے میں بھی ہوں، اس میں جدید ترین تحقیق اور ایجادات سے خود کو باخبر رکھتے ہیں۔ اس برج میں کئی مشہور ادیبوں، فن کاروں اور ماہرین تعمیرات نے جنم لیا ہے۔ وہ بہترین نقاد ہوتے ہیں اور خود اپنے کام پر بھی بڑی بے لاگ تنقید کرتے رہتے ہیں۔ وہ مستقل مزاج ہوتے ہیں اور میانہ روی کو شعار بناتے ہیں۔ انہیں جو کام بھی سونپا جاتا ہے، وہ انتہائی فرض شناسی اور مکمل دیانت سے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

## شخصیت کے منفی پہلو

اس برج کے حامل افراد کبھی کبھی ضرورت سے زیادہ نکتہ چین ثابت ہوتے ہیں۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ کسی کام کو ان سے بہتر طور پر کوئی دوسرا نہیں کر سکتا۔ وہ کسی دوسرے کے کام سے مطمئن نہیں ہوتے۔ ان کی تنقید زنی کبھی کبھی بغض اور حسد کو چھونے لگتی ہے۔ سنبلہ لوگ عموماً سرد مہر اور غیر جذباتی ہوتے ہیں۔ ان کی حد سے بڑھی ہوئی صفائی پسندی اور تکمیل پرستی انہیں پریشان رکھتی ہے۔ وہ اکثر اپنے خیالات اور نقطۂ نظر زبردستی دوسروں پر ٹھونسنے کی کوشش کرتے ہیں۔

Marfat.com

## برج سنبلہ کا پہلا گھر، شخصیت و کردار





برج سنبلہ کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد باعمل ہوتے ہیں۔ کوئی بھی کام کرتے ہوئے وہ اس کے کسی چھوٹے سے چھوٹے پہلو کو بھی نظر انداز نہیں کرتے۔ اس برج کے زیر اثر افراد بہترین نقاد بھی سمجھے جاتے ہیں۔ سنبلہ افراد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ کسی کام کو ان سے بہتر کوئی اور نہیں کر سکتا۔ وہ ہر کام کو نہایت توجہ سے اور مرحلہ وار انجام دیتے ہیں۔ سنبلہ افراد نہ تو خیال پرست ہوتے ہیں اور نہ خوابوں کی دنیا میں بستے ہیں بلکہ وہ حقائق کا سامنا کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ انہیں بے عمل اور خوابوں کی دنیا میں بسنے والے لوگ بھی پسند نہیں ہوتے۔ سنبلہ افراد کوئی بھی کام بلا مقصد نہیں کرتے۔ وہ جس کام کو شروع کر لیں، اسے پایۂ تکمیل تک پہنچائے بغیر نہیں رہتے اور وہ ہر کام کو سائنٹفک طریقوں پر انجام دیتے ہیں۔ سنبلہ افراد عام طور پر بہت ذہین ہوتے ہیں لیکن مطالعہ پر زیادہ توجہ نہیں دیتے تاہم ذہین افراد کی رفاقت میں وہ زیادہ خوشی محسوس کرتے ہیں۔ سنبلہ افراد زندگی کا ہر چیلنج قبول کر لینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ وہ اگرچہ سیدھے سادے ہوتے ہیں مگر انہیں پوری طرح سمجھنا قدرے مشکل ہوتا ہے۔ ان کی نگاہ بہت گہری ہوتی ہے اور وہ جلد ہی کسی معاملے کی تہہ

Marfat.com

تک پہنچ جاتے ہیں۔ سنبلہ افراد کو اگرچہ ہیرو بننے کا شوق نہیں ہوتا لیکن بعض اوقات وہ بڑے بڑے خطرات مول لینے سے بھی نہیں چوکتے کیونکہ انہیں اپنی ذہانت اور قوت بازو پر بھروسہ ہوتا ہے اور وہ اکثر کامیاب رہتے ہیں۔ سنبلہ افراد عام طور پر خاموش طبع ہوتے ہیں لیکن سلیقہ مندی میں ان کا کوئی ثانی نہیں ہوتا۔ لباس کے معاملے میں وہ بڑے باذوق واقع ہوئے ہیں۔ بعض سنبلہ افراد بے پناہ فنکارانہ صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ ریسرچ کے موضوعات سے بھی انہیں گہری دلچسپی ہے۔ سنبلہ افراد اخلاقی اقدار سے گہرا لگاؤ رکھتے ہیں اور انہیں پھلتا پھولتا دیکھنے کے لئے کوشاں رہتے ہیں اس طرح انہیں بے پناہ خوشی ملتی ہے۔ سنبلہ افراد فطری طور پر اپنے معیار کو بلند رکھتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ دوسرے بھی بلند معیار پر پہنچ جائیں چنانچہ اس سلسلے میں وہ ان کی مدد بھی کرتے ہیں۔ ان کی شخصیت میں بے پناہ کشش ہوتی ہے اور وہ دوسروں کو بے حد متاثر کرتے ہیں۔

## برج سنبلہ کا دوسرا گھر، مال و دولت




یہ لوگ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بہت دولت کما لیتے ہیں لیکن اس دولت کو جمع

کرنے یا خرچ کرنے کا انحصار ان کے جذبات کو کنٹرول کرنے پر ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ لوگ آہستہ روی سے کام لینے کی بجائے بھاری رقم لگا کر ایک لمبی امید لگاتے ہیں۔ یہ لوگ بے ایمان اور گمراہ کن لوگوں کا آسانی سے شکار ہو جاتے ہیں کیونکہ یہ لوگ راتوں رات آپ کی دولت دوگنی کر دینے کے شاندار منصوبے پیش کر سکتے ہیں لہٰذا اپنی فطرت کو قابو میں رکھتے ہوئے نامناسب پروجیکٹس کو نظرانداز کر دیں اور توازن پیدا کر کے تاریک پہلو پر بھی نظر رکھیں۔ کبھی کبھی منصوبے میں فائدہ کے ساتھ ساتھ اس میں ہونے والے نقصان کے متعلق بھی سوچ لیں۔


آپ کے کردار میں ایک چھوٹی سی خامی یہ بھی ہے کہ آپ ایسی چیزوں پر اپنی رقم خرچ کر دیتے ہیں جن کی دراصل آپ کو ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ لہٰذا ایسی چیزیں خریدتے وقت یہ سوچ لیا کریں کہ کیا فی الحال ان کی اشد ضرورت ہے؟ سنبلہ خواتین زیورات اور نفیس چیزیں خریدنے میں مگن رہنا پسند کرتی ہیں اور اپنے دفتر میں بیکار فرنیچر اور اپنے کاروبار کی مناسبت سے بے شمار آلات جمع کر لیتی ہیں۔ یہ لوگ اکثر ماحول مکمل طور پر تبدیل کرنے کے لئے بڑی رقم خرچ کر دیتے ہیں لہٰذا ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ جب تبدیلی کی بہت زیادہ خواہش پیدا ہو تو معمولی تبدیلی پر ہی صبر کر لیا کریں۔

سنبلہ افراد کے نقصان کا ایک ذریعہ یہ ہوتا ہے کہ وہ بغیر تحقیق کئے قانونی دستاویزات پر دستخط کر دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان میں ایک یہ رجحان پایا جاتا ہے کہ معاہدہ کی خلاف ورزی کرنے کے باعث اکثر مقدمات میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ انہیں چاہئے کہ اس قسم کی غلطیوں سے پرہیز کریں اور معاہدوں کے متعلق مسلسل قانونی مشورے لیتے رہیں۔ آپ کے برج کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ خاندان والوں کے ساتھ کوئی نہ کوئی الجھاؤ چلتا ہی رہتا ہے اور اگر یہ مثبت ہے تو وراثت مل ہی جاتی ہے لیکن اگر منفی رجحان پایا جاتا ہے تو کچھ ایسی پیچیدگیاں پیدا ہو جائیں گی جن سے آپ کا دیوالیہ نکل جائے گا۔

آپ کے لئے دولت کمانے کے امکانات بہت شاندار ہیں اور آپ خواہ کوئی پیشہ یا فن اختیار کریں، اس میں زبردست کامیابی حاصل کر سکتے ہیں لیکن جوش کے بجائے ہوش سے کام لیں اور جو کچھ کماتے ہیں، اس میں سے پس انداز کرتے رہیں۔

Marfat.com

## برج سنبلہ کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




ابتدائی عمر میں یہ بچے قدرتی مناظر کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں۔ ان کو جہاں تک ممکن ہو، دیہات میں لے جانا چاہئے۔ ان کو محنت کا شوق ہوتا ہے اور حوالہ جاتی کتابیں یعنی لغت وغیرہ کو دیکھنے اور اپنے پاس رکھنے کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ ان کو عمدہ لغات دی


Marfat.com

جائیں تو ان کا بہت عمدہ استعمال کریں گے۔ تاہم بڑی طویل تشریحات ان کے لئے تکلیف دہ ہوتی ہیں۔ وہ جب پریشان ہوتے ہیں تو طعن و تشنیع کے عادی ہو جاتے ہیں اور اپنے دوستوں وغیرہ کے متعلق بری بری باتیں کرتے ہیں۔ ان لوگوں سے جب کوئی خطا سرزد ہوتی ہے تو یہ بچاؤ کے طور پر کوئی قصہ گھڑ لیا کرتے ہیں۔ ان سے ان کی اس عادت کو بھی چھڑانا چاہئے۔ اگر شروع ہی سے ان کو اس عادت پر تنبیہ کی جائے تو یقیناً چھوڑ دیں گے۔ کتابیں ان کی اچھی دوست ہیں لیکن ان کو اس میں بہت زیادہ منہمک نہیں رہنا چاہئے۔ ان کے لئے کافی ورزش اور صاف ہوا کی سخت ضرورت ہے۔ ان کو سانس کی ورزش بھی ہر صبح کرنی چاہئے۔

ان کی جلد بہت ذکی الحس ہوتی ہے چنانچہ اس کو خراش سے بچانا چاہئے۔ ان کا لباس نرم اور عمدہ کپڑے کا بنوانا چاہئے۔ ان بچوں کی جن کھانوں کی طرف رغبت نہ ہو، ان کو کھانے پر مجبور نہ کرنا چاہئے۔ یہ لوگ باتیں کرنے میں تیز دماغ، جسمانیت کے لحاظ سے چست اور ہر قسم کے خیالات سے غیر معمولی طور پر بھرپور ہوتے ہیں۔ ان لوگوں میں کسی چیز کا شوق پیدا کرنا چاہئے، جیسے لڑکیوں کے لئے کروشیا، چوب کاری، کامدانی وغیرہ کا کام اور لڑکوں کے لئے کرکٹ، فٹ بال اور ہاکی وغیرہ کے کھیل۔ اس برج کے بچوں اور بچیوں کو اگر کچھ تعلیم مرہم پٹی وغیرہ کی بھی دی جائے تو یہ لوگ اس سے بہت قسم کے کام لیں گے۔ ان لوگوں کی نشوونما 14 سے 21 سال کی عمر میں زوروں پر رہتی ہے۔ اسی زمانے میں ان کا دماغ غیر معمولی طور پر کام کرتا ہے۔ جسم کو زیادہ محنت میں لگائے رکھنے کا شوق رہتا ہے۔ اس وقت غذا کی طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ ان کو ادب سے بہت ذوق ہوتا ہے۔ اس معاملہ میں ان کی حوصلہ افزائی کرنا چاہئے مگر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی دیکھتے رہنا چاہئے کہ یہ اس میں اس درجہ منہمک نہ ہو جائیں کہ ان کے دماغ پر بار پڑ جائے۔

تک پہنچ جاتے ہیں۔ سنبلہ افراد کو اگرچہ ہیرو بننے کا شوق نہیں ہوتا لیکن بعض اوقات وہ بڑے بڑے خطرات مول لینے سے بھی نہیں چوکتے کیونکہ انہیں اپنی ذہانت اور قوت بازو پر بھروسہ ہوتا ہے اور وہ اکثر کامیاب رہتے ہیں۔ سنبلہ افراد عام طور پر خاموش طبع ہوتے ہیں لیکن سلیقہ مندی میں ان کا کوئی ثانی نہیں ہوتا۔ لباس کے معاملے میں وہ بڑے باذوق واقع ہوئے ہیں۔ بعض سنبلہ افراد بے پناہ فنکارانہ صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ ریسرچ کے موضوعات سے بھی انہیں گہری دلچسپی ہے۔ سنبلہ افراد اخلاقی اقدار سے گہرا لگاؤ رکھتے ہیں اور انہیں پھلتا پھولتا دیکھنے کے لئے کوشاں رہتے ہیں اس طرح انہیں بے پناہ خوشی ملتی ہے۔ سنبلہ افراد فطری طور پر اپنے معیار کو بلند رکھتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ دوسرے بھی بلند معیار پر پہنچ جائیں چنانچہ اس سلسلے میں وہ ان کی مدد بھی کرتے ہیں۔ ان کی شخصیت میں بے پناہ کشش ہوتی ہے اور وہ دوسروں کو بے حد متاثر کرتے ہیں۔

## برج سنبلہ کا دوسرا گھر، مال و دولت




یہ لوگ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بہت دولت کما لیتے ہیں لیکن اس دولت کو جمع

کرنے یا خرچ کرنے کا انحصار ان کے جذبات کو کنٹرول کرنے پر ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ لوگ آہستہ روی سے کام لینے کی بجائے بھاری رقم لگا کر ایک لمبی امید لگاتے ہیں۔ یہ لوگ بے ایمان اور گمراہ کن لوگوں کا آسانی سے شکار ہو جاتے ہیں کیونکہ یہ لوگ راتوں رات آپ کی دولت دوگنی کر دینے کے شاندار منصوبے پیش کر سکتے ہیں لہٰذا اپنی فطرت کو قابو میں رکھتے ہوئے نامناسب پروجیکٹس کو نظر انداز کر دیں اور توازن پیدا کر کے تاریک پہلو پر بھی نظر رکھیں۔ کبھی کبھی منصوبے میں فائدہ کے ساتھ ساتھ اس میں ہونے والے نقصان کے متعلق بھی سوچ لیں۔


آپ کے کردار میں ایک چھوٹی سی خامی یہ بھی ہے کہ آپ ایسی چیزوں پر اپنی رقم خرچ کر دیتے ہیں جن کی دراصل آپ کو ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ لہٰذا ایسی چیزیں خریدتے وقت یہ سوچ لیا کریں کہ کیا فی الحال ان کی اشد ضرورت ہے؟ سنبلہ خواتین زیورات اور نفیس چیزیں خریدنے میں مگن رہنا پسند کرتی ہیں اور اپنے دفتر میں بیکار فرنیچر اور اپنے کاروبار کی مناسبت سے بے شمار آلات جمع کر لیتی ہیں۔ یہ لوگ اکثر ماحول مکمل طور پر تبدیل کرنے کے لئے بڑی رقم خرچ کر دیتے ہیں لہٰذا ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ جب تبدیلی کی بہت زیادہ خواہش پیدا ہو تو معمولی تبدیلی پر ہی صبر کر لیا کریں۔

سنبلہ افراد کے نقصان کا ایک ذریعہ یہ ہوتا ہے کہ وہ بغیر تحقیق کئے قانونی دستاویزات پر دستخط کر دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان میں ایک یہ رجحان پایا جاتا ہے کہ معاہدہ کی خلاف ورزی کرنے کے باعث اکثر مقدمات میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ انہیں چاہئے کہ اس قسم کی غلطیوں سے پرہیز کریں اور معاہدوں کے متعلق مسلسل قانونی مشورے لیتے رہیں۔ آپ کے برج کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ خاندان والوں کے ساتھ کوئی نہ کوئی الجھاؤ چلتا ہی رہتا ہے اور اگر یہ مثبت ہے تو وراثت مل ہی جاتی ہے لیکن اگر منفی رجحان پایا جاتا ہے تو کچھ ایسی پیچیدگیاں پیدا ہو جائیں گی جن سے آپ کا دیوالیہ نکل جائے گا۔

آپ کے لئے دولت کمانے کے امکانات بہت شاندار ہیں اور آپ خواہ کوئی پیشہ یا فن اختیار کریں، اس میں زبردست کامیابی حاصل کر سکتے ہیں لیکن جوش کے بجائے ہوش سے کام لیں اور جو کچھ کماتے ہیں، اس میں سے پس انداز کرتے رہیں۔

Marfat.com

## برج سنبلہ کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




ابتدائی عمر میں یہ بچے قدرتی مناظر کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے ہیں۔ ان کو جہاں تک ممکن ہو، دیہات میں لے جانا چاہئے۔ ان کو محنت کا شوق ہوتا ہے اور حوالہ جاتی کتابیں یعنی لغت وغیرہ کو دیکھنے اور اپنے پاس رکھنے کے بہت شوقین ہوتے ہیں۔ ان کو عمدہ لغات دی


Marfat.com

جائیں توان کا بہت عمدہ استعمال کریں گے۔ تاہم بڑی طویل تشریحات ان کے لئے تکلیف دہ ہوتی ہیں۔ وہ جب پریشان ہوتے ہیں تو طعن و تشنیع کے عادی ہو جاتے ہیں اور اپنے دوستوں وغیرہ کے متعلق بری بری باتیں کرتے ہیں۔ ان لوگوں سے جب کوئی خطا سرزد ہوتی ہے تو یہ بچاؤ کے طور پر کوئی قصہ گھڑ لیا کرتے ہیں۔ ان سے ان کی اس عادت کو بھی چھڑانا چاہئے۔ اگر شروع ہی سے ان کو اس عادت پر تنبیہ کی جائے تو یقیناً چھوڑ دیں گے۔ کتابیں ان کی اچھی دوست ہیں لیکن ان کو اس میں بہت زیادہ منہمک نہیں رہنا چاہئے۔ ان کے لئے کافی ورزش اور صاف ہوا کی سخت ضرورت ہے۔ ان کو سانس کی ورزش بھی ہر صبح کرنی چاہئے۔

ان کی جلد بہت ذکی الحس ہوتی ہے چنانچہ اس کو خراش سے بچانا چاہئے۔ ان کا لباس نرم اور عمدہ کپڑے کا بنوانا چاہئے۔ ان بچوں کی جن کھانوں کی طرف رغبت نہ ہو، ان کو کھانے پر مجبور نہ کرنا چاہئے۔ یہ لوگ باتیں کرنے میں تیز دماغ، جسمانیت کے لحاظ سے چست اور ہر قسم کے خیالات سے غیر معمولی طور پر بھرپور ہوتے ہیں۔ ان لوگوں میں کسی چیز کا شوق پیدا کرنا چاہئے، جیسے لڑکیوں کے لئے کروشیا، چوب کاری، کامدانی وغیرہ کا کام اور لڑکوں کے لئے کرکٹ، فٹ بال اور ہاکی وغیرہ کے کھیل۔ اس برج کے بچوں اور بچیوں کو اگر کچھ تعلیم مرہم پٹی وغیرہ کی بھی دی جائے تو یہ لوگ اس سے بہت قسم کے کام لیں گے۔ ان لوگوں کی نشوونما 14 سے 21 سال کی عمر میں زوروں پر رہتی ہے۔ اسی زمانے میں ان کا دماغ غیر معمولی طور پر کام کرتا ہے۔ جسم کو زیادہ محنت میں لگائے رکھنے کا شوق رہتا ہے۔ اس وقت غذا کی طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ ان کو ادب سے بہت ذوق ہوتا ہے۔ اس معاملہ میں ان کی حوصلہ افزائی کرنا چاہئے مگر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی دیکھتے رہنا چاہئے کہ یہ اس میں اس درجہ منہمک نہ ہو جائیں کہ ان کے دماغ پر بار پڑ جائے۔

Marfat.com

# برج سنبلہ کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی





اس برج کے تحت پیدا ہونے والے افراد کا مزاج گھریلو ہوتا ہے۔ وہ بہترین میزبان اور دوسروں کا احترام کرنے والے ہوتے ہیں۔ جو لوگ دوسروں کا احترام نہ کریں وہ ان سے دور بھاگتے ہیں۔ گھر میں ہم آہنگی کا ماحول سنبلہ افراد کے لئے بہت ضروری ہے۔ پسندیدہ ماحول میں ہشاش بشاش رہتے ہیں اور افراد خانہ کے مالی تحفظ کے لئے کچھ نہ کچھ پس انداز کرتے رہتے ہیں۔ بعض سنبلہ افراد انشورنش پالیسی ضرور لیتے ہیں تاکہ ان کی موت کے بعد لواحقین کو مالی پریشانی نہ ہو۔

اپنے گھر سے محبت کے علاوہ سنبلہ افراد کو سیر وسیاحت سے بڑی دلچسپی ہوتی ہے۔ اگر گھر سے باہر جانے کی استطاعت نہ ہو تو گھر کے اندر ہی دلچسپ نوعیت کی تبدیلیاں کرتے رہتے ہیں۔ سنبلہ خواتین گھر کی دیوانی سمجھی جاتی ہیں۔ گھر کے کاموں کے سلسلے میں وہ کبھی نہیں تھکتیں۔ گھر کی آرائش میں ان کا ذوق بھی منفرد نوعیت کا ہوتا ہے۔ تبدیلی سنبلہ افراد کی فطرت میں شامل ہے۔ گھر یا ملازمت کی تبدیلی ان کے لئے خوش آئند ثابت ہوتی ہے۔

Marfat.com

سنبلہ خواتین بہت سلیقہ شعار اور صفائی پسند ہوتی ہیں۔ لذیذ اور چٹ پٹے مزیدار کھانے پکانے میں ان کا کوئی ثانی نہیں ہوتا۔ ان کا باورچی خانہ مثالی ہوتا ہے۔ جہاں ضرورت کی ہر چیز اپنی جگہ موجود ملے گی۔ سنبلہ افراد بچوں کی پرورش کے سلسلے میں بھی مثالی واقع ہوئے ہیں۔ انہیں تمام تر خوبیاں اپنے بچوں میں منتقل کرنے میں کسی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ وہ انہیں دیانت اور محنت کا سبق دیتے رہتے ہیں۔ ان کی حتیٰ الامکان کوشش ہوتی ہے کہ ان کے بچے ہر لحاظ سے خوب تر ہوں۔

## برج سنبلہ کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق





جہاں تک سنبلہ والدین کا تعلق ہے تو ان کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ مثالی والدین ثابت ہوتے ہیں۔ یہ اپنے بچوں کی نشوونما اس انداز سے کرتے ہیں کہ ان کے بچے

اچھے شہری بنیں اور باعزت زندگی بسر کریں۔ سنبلہ والدین اپنے بچوں کو حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنا سکھاتے ہیں۔ وہ انہیں اچھی غذا کھلاتے ہیں تاکہ ان کی صحت خراب نہ ہو۔ وہ خود باعمل ہوتے ہیں اور بچوں کو بھی عمل کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ یہ خود نفاست پسند ہوتے ہیں اور بچوں کو بھی قرینہ اور نفاست پسندی سکھاتے ہیں۔ وہ انہیں روپے پیسے کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ روپے پیسے سے بگڑے کام سنورتے ہیں اور اس کے ذریعے وہ ترقی کی منازل طے کر سکتے ہیں۔ سنبلہ والدین اپنے بچوں کو زندہ رہنے کے ڈھنگ بتائیں گے اور بہترین زندگی بسر کرنے اور ترقی کرنے کے اصول بتائیں گے تاکہ وہ باعزت زندگی بسر کر سکیں۔ وہ انہیں یہ سمجھائیں گے کہ کسی کا محتاج بننے سے بہتر ہے کہ وہ محنت کریں اور محنت کے ذریعے اپنا مستقبل سنواریں۔ سنبلہ والدین تعلیم کی اہمیت کو خوب سمجھتے ہیں اور اپنے بچوں کو زیادہ سے زیادہ تعلیم دلانے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ معاشرے میں انہیں باعزت اور باوقار مقام حاصل ہو۔ یہ تعلیمی معاملات میں اپنے بچوں کی بھرپور مدد کرتے ہیں اور بہتر انداز سے ان کی رہنمائی کرتے ہیں۔ نیز نصابی کتب پڑھنے میں مدد دیتے ہیں۔ وہ یہ سب کچھ اس لئے کرتے ہیں کہ ان کے بچے اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر دوسروں کی محتاجی سے بچ جائیں اور شان سے زندگی بسر کریں۔ اس طرح یہ والدین ہر لحاظ سے بہترین اور مثالی والدین ثابت ہوتے ہیں۔


Marfat.com

## برج سنبلہ کا چھٹا گھر، صحت وامراض




مجموعی طور پر سنبلہ بڑے صحت مند ہوتے ہیں۔ وہ بعض باتوں میں ضرورت سے زیادہ مریض واقع ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر سے مشورہ لینے اور اپنی صحت کا خیال رکھنے میں بھی وہ ہچکچاہٹ سے کام لیتے ہیں۔ وہ اس امید میں کام کرتے رہتے ہیں کہ بیماری خود بخود ٹھیک ہو جائے گی لیکن بعض اوقات مرض اتنا بڑھ جاتا ہے کہ آسانی سے علاج ممکن نہیں ہوتا ہے حالانکہ ابتدا میں اس کا علاج بہت آسان ہوتا ہے۔ مگر اتفاق سے بہت سے سنبلہ افراد مراقی ہوتے ہیں اور اپنی بیماریوں کا بڑھ چڑھ کر ذکر کرتے ہیں اور ان باتوں سے بڑا مزہ لیتے ہیں۔ سنبلہ آنتوں کی نالیوں اور کچھ حد تک پھیپھڑوں کا حکمران برج ہے۔ ان کی خصوصی کمزوریاں، جگر، تلی، پنکریاز اور پتے کی پتھری ہیں۔ بعض اوقات آنتوں میں زہر پیدا ہو جاتا ہے یا ورم زائدہ (Apendecites) ہو جاتا ہے۔ ان کا ہاضمہ بھی زیادہ اچھا نہیں ہوتا ہے اس لئے انہیں چاہئے کہ زیادہ مرغن اور چکنی غذاؤں سے پرہیز کریں۔

# برج سنبلہ کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




سنبلہ عورت زندگی کے معاملات میں مرد کی نسبت زیادہ سنجیدہ ہوتی ہے۔ وہ اچھی طرح جانتی ہے کہ زندگی سے اسے کیا لینا ہے اور لوگوں سے اسے کس قسم کی توقعات رکھنی چاہئیں۔ محبوب کے انتخاب کے معاملے میں بھی وہ مرد کے مقابلے میں زیادہ محتاط ہوتی ہے اس معاملے میں وقت کی اس کے نزدیک کوئی اہمیت نہیں ہوتی بلکہ اس کا مطمع نظر صرف صحیح ساتھی کا انتخاب ہوتا ہے۔ قبول صورت ہوتے ہوئے بھی سنبلہ عورت بعض اوقات کسی انتہائی حسین و جمیل عورت کے مقابلے میں غیر معمولی اہمیت حاصل کر جاتی ہے۔ وہ خود بھی صورت سے زیادہ سیرت اور ذہانت کو ترجیح دیتی ہے۔ سنبلہ عورت محبت کے معاملے میں سب سے پہلے یہ دیکھتی ہے کہ اس کا پسندیدہ مرد آگے چل کر بھی قابل اعتماد ہو سکتا ہے یا


Marfat.com

نہیں۔ اگر افیئر کے دوران اسے ذرا سا بھی شبہ ہو جائے تو وہ فوراً علیحدگی اختیار کر لیتی ہے۔ سنبلہ عورت ایک مثالی بیوی ہے چنانچہ گھریلو معاملات اور سلیقہ شعاری میں کوئی اس کا ثانی نہیں ہوتا۔ وہ افراد خانہ کی ضرورت کا خیال رکھتی ہے اور شوہر کے لئے تو وہ اپنی جان تک دے سکتی ہے۔ سنبلہ عورت کا دل محبت سے معمور ہوتا ہے لیکن اسے اپنے طور پر اپنے جذبات کے اظہار کا موقع دینا چاہئے۔ سنبلہ عورت اپنے شوہر کے ساتھ کسی دوسری عورت کا نام تک نہیں سن سکتی۔ سنبلہ عورت محبت کے معاملے میں انتہائی قابل اعتماد اور قابل بھروسہ ہوتی ہے۔ وہ جس سے محبت کرتی ہے، اس کو اپنی جان سے بڑھ کر چاہتی ہے اور مرتے دم تک وفادار رہتی ہے۔

سنبلہ مرد محبت کے معاملات میں متعدل ہوتا ہے۔ اس کی محبت میں اپنے محبوب کے لئے جنون کی وہ کیفیت نہیں ہوتی جو سنبلہ عورت میں پائی جاتی ہے۔ خاموش طبع اور کسی حد تک شرمیلا ہونے کے باعث وہ کبھی کھل کر محبت کا اظہار نہیں کرتا۔ اس معاملے میں پہل عورت کو کرنی پڑتی ہے۔ اگر اس کی کسی لڑکی سے دوستی ہے تو سنبلہ مرد اس وقت تک محبت کے بارے میں نہیں سوچے گا جب تک اسے یقین نہ ہو جائے کہ یہ لڑکی قابل اعتماد ہو سکتی ہے یا نہیں اور لڑکی کی طرف سے کوئی معمولی سی غلطی ان کے تعلقات کو ختم کر دیتی ہے۔ سنبلہ مرد گھریلو زندگی پسند کرتے ہیں اور اپنے بیوی بچوں کو زیادہ سے زیادہ خوش رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ سنبلہ مرد کو مثالی باپ نہیں کہا جا سکتا۔ بچوں کو سمجھنے میں اسے خاصی دشواری پیش آتی ہے جس کے باعث وہ بچوں سے جھگڑتا رہتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود بچوں کو دل کی گہرائیوں سے چاہتا ہے اور ان کی ہر ضرورت کا خیال رکھتا ہے نیز اگر بچوں کو ذرا سی بھی تکلیف ہو تو تڑپ اٹھتا ہے۔ وہ اپنی شریک حیات کے لئے مخلص اور شدید محبت کرنے والا شوہر ثابت ہوتا ہے۔ ایسا شخص جو دوسروں کا احترام کرتا ہو اور بنیادی طور پر مخلص اور بے لوث ہو تو سنبلہ افراد اس کی بعض خامیوں کو بھی نظرانداز کر دیتے ہیں۔ سنبلہ افراد حقیقت پسند ہوتے ہیں اور اسی حقیقت پسندی کے باعث وہ لگی لپٹی رکھے بغر دوسروں کی خامیوں پر تنقید کرتے ہیں جس کے نتیجے میں بعض اوقات انہیں اپنے دوستوں سے محروم ہو جانا پڑتا ہے۔

Marfat.com

# برج سنبلہ کا آٹھواں گھر، عمر




عمروں کے ضمن میں ایک امریکی ادارے نے یہ انکشاف کیا کہ سیارے انسانی عمروں کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔


اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے بعد ان کے اعداد جمع کئے۔ یہ تمام افراد 1945ء سے 1981ء کے دوران اس فانی دنیا سے کوچ کر گئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس محکمے نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت اور قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے حاصل کی تھیں۔

اس ادارے کے سربراہ نے بتایا کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔ اب آپ بھی اپنے برج اور ...رے کے مطابق اپنی عمروں کے بارے میں دریافت کر سکتے ہیں۔

چونکہ یہ باب برج سنبلہ سے متعلق ہے اس لئے وہ افراد جن کی تاریخ پیدائش 23اگست تا 22 ستمبر کے دوران کسی وقت بھی ہوئی، ان میں مردوں کی عمر ستر سال چھ ماہ ہوتی ہے اور خواتین کی عمر پینسٹھ سال ہوتی ہے۔


Marfat.com

# برج سنبلہ کا نواں گھر، قسمت




| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | پ، غ |
| حکمران ستارہ | عطارد |
| موافق نگینہ | عقیق، سنگ سلیمانی |
| موافق رنگ | نیلا، سبز، سیاہ |
| موافق پھول | کنول |
| موافق خوشبو | صندل جیسی |
| موافق دن | بدھ |
| موافق نمبر | 5 |
| موافق برج | ثور، جدی |
| ناموافق برج | جوزا، قوس، حوت |
| گوارا برج | اسد، سرطان، میزان، عقرب |
| غیر جانبدار برج | حمل، دلو |

## برج سنبلہ کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار





سنبلہ اپنے خیالات کا اظہار نہایت وضاحت سے کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ہر کام کی تفصیل میں جانے کا شوق بھی اس میں پایا جاتا ہے اور بڑی حد تک تخلیقی صلاحیتوں کا مالک ہوتا ہے۔ تخلیقی صلاحیت سے ہماری مراد یہ ہے کہ اس کے دماغ میں بیک وقت بہت سے خیالات پیدا ہو جاتے ہیں اگرچہ وہ بیک وقت ان پر عمل کرنے سے قاصر رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی نیا کاروبار شروع کرتا ہے یا اپنے کاروبار کی پالیسیاں تبدیل کرتا ہے تو ان پر ضروری غور و فکر نہیں کرتا ہے۔ کسی پارٹنر یا قابل اعتماد ملازم کے ساتھ کاروبار شروع کریں تاکہ وہ

آپ کے جوش و جذبہ کو ٹھنڈا کر سکے اور آپ کے اس رجحان کو قابو میں رکھنے کی کوشش کرے کہ اہم باتوں کو نظر انداز کر کے بغیر تفصیل میں جائے معمولی باتوں پر جھگڑا شروع کر دیں۔ پسندیدہ پیشے مالیاتی اور اکاؤنٹنگ، ہوٹل، جائیداد کی خرید و فروخت، بک اسٹور، ڈریس ڈیزائنگ اور بیوٹی شاپ ہیں۔ ان لوگوں کو ایک ایگزیکٹیو کا عہدہ لازمی طور پر مل سکتا ہے۔ آغاز کرنے کے لئے یہ لوگ اکاؤنٹنگ کا کام بہتر طور پر سرانجام دے سکتے ہیں جہاں یہ خشک اعداد کو اہم حقائق میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ شماریات کا کام ان کے لئے بہت مناسب ہے نیز سیکریٹری، کیشئر، ڈیپارٹمنٹل اسٹور اور اکاؤنٹنگ کے پیشے بہت مناسب رہیں گے۔ دوسرے برجوں کے تابع ہونے والی خواتین کے مقابلے میں سنبلہ خواتین کاروبار میں بہت زیادہ کامیاب رہتی ہیں۔

زور خطابت، قوت حافظہ اور شاندار شخصیت سنبلہ افراد کی خصوصیات ہیں۔ وہ مہارت، زبان دانی، میوزک اور کمرشل موضوعات پر تعلیم کے ایکسپرٹ ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بہترین لائبریرین ہوتے ہیں اور تعلیم میں ایگزیکٹیو پوزیشن حاصل کر لیتے ہیں۔ انہیں چاہئے کہ ریسرچ کا کام کرنے کی کوشش کریں جس میں وہ اپنی تخلیقی اور جم کر کام کرنے کی صلاحیت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ قانونی اور طب کے پیشے سنبلہ افراد کے لئے بہت مناسب ہیں۔ انجینئرنگ شاندار ہے۔ ریڈیو، ٹیلی فون اور میکینکل لائنز بھی اچھی رہیں گی۔ اصولی طور پر وہ ایک اچھا ایکٹر یا کلاسیکل موسیقار بننے کی عملی صلاحیت رکھتے ہیں۔ قلم کاری بہترین پیشہ ہے، افسانہ نگاری کے مقابلے میں وہ حقیقت پسندانہ آرٹیکلز اور رپورٹنگ کے لئے مناسب ہیں۔ اخباری صنعت میں وہ ایک اچھے ایڈیٹر، مختصر نویس اور پروف ریڈر بن سکتے ہیں۔ آرٹ کی کمرشل سائیڈ میں اپنا راستہ تلاش کریں۔ وہ پبلشنگ، ریڈیو اسٹیشن کے مینجر کی حیثیت سے وہ کامیاب رہیں گے مزید برآں لیکچرنگ اور اناؤنسمنٹ میں بھی اچھے رہیں گے۔


وہ اپنی شخصیت کی وجہ سے ایک کامیاب سیلز مین بن سکتے ہیں لیکن وہ بہت کم اس لائن میں جاتے ہیں۔ عام طور پر وہ سیلز پوزیشن سے ایگزیکٹیو یا دفتر کا کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ وہ بہترین سیلز مینجر بن سکتے ہیں اگر وہ اپنی سہل پسندی چھوڑ دیں تو بہتر ہو گا۔

# برج سنبلہ کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




سنبلہ سے دوستی کر لینا آپ کے لئے دراصل ایک طرہ امتیاز ہے۔ بظاہر خواہ وہ کتنا ہی خوش مزاج نظر آتا ہو لیکن اندر سے محتاط روی کی دیواروں میں مقید ہوتا ہے۔ دوسرے برجوں کے برعکس یہ حصار ایک حقیقت ہوتا ہے اور یہ اس کی فراریت پسند فطرت کے لئے صرف پناہ گاہ ہی نہیں ہوتی۔ یہ خوش مزاج ہوتا ہے اور اب تک اس نے جن لوگوں کو اپنا دوست بنالیا ہے، ان سے وہ مطمئن ہوتا ہے اور ان کے علاوہ مزید لوگوں کو دوست بنانا نہیں چاہتا ہے۔ اگر آپ اس میں بہت زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں یا اس کو دوست بنانے کے لئے بظاہر بہت پریشان نظر آتے ہیں تو ان باتوں سے وہ آپ کے مقاصد کے متعلق شک کرنے لگے گا۔ لیکن اس کی بعض کمزوریاں ایسی ہیں جن کی وجہ سے وہ مار کھا جاتا ہے۔ وہ تیز فہم، سخی، دانش مند اور تیزی سے ترقی کرنے والے شخص کو پسند کرتا ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا ضروری نہیں ہے کہ وہ آپ کے اندر ان خصوصیات کو مختلف بہانوں سے دیکھتا رہے گا۔ اس کے باوجود خاکی الطبع سنبلہ تک جذبات کی بجائے ذہانت سے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

برج سنبلہ کا بارہواں گھر، حدود




Marfat.com

ایک پر محبت زندگی، شگفتہ پھولوں، نیلے امبر، لوگوں سے محبت، دیوانگی اور وارفتگی سے جنم لیتا ہے۔ سنبلہ کی محبت اس کے رفیق حیات اور اس کے خاندان کے لئے محدود نہیں ہونی چاہئے۔ نیز اسے جنس کو صرف جسموں کے ملاپ تک محدود نہیں سمجھنا چاہئے تبھی وہ خود کو پرسکون محسوس کر سکتا ہے۔

اگر سنبلہ عورت تعلقات زن و شو میں مشکل محسوس کرتی ہو تو اس کے لئے ذیل میں چند حسی اشارے رقم کئے جا رہے ہیں جن کو بروئے کار لا کر وہ اپنے محبوب یا شوہر کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم کر سکتی ہے۔

1۔ اپنے محبوب کو خوبصورت سی نظم بھیجیں۔

2۔ جب اسے پسینہ آئے تو اس کی پیشانی پونچھ ڈالیں۔

3۔ اس کی معمولی سی کامیابی پر اسے مبارکباد دیں۔

4۔ اس کے لئے ایک نیا آفٹر شیو یا یوڈی کلون خریدیئے، اگر آپ اپنی پسند کا خریدیں تو بہتر ہوگا۔

5۔ تاروں بھری رات کے نیچے سیر کی تجویز پیش کریں۔

6۔ اس سے اپنے جذباتی تصورات کے بارے میں اظہار خیال کریں۔

7۔ بعض اوقات بچگانہ طرز عمل اختیار کریں اور بچوں جیسے کھیل کھیلیں۔

8۔ شام کا کھانا اکھٹے مومی شمعوں کی ملگجی روشنی میں کھائیں۔

9۔ اسے اپنی پسندیدہ کتاب پڑھ کر سنائیں۔


11۔ اپنے پسندیدہ گانے اکٹھے بیٹھ کر سنیں۔

12۔ اس کے بال دھوئیں برش کریں اور اگر وہ اجازت دے تو کاٹ بھی سکتی ہیں۔

14۔ اس کے بوٹ اور جرابیں اپنے ہاتھوں سے اتاریں۔

Marfat.com

## برج میزان کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

برج میزان میں پیدا ہونے والے حد درجہ توازن پسند لوگ ہوتے ہیں۔ وہ ہر شے میں نظم و ضبط کے متلاشی رہتے ہیں۔ وہ حسن اور دلکشی کے دلدادہ ہوتے ہیں، چاہے وہ انسانوں میں ہو یا چیزوں میں۔ میزان افراد عموماً دردمند دل رکھتے ہیں اور دوسروں کی خوشی کی خاطر اکثر اپنا نقصان بھی برداشت کر لیتے ہیں۔ وہ دوسروں کی مدد پر ہر وقت کمربستہ رہتے ہیں۔

میزان لوگ بہت جلد دوست بناتے ہیں اور پھر ہمیشہ ان کے وفادار اور خیر خواہ رہتے ہیں۔ انہیں تنہائی سے نفرت ہوتی ہے اور وہ اپنے رشتہ داروں اور احباب کے درمیان خوشی محسوس کرتے ہیں۔ وہ عموماً معتدل مزاج اور نرم فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ کسی کام کا فیصلہ کرنے سے پہلے اس پر ہر پہلو سے غور کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔


اس برج کے لوگ ہر قسم کی زیادتی اور ناانصافی کو پسند کرتے ہیں اور اس کے خلاف جدوجہد کے لئے تیار رہتے ہیں۔ وہ مستعد اور خاصے ذہین ہوتے ہیں۔ وہ فطرتاً مصلحت کوش ہوتے ہیں اور لڑائی جھگڑے سے اجتناب کرتے ہیں۔ انہیں جھوٹ اور فریب سے سخت نفرت ہوتی ہے۔ حسن پسند ہونے کے باعث وہ چیزوں اور انسانوں کے بہت اچھے پارکھ ہوتے ہیں۔ ان کی فطری دردمندی کے باعث لوگ ان سے دوستی رکھنا پسند کرتے ہیں۔

## شخصیت کے منفی پہلو

اس برج سے تعلق رکھنے والے بعض افراد تصوراتی اور فراریت پسند ہو جاتے ہیں۔ حسن پسند ہونے کے باعث وہ اپنے آپ سے متعلق چیزوں کے بارے میں کبھی کبھی مبالغہ آرائی سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ میزان افراد کے لئے بعض اوقات حقیقت کا سامنا کرنا بہت دشوار معلوم ہوتا ہے اور وہ معاشرے میں پھیلی ہوئی ناانصافیوں کے باعث تنہائی پسند اور قنوطی بھی ہو جاتے ہیں۔

میزان افراد بحث مباحثے سے اجتناب کرتے ہیں اور عموماً جلد ہی شکست تسلیم کر لیتے ہیں حالانکہ اکثر و بیشتر وہ حق پر ہوتے ہیں، لیکن قوت اظہار کی کمی کے باعث وہ اپنا نقطۂ نظر بتانے میں ناکام رہتے ہیں۔ دلکش اور بیش قیمت چیزوں کی محبت انہیں مادیت پرست بھی بنا سکتی ہے۔

## برج میزان کا پہلا گھر، شخصیت و کردار





اس برج کے تحت پیدا ہونے والے لوگ بہت شفیق اور ہمدرد ہوتے ہیں۔ وہ دوسروں کی ہر ممکن مدد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے کردار کی ایک نہایت اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ حسن اور ہم آہنگی کو پسند کرتے ہیں۔ اپنے ماحول کو اپنے ذوق کے

Marfat.com

مطابق بنانے کے لئے وہ کسی قربانی سے دریغ نہیں کرتے۔ میزانی لوگ محفل پسند ہوتے ہیں۔ وہ اکثر تنہائی سے خوف کھاتے ہیں۔ دوسرے لوگ بھی ان کی شرافت طبع اور دلنواز شخصیت کی بناپر انہیں پسند کرتے ہیں۔ وہ دوسروں کے ساتھ بہت خوش رہتے اور تنہائی میں جلد زور رنج ہو جاتے ہیں جبکہ دوسروں کی موجودگی میں ان کا حوصلہ مشکلات میں بھی بلند رہتا ہے۔ کوئی میزان فرد زندگی بھر تنہا نہیں رہتا بلکہ وہ اکثر کم عمری ہی میں شادی کے بندھن میں بندھ جاتے ہیں۔ میزان افراد دوسروں کے احساسات کا بہت لحاظ کرتے ہیں اور کسی کو تکلیف نہیں پہنچاتے۔ وہ مصالحت کا دروازہ ہمیشہ کھلا رکھتے ہیں اور اس قدر معاون اور بامروت ہوتے ہیں کہ دھوکہ کھانے کے امکان تک پہنچ جاتے ہیں اور لوگ ان سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن میزانی لوگ درحقیقت بہت کم دھوکہ کھاتے ہیں۔ وہ ہر مسئلے کے منفی اور مثبت پہلوؤں کو مسلسل جانچتے رہتے ہیں اور انہیں مطمئن کرنا بہت مشکل ہے۔ میزانی لوگ بہت پر سکون اور ذہین ہوتے ہیں۔ ہم آہنگی کی تمنا ان کے حلقۂ یاراں کو وسیع تر کرنے میں مدد دیتی ہے۔ وہ کسی کے خلاف کینہ نہیں رکھتے بلکہ درگزر کرنے

# برج میزان کا دوسرا گھر، دولت




☆......شراکتی کاروبار، درس و تدریس، جیولری، صرافہ، زرگری، سماجی بہبود کے کام، رقص و موسیقی، سٹینوگرافی، سیاست، مضمون نگاری، سفارتی مشن، مصوری، آرائش گیسو، درآمدات برآمدات، مجسمہ سازی، مشیر سازی، قانون وغیرہ کے اگر پیشے میزان افراد اختیار کریں تو خوب دولت کما سکتے ہیں۔

☆......میزان افراد اپنے ملازمین اور ٹریڈ یونین کی سرگرمیوں پر دھیان رکھتے ہیں۔

☆......اپنے ملازمین کے مساوی حقوق اور منصفانہ اجرتوں کے حامی ہوتے ہیں۔

☆......ان کا کاروبار ایسی صورت میں ترقی کرتا ہے اور یہ دولت کماتے ہیں جب یہ تمام ملازمین کے ساتھ انصاف سے پیش آئیں۔


☆......یہ کبھی کاروبار میں غیر منصفانہ فیصلے نہیں کرتے۔

☆......ہر معاملے میں انصاف کے سب تقاضے پورے کرتے ہیں اور اپنے ملازمین کے ساتھ سختی سے پیش آتے ہیں۔

Marfat.com

☆......یہی ایک اچھے میزان فرد کی خوبیاں ہیں جن سے کام لے کر وہ خوب ترقی کر سکتا ہے اور دولت کما سکتا ہے۔

## میزان کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت





ان بچوں کو عمدہ اخلاق کی تعلیم دینی چاہیے تاکہ یہ بے پروانہ ہو جائیں اور اپنے

اوصاف کو ظاہر کر سکیں۔ وقت اور کام کی قدر و قیمت ان کے ذہن نشین کر دینی چاہیے۔ ان کی کل پر کام اٹھا رکھنے کی عادت چھڑا دینی چاہیے کیونکہ یہ محنت سے جی چراتے ہیں اور تفریحات کی تلاش میں رہتے ہیں۔ ان کے لئے باقاعدہ ورزش اور باقاعدہ فرائض کی پابندی ضروری ہے۔ اس معاملہ میں ان سے اصرار کرتے رہنا چاہیے۔ یہ نقل اتارنے کے بہت مشاق ہوتے ہیں اس لئے ان کو اچھی صحبت میں رکھنا چاہیے۔ یہ پہننے اور اوڑھنے میں خوش مزاق ہوتے ہیں اور تمام نفیس چیزیں پسند کرتے ہیں۔ جہاں تک ممکن ہو لباس کے معاملہ میں لڑکیوں کے خیالات معلوم کرتے رہنا چاہیے اور ان کو سوئی دھاگہ کے کام مثلاً کپڑوں کی سلائی، کروشیا اور کامدانی وغیرہ کے کام میں لگانا چاہیے۔ اگر روکا ٹوکا نہ جائے تو یہ بچے بہت گندے اور فضول خرچ ہو جاتے ہیں۔ ان کی غلطیوں کی اصلاح کرنی چاہیے ورنہ یہ اپنی تمام قابلیت کو تباہ کر ڈالیں گے مگر ان سے سختی کا برتاؤ نہیں کرنا چاہیے بلکہ ان سے جو کچھ کہا جائے ،انصاف پسندی، مہربانی اور استحکام کے ساتھ کہا جائے۔

یہ جلد ہی خوش اور جلد ہی غمگین ہو جاتے ہیں، موافقت اور محبت کے طلب گار رہتے ہیں نیز خاموشی کے ساتھ برداشت کیا کرتے ہیں۔ ان کو موسیقی یا اس قسم کے فن کے سیکھنے کی جانب مائل نہ کیا جائے۔ لیکن اگر وہ خود اس کا شوق ظاہر کریں تو 14 سے 21 سال کی عمر تک ان کو فنون (Arts) کے اداروں میں داخل کرا دینا چاہیے۔ یہ ان کے لئے برا نہیں لیکن رات گئے تک جاگنے کی مخالفت کرتے رہنا چاہیے۔ ان کے لئے دوستوں اور ساتھیوں کا ہونا ضروری ہے۔ ان کو تنہا کبھی نہ رہنا چاہیے۔ خوفناک یا انقلاب انگیز خبروں کو ان سے دور رکھنا چاہیے کیونکہ ظلم یا دکھ کو یہ لوگ زیادہ دیر تک یاد رکھتے ہیں۔ ان کی خوبیوں کو صحیح راستے پر لگانا چاہیے۔ یہ لوگ بہت کچھ کر سکتے ہیں مگر کام لینے کے لئے ان کو ابھارنے کی ضرورت ہے اور ان کی استعداد کو جلا دینے کے لئے ان کی ہمت افزائی کرتے رہنا چاہیے۔

Marfat.com

## برج میزان کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی




ان افراد کے لئے گھر بہت اہمیت رکھتا ہے۔ گھر ان کے لئے آرام و تسکین اور حسن و یگانگت کی جگہ ہے۔ مقبول عام ہونے کی وجہ سے اکثر ان کے گھر مہمان آئے ہوتے ہیں اور وہ بہت عمدہ میزبان ثابت ہوتے ہیں۔ دوستوں اور رشتہ داروں میں وہ بہت خوش رہتے ہیں۔


ان لوگوں کے گھروں کی سجاوٹ ان کے اعلیٰ ذوق کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ وہ نمائشی اشیاء کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ شاید ہی کسی میزان کا گھر ایسا ہو جس میں پینٹنگ یا مجسمہ نہ ہو۔ میزان خواتین بہت اچھی ڈیکوریٹر ہوتی ہیں اور وہ اکثر گھر میں اشیاء کی ترتیب بدلتی رہتی

Marfat.com

ہیں۔ یہ لوگ بہت نفاست پسند ہوتے ہیں اور اپنے ہاتھوں کو گندا کرنا پسند نہیں کرتے۔ اگر وہ زیادہ امیر ہوں تو ضرور ایسے ملازم رکھتے ہیں جن کا کام صرف صفائی کرنا ہوتا ہے۔ وہ باغبانی کو پسند کرتے ہیں اور اکثر ان کے گھروں میں پھول اور پودے نظر آتے ہیں۔

یہ لوگ بہت اچھے والدین ہوتے ہیں اور اپنے بچوں پر ناروا سختی کے قائل نہیں ہوتے اور نہ انہیں اپنے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ سختی صرف اس وقت کرتے ہیں جب ایسا کرنا انتہائی ضروری ہو جائے ورنہ ان کا رویہ دوستانہ اور مشفقانہ ہوتا ہے۔ بچے بھی انہیں ان کی شفقت اور ہمدردی کی بنا پر بہت پسند کرتے ہیں اور ان کی رائے کا احترام کرتے ہیں۔

## برج میزان کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق




جہاں تک والدین کا تعلق ہے تو اس کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ برج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے بچوں کے حق میں زیادہ بہتر ثابت ہوتے ہیں اور اپنے بچوں کی

Marfat.com

بہتر انداز سے تربیت کرتے ہیں۔ وہ کوشش کرتے ہیں کہ اپنے بچوں کو اعلیٰ اور عمدہ ترین خوراک فراہم کریں، انہیں اعلیٰ تعلیم دلوائیں اور بہترین انداز سے ان کی تربیت کریں نیز ان کی ہر طرح کی خوشی اور آرام کا خیال رکھیں۔ اس طرح یہ اپنے بچوں کے لئے مثالی والدین ثابت ہوتے ہیں۔

یہ اپنے بچوں کو اپنے ساتھ کھیل کود کے میدان میں لے جاتے ہیں اور وہاں خود بھی ان کے ساتھ کھیلتے ہیں اور یوں ان کے بچوں میں والدین کے ساتھ بے تکلفی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس طرح ان کے بچوں میں جھجک اور خوف دور ہو جاتا ہے اور پھر وہ اپنے دوستوں کے ساتھ بھی بلا جھجک کھیلتے کودتے ہیں اور مختلف قسم کے کھیل تماشوں میں بھرپور حصہ لیتے ہیں اور خوشی محسوس کرتے ہیں۔

یوں ان کے والدین ان سے احساس کمتری کا جذبہ ختم کر کے ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں اور ان کے بچے بے تکلف ہو کر کام کرنے لگتے ہیں۔ ان کے والدین اپنے بچوں کے ساتھ خلوص ہمدردی اور پیار کے جذبے کے تحت پیش آتے ہیں اس لئے یہی جذبات یہ دوسرے دوستوں کے ساتھ روا رکھتے ہیں اور ان کے ساتھ خلوص و ہمدردی اور محبت سے پیش آتے ہیں۔ برج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد انتہائی صابر اور شریف قسم کے ہوتے ہیں۔


یہ افراد اپنے بچوں کے مفید اور بہتر امور کے بارے میں بہت اچھی طرح جانتے ہیں۔ وہ زندگی کے ہر معاملے میں ان کی رہنمائی کرتے ہیں اور حوصلہ افزائی کے ذریعے آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ ہمیشہ صبر و استقلال سے کام لیتے ہیں اور بچوں کی رہنمائی کے سلسلے میں کسی قسم کی جلد بازی کا مظاہرہ نہیں کرتے بلکہ وہ زندگی کے ہر اچھے اور برے پہلو سے پوری طرح روشناس کروا دیتے ہیں۔ آگے بچوں پر منحصر ہوتا ہے کہ وہ جو راستہ چاہیں اختیار کر لیں۔

میزان افراد کے ذہن میں توازن ہوتا ہے اور اسی قسم کا توازن وہ اپنے بچوں میں بھی دیکھنا چاہتے ہیں۔ ان والدین میں ایک خوبی یہ بھی پائی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں سے زبردستی سے کوئی کام یا کوئی پیشہ کروانا نہیں چاہتے بلکہ وہ یہ چاہیں گے کہ بچے میں جس قسم کا ذوق اور جس قسم کی صلاحیتیں ہیں، وہ انہیں کے مطابق اپنے پسندیدہ کام کریں اور انہیں کے مطابق

Marfat.com

اپنا مستقبل بنائیں۔ یہ اپنے بچوں کو ساز گار ماحول فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ ان کے بچے اس ماحول میں رہ کر پھلیں پھولیں اور ترقی کریں۔ مختصر یہ کہ میزانی افراد اپنے بچوں کے لئے ہر لحاظ سے بہترین اور مثالی والدین ثابت ہوتے ہیں۔

## برج میزان کا چھٹا گھر، صحت وامراض




نسبت جلد بیمار پڑ جاتے ہیں کیونکہ ان کے اعصاب توانا نہیں ہوتے۔ یہ افراد جلد صحت یاب بھی ہو جاتے ہیں۔ گردے، ریڑھ کی ہڈی اور پٹھے ان کے جسم کے کمزور ترین اعضاء ہیں۔ اگر وہ بیمار نہ بھی ہوں تو ان میں سے کسی نہ کسی حصے میں گڑبڑ ہوتی رہتی ہے۔ میزان خواتین عموماً بہت خوبصورت اور دلکش ہوتی ہیں جبکہ ان کی آواز نرم اور آنکھیں جاندار ہوتی ہیں۔


یہ افراد نازک اندام، نازک مزاج اور شائستہ ہوتے ہیں۔ ان کی جسمانی ساخت اچھی ہوتی ہے اور وہ بالعموم صحت مند رہتے ہیں۔ وہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھتے ہیں اور کوئی ایسی حرکت نہیں کرتے جس سے بیمار پڑنے کا خدشہ ہو۔ اپنی صحت کو برقرار رکھنے کے لئے وہ

Marfat.com

اکثر آرام اور سکون کا سہارا لیتے ہیں۔ اگرچہ وہ کسی سوشل مصروفیت سے انکار نہیں کرتے لیکن ایسی مصروفیات سے بہت جلد تھک بھی جاتے ہیں اور پھر ان کو مناسب آرام نہ ملے تو چڑچڑے بھی ہو جاتے ہیں۔

ان کی جسمانی ساخت بظاہر مضبوط مگر جسمانی مزاحمت کم ہوتی ہے۔

## برج میزان کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




میزانی عورتیں بہت جذباتی ہوتی ہیں۔ جنس مخالف کے لئے ان میں ایک پر اسرار کشش ہوتی ہے۔ شادی سے پہلے ان کے لئے اپنے رائٹ مین (Right man) کا فیصلہ کرنا بہت دشوار ہوتا ہے۔ اس دوران ان کے بہت سے تعلقات کی بنا پر لوگ انہیں فلرٹ سمجھتے ہیں لیکن ان کی سیمابی طبیعت انہیں کسی ایک کا ہو کر رہنے سے مانع ہوتی ہے البتہ شادی کے بعد وہ بہت خوبصورتی سے اپنے آپ کو ایڈجسٹ کر لیتی ہیں اور شادی شدہ زندگی کو پر سکون


Marfat.com

اور خوبصورت بنالیتی ہیں۔ وہ اپنے خاوند کی وفادار رہتی ہیں اور کوئی ایسی حرکت نہیں کرتیں جس سے ان کی شادی شدہ زندگی خطرے میں پڑ جائے۔ میزان عورتیں بہت رومانٹک ہوتی ہیں۔ ان میں ایک خاص دلنوازی پائی جاتی ہے جسے اکثر مرد پسند کرتے ہیں۔ وہ اس بات کو پسند کرتی ہیں کہ ان کی پروا کی جائے اور ان کا خیال رکھا جائے۔ اگرچہ وہ اپنے خاوندوں پر حد سے زیادہ انحصار کرتی ہیں لیکن ضرورت پڑے تو ہر کام نہایت قابلیت سے انجام دیتی ہیں۔ میزان خواتین آئیڈیل بیوی ہوتی ہیں۔ انہیں اس طرح گھر سجانے کا ہنر آتا ہے کہ جس سے سکون، ہم آہنگی اور حسن جھلکتا ہو۔ وہ شوہر کے لئے بے مثال ساتھی ثابت ہوتی ہیں۔ میزان عورت اپنی محبت اور گھریلو زندگی کے لئے اپنی مصروف سوشل زندگی تک چھوڑ دیتی ہیں۔

میزان مرد جنس مخالف کو متوجہ کرنے میں کوئی دقت نہیں پاتے۔ عورتیں انہیں خوبرو اور پرکشش محسوس کرتی ہیں کیونکہ وہ عورتوں کے احساس تفاخر کو اجاگر کرنا جانتے ہیں۔ یہ مرد عاشق مزاج ہوتے ہیں اور محبت کو زندگی کی اہم ترین چیز گردانتے ہیں۔ ایک بڑا نقص ان میں یہ ہے کہ اپنی محبتوں کو بآسانی بدلتے رہتے ہیں۔ وہ جب تک کسی ایک کے ساتھ رہیں تو مخلص رہتے ہیں لیکن بعض اوقات زیادہ عرصہ ایک ہی عورت کے ساتھ نہیں گزار سکتے۔ عورتیں انہیں بہت پسند کرتی ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ درست کیا ہے اور کبھی کسی موقع پر بھی غلط اقدام نہیں اٹھاتے۔ ان کی حساسیت بھی عورتوں کو بھاتی ہے۔ میزان مرد اچھے شوہر اور اچھے باپ ثابت ہوتے ہیں۔ گھریلو زندگی انہیں پسند ہوتی ہے اور گھر ان کے لئے اہمیت رکھتا ہے۔ یہ بات بھی بڑی اہمیت رکھتی ہے کہ میزان مرد کی بیوی اس کے مزاج کے مطابق ہو۔ اگر ایسا نہ ہو تو پھر میزان مرد کی دلچسپیاں گھر سے باہر منتقل ہو جائیں گی۔ میزان مرد اپنی گھریلو زندگی کو متوازن رکھنے میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ وہ محبت اور رومان کے معاملے میں بڑے حساس ہوتے ہیں۔ وہ من پسند لڑکی مل جانے پر اسے دل کی گہرائیوں سے چاہتے ہیں اور اس کی ہر خواہش پوری کرنے کی فکر میں رہتے ہیں۔ میزان مرد انتہائی محبت کرنے والا شوہر ثابت ہوتا ہے۔

Marfat.com

# برج میزان کا آٹھواں گھر، عمر





عمروں کے ضمن میں ایک امریکی ادارے نے سات سال کی لگاتار محنت کے بعد جو انکشافات کئے ہیں وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔ اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا کہ سیارے انسانی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔

اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد و شمار جمع کئے۔ اس کے مطابق یہ افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس فانی دنیا سے رخصت ہوئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت عامہ، اور قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے حاصل کی تھیں۔ اس نے بتایا کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔ اب آپ بھی اپنا برج دیکھ کر اس کے مطابق اپنی اوسط عمر دریافت کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

چونکہ یہ باب برج میزان اور اس کے متعلقہ حاکم سیارے زہرہ سے تعلق رکھتا ہے اس لئے اس کے مطابق جن افراد کی تاریخ پیدائش 23 ستمبر تا 22 اکتوبر کے درمیان کسی بھی دن اور کسی بھی تاریخ کو ہوئی ہو تو ان مردوں کی عمر 75 سال اوسطاً ہے اور خواتین کی اوسط عمر 77 سال کے قریب بنتی ہے۔

## برج میزان کا نواں گھر، قسمت





| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | ق، ط، ر |
| حکمران ستارہ | زہرہ |
| موافق نگینہ | نیلم، اوپل |
| موافقِ رنگ | [illegible] سفید ہلکا سبز |
| موافق پھول | گلاب |
| موافق خوشبو | صندل |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| موافق دن | جمعۃ المبارک |
| موافق نمبر | 6 |
| موافق برج | جوزا، دلو |
| ناموافق برج | حمل، سرطان، جدی |
| گوارا برج | اسد، سنبلہ، عقرب، قوس |
| غیر جانبدار برج | ثور، حوت |

## برج میزان کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار




یہ زبردست فنکار ہوتے ہیں اور کسی نہ کسی فنی ذریعے سے تخلیق یا اظہار حسن کی

صلاحیت رکھتے ہیں۔ میزان پارٹنر شپ کی علامت ہے اس لئے میزان افراد دوسروں کے ساتھ صرف اپنے جذبات کا اظہار کرنے کے لئے کام کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک نسلِ انسانی ایک بہت بڑا کنبہ ہے جس کے ساتھ وہ کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ میزان ایک ایسا ماہر تعمیرات ہوتا ہے جس کی مصنوعات دنیا استعمال کرتی ہے۔ اگر وہ کوئی پرفامر ہوتا ہے تو اس کا کوئی پارٹنر ضرور ہوگا کیونکہ جس کسی شعبہ میں میزان فرد کام کررہا ہو تو وہ کسی پارٹنر کے ساتھ یہ کام بہترین طریقہ پر انجام دے سکتا ہے۔ جوزا افراد کی طرح میزان بھی ذہین اور باصلاحیت ہوتے ہیں اور جب ان کو اپنی صلاحیت کا اظہار کرنے کے لئے ضروری رقم نہیں ملتی ہے تو وہ جلد از جلد اسے حاصل کرلیتے ہیں۔ میزان افراد کا فطری رجحان آرٹ کی طرف ہوتا ہے۔ تھیٹر میں وہ خوبصورت ڈانسر، ایکٹریا ایکٹریس بن جاتے ہیں کیونکہ ان شعبوں میں کام کرنے والوں کے لئے خوبصورتی اور وقار لازمی خصوصیات ہیں۔ نقاشوں، مصوروں اور موسیقاروں میں اکثر لوگ میزان ہوتے ہیں۔

گورنمنٹ سروس میں میزان افراد بحریہ کو پسند کرتے ہیں۔ سمندر سے محبت ان کی فطرت میں داخل ہوتی ہے۔

وہ کاروباری دنیا میں تاجر کی حیثیت سے اپنا لوہا منوا لیتے ہیں کیونکہ اس پیشے میں انتخاب کرنے، خریدنے، نمائش کرنے کے علاوہ ڈپلومیسی اور انتظامی صلاحیتیں ان کے بہت کام کرتی ہیں۔

پیشہ ورانہ زندگی میں ڈپلومیٹ قانون، عدلیہ یا مشیر کی حیثیت سے کام کرنا بہتر رہے گا اگرچہ ان پیشوں میں کامیابی حاصل کرنا بڑا مشکل اور محنت طلب کام ہوتا ہے۔

میزان افراد بہت اچھے افسر ثابت ہوتے ہیں۔ ماتحت عملے کے ساتھ ان کا برتاؤ منصفانہ ہوتا ہے۔ وہ کسی کو اپنے اوپر برتری جتانے کی اجازت نہیں دیتے اور نہ ہی کسی کو اپنا غلام سمجھتے ہیں۔ وہ کبھی کسی کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاتے۔ وہ انصاف پسند ہوتے ہیں۔ وہ فوری فیصلے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ اس لئے بھی انہیں ماتحت کارکنوں کا بھرپور تعاون درکار ہوتا ہے تاکہ ساتھیوں کے صلاح و مشورے سے وہ تصفیہ طلب اُمور کی انجام دہی منصفانہ طور پر کرسکیں۔


وہ غیر منصفانہ فیصلہ کبھی نہیں کرتے ہیں۔ وہ جب تک پوری طرح مطمئن نہیں ہو جائے، کوئی اقدام نہیں کرتے ہیں۔ وہ زیر تصفیہ معاملے کی حمایت اور مخالفت کے بارے میں تمام حقائق جمع کرتے ہیں تاکہ وہ کسی خاص نتیجے پر پہنچ سکیں۔ میزان افسران فوری فیصلے کی صلاحیت نہیں رکھتے اگر کسی خاص معاملے میں انہیں ہاں یا نہیں میں جواب دینا پڑے تو وہ جواب دینے سے پہلے اپنے سیکرٹری، گھر کی خادمہ، بیوی بھی اہل کار اور حد تو یہ ہے کہ "لفٹ مین" سے بھی اس ضمن میں رائے ضرور دریافت کرتے ہیں۔ میزان افسر رحمدل ہوتے ہیں اور اپنے ماتحت عملے کے مسائل کے حل کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔

برج میزان کے تحت پیدا ہونے والے لوگ بہت اچھے ماتحت یا ملازم ثابت ہوتے ہیں۔ وہ بہت اچھے مصور ہوتے ہیں۔ ان کے اعصاب بہت حساس اور نازک ہوتے ہیں۔ اگر کام کاج کا ماحول خوشگوار ہو تو وہ فرائض کی انجام دہی میں بہت خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر اس کے دیگر کارکن ساتھی ان کے ساتھ عدم تعاون کا طرز عمل اختیار نہیں کریں گے تو میزان ملازم نہایت اہل کارکن ثابت ہوتا ہے۔ ناخوشگوار ماحول سے وہ ممکن ہے مایوسی محسوس کرے لیکن ساتھی کارکنوں کے عدم تعاون کے رویے سے اسے بہت پریشانی لاحق ہو جاتی ہے۔ وہ اپنے قریبی ماحول میں جس طرح مختلف رنگوں سے متاثر ہوتا ہے، اسی طرح اپنے گردو پیش موجود مختلف شخصیات سے بھی گہرا اثر قبول کرتا ہے۔

میزان ملازم جب خاموش خاموش دکھائی دینے لگے اور تن آسانی کا مظاہرہ کرنے لگے تو سمجھ لیں کہ یا تو دفتر کا ماحول ناخوشگوار ہو گیا ہے، یا پھر آپ کے دوسرے ملازمین کا طرز عمل میزان ملازم کے ساتھ پہلے جیسا نہیں رہا ہے کیونکہ انہی دونوں صورتوں سے میزان ملازم گہرا اثر قبول کرتا ہے۔

Marfat.com


# برج میزان کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




برج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد بہت اچھے دوست ہوتے ہیں۔ دوسرے لوگ اپنی ضروریات کے لئے ان کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ وہ ہر کسی کے ساتھ ایمانداری اور خلوص کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ جو لوگ ان پر بھروسہ کرتے ہیں، میزان افراد انہیں کبھی مایوس نہیں کرتے اور اس لحاظ سے ان پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔ میزان افراد کے اندر وابستگی کا جذبہ پایا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دوستی ان کی زندگی کے لئے اتنی ہی ضروری ہے جتنی ایک انسان کے لئے سانس ضروری ہے۔ ان کی دوستی اس سے کہیں زیادہ گہری ہوتی ہے جتنی بظاہر نظر آتی ہے۔ میزان افراد کی دوستی میں ایک قسم کا وقار پایا جاتا ہے اور وہ اپنی الگ تھلگ اور خلوت پسند زندگی میں رنگینی پیدا کرنے کے لئے دوست بناتے ہیں۔ میزان افراد اس بات کی زیادہ سے زیادہ کوشش کرتے ہیں کہ وہ اپنے حلقہ احباب کی تعداد میں اضافہ کرتے رہیں اور نئے نئے، دلچسپ قسم کے لوگوں کو اپنا دوست بنائیں۔ ان کے دوستوں کی اکثریت ایسے افراد پر مشتمل ہوتی ہے جو سوسائٹی میں بااثر یا نمایاں اور ممتاز ہوتے ہیں۔ میزان افراد کی شخصیت حسن اور توازن کی نمائندگی کرتی ہے اور یہ تمام وہ بنیادی خصوصیات


ہیں جو میزان افراد اپنے دوست احباب اور عزیز و اقارب میں دیکھنا چاہتے ہیں کیونکہ وہ خود بھی ان تمام خصوصیات کے مالک ہوتے ہیں۔ ایک دوست اور ساتھی کی حیثیت سے میزان افراد پسندیدہ خصائل کے مالک ہوتے ہیں اور اپنی زندگی کو زیادہ سے زیادہ خوشگوار بنانے میں اپنے دوستوں سے اپنے مخصوص طریقے سے کام لینے کا گر جانتے ہیں۔

## برج میزان کا بارہواں گھر، حدود




میزان افراد میں یہ کمی ہے کہ وہ نجی معاملات میں عمل کرنے کے لئے کوئی فیصلہ کرنے کی صلاحیت سے محروم ہوتے ہیں اور یہ رجحان ان کی زندگی میں بہت بڑی مصیبت بن جاتا ہے۔ جہاں تک دوسروں کے فیصلوں اور آپ کی زندگی سے بیرونی مسائل کا تعلق ہے تو ان میں ان سے زیادہ تیز اور معقول فیصلہ کوئی نہیں کر سکتا۔ لیکن کوئی ایسا فیصلہ جس کا ان کی اپنی زندگی پر اہم اثر پڑ رہا ہو تو یہ متبادل تجاویز پر غور کرنا شروع کر دیتے ہیں اور یہ ایسا کرنے میں اتنی دیر لگا دیتے ہیں کہ معاملہ ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ اپنی قبر خود کھودتے ہیں اور یہ بات اس لئے کہی گئی ہے کہ وہ شخص جو دوسروں کے فیصلے خود کرتا ہو اپنے فیصلوں میں قادر نہ ہو۔ تو ایسی بات ہے جیسے چراغ تلے اندھیرا۔

## برج عقرب کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

اس برج کے تحت جنم لینے والے آہنی عزم وارادے کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ عموماً زندگی کا کوئی واضح نصب العین طے کرتے ہیں اور پھر اس پر عمل پیرا ہو جاتے ہیں۔ وہ دور رس نگاہ کے حامل، بہت مخلص اور صاف گو ہوتے ہیں۔ عقرب لوگ بہادر اور حوصلہ مند ہوتے ہیں۔ وہ محنت سے کبھی نہیں گھبراتے اور راہ کی رکاوٹیں انہیں کبھی بددل نہیں کر سکتیں اور وہ اس وقت تک اپنی جدوجہد جاری رکھتے ہیں جب تک اپنی منزل حاصل نہ کر لیں۔ وہ مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔


برج عقرب سے تعلق رکھنے والے اپنی آہنی شخصیت کے باوجود فطرتاً نرم خو اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔ عام طور پر وہ دوسروں کے جذبات کا خیال رکھتے ہیں۔ وہ جب کسی سے دوستی رکھتے ہیں تو اسے تاحیات نبھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ عقرب افراد اصول پسند ہوتے ہیں اور شاذونادر ہی ان سے انحراف کرتے ہیں۔ وہ جس راستے کو سیدھا اور سچا سمجھتے ہیں اس سے ہٹنے پر تیار نہیں ہوتے۔

## شخصیت کے منفی پہلو

عقرب لوگ کبھی کبھی ضرورت سے زیادہ حساس اور زود رنج ثابت ہوتے ہیں۔ بعض اوقات وہ بلاوجہ لوگوں کو اپنا دشمن سمجھنے لگتے ہیں۔ انہیں اکثر یہ احساس رہتا ہے کہ لوگ ان کی قدر نہیں کرتے۔ اپنے مضبوط ارادے کی وجہ سے عموماً یوں ہوتا ہے کہ وہ جس کام کو شروع کر دیں اسے جلد ترک کرنے پر تیار نہیں ہوتے، خواہ اس میں انہیں مسلسل نقصان ہی کیوں نہ ہو رہا ہو۔

وہ اپنے لئے جس راستے یا منزل کا انتخاب کرتے ہیں، اس کے حصول کے لئے بعض اوقات وہ دوسروں کو نیچا دکھانے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ ایسے موقعوں پر وہ خاصے سنگدل ہو جاتے ہیں اور دوسروں کی سوچ کا قطعی لحاظ نہیں کرتے۔ عقرب لوگوں میں انتقام کا جذبہ بھی شدید ہوتا ہے اور انہیں غصہ بھی جلد آجاتا ہے۔ وہ جنسی طور پر بھی غیر متوازن ہو سکتے ہیں۔

## برج عقرب کا پہلا گھر، شخصیت و کردار




یہ لوگ ہر معاملے میں بالادست رہنا پسند کرتے ہیں اور اس میں اکثر کامیاب بھی رہتے ہیں۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ جس کام کا ارادہ کریں، اسے پایۂ تکمیل تک پہنچائے بغیر چین سے نہیں بیٹھ سکتے۔ مستقل مزاجی ان کے کردار کا ایک اہم حصہ ہے بعض لوگ ان کی دوستی پسند نہیں کرتے لیکن عقرب افراد کو اس کی قطعی پروا نہیں ہوتی البتہ وہ کسی معاملے میں اپنے آپ کو نظرانداز کئے بغیر نہیں رہتے۔ وہ اپنے موقف پر اڑ جاتے ہیں خواہ وہ غلط ہی کیوں نہ ہوں۔ یہ لوگ لڑائی جھگڑے سے نہیں گھبراتے بلکہ بعض اوقات یہ اپنی باتوں سے خود دوسروں کو لڑائی کی دعوت دیتے ہیں۔ عقرب افراد کے بارے میں یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ وہ زندگی بنانے کے لئے اپنے راستے کا تعین خود کرتے ہیں۔ ان کے اپنے وضع کردہ اصول اور ضابطے ہوتے ہیں اور دوسروں کے مشوروں کو قطعی اہمیت نہیں دیتے۔ برج عقرب کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد زندگی کو ایک بہت بڑا معرکہ سمجھتے ہوئے ایک


Marfat.com

باہمت سپاہی کی طرح اس کا مقابلہ کرتے ہیں۔ شکست یا ہزیمت انہیں پسند نہیں اور وہ کوشش کرتے ہیں کہ ایسی کوئی چیز ان کے قریب پھٹکنے نہ پائے۔ انہیں جنگجو کہنا بھی غلط نہ ہو گا اور یہ اپنی ذہانت سے فائدہ اٹھانا بھی خوب جانتے ہیں۔ عقرب لوگوں میں ہمدردی اور رحم کا جذبہ بہت کم ہوتا ہے۔ انہیں کسی کے دکھ درد کا احساس نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ لحاظ و مروت سے کام لینا جانتے ہیں۔ ان کے منہ سے نکلے ہوئے چند الفاظ کسی کا سکون برباد کرنے کے لئے کافی ہوتے ہیں۔ وہ کسی کو دلاسہ دینے کے لئے منہ سے دو میٹھے بول بھی نہیں نکال سکتے۔ انہیں صرف اپنے کام سے مطلب ہوتا ہے خواہ اس کے لئے کسی کو کتنا ہی نقصان کیوں نہ برداشت کرنا پڑے۔ اس تجزیے کے پیش نظر انہیں خود غرض کہا جا سکتا ہے۔

کسی عام آدمی کے لئے برج عقرب کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد کو سمجھنا ممکن نہیں تو مشکل ضرور ہوتا ہے۔ ان کے خیالات اس قدر پیچیدہ ہوتے ہیں کہ دوسروں کے لئے ان سے کوئی نتیجہ اخذ کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ بعض اوقات عقرب افراد کسی معاملے پر اس طرح خاموشی اختیار کر لیتے ہیں کہ انہیں کسی قیمت پر زبان کھولنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ وہ اپنے آپ پر ایک ناقابل شکست خول چڑھا لیتے ہیں۔ عقرب افراد بدترین حالات میں بھی اپنی ذہنی صلاحیتوں کے استعمال کے فن سے واقف ہوتے ہیں اور اپنی تمام تر توانائی اس صورتحال سے نمٹنے میں صرف کر دیتے ہیں۔ یہ لوگ چونکہ توانائی تعمیری کام پر صرف نہیں کرتے اس لئے بعض اوقات اپنے جال میں خود ہی پھنس جاتے ہیں۔ یہ لوگ خیالی جنگ کے ماہر بھی ہوتے ہیں۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ ان کا موقف غلط اور بے بنیاد ہے، وہ اس پر ڈٹے رہتے ہیں اور ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ صرف وہی سچے ہیں اور باقی ساری دنیا جھوٹی ہے۔ برج عقرب سے تعلق رکھنے والے بعض اوقات دوسروں کی نسبت زندگی کو بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں اور دوسروں کے مقابلے میں ان کا مطالعہ بھی وسیع ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ لوگ ہر کام کو نہایت آسانی سے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی صلاحیت رکھتے ہیں مگر یہ ہمیشہ مشکل راستہ اختیار کریں گے۔ یہ چونکہ جنگجو فطرت کے مالک ہوتے ہیں اس لئے دوسروں کو لڑتے جھگڑتے دیکھ کر بھی انہیں خوشی ہوتی ہے۔ بعض اوقات یہ لوگ اپنے انہی جذبات کی تسکین کے لئے جان بوجھ کر دوسروں کو لڑا دیتے ہیں۔

Marfat.com

## برج عقرب کا دوسرا گھر، مال و دولت




اس طاقتور برج کے تابع پیدا ہونے والے افراد مالی تحفظ کو زندگی کا مقصد قرار دیتے

Marfat.com

ہیں۔ عقرب اپنے عزم و استقلال کی صلاحیت سے اپنے مقصد کو قابل حصول بنا دیتے ہیں۔ دولت جمع کرنے میں سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ آپ میں محاذ قائم کر لینے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ آپ کا مطمع نظریہ ہوتا ہے کہ "بہترین سے کم حاصل ہی نہیں کرنا ہے"۔ ظاہری خوش نمائی میں آپ اپنے ہمسایوں سے سبقت لے جانا چاہتے ہیں اور سماجی تقریبات میں اپنی حیثیت سے زیادہ نمود و نمائش کرتے ہیں۔ آپ کو جدید ترین اور بہترین کار ملنی چاہیے۔ اعلیٰ درجہ کا لباس اور زیورات ہونے چاہئیں جن پر رقم خرچ کرنی پڑتی ہے۔ آپ کو کلب سے گھر جانے کے لئے ٹیکسی ضرور ملنی چاہیے، خواہ دوسرے دن بھوکا ہی رہنا پڑے۔ اگر دوست آپ کو گورنمنٹ ٹرانسپورٹ کی بس یا منی بس میں سفر کرتا دیکھ لیں تو انہیں یہ احساس ہو جائے گا کہ آپ کسی طریقہ سے رقم بچانے کی کوشش کر رہے ہیں اور اگر آپ کو کہیں سے دولت مل جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ دوستوں کو ایک بڑی دعوت دی جائے گی اور اس وقت تک عیش کوشی جاری رہے گی جب تک ساری رقم خرچ نہ ہو جائے۔


عقرب افراد کے ذہن میں دولت کمانے کے عجیب و غریب خیالات آتے رہتے ہیں۔ اگر آپ نے ابھی مالی طور پر خود کو محفوظ نہیں کر لیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے دکھاوے اور رئیسانہ ٹھاٹ باٹ سے زندگی گزارنے میں اپنی کمائی اڑا دی ہے اور خود اپنی غلطیوں سے تباہ ہو گئے ہیں۔

علاوہ ازیں ان کا برج دنیا کی سیکرٹ طاقتوں کا نمائندہ ہوتا ہے اور اس برج میں پیدا ہونے والے افراد میں ناجائز کاروبار میں ہاتھ ڈال دینے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ عقرب افراد کاروبار میں دھوکہ دہی کے نئے نئے طریقے ایجاد کر لیتے ہیں۔

فراخدلی، اسراف اور مناسب طریقے پر خرچ نہ کرنے کے باعث اکثر عقرب افراد ناجائز طریقے سے کمائی کرنے لگتے ہیں۔ اگر وہ ایمانداری اور مثبت طریقہ سے کام لیتے تو شاید اس سے بھی زیادہ دولت کما سکتے۔

Marfat.com

# برج عقرب کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




ابتدائی عمر میں ہی ان بچوں کو اپنی خواہشات اور جوش و غضب کو قابو میں رکھنے کی تعلیم دینا چاہئے۔ ان کی تعمیری خواہشات کو پورا کرنے کے لئے سامان مہیا کرنا چاہئے۔ ابتداء میں ان بچوں کو تعمیری کھلونے اور انجن وغیرہ لا دینا چاہئے، بعد میں چیزیں بنانے والے اوزار مہیا کرنا چاہئے۔

ان بچوں کو تہذیب ضرور سکھانا چاہئے لیکن ان کو بہت زیادہ دبا کر رکھنا خطرناک ہے کیونکہ اگر ابتدائی عمر میں ان کی فطرت دب کر رہ گئی تو آخری عمر میں آتش فشاں کی مانند غصہ ان کے اندر سے پھوٹ نکلے گا۔

بچپن میں اگر ان کی طاقتوں اور قوتوں کو تعمیری کاموں میں لگا دیا گیا تو وہ کامیاب مرد اور عورت ثابت ہونگے۔ بچپن ہی میں ان کو اپنے اوپر قابو رکھنا سکھائیں اور آگ کے خطرات اور مشینوں کے ضرر سے آگاہ کروائیں۔ انہیں بھاپ اور حرارت کی حیرت ناک قوت اور کام کرنے کی طاقت سے واقف کروائیں لیکن ساتھ یہ بھی بتائیں کہ جس قوت کو

Marfat.com


قابو میں نہیں رکھا جاتا، اس کے کیا اثرات لاحق ہوتے ہیں۔

یہ لوگ باتیں بنانے پر کام کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کا حافظہ بہت اچھا ہوتا ہے یہ کسی بات کو شاید ہی کبھی اور کسی وقت بھولتے ہوں۔

یہ ہر قسم کی پابندی سے گھبراتے ہیں۔ ان کو کسی کام میں بھی شدت اختیار نہیں کرنے دینا چاہئے بلکہ اعتدال پسندی کی خوبیوں سے آگاہ کرتے رہنا چاہئے۔ ان کو قوت اظہار سے کام لینے دیں۔

ان کو بہت پرزور متحرک کرنے والی طاقت عطا ہوئی ہے۔ ان کی روک تھام کے لئے بھی زوردار لگام اور سمجھ کی ضرورت ہے تاکہ اس قوت کو صحیح راستے پر لگا دیا جائے۔ ان کی جو تربیت 7 سے 14 سال کے درمیان کی جاتی ہے، اسی پر آئندہ زندگی کا دارومدار ہوتا ہے۔

## برج عقرب کا چوتھا گھر، گھریلو تعلقات





عقرب افراد کو گھر سے خاص دلچسپی نہیں ہوتی۔ آپ انہیں گھریلو نہیں کہہ سکتے۔ لمحڑی میں تولہ پل میں ماشہ مزاج ہونے کی وجہ سے وہ گھر میں ہنگامہ کھڑا کئے رکھتے ہیں لیکن

Marfat.com

اگر انہیں گھریلو زندگی کے بارے میں صحیح رہنمائی مل جائے تو دوسرے کاموں کی طرح اس معاملے میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور گھر کے ہر فرد کی ضرورت کا خیال رکھیں گے۔ گھر کی آرائش میں ان کا ذوق بڑا اعلیٰ ہوتا ہے۔ دوسرے لوگ کوشش کے باوجود ان کی نقالی نہیں کر سکتے۔ عقرب افراد قدرے مغرور ہوتے ہیں۔ کسی چیز کی ملکیت پر انہیں بجا طور پر فخر ہوتا ہے۔ اپنے بیوی بچوں سے بے پناہ چاہت کے ساتھ ان کی یہ خواہش بھی ہوتی ہے کہ وہ اس کی دیگر دلچسپیوں میں ان سے بھرپور تعاون کریں۔ بعض عقرب افراد اپنا زیادہ وقت گھریلو امور میں صرف کرتے ہیں۔ ایسے گھروں میں آپ کو گھریلو استعمال کی چیزیں جدید ترین نظر آئیں گی۔ عقرب افراد دوسرے معاملات کی طرح گھریلو معاملات میں بھی بالادستی چاہتے ہیں۔ وہ دوسروں کے مشورے سننے کے باوجود اپنی مرضی کرتے ہیں۔ وہ بڑے خاندان پسند کرتے ہیں۔ ان کے بچوں کی تعداد دوسروں سے زیادہ ہوتی ہے۔ تاہم وہ بچوں کی بد تمیزی برداشت نہیں کرتے اور ان پر کڑی نظر رکھتے ہیں۔

## برج عقرب کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق





برج عقرب سے تعلق رکھنے والے والدین اپنے خاندان میں ہر طرح اتحاد رکھتے ہیں

Marfat.com

اور اسے منتشر نہیں ہونے دیتے۔ وہ اس معاملے میں یکجہتی کے اصول پر قائم رہتے ہیں وہ اپنے بچوں کی نگہداشت اور ان کی تعلیم و تربیت کے بارے میں خاص خیال رکھتے ہیں اور نازو نعم سے ان کی پرورش کرتے ہیں۔ وہ ان کی ضروریات تکمیل پذیر کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کے بچوں کو کسی طرح کی تکلیف نہ ہو بلکہ ہر خوشی، فرحت اور راحت نصیب ہو۔ عقرب والدین اپنے بچوں کی بہتری کے متعلق منصوبے بناتے ہیں اور ان کے متعلق اچھے انداز میں سوچتے ہیں مگر وہ اپنے بچوں کے نقطۂ نظر کی ذرا پروا نہیں کرتے بلکہ وہ ان پر اپنا حکم سختی سے چلانا پسند کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے بچے ضدی اور سرکش بن جاتے ہیں۔ عقرب افراد سلجھے ہوئے ہونے کے باوجود بچوں کے ساتھ اس قسم کا رویہ رکھتے ہیں۔ یہ حیرت کی بات نہیں ہے کہ ان کے بچے بڑے آدمی بنیں مگر ان کی بچوں پر زیادہ سختی انہیں متزلزل کر دیتی ہے اور وہ الجھے الجھے رہنے لگتے ہیں۔

عقرب والدین کے بچوں کی تعداد دوسروں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے لیکن بعض والدین اپنے لاتعداد بچوں کی ذمہ داریاں پوری کرنا ضروری نہیں سمجھتے البتہ وہ ان پر بڑی کڑی نگاہ رکھتے ہیں۔ بچوں کی کوئی معمولی سی بدتمیزی بھی ان کے لئے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ ان کا اولاد کے ساتھ غلط رویہ اولاد کو غلط راہ پر ڈال سکتا ہے اور ان کے بچے جوان ہو کر معاشرے کے لئے بڑے خطرناک ثابت ہوتے ہیں۔ عقرب والدین کو چاہئے کہ اپنے بچوں کے ساتھ پیار، محبت اور شفقت کے ساتھ پیش آئیں اور بے جا سختی سے گریز کریں۔ ہر وقت کی ڈانٹ ڈپٹ سے بچے ضدی اور خودسر ہو سکتے اور جوان ہونے کے بعد جب یہی اولاد ان کو اہمیت نہیں دیتی تو یہ لوگ شکوہ کرتے ہیں کہ اولاد نافرمان ہو گئی ہیں اس لئے عقرب والدین کو چاہئے کہ اپنے غصے کو قابو میں رکھیں اور بچوں کے ساتھ شفقت سے پیش آئے۔

# برج عقرب کا چھٹا گھر، صحت و امراض





عقرب کسی حد تک خون کی روانی پر حکمرانی کرتا ہے اور اس کا حادثات کے نتیجے میں خون بہنے کا امکان ہے۔ خدانخواستہ اگر کوئی حادثہ ہو جائے تو فوراً ہی اینٹی سپٹک علاج کروائیں اور کوئی جان جوکھم کا کام کرنے سے پہلے ڈاکٹر سے معائنہ کروالیں کہ آپ کا جسم اس مشقت کو برداشت کر سکتا ہے یا نہیں۔ اگر آپ کو چوٹ لگ جائے یا خراشیں آجائیں تو زخم دیر میں مندمل ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر کی ہدایت پر سختی سے عمل کریں۔ مزید برآں السر پیدا ہونے، دانتوں اور آنکھوں کا درد نیز نتھنوں میں انفیکشن پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔

عقرب کی جسمانی ساخت بہت شاندار ہے، اور آپ میں حیرت انگیز طور پر از سر نو تازہ دم ہونے کی طاقت پائی جاتی ہے۔ اس لئے ضرورت سے زیادہ تساہل پسندی ترک کر دیں یا ورزش کر کے اس میں توازن پیدا کریں۔ کیونکہ ان کی بیماریوں کا سبب زیادہ تر دوران خون ہوتا ہے۔ ضرورت سے زیادہ اناپ شناپ نہ کھائیں اور غذائی اصولوں پر سختی سے عمل

کریں۔ آپ کی زندگی میں حادثات کا زیادہ امکان ہے جن میں گاڑیوں کے ٹکرانے کا خطرہ بھی موجود ہے۔ آپ کا حکمران سیارہ مریخ ہے جو حادثات کو کنٹرول کرتا ہے اس لئے آپ تیز دھار والے آلات اور دھماکہ خیز اشیاء سے ہوشیار رہیں۔ مشینری یا آلات سے کام لیتے وقت احتیاط کریں کیونکہ گاڑیوں، ہوائی جہازوں اور دوسرے مقامات جہاں مشینری استعمال کی جاتی ہے، وہاں آپ کے لئے خطرہ موجود ہے۔

## برج عقرب کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




برج عقرب کے زیر اثر پیدا ہونے والی عورت اگرچہ خاصی حسین اور جاذب نظر ہوتی ہے لیکن اس کی آواز اور لب و لہجہ جنس مخالف کو زیادہ متاثر کرتا ہے۔ اگر چہرے کے نقوش دل پذیر نہ بھی ہوں تو اس کی آواز مرد کو اپنے طلسم میں گھیر لیتی ہے۔ کسی کو پسند کر لینے کے بعد وہ اسے ٹوٹ کر چاہے گی اور کوشش کرے گی کہ اس کی طرف سے شکایت کا کوئی موقع پیدا نہ ہو لیکن اس کے ساتھ ہی وہ اپنے محبوب سے بھی اسی خلوص اور چاہت کی

Marfat.com

خواہش مند ہو گی جس کا اظہار وہ خود کرتی ہے۔


رومانس کو عقرب عورت کی زندگی میں بڑی اہمیت حاصل ہے لیکن انتخاب سے پہلے وہ اپنے محبوب کے بارے میں پوری طرح اطمینان حاصل کر لینا چاہتی ہے کہ وہ اس کے معیار پر پورا اترتا بھی ہے یا نہیں۔ یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ عقرب عورت جس مرد کو پسند کر لیتی ہے اسے حاصل کر کے ہی رہتی ہے۔ وہ اپنے محبوب کو صرف اور صرف اپنا ہی دیکھنا چاہتی ہے اور اگر اسے ذرا سا بھی شبہ ہو جائے کہ اس کا محبوب کسی دوسری عورت میں بھی دلچسپی لے رہا ہے تو پھر قیامت ہی آ جائے گی۔ وہ کسی ایک مرد کا انتخاب کرنے کے بعد مرتے دم تک اس کی ہو کر رہے گی اور ہر معاملے میں اس کی مددگار و معاون ثابت ہو گی۔ عقرب عورت اپنے شوہر کی ترقی میں بڑی معاون ثابت ہوتی ہے اور وہ اس کے حقوق کے لئے لڑنے مرنے پر بھی آمادہ رہتی ہے۔

برج عقرب کے زیر اثر پیدا ہونے والے مرد عورتوں کے لئے بڑی کشش رکھتے ہیں۔ ان میں ایک ایسی مقناطیسی قوت ہوتی ہے کہ وہ جس عورت کی طرف دیکھتے ہیں، وہ بے اختیار ان کی طرف کھنچی چلی آتی ہیں۔ محبت کے معاملے میں وہ بڑے حساس ہوتے ہیں۔ وہ سطحی رومانس کو پسند نہیں کرتے بلکہ وہ جس کو بھی چاہیں گے دل کی گہرائیوں سے، اور جواب میں بھی ایسی ہی محبت کے خواہشمند ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ نہایت حاسد بھی واقع ہوتے ہیں۔ اگر ان کی محبوبہ کسی دوسرے مرد کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھ لے تو بھڑک اٹھتے ہیں۔

عقرب مرد بہترین شوہر اور اچھے باپ ثابت ہوتے ہیں۔ وہ گھر کے افراد کی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ کسی کو کوئی شکایت نہ ہو۔ ان کی رومانی زندگی بڑی ہنگامہ خیز ثابت ہوتی ہے لیکن اپنی شریک حیات کے وفادار رہتے ہیں۔ عقرب مرد بڑی فیملی کے دلدادہ ہوتے ہیں لیکن چھوٹے بچوں سے انہیں زیادہ دلچسپی نہیں ہوتی تاہم وہ دور رہتے ہوئے بھی ان کی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں۔ عقرب مرد انتہائی باوفا ہوتا ہے اور زندگی میں جب کسی سے محبت کرتا ہے تو پھر زندگی بھر اس کے ساتھ رہنا پسند کرتا ہے۔

Marfat.com

# برج عقرب کا آٹھواں گھر، عمر




اس ضمن میں ایک امریکی ادارے نے سات سال کی لگاتار محنت کے بعد جو انکشافات کئے ہیں وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔ اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا ہے کہ سیارے انسانی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔

اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد و شمار جمع کئے ہیں۔ اس کے مطابق یہ افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس دنیا سے رخصت ہوئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت اور قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے حاصل کی تھیں۔


اس نے بتایا کہ ہم نے پندرہ ہزار کیسوں کا مطالعہ کیا اور ہم یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ

Marfat.com

ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔اب آپ بھی اپنا برج دیکھ کر اس کے مطابق اپنی عمر کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

چونکہ یہ باب برج عقرب سے تعلق رکھتا ہے اور اس کے متعلقہ حاکم سیارے مریخ اور پلوٹو ہیں اس لئے ان کے مطابق جن افراد کی تاریخ پیدائش 24 اکتوبر تا 23 نومبر کے دوران کسی بھی دن یا کسی بھی تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں ان میں مردوں کی اوسط عمریں 68 سال 6 ماہ ہوتی ہیں اور خواتین کی اوسط عمریں 73 سال اور 6 ماہ ہوتی ہیں۔

## برج عقرب کا نواں گھر، قسمت





| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | ذ، ژ، ض، ظ، ن |
| حکمران ستارہ | مریخ، پلوٹو |
| موافق نگینہ | پکھراج، سنگ سلیمانی |
| موافق رنگ | قرمزی، سبز، نیلا |
| موافق پھول | گل داؤدی |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| موافق خوشبو | صنوبر |
| موافق دن | منگل |
| موافق نمبر | 9 |
| موافق برج | سرطان، حوت |
| ناموافق برج | ثور، اسد، دلو |
| گوارا برج | سنبلہ، میزان، قوس، جدی |
| غیر جانبدار برج | حمل، جوزا |

## برج عقرب کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار





ایک کاروباری عقرب کے متعلق غلط اندازہ لگانا اگرچہ بہت آسان ہے، لیکن اس کے نتائج بہت خطرناک نکلیں گے۔ اکثر عقرب افراد سوچ سمجھ کر منصوبہ بندی کرتے ہیں اور جب وہ کوئی ملازمت کر رہے ہوں تو ان کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ کہاں جا رہے ہیں اور جو شخص

Marfat.com

ان کے راستہ میں مزاحمت کر رہا ہو، اس کو اٹھا کر پھینک دینے کی ان میں مکمل صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ لوگ نہایت سکون سے مناسب وقت کا انتظار کرتے رہتے ہیں، اور اپنے کارکنوں پر یہ ظاہر کر دیتے ہیں کہ ان کا نعم البدل ناممکن ہے۔ گویا ان کے بغیر گاڑی چل ہی نہیں سکتی ہے۔ آپ کو اضافی ذمہ داری قبول کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں ہوتی ہے اور پوزیشن مضبوط کرنے کے لئے آپ دیر تک کام کرتے رہتے ہیں۔ بحران کی صورت میں آپ مضبوط کردار کا ثبوت دیتے ہیں، جبکہ دوسرے لوگوں کے ہاتھ پیر پھول جاتے ہیں۔ یہی وہ موقع ہے جب آپ اپنے بنیادی کام سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

## برج عقرب کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات





Marfat.com

۔ در حقیقت عقرب زندگی کی پراسرار اور خفیہ طاقتوں کی نمائندگی کرتا ہے اور کبھی ظاہرداری سے کام نہیں لیتا لیکن اگر ایک بار آہستہ آہستہ اس کی دوستی کا مرحلہ طے کر لیں تو وہ کسی بھی بحران میں قابل اعتماد ثابت ہوگا۔

وہ سخی اور مہربان ہوتا ہے مگر عملی انداز میں! ظاہرداری یا لفاظی کی بجائے "دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے۔" کے مصداق زیادہ گرم جوشی اسے پریشان کر دیتی ہے۔ اس پر تمسخرانہ جملے بازی میں محتاط رہئے کیونکہ وہ ہر بات کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ عقرب گفتگو میں روانی کو پسند کرتا ہے اور اس کا دل جیتنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے اندر موضوع بحث کے متعلق دلچسپ اور مدلل بیان کی اہلیت پیدا کریں۔ وہ ترتیب اور صاف ستھرے لباس کو پسند کرتا ہے، مگر اکھڑے برتاؤ کو شدت سے ناپسند کرتا ہے۔

## برج عقرب کا بارہواں گھر، حدود




عقرب کو اپنی شخصیت کے تمام پہلوؤں سے آگاہی ہونی چاہئے اور ایک بے نقص تعلق کی توقع نہیں کرنی چاہئے۔ جب تک وہ اپنی ذات کو مکمل طور پر سمجھنے کے قابل نہ ہو،

تب تک وہ اپنی ہی خواہشات کا شکار ہوتا رہے گا۔ وہ اپنی وفا سے انکار کر سکتا ہے اور جفا اختیار کر کے اس کی تلافی کر سکتا ہے اسی طرح وہ اپنی اطاعت شعاری کی ضرورت کا ساتھ دے کر اپنی طاقت سے انکار کر سکتا ہے۔ عقرب کو چاہئے کہ معاشرے نے اس کے کچھ بنیادی جذبات پر "برائی" کا جو لیبل چڑھا دیا ہے، اسے دور کرنے کی کوشش کرے۔ مثلاً

1۔ وہ نفسانی خواہشات سے بھرپور ہوتا ہے مگر بد کردار نہیں۔

2۔ وہ مسابقت پسند کرتا ہے مگر سرد کیریئر کا مالک نہیں۔

3۔ وہ مسابقت میں فتح حاصل کرنا چاہتا ہے اور اسے اس بات کو تسلیم کرنا چاہئے۔

عقرب فرد دکھاوے کی بجائے حقیقی دوستی کا قائل ہوتا ہے۔ پہلی ہی ملاقات میں وہ دو ٹوک باتیں کرتا ہے۔ اس پہلو سے وہ زیادہ پسندیدہ شخصیت نہیں ہے اور اکثر اس کے متعلق یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ وہ سرد مہر اور غلبہ پسند ہے۔

Marfat.com

چھپے چھپائے تعویذات پر مشتمل روحانی ڈائریاں آپ کے لئے

یہ ڈائریاں پریشان حال خواتین وحضرات کیلئے رہنما گائیڈ ہیں

پُراثر تعویذاتِ قلندر
المعروف
تعویذات کی روحانی ڈائری

تیر بہدف تعویذاتِ الف ثانیؒ
المعروف
تعویذات کی روحانی ڈائری

آسان و مجرب تعویذاتِ غزالیؒ
المعروف
تعویذات کی روحانی ڈائری

پُرتاثیر تعویذاتِ شمسؒ
المعروف
تعویذات کی روحانی ڈائری


**روبی پبلی کیشنز**

دکان نمبر 13، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور

فون: 042-37243301، موبائل: 0300-4213406

Email: rubypublisher@hotmail.com

## برج قوس کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

اس برج کے تحت جنم لینے والوں کا اہم وصف دیانت داری اور صاف گوئی ہوتا ہے۔ زندگی کے بارے میں ان کا نقطۂ نظر واضح اور دوٹوک ہوتا ہے۔ قوس لوگ بہت بالغ نظر اور سنجیدہ ہوتے ہیں۔ وہ کشادہ ذہن کے حامل اور درگزر کرنے والے ہوتے ہیں اور لوگ ان کی صاف گوئی پر عموماً انہیں پسند کرتے ہیں۔ وہ دھوکہ دہی اور رازداری سے گریز کرتے ہیں اور بلند آدرش کے حامل ہوتے ہیں۔ وہ دوسروں پر بہت جلد اعتماد کر لیتے ہیں اور دوسروں سے بھی ایسی ہی توقع رکھتے ہیں۔ وہ شکی اور حاسد نہیں ہوتے۔ وہ بہت جلد دوسروں سے بے تکلف ہو جاتے ہیں اور ان کی یہ عادت ان کی مقبولیت کا سبب بنتی ہے۔ زندہ دلی اور بذلہ سنجی ان کے کردار کا ایک حصہ ہوتی ہے اور لوگ ان پر بھروسہ کرتے ہیں۔

برج قوس کے مرد اور عورتیں اکثر شوخ اور چنچل ہوتے ہیں اور عموماً ہر حال میں مست اور مگن رہتے ہیں۔ وہ کھیلوں اور گھر کے باہر کے کاموں کو پسند کرتے ہیں نیز جانوروں سے محبت رکھتے ہیں۔ دوسروں سے گفتگو کا آغاز کرنے اور اپنا نقطۂ نظر سمجھانے میں انہیں کوئی دقت نہیں ہوتی۔ وہ خود غرض اور مغرور نہیں ہوتے۔


## شخصیت کے منفی پہلو

برج قوس سے تعلق رکھنے والے افراد کی فطرت میں ٹھہراؤ اور سکون نہیں ہوتا۔ وہ عموماً کوئی کام کرتے وقت احمقانہ رسک لیتے ہیں اور نقصان اٹھاتے ہیں۔ وہ اپنی غلطیوں سے اکثر سبق نہیں لیتے بلکہ انہیں دہراتے رہتے ہیں۔ قوس لوگ منصوبہ بندی کے فقدان کی وجہ سے عموماً مالی طور پر پریشان رہتے ہیں اور دولت کے حصول کے لئے بعض اوقات مجرمانہ سرگرمیوں میں بھی ملوث ہو جاتے ہیں۔

بعض قوس افراد باتونی اور حماقت کی حد تک صاف گو ہوتے ہیں۔ ان کی اس عادت سے دوسروں کی دل شکنی ہو تو انہیں اس بات کا احساس تو نہیں ہوتا اور یوں وہ دشمنوں کی تعداد میں اضافہ کر لیتے ہیں۔ وہ وعدے کر کے بھول جانے کے عادی ہوتے ہیں۔ وہ کسی بات پر جم کر نہیں رہ سکتے۔ ان کی زندگی میں نظم وضبط اور جدوجہد کا فقدان ہوتا ہے۔

Marfat.com

# برج قوس کا پہلا گھر، شخصیت و کردار





قوس کے زیر اثر پیدا ہونے والے لوگ عام طور پر خاموش طبع اور ذہین ہوتے ہیں جو اپنی زندگی میں فلسفے کو نمایاں اہمیت دیتے ہیں۔ وہ یہ جانتے ہیں کہ اپنے امیج میں تجربہ کو کیسے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ وہ دوسروں سے دوستی اور تعلقات نبھاتے وقت اپنے خوبصورت ذہن سے کام لیتے ہیں اور اپنے تعلقات میں ہمیشہ ایماندار رہتے ہیں۔ یہ لوگ اکثر دوسرے لوگوں سے امیدیں باندھ لیتے ہیں جن کے پورا نہ ہونے پر ان کو دکھ ہوتا ہے۔ ان کی سوچ ہمیشہ مثبت ہوتی ہے اور یہ لوگ پرانی روایات پر قائم رہتے ہیں۔ وہ زندگی کو پسند کرتے ہیں۔ وہ اکثر دوسروں کی مدد کرتے ہیں۔ ان کا موڈ ہر وقت اچھا رہتا ہے۔ یہ لوگ گھومنے پھرنے کو ترجیح دیتے ہیں اور کھیلوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ عام طور پر یہ لوگ ذہنی اعتبار سے صحت مند ہوتے ہیں۔ یہ لوگ صاف ستھری ہوا اور عمدہ ماحول کو ہمیشہ ترجیح دیتے ہیں جبکہ دوسری

Marfat.com

جانب اپنے ذہن میں ترقی کا پہلو نمایاں رکھتے ہیں۔ بہت سے قوس حضرات بہت زیادہ پڑھائی نہیں کر سکتے بلکہ مختصر باتوں پر دھیان رکھتے ہیں عام طور پر یہ لوگ تھیٹر اور فن کی دنیا کو پسند کرتے ہیں۔ ان میں سے کچھ مذہب کے پابند ہوتے ہیں اور کچھ مذہبی زندگی گزارنا چاہتے ہیں۔ ان میں سے بعض صورت حال کے مطابق خود کو ڈھال لیتے ہیں اور ان ہی عادتوں کی بدولت یہ لوگ تجربہ کرتے رہتے ہیں۔ قوس افراد متوازن ہوتے ہیں نیز چست و چالاک رہنا پسند کرتے ہیں اور یہ لوگ اپنی عقل کے ذریعے لطف اندوز ہوتے رہتے ہیں۔ وہ ہر اس شخص کو ناپسند کرتے ہیں جو جانبدار ہو۔ اگر کوئی قوس شخص یہ محسوس کرلے کہ پرانے قانون غیر حقیقی ہیں تو وہ ان میں تبدیلی کے لئے لڑتا ہے اور اس موقع پر بغاوت پر بھی آمادہ ہو جاتا ہے۔ یہ لوگ بڑے خوش بیاں ہوتے ہیں اور دوسروں سے بحث کرنے اور انہیں اپنی باتوں سے متاثر کرنے میں ماہر ہوتے ہیں۔ قوس افراد ہمیشہ سفر میں رہتے ہیں اور سیر و تفریح کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ قوس افراد گفتگو میں بہت چالاک ہوتے ہیں۔ وہ لفظوں کا صحیح استعمال جانتے ہیں اور گفتگو کے دوران بہترین دلائل دیتے ہیں نیز اپنے بیان کی حقیقت جانتے ہیں۔ ان کے دماغ میں اکثر اپنی تقدیر کا پورا خاکہ ہوتا ہے۔ قوس افراد ہیرا پھیری کرنے والے نہیں ہوتے لیکن کبھی کبھی ضرورت سے زیادہ باتونی ہو جاتے ہیں۔ قوس افراد میں اپنے مطلب تک براہ راست پہنچنے کی ایک فطری خواہش ہوتی ہے۔ قوس افراد عمل پسند ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے سماجی کاموں میں ایک خاصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کی ہمدردیاں غرباء اور مساکین کے ساتھ ہوتی ہیں۔ ان کا مزاج چونکہ متوازن ہوتا ہے اس لئے انتہا پسندی کی جانب مائل نہیں ہوتے۔ یہ لوگ پرعزم حوصلہ مند ہوتے ہیں، امن پسند ہوتے ہیں اور جھگڑوں سے دور رہتے ہیں البتہ اصولوں پر مٹ جاتے ہیں۔ فکر کا انداز مثبت اور تصویر کا روشن پہلو دیکھنا ان کی اعلیٰ خصوصیات ہیں۔ وہ جس کام کو شروع کردیں اس کی گہرائی تک پہنچنا چاہتے ہیں۔ ناکامی سے نہ ڈرنا بھی قوس افراد کی ایک خوبی ہے۔ قوس افراد ایکٹیو ہوتے ہیں لیکن اکثر و بیشتر مسائل کی سختی اور سنگینی کا اندازہ درست طور پر نہیں لگا سکتے اور خود مشکل میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔

Marfat.com

# برج قوس کا دوسرا گھر، دولت




☆......دولت حاصل کرنے کے سلسلے میں قوس افراد کو بہت سے چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے پیشوں کے بارے میں آپ کا انتخاب محدود ہو کر رہ جاتا ہے۔

☆......قوس افراد محبت کے معاملے میں اتنے دانش مند نہیں ہیں جتنے دولت کے معاملے میں دانشمند ہیں۔

☆......یہ اگر صحافت اختیار کریں تو اس میں ان کی کامیابی یقینی ہے۔


☆......قوس افراد سیاسی کھیل میں بھی شریک ہو سکتے ہیں اور ترقی کر سکتے ہیں۔

☆......دولت کے معاملے میں یہ خوش قسمت ہیں بشرطیکہ یہ عقل و دانش سے کام لیں۔

☆......انہیں چاہئے کہ دولت کو فضول خرچ نہ کریں بلکہ سوچ سمجھ کر خرچ کریں تو کامیابی حاصل کریں گے۔

Marfat.com

# برج قوس کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




ابتدائی عمر میں یہ بچے ادھر ادھر گھومنے پھرنے کو پسند کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ تلاش و تجسس، اور کھیل کود کے شوقین ہوتے ہیں۔

یہ بچے جسمانی لحاظ سے مضبوط اور تندرست ہوتے ہیں۔ باقاعدہ پیدل چلنا، دوڑنا اور کودنا پھاندنا ان کے لئے سب سے بہتر ورزش ہے مگر والدین کو نگرانی رکھنا چاہئے کہ یہ پہاڑیوں کی چوٹیوں اور مکانوں کی چھتوں پر چڑھنے کے خطرے میں مبتلا نہ ہوں اور نہ خطرناک کھائیوں' خندقوں اور غاروں میں جانے پائیں۔

یہ بچے خوبصورت ہوتے ہیں۔ ان کی ہمت افزائی کر کے ان کو طاقت حاصل کرنے کا موقع دینا چاہئے۔ ان کو محدود جگہوں میں پابند نہ کریں ورنہ یہ گمراہ ہو جائیں گے۔ ان کو کلبوں' انجمنوں' کھیلوں اور تفریحات میں حصہ لینے دیں۔ نیز بوائے سکاؤٹ اور گرل گائیڈ


Marfat.com

کی سرگرمیوں میں شریک ہونے کی اجازت دیں۔

والدین کو چاہئے کہ ان بچوں کو یکسوئی کی قدرو قیمت بتائیں چنانچہ ایک کام کو ختم کرنے سے پیشتر دوسرا امت شروع کرنے دیں۔ان میں کھیل کود کے انہماک کے مادہ کو زیادہ ترقی نہ دیں تاکہ یہ مطالعاتی دلچسپیوں سے غفلت نہ برتیں۔ مطالعہ ان کے لئے بڑی تفریح کی چیز ہے اور بہادروں کے واقعات سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ ابتدائی عمر میں ان کی کثیر النوع دلچسپیوں میں حصہ لینے کی کمزوری کو روک دینا چاہئے۔

لڑکیوں کو خاص طور پر کروشیا کے کام اور بنائی وغیرہ میں دلچسپی ہوتی ہے اور وہ ہر قسم کا ادنی کپڑا بننے میں مشاق ہوتی ہیں۔ اگر مذہب کی جانب ان کی طبیعت مائل ہو تو اس میلان کو ضرور نشو ونما کریں۔

## برج قوس کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی





یہ گھریلو معاملات میں خاص دلچسپی نہیں لیتے لیکن اگر گھر کی طرف مائل ہوں تو

بہترین گھریلو افراد ثابت ہوتے ہیں۔ ان افراد کو عیش و عشرت سے لگاؤ نہیں ہوتا۔ وہ نہایت سادہ زندگی بسر کرنا پسند کرتے ہیں چنانچہ اگر ان کے پاس دولت ہو بھی تو نمائش نہیں کرتے۔ ان کا شمار ان لوگوں میں کیا جا سکتا ہے جو صفائی نصف ایمان پر یقین رکھتے ہیں۔

یہ افراد آزاد منش ہوتے ہیں۔ وہ اپنے آپ پر کسی قسم کی پابندی پسند نہیں کرتے۔ وہ بچوں سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ وہ افراد خانہ کی ضروریات کا خیال رکھیں گے اور انہیں کوئی تکلیف نہ ہونے دیں گے۔ دوستی کے معاملے میں وہ بڑے پر خلوص ہوتے ہیں۔ ان کے ہاں اکثر بے وقت دوستوں کی آمد و رفت جاری رہتی ہے جن سے وہ ہمیشہ خندہ پیشانی سے پیش آتے ہیں۔

## برج قوس کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق





قوس ماں قوس باپ کے مقابلے میں بہتر ثابت ہوتی ہے کیونکہ والد کی حیثیت میں قوس شخص اپنے بچوں کی نگہداشت سے کوئی خاص دلچسپی نہیں رکھتا اور عموماً وہ بچوں کی سرگرمیوں میں عدم دلچسپی کا اظہار کرتا ہے۔

Marfat.com

کہتے ہیں کہ قوس مرد کو دنیا اور اس کے معاملات سے اتنی زیادہ دلچسپی ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں پر مناسب وقت صرف نہیں کرتا ہے اور اپنی دنیا میں مگن رہتا ہے۔

قوس عورت اپنے بچوں پر خصوصی توجہ دیتی ہے اور ان کی بھرپور نگہداشت کرتی ہے نیز اوائل عمر ہی میں عالمی حالات کے بارے میں ان میں دلچسپی پیدا کرتی ہے۔ وہ قومی مسائل اور مذہب تک بچوں کو فلسفیانہ رسائی سے آگاہ کرتی ہے اور بچوں کی اس طرح کی تربیت اتنی چھوٹی عمر میں نہ صرف قابل قدر ہوتی ہے بلکہ آگے چل کر ان کی زندگی میں اہم کردار میں ادا کرتی ہے۔

## برج قوس کا چھٹا گھر، صحت و امراض





جہاں تک برج قوس سے تعلق رکھنے والے افراد کی صحت کا تعلق ہے، اس ضمن میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ افراد صحت مند اور تندرست و توانا ہوتے ہیں۔ ان کے جسم بڑے طاقتور اور توانا ہوتے ہیں۔ یہ افراد تندرستی کو بہت زیادہ عزیز رکھتے اور پسند کرتے ہیں۔

فطرتی طور پر ان کے جسم بڑے توانا اور مضبوط قسم کے ہوتے ہیں۔

ڈیل ڈول اور قد کاٹھ کے لحاظ سے برج قوس سے تعلق رکھنے والے افراد سڈول اور خوبصورت نظر آتے ہیں۔ توانائی' چستی اور مستعدی ان کی شخصیت کا ایک لازمی جزو ہے۔ ان کی زبردست خواہش ہوتی ہے کہ اپنی جسمانی صحت کو بہتر بنائیں اور اسے فٹ رکھیں۔ یہ اپنی صحت اور تندرستی کو برقرار رکھنے کے لئے بڑی محنت اور انتھک مشقت کرتے ہیں۔ انہیں نفیس 'لذیذ اور مرغن غذائیں بھی بہت پسند ہیں۔ بخار میں گردن اکڑ جانا، گھنٹیا اور لنگڑا پن، جوڑوں کا ہلنا، ہاضمے کی خرابی، ہاتھ پاؤں اور کولہے میں ضرب، حلق کی بیماریاں اور گردے سکڑنے کی بیماری میں مبتلا ہونے کا قوس افراد کو خطرہ ہوتا ہے۔

## برج قوس کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




برج قوس کے زیر اثر پیدا ہونے والی عورت کو عام طور پر سمجھنا زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔ فطرتاً وہ بہت ہمدرد واقع ہوتی ہے اور دوسروں کی مدد کر کے اسے روحانی تسکین ملتی


ہے۔ اسے Active بھی کہا جا سکتا ہے۔ امید پرست ہونے کے ناطے وہ کسی چیز کا صرف روشن پہلو ہی دیکھنا پسند کرتی ہے۔ قوس عورت کو سمجھنا چونکہ زیادہ مشکل نہیں ہوتا اس لئے مرد ان میں بہت جلد دلچسپی لینے لگتے ہیں۔ بعض اوقات قوس عورت رومانس سے پہلے طویل عرصے تک محض دوستانہ تعلقات استوار رکھتی ہے اور مطمئن ہونے کے بعد ہی وہ رومان کے بارے میں سوچتی ہے۔ برج قوس سے تعلق رکھنے والی عورت اس برج کے مرد کی طرح آزادی پسند واقع ہوتی ہے اور محبت میں بھی وہ آزادی کو ترجیح دیتی ہے۔ شادی کے بعد وہ اپنے آپ پر کسی قسم کی پابندی پسند نہیں کر سکتی۔ قوس عورت کے بارے میں یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہئے کہ وہ ماضی میں کوئی ٹھوکر کھا چکی ہے تو اسے دوبارہ محبت کی طرف مائل کرنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ قوس عورت مثالی بیوی ثابت ہو سکتی ہے۔ شوہر کے کاموں سے اسے بڑی دلچسپی ہوتی ہے اور ازدواجی زندگی سے پوری طرح لطف اندوز ہوتی ہے۔ قوس عورت کی ایک خاصیت یہ بھی ہے کہ وہ حسد نہیں کرتی چنانچہ اس کے شوہر کے دوستوں میں اگر عورتیں بھی شامل ہوں تو اسے کوئی اعتراض نہیں ہوتا۔ قوس عورت محبت اور عشق میں انتہائی حد تک پر خلوص اور دیانتدار ہوتی ہے کیونکہ وہ دل کی گہرائیوں سے محبت کرتی ہے اور اگر اسے دھوکہ دیا جائے تو یہ زخمی شیرنی کی طرح خطرناک ہو جاتی ہے۔

برج قوس سے تعلق رکھنے والا مرد چونکہ مہم پسند واقع ہوا ہے اس لئے زندگی کے دوسرے شعبوں کی طرح محبت میں بھی رسک لینے سے باز نہیں آتا۔ وہ بھنورے کی طرح اس وقت تک کلی کلی منڈلاتا رہے گا جب تک کسی ایک کے بارے میں مطمئن نہ ہو جائے۔ اس برج کے زیر اثر مردوں کی اکثریت یہ سمجھتی ہے کہ شادی سے ان کی آزادی کا خاتمہ ہو جائے گا اسی لئے وہ اسے زیادہ سے زیادہ عرصے تک نظرانداز کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن ان کا کوئی رومان سنجیدگی اختیار کر جائے تو وہ کچھ سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ قوس مرد کی شادی کم عمری میں ہو جاتی ہے۔ بعد میں وہ اپنے اس فیصلے پر پچھتاتے ہیں اور اس طرح بعض قوس افراد محبت کے معاملے میں دھوکہ کھا جاتے ہیں لیکن اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو زندگی کے اس شعبے کو دلچسپ مہم سمجھتے ہیں اور اس سے پوری طرح محظوظ ہوتے ہیں چنانچہ وہ چاہتے ہیں کہ ان کی محبوبہ بھی انہی کی طرح روشن دماغ اور مزاح پسند ہو۔ قوس مرد

Marfat.com

اس لڑکی کو ترجیح دے گا جو اس کی طرح سیر و تفریح کی دلدادہ ہو اور کھیلوں سے دلچسپی رکھتی ہو لہٰذا کھلاڑی لڑکیاں اسے زیادہ پسند ہوتی ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ضروری ہے کہ اس کی پسندیدہ لڑکی میں عقل و دانش کا مادہ موجود ہو اور وہ مختلف موضوعات پر اس سے کھل کر بحث کر سکے۔ قوس مرد چونکہ دوسروں پر تنقید کرنے کا عادی ہوتا ہے اس لئے بعض اوقات اس کی طرف سے لڑکی بددل ہو سکتی ہے جس سے تعلقات بگڑنے کا اندیشہ بھی ہو سکتا ہے چنانچہ قوس مرد کم از کم محبت کے معاملے میں اپنی اس عادت پر قابو پالیں تو اچھا ہی ہو گا۔

## برج قوس کا آٹھواں گھر، عمر




عمروں کے ضمن میں ایک امریکی ادارے نے سات سال کی لگاتار محنت کے بعد جو انکشافات کئے ہیں وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔ اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا کہ سیارے انسانی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔


اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات

Marfat.com

کے اعداد جمع کئے۔ اس کے مطابق یہ افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس فانی دنیا سے رخصت ہوئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ معلومات عامہ اور محکمہ صحت اور قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے حاصل کی تھیں۔ اس نے بتایا کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔ اب آپ بھی اپنا برج دیکھ کر اپنی اوسط عمر دریافت کر سکتے ہیں۔

چونکہ یہ باب برج قوس سے تعلق رکھتا ہے اس لئے اس کے مطابق جن افراد کی تاریخ پیدائش 23 نومبر تا 21 دسمبر ہو تو ان میں قوسی مردوں کی عمر 62 سال اوسط ہوتی ہے اور قوسی خواتین کی عمر 63 سال اور 6 ماہ ہوتی ہے۔


## برج قوس کا نواں گھر، قسمت




| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | ف |
| حکمران ستارہ | مشتری |
| موافق نگینہ | حجر القمر، فیروزہ |

| | |
|---|---|
| موافق رنگ | نیلا، سیاہ، بھورا |
| موافق پھول | نرگس آبی |
| موافق خوشبو | زعفران |
| موافق دن | جمعرات |
| موافق نمبر | 3 |
| موافق برج | حمل، اسد |
| ناموافق برج | جوزا، سنبلہ، حوت |
| گوارا برج | میزان، عقرب، جدی، دلو |
| غیر جانبدار برج | ثور، سرطان |

## برج قوس کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار




یہ افراد گھوڑے کی طرح محنتی اور باعمل ہوتے ہیں۔ چیلنج قبول کرنا ان کی عادت ہے۔ یہ جس کام میں ہاتھ ڈالتے ہیں، اسے مکمل کئے بغیر نہیں چھوڑتے۔ ان کی ایک خاصیت

Marfat.com

یہ ہے کہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ تجربہ حاصل کر لینا چاہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بعض اوقات ایک وقت میں کئی کئی کام شروع کر دیتے ہیں۔ اسی لحاظ سے انہیں ہر فن مولا بھی کہا جا سکتا ہے۔

یہ افراد عملی شعبوں میں زیادہ کامیاب ہو سکتے ہیں۔ ان میں بعض بہت اچھے صحافی اور ادیب ثابت ہوتے ہیں۔ درس و تدریس کے کام میں بھی انہیں آگے بڑھنے کے مواقع ملتے ہیں۔ بعض قوس افراد غیر ممالک میں اپنے وطن کی نمائندگی بڑی خوبصورتی سے کرتے ہیں۔ اگر وہ سرکاری ملازمت میں ہوں تو بہت جلد ترقی کرتے ہیں اور اگر بزنس لائن میں آئیں تو پبلشنگ کے کاروبار میں زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔


جنگجویانہ ذہنیت کے ساتھ سفر کے شوق میں آپ اوورسیز امن کے دستوں یا ہلال احمر مختلف شعبوں میں کام کر سکتے ہیں۔ فلسفیانہ رجحان طبع کے ساتھ اسپورٹس کے شوق سے آپ مشرقی مارشل آرٹ میں بلیک بیلٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ کنگ فو جوڈو سے کراٹے تک آپ کوئی بھی شعبہ پسند کر سکتے ہیں۔

کنسٹرکشن، انجینئرنگ، اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اور آرکیٹکچر کے شعبے آپ کے لئے بہتر رہیں گے۔ فائر فائیٹنگ کا کام بھی آپ کی طبیعت کے عین مطابق ہے۔

اسپورٹس کی مناسبت سے گھڑ دوڑ، پولو، پچنگ اور ریسلنگ کے ذریعے جانوروں کو پکڑنا آپ کے لئے ایسے شعبہ ہیں جن ہیں آپ نام پیدا کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

## برج قوس کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات





اگر آپ کو مخلص دوست چاہئے تو ایک قوس فرد تلاش کریں۔ انہیں سمجھنا چونکہ زیادہ مشکل نہیں ہوتا اس لئے لوگ ان کے بہت جلد دوست بن جاتے ہیں۔ یہ لوگ دوستی آخری لمحوں تک نبھاتے ہیں۔ سادگی پسند ہونے کی وجہ سے وہ نمود و نمائش سے متاثر نہیں ہوتے۔ وہ مزاح پسند ہوتے ہیں لیکن ان میں قوت فیصلہ کی کمی ہوتی ہے۔ ان افراد کو بہترین خطیب کہا جا سکتا ہے۔ وہ نہ صرف دوسروں کی بات آسانی سے سمجھ لیتے ہیں بلکہ اپنا مافی الضمیر بیان کرنے میں بھی انہیں خاصی مہارت ہوتی ہے۔ وہ جب بولنے پر آتے ہیں تو بے تکان بولے چلے جاتے ہیں لیکن بعض اوقات چپ سادھ لیتے ہیں۔

یہ افراد دیانتدار اور سچائی پسند ہوتے ہیں۔ چنانچہ جھوٹ انہیں پسند نہیں ہوتا۔ اگر وہ کسی بات پر ناراض ہوں تو بری طرح بھڑک اٹھتے ہیں لیکن بہت جلد ٹھنڈے بھی ہو جاتے ہیں۔ وہ کسی کے خلاف دل میں بغض اور کینہ نہیں رکھتے۔ وہ صاف دل ہوتے ہیں اور لڑائی جھگڑے کو بہت جلد بھول جاتے ہیں۔ وہ صاف گو ہونے کی وجہ سے کئی بار نقصان بھی اٹھاتے ہیں لیکن بہر حال وہ دل کے برے نہیں ہوتے۔

Marfat.com

## برج قوس کا بارھواں گھر، حدود




قوس بنیادی طور پر روایتی فطرت کا حامل ہونے کی بناء پر رجعت پسند ہوتا ہے۔ لیکن
اس کے باوجود نئے دور کے احساس سے ناآشنا نہیں ہوتا۔ اسکی آزاد روح اور خوش باش وبے

غرض جذباتیت صنف مخالف کو اس کی تعریف و ترقی پر آمادہ کرتی رہی ہے۔


وہ بھی جواباً صنف مخالف کو اپنی دلی محبت سے نوازتا ہے لیکن اپنی شرائط پر! وہ اپنے آزاد تحفظ کو ترجیح دیتا ہے اور اسے برقرار رکھنے کی کوشش کرتا ہے اگرچہ اس کیلئے اسے اپنی بالغانہ زندگی کا ایک بڑا حصہ اکیلے گزارنا پڑے۔

جب مرد اپنے "مونث" پہلو کو قبول کرنے لگے تو قوس عورت کو اپنا "مذکر" پہلو اس کے سامنے لانے میں احتیاط کرنا چاہیے۔ وہ کمزور مرد کو اس قدر ناپسند کرتی ہے کہ اس مسئلے کو اس مرد پر بھی ٹھونس سکتی ہے جو کہ اپنے کمزور پہلو کو شناخت کرنا سیکھ رہا ہو۔ مرد محبت میں نیا توازن قائم کرنے کے لئے اس کی وسیع القلبی، خود مختاری اور نرم دلی کی طرف کھنچا چلا آتا ہے۔ قوس عورت جو اپنے مرد کی طاقت کی آزمائش کرتی ہے، اس کی جذباتی قربت کی سنجیدہ کوششوں پر پانی پھیر کر اسے ناراض کر سکتی ہے۔

مختصراً قوس عورت کو یاد رکھنا چاہیے کہ اس کی "مردانہ" فطرت اس کی "زنانہ" فطرت کی نسبت مضبوط ہو سکتی ہے۔ مرد کے ساتھ تعلقات میں ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ وہ اپنے زنانہ پہلو کو فروغ دے۔

Marfat.com

## برج جدی کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

برج جدی سے تعلق رکھنے والے افراد بہت ثابت قدم، مستقل مزاج اور صابر ہوتے ہیں۔ انہیں جو بھی کام سونپا جائے وہ اسے بہت محنت اور استقلال سے پایۂ تکمیل تک پہنچاتے ہیں۔ وہ قابل اعتماد اور محنتی ہوتے ہیں۔ وہ اپنا کام دیانت داری اور انتہائی توجہ سے کرتے ہیں۔ جدی مرد اور خواتین عموماً پر عزم ہوتے ہیں اور زندگی کے بارے میں ان کے ارادے بہت واضح ہوتے ہیں۔ وہ اپنے لئے جس نصب العین کا تعین کر لیتے ہیں، اس کے حصول کے لئے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں اور جب وہ کسی کام کا عزم کر لیتے ہیں تو اکثر و بیشتر اسے مکمل کر کے ہی دم لیتے ہیں۔ وہ کسی بھی شعبے میں کام کریں، محنتی اور دیانت دار کارکن ثابت ہوتے ہیں۔ کام کے دوران انہیں کیسی ہی مشکل پیش آئے، وہ حرف شکایت زبان پر نہیں لاتے۔

جدی لوگ کاروباری امور کو بہت اچھی طرح سمجھتے ہیں اور دولت کی قدر کرتے ہیں۔ وہ غیر ضروری اخراجات سے پرہیز کرتے ہیں اور برے دنوں کے لئے کچھ نہ کچھ ضرور بچا کر رکھتے ہیں۔ وہ حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا جانتے ہیں۔ وہ کسی بھی چیز کو سطحی نظر سے نہیں دیکھتے اور جزئیات کو نظر انداز نہیں کرتے۔ وہ قابل اعتماد اور وفادار دوست ثابت ہوتے ہیں۔ وہ ذمہ داریوں سے کبھی نہیں گھبراتے اور اپنا کام کبھی دوسروں پر نہیں ڈالتے۔


## شخصیت کے منفی پہلو

برج جدی میں جنم لینے والے اکثر دوسروں پر غیر ضروری تنقید کرتے ہیں اور بعض اوقات اپنے سوا سب کو کمتر اور حقیر جانتے ہیں۔ وہ اپنے لئے جو بلند معیار قائم کرتے ہیں، بعض مرتبہ وہ ان کے لئے دشوار بن جاتا ہے۔ ان میں دولت اور مادی اشیاء کی خواہش حرص و ہوس کی حدوں تک جا پہنچتی ہے۔ وہ اپنے پاس سے کم سے کم خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کرنے کی کوشش میں رہتے ہیں۔

جدی افراد اکثر دوسروں پر اپنی مرضی ٹھونسنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان کا رویہ کبھی کبھار جابرانہ ہو جاتا ہے۔ وہ اپنی دانست میں دنیا بھر کی اصلاح کے لئے کوشاں رہتے ہیں، مگر ایسا کرتے ہوئے وہ دوسروں کے احساسات اور خواہشوں کو یکسر نظر انداز کر دیتے ہیں۔

Marfat.com

# برج جدی کا پہلا گھر، شخصیت و کردار





جدی افراد مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں اور بامقصد زندگی گزارتے ہیں۔ وہ اپنی خواہشات کے غلام ہوتے ہیں اور جس چیز کی خواہش ہو، اسے حاصل کر کے ہی دم لیتے ہیں۔ وہ نہایت متحمل مزاجی سے اپنے کام کا آغاز کرتے ہیں اور انتہائی بلندی تک پہنچنے کے لئے کوشش جاری رکھتے ہیں چنانچہ وہ عموماً کامیاب ہو جاتے ہیں۔ بلند مقام کی خواہش کرنا ان کی فطرت ہوتی ہے لہٰذا وہ ہمیشہ ترقی کا پہلو مدنظر رکھتے ہیں اور موجودہ حالات کو بہتر

بنانا چاہتے ہیں۔ وہ چیزوں کو خوب سے خوب تر دیکھنا چاہتے ہیں اور ان کی ساری توجہ اپنے نصب العین کی طرف رہتی ہے۔ وہ بے دلی سے کام نہیں کرتے بلکہ جو کام کرتے ہیں، اسے خوش اسلوبی سے کرنا جانتے ہیں۔ برج جدی کی علامت بکرا ہے اور اس سے متعلقہ افراد انتہائی نامساعد حالات میں بھی پہاڑی بکرے کی طرح بڑے متوازن انداز میں زمین پر قدم جما کر آہستہ آہستہ آگے بڑھتے ہیں۔ یہ افراد جانتے ہیں کہ ان کو زندگی میں کیا کرنا ہے اور دنیا میں کوئی کام ایسا نہیں جس کو وہ کرنا چاہیں اور کامیاب نہ ہوں۔ وہ دوستی سے فائدہ اٹھانے کا فن اچھی طرح جانتے ہیں۔ چونکہ صبر اور ثابت قدمی کا مادہ ان لوگوں میں بدرجۂ اتم پایا جاتا ہے لہٰذا اس کی بدولت وہ اپنے ہر مقصد میں کامیاب رہتے ہیں۔ جدی فرد اپنے ساتھیوں میں عمل کی تحریک بھی پیدا کرتا ہے۔ اگر وہ دوسروں کے اندر ایسی خوبیاں دیکھتا ہے جو خود اس میں نہیں ہوتیں تو ان کی تعریف کرنے میں بخل سے کام نہیں لیتا۔ جب کوئی جدی فرد کسی کو پسند کرتا ہے یا کسی پر اعتماد کرتا ہے تو پھر ساری عمر اس کا ساتھ نہیں چھوڑتا کیونکہ وہ وفادار ہوتا ہے۔ وہ عارضی دوستی پر یقین نہیں رکھتا۔ جب وہ کسی چیز یا شخص کا بارے میں کوئی رائے دے تو یہ منافقت کی بنیاد پر نہیں بلکہ نیک نیتی اور اخلاص پر مبنی ہوتی ہے۔ یہ دوسرے کا دل موہ لینا خوب جانتا ہے۔ گو کہ جدی فرد کبھی کبھی بہت مغرور نظر آتے ہیں اور سب سے الگ تھلگ رہنا پسند کرتے ہیں تاہم اس برج میں پیدا ہونے والے لوگ واضح اور صاف انداز فکر رکھتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ یہ لوگ ذہین ہوں لیکن ان کی قابلیت پر کوئی شک نہیں ہوتا۔ وہ اگر کسی کام میں دلچسپی لیں اور مناسب توجہ دیں تو اسے صحیح طور پر پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ جدی افراد باشعور اور محتاط ہوتے ہیں نیز وہ روپے پیسے کے معاملے میں بہت محتاط ہوتے ہیں لیکن وہ عام طور پر فیاض ہوتے ہیں۔ اگر کس شخص کو مالی مدد کی ضرورت ہو تو وہ کبھی انکار نہیں کرتے بلکہ کبھی کبھی وہ اپنے طریقوں سے ہٹ کر بھی دوسروں کی مدد کرتے ہیں اور اپنی مدد کا معاوضہ وصول کرنے کی خواہش نہیں رکھتے اگر کوئی ان کا شکریہ ادا کر دے تو یہی ان کے لئے بہت کافی ہوتا ہے۔

Marfat.com

## برج جدی کادوسراگھر، مال ودولت





جدی افراد اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے زیادہ عرصے تک سخت محنت کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ یہ لوگ بڑی فرمانبرداری کے ساتھ طویل المیعاد فائدے کی خاطر وقتی فائدے کو نظرانداز کردیتے ہیں۔ مالی اعتبار سے اپنی زندگی کے آخری دور میں یہ خود کفیل بن جاتے ہیں۔

بہرحال جدی افراد اگر اپنے مالی مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ان کو تھوڑی سی انتہا پسندی چھوڑنی پڑے گی اور غالباً جدی افراد سے یہ توقع رکھنا سعی لاحاصل ہے۔ وہ ہر نئی چیز کی مخالفت کرتے ہیں کیونکہ وہ نئی ہوتی ہے جس کا انہیں کوئی تجربہ نہیں ہوتا ہے یعنی وہ تجربہ کرنے سے ڈرتے ہیں۔ جدی افراد یہ چاہتے ہیں کہ کم از کم رسک لیا جائے۔ ان کو چاہئے کہ جدید چیزوں کو مارکیٹ میں لائیں اور مینجمنٹ کی جدید ٹیکنیک پر عمل کریں ورنہ

Marfat.com

ترقی کا دوران کو پیچھے چھوڑ دے گا۔ اگر ضرورت پڑے تو جدی افراد کو وقت کے ساتھ بدل جانا چاہئے اور ان پرانے طریقوں کو چھوڑ دینا چاہئے جو جدید حالات میں بیکار ہو گئے ہیں۔ یہ تجربات کرنے سے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جدی افراد کی موجودہ اتھارٹی ختم ہو جاتی ہے۔ وہ یہ بھی سوچ سکتے ہیں کہ ان کی موجودہ پوزیشن میں تبدیلی آ جائے گی یا ان کو چاہئے کہ تبدیلی آنے سے پہلے اپنا کوئی اور کام کر لیں کیونکہ وہ یہ خطرہ مول لینے کے لئے تیار نہیں ہوتے اور اپنا کام شروع کرنے کے بعد ہی جدی افراد زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ اٹھانے میں آزاد ہوں گے۔

## برج جدی کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




اگر مستقبل میں ان بچوں کی تندرستی مطلوب ہے تو ابتداء ہی میں سخت پابندیاں عائد کرنے کی ضرورت ہے۔ ان بچوں کے پیروں کو سردی اور رطوبت سے بچانا ضروری ہے


Marfat.com

نیز ان کے سینے اور پھیپھڑوں کی خاص نگرانی کرنی چاہئے۔ ان کے وجود پر ساتھیوں کے اثرات کا مطالعہ کرتے رہنا چاہئے اور خراب صحبت سے بچاتے رہنا چاہئے۔

ان کے مطالعہ کے ذوق کو بڑھاتے رہنا چاہئے۔ ساتھ ہی ساتھ ورزشوں کے شوق کو ابھارنا چاہئے۔ جہاں یہ بچے رہتے ہوں، وہاں خاص طور پر ہوا اور روشنی کا انتظام رکھنا چاہئے۔ انہیں بھوت پریت کے قصوں سے بچانا چاہئے۔ اگرچہ ان کو بالطبع پریوں اور غیر مرئی وجود کے قصوں سے زیادہ دلچسپی ہوتی ہے۔

سینما سے ان بچوں کو بہت ذوق ہوتا ہے مگر ان کے لئے فلم کا انتخاب خاص طور پر کرنا چاہئے تاکہ ان میں غیر ضروری جوش و خروش پیدا نہ ہونے پائے۔ ان کے سامنے بہادروں، جانبازوں، محققوں اور سیاحوں کے حالات پر اندھا دھند اور بڑے بڑے کارناموں کو پیش کرنا چاہئے لیکن ان کے جذبات کو قابو میں رکھنا چاہئے اور خاص طور پر نگرانی کرنا چاہئے تاکہ وہ ان واقعات کا ابھی سے گھر میں مظاہرہ کرنا نہ شروع کر دیں۔

## برج جدی کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی




جدی افراد چاہتے ہیں کہ جب وہ عملی زندگی میں قدم رکھیں تو بہترین طور پر گھریلو

Marfat.com


زندگی کا آغاز کریں۔ اعلیٰ مستقبل کی خاطر یہ شادی کے لئے ایسے فرد کا انتخاب کرتے ہیں جسے یہ معاشرتی اور مالی لحاظ سے موزوں ترین خیال کرتے ہیں۔ وہ جب ایک بار کسی شخص کو شریک زندگی بنا لیتے ہیں تو پھر اسے ہمیشہ نبھاتے ہیں۔ یہ لوگ نہ تو دوسری شادی کو پسند کرتے ہیں اور نہ ہی طلاق کو۔

جدی افراد زیادہ بڑے خاندان کو بھی پسند نہیں کرتے اور اپنی گھریلو ذمہ داریوں کو بہت زیادہ محسوس کرتے ہیں۔ وہ گھریلو انتظامی امور پر مکمل کنٹرول رکھتے ہیں مگر ان کے کاموں میں بڑی سست رفتاری ہوتی ہے اس لئے بچے ان سے ذرا کھنچے رہتے ہیں حالانکہ یہ اپنی اولاد سے بہت محبت کرتے ہیں۔ جب بچے بڑے ہوتے ہیں تو جانتے ہیں کہ ان کی جدی ماں یا باپ ان کی بہتری کیلئے کس قدر کوشاں ہیں۔ وہ بالغ ہونے پر والدین سے زیادہ محبت کرتے ہیں اور انہوں نے جو تحفظ انہیں فراہم کیا، اس کی قدر کرتے ہیں۔ جدی افراد میں سے اکثر اپنے اندر خوبیوں کی کمی کو محسوس کرتے ہیں۔ کمی کا یہ احساس انہیں رومان کی طرف لے جاتا ہے اور وہ خوبیاں جو ان میں موجود نہیں ہوتیں، دوسرے میں پا کر اپنی محبت کا آغاز کرتے ہیں لہٰذا کامیاب ازدواجی زندگی گزارتے ہیں جس کی بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ یہ لوگوں کے ساتھ مطابقت کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ وہ شادی کے بعد خود کو مکمل انسان تصور کرنے لگتے ہیں۔
برج جدی سے متعلقہ افراد پرانی تہذیب اور خوبصورتی کے دلدادہ ہوتے ہیں اور کچھ تو موسیقی کے بے حد رسیا ہوتے ہیں۔ ان کے گھر میں آسائش اور خوبصورتی میں اضافہ کرنے والی اشیاء کثرت سے پائی جاتی ہیں چنانچہ ان کے گھر کا ماحول بڑا پر سکون ہوتا ہے۔ وہ گھریلو امور میں بھی باقاعدگی کا خیال رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر کھانے سونے اور تفریح کے اوقات انہوں نے جو مقرر کر رکھے ہیں، ان کی پابندی کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے گھر جا کر دوسرے بڑا آرام و سکون حاصل کرتے ہیں لیکن جدی افراد اپنے گھر اور جائیداد کے بارے میں بڑے مغرور واقع ہوئے ہیں۔ چونکہ یہ معاشرے میں ایک ذمہ دار شخص کی حیثیت سے جانے پہچانے جاتے ہیں اس لئے اچھے ہمسائے ثابت ہوتے ہیں۔

تاہم وہ اپنے گھریلو معاملات میں کسی کی دخل اندازی بالکل برداشت نہیں کرتے۔ ان کا گھر پڑوسیوں کے لئے پر کشش ہوتا ہے اور یہ لوگ چاہتے ہیں کہ لوگ ان کی امارت سے

متاثر ہو کر ان کی عزت کریں۔ اپنے وقار کو بڑھانے کے لئے وہ پڑوسیوں پر برتری حاصل کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ بچے ان کی زندگی میں خوشیاں لاتے ہیں لیکن زیادہ بچے انہیں پسند نہیں۔ وہ اپنے چھوٹے خاندان کے ساتھ ہنسی خوشی رہتے ہیں اور بچوں کو مناسب حد تک توجہ دیتے ہیں لیکن بچوں سے بڑی توقعات وابستہ کر لیتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ بچے ان کی محبت کا صلہ دیں چنانچہ جب بچے بدتمیزی یا شرارت کرتے ہیں تو یہ لوگ بڑا سنگدلانہ انداز اختیار کرتے ہیں۔

## برج جدی کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق





جدی والدین کی شخصیت انتہا پسندی کے دوسروں کے درمیان جھولتی رہتی ہے۔ یا تو وہ اپنے بچوں کے ساتھ ضرورت سے زیادہ لاڈ پیار کرتے ہیں اور ان کے ساتھ انتہائی نرمی سے پیش آتے ہیں یا پھر وہ اپنی اولاد کے ساتھ غیر ضروری سختی سے پیش آتے ہیں، ان سے اپنے احکام کی بے چوں وچرا تعمیل کراتے ہیں اور ان پر سخت پابندیاں عائد کرتے ہیں۔

Marfat.com

عام طور پر جدی والدین کو اپنے بچوں سے گہری محبت ہوتی ہے اور ان کو وہ اپنے ازدواجی تعلقات کی تکمیل تصور کرتے ہیں۔ جدی والدین کا بچپن خود بھی متغیر حالات میں گزرتا ہے کیونکہ وہ اپنے والدین کے باہمی تعلقات سے بہت متاثر ہوتے ہیں اور اپنے والدین کی ناخوشگوار ازدواجی زندگی کی یادوں کو فراموش نہیں کرتے۔ اپنے اس تجربے کی روشنی میں وہ اپنی اولاد کو ناخوش گوار صورتحال سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں۔

لیکن ناپختہ قسم کے جدی والدین خصوصاً باپ اپنے ماضی کے تجربے سے اس حد تک ناخوش گوار اثر قبول کرتا ہے کہ اپنے بچوں سے متعلق اس کا رویہ انتہائی سخت ہو جاتا ہے۔ ایسے باپ اپنے بچوں پر طرح طرح کی سختی کرتے ہیں اور ان کو سخت نظم وضبط کا پابند بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ اپنے اس طرز عمل کا دفاع کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ سختیاں خود بچوں کے لئے مفید ثابت ہوں گی۔

## برج جدی کا چھٹا گھر، صحت وامراض





بچپن میں جدی افراد صحتمند اور توانا نہیں ہوتے اور نوعمری کے زمانے میں کئی بیماریوں

کا شکار رہتے ہیں کیونکہ یہ لوگ بڑے نازک مزاج ہوتے ہیں لیکن جوں جوں ان کی عمر بڑھتی ہے یہ مضبوط ہوتے چلے جاتے ہیں۔ایک نوجوان جدی میں بیماری کے خلاف کافی مدافعت پائی جاتی ہے۔ یہ بیماری کی حالت میں بھی ہمت نہیں ہارتا اور سرگرم عمل رہنا چاہتا ہے۔ برج جدی سے متعلق افراد کے جسم میں کمزور حصہ اس کے گھٹنے اور ہڈیوں کے جوڑ ہوتے ہیں۔ جب یہ کسی حادثے کا شکار ہوتے ہیں تو یہی حصے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ کیلشم کی کمی کے باعث کچھ جدی افراد کے دانت بڑی خراب حالت میں پائے جاتے ہیں۔ جلدی بیماریاں بھی ان پر اکثر حملہ کرتی رہتی ہیں لیکن عمر کے آخری حصہ میں ہڈیوں کی بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ غذا کے معاملے میں یہ لوگ بڑے حساس واقع ہوئے ہیں۔ متوازن غذا ان کے لئے بہت اہم ہے اپنے آپ کو صحت مند رکھنے کیلئے انہیں تازہ پھلوں اور سبزیوں کی کثرت سے ضرورت ہوتی ہے۔ سخت محنت اور ورزش ان کی صحت پر اثرانداز ہوتی ہے۔ یہ لوگ بہت آسانی سے غلط راستوں پر چل نکلتے ہیں حالانکہ وہ خود بھی ایسے غلط کاموں کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے کیونکہ ان کے لئے یہ سوچنا بھی تکلیف دہ ہوتا ہے کہ انہوں نے کوئی کام اپنے اخلاقی اصولوں کے خلاف کیا ہے چنانچہ ایسے حالات میں عموماً مایوسی ان پر غلبہ پالیتی ہے۔ ایسی صورت میں تازہ ہوا، دھوپ اور ورزش انہیں خوشی پہنچا کر بہتر بنا سکتی ہے۔ ان کی جسمانی اور نفسیاتی صحت بہتر بنانے میں ان کے ساتھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

## برج جدی کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




جدی عورت ایک محبت کرنے والی، وفادار اور قابل اعتماد دوست ثابت ہوتی ہے۔
محبت کا زبان سے اظہار کرنا اس کے لئے مشکل کام ہے۔ وہ اپنے محبوب کو دھوکہ نہیں دیتی۔


Marfat.com

وہ بڑی اولوالعزم ہوتی ہے اور اپنی ذات پر بڑا بھروسہ رکھتی ہے۔ ان خواتین کے چہروں پر جلد پختگی آجاتی ہے کیونکہ یہ کسی حد تک سنجیدہ ہوتی ہیں۔ جدی عورت اپنے محبوب پر اعتماد کرتی ہے اور شریک حیات کے انتخاب کے وقت عزت اور تحفظ کا خیال رکھتی ہے اور جو مرد اس کے جذبات کی قدر نہ کرے، اسے فوراً رد کردیتی ہے۔ یہ کبھی عشق و محبت کے معاملے میں پہل نہیں کرتی اور نہ ہی تیزی سے یہ مراحل طے کرنے کی قائل ہوتی ہے۔ وہ ہر کسی سے کچھ نہ کچھ سیکھنا چاہتی ہے اور ایسے شخص کو چاہتی ہے جس کی وہ عزت کرسکے۔ وہ شادی کے لئے ایسے شخص کا انتخاب کرتی ہے جو اسے مکمل تحفظ فراہم کرسکے۔ وہ ایسے فرد سے محبت کرتی ہے جس میں وہ مثبت خوبیاں موجود ہوں جن کی اس میں کمی پائی جاتی ہے اس لئے شادی بہت دیر سے کرتی ہے کیونکہ صحیح فرد کے انتخاب میں کافی وقت لگتا ہے۔ جدی عورت اچھی خاتون خانہ اور بہترین ماں ثابت ہوتی ہے۔ وہ شوہر سے بے پناہ پیار کرتی ہے اور گھر کو حسین اور پرسکون بنانے کی کوشش میں لگی رہتی ہے۔

برج جدی سے تعلق رکھنے والا مرد شادی سے پہلے اپنی شریک حیات کو اچھی طرح جان لینا چاہتا ہے۔ وہ جسے منتخب کرے، اسے حاصل کر کے رہتا ہے۔ ایک ایسی عورت جو اس کی زندگی کے نصب العین کے حصول میں اس کی مدد کرسکے، اس کی توجہ کا آسانی سے مرکز بنتی ہے لیکن وہ بیوی کے ذریعے دولت اور عزت حاصل کرنا نہیں چاہتا۔ اگر اس کی ہونے والی بیوی دولت اور بلند مرتبہ کی مالک ہے تو وہ اس کو اپنی خوش بختی خیال کرے گا۔ جدی مرد مثالیت پسند ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کی ہونے والی بیوی اس کے خیالات اور نظریات کے عین مطابق ہو اس لئے وہ مسلسل تلاش جاری رکھتا ہے۔ جب اسے ایسی بیوی مل جاتی ہے تو وہ اس کی خوشی اور مسرت کے لئے ہر ممکن کوشش کرنے کے لئے تیار رہتا ہے۔ وہ ایک ذمہ دار باپ ثابت ہوتا ہے۔ زندگی میں صرف ایک بار محبت کرتا ہے اور جس سے محبت کرتا ہے آخری دم تک اس کا وفادار اور مخلص رہتا ہے۔

Marfat.com

## برج جدی کا آٹھواں گھر، عمر





عمروں کے ضمن میں ایک امریکی ادارے نے سات سال کی لگاتار محنت کے بعد جو انکشافات کئے ہیں، وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔ اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا کہ سیارے انسانی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔

اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد جمع کئے۔ یہ تمام افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس فانی دنیا سے رخصت ہوئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے۔ اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت اور قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے حاصل کی تھیں۔ اس نے بتایا کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔

چونکہ یہ باب برج جدی سے متعلق ہے اس لئے اس کے مطابق جن افراد کی تاریخ پیدائش، 22 دسمبر تا 20 جنوری کے دوران کسی وقت بھی ہوئی ہو ان میں مردوں کی اوسط عمر 77 سال 6 ماہ ہوتی ہے اور خواتین کی عمر تقریباً 80 سال ہوتی ہے۔

Marfat.com


## برج جدی کا نواں گھر، قسمت




| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | ج، خ، گ |
| حکمران ستارہ | زحل |
| موافق نگینہ | سنگ سلیمانی، فیروزہ |
| موافق رنگ | سیاہ، بھورا، سبز |
| موافق پھول | کارنیش |
| موافق خوشبو | خس |
| موافق دن | ہفتہ |
| موافق نمبر | 8 |
| موافق برج | ثور، سنبلہ |
| ناموافق برج | حمل، سرطان، میزان |
| گوارا برج | عقرب، قوس، دلو، حوت |
| غیر جانبدار برج | جوزا، اسد |

Marfat.com

## برج جدی کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار




جدی افراد امارت پسند اور اپنی حیثیت پر غرور کرنے والے ہوتے ہیں۔ وہ بارسوخ اور امیر ترین لوگوں کی صحبت پسند کرتے ہیں اور فوری طور پر کسی بااختیار عہدے کے متلاشی ہوتے ہیں۔ چنانچہ چھوٹے کام ان کی نگاہ میں کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔ وہ شہرت کے خواہاں ہوتے ہیں۔ وہ ملازمت کے انتخاب کے وقت تنخواہ اور اپنے وقار کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ وہ دولت کے حصول کی خاطر مشکلات برداشت کرنے پر آمادہ رہتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے شعبوں میں ترقی کی راہیں ڈھونڈتے ہیں اور گھنٹوں سخت محنت کے کاموں میں لگے رہتے ہیں اور اپنے کام کے ساتھ پورا پورا انصاف کرتے ہیں۔ یہ مستقل مزاج ہوتے ہیں اور اپنی جدوجہد کا آغاز انتہائی معمولی کاموں سے کرتے ہیں اور اس یقین کے ساتھ آگے بڑھتے رہتے ہیں کہ ضرور کامیاب ہوں گے۔ جدی سے متعلقہ افراد کو جب مرضی کے مطابق کام مل جاتا ہے تو انہیں آگے بڑھنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ بعض اوقات تو یہ اس قدر آگے نکل جاتے ہیں کہ تباہی کے قریب پہنچ جاتے ہیں۔ جدی ایک مکمل آدمی کا برج ہے۔ سیاست میں یہ لوگ بڑا نام پیدا کرتے ہیں کیونکہ یہ لوگ غیر جانبدار اور انصاف پسند ہوتے ہیں۔ کچھ جدی اچھے

Marfat.com


محقق ثابت ہوتے ہیں کیونکہ یہ پوری دلجمعی سے کام کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں لہٰذا ان پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ وہ ذمہ دارانہ عہدے پر اچھے منتظم کی طرح کام کرتے ہیں اور بااختیار عہدے ان کے لئے کشش کا باعث بنتے ہیں۔ اس معاملے میں یہ ہر قسم کے چیلنج کو قبول کرتے ہیں۔ ایسے لوگ اچھے ماتحت ثابت نہیں ہوتے کیونکہ بلند ترین مقام کا حصول ان کا مقصد ہوتا ہے۔ کرافٹ اور سائنس کے شعبے بھی ان کے لئے موزوں ثابت ہوتے ہیں۔

جدی سے متعلقہ افراد اپنے مرتبے اور حیثیت کو منوانے کے لئے خطرات مول لے لیتے ہیں اور اپنی خواہش کی تکمیل کے سلسلے میں انتہائی وحشیانہ اور سخت گیر رویہ اختیار کر سکتے ہیں جو انہیں غیر مقبول بنا سکتا ہے۔ یہ بلندی تک پہنچنے کے لئے ہمیشہ موقع کی تلاش میں رہتے ہیں اور غلط طریقوں کے استعمال میں بھی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے۔ ملازمت کے دوران ان کا کام تسلی بخش ہوتا ہے اور ان کا مالک ان کی کارکردگی سے مطمئن رہتا ہے۔ جدی فرد ہمیشہ اپنے آپ کو مالی اعتبار سے اونچے درجے پر دیکھنا چاہتے ہے اس لئے اس کی نظر ہمیشہ پیسے پر رہتی ہے لیکن یہ دولت انہیں اتفاقی طور پر یا خوش قسمتی کے بل بوتے پر حاصل نہیں ہوتی بلکہ انہیں پیسہ کمانا پڑتا ہے۔ یہ لوگ موقع پرست بھی کہلاتے جاتے ہیں تاہم منافقت ان میں نام کو نہیں ملتی۔ وہ عملی انسان ہوتے ہیں اور تصوراتی دنیا میں رہنا پسند نہیں کرتے۔ یہ زبانی دعوے نہیں کرتے بلکہ جو ٹھان لیں گزرتے ہیں اور ہمیشہ نفع بخش کاموں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ عام طور پر جدی افراد کفایت شعاری کرتے ہیں اور بڑی حد تک قدامت پسند بھی ہوتے ہیں۔ یہ لوگ مالی معاملات اپنے ہاتھ میں رکھتے ہیں اور پیسہ خرچ کرتے وقت بڑی سوجھ بوجھ سے کام لیتے ہیں لیکن لین دین کے معاملات میں ان پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔

جوانی کے زمانے میں بھی پیسے سے ان کی محبت کا یہ عالم ہوتا ہے کہ اپنے خرچ کئے ہوئے ایک ایک پیسے کا باقاعدہ حساب کتاب رکھتے ہیں۔ ان کی نگاہیں ہمیشہ مستقبل پر لگی رہتی ہیں اور جلد از جلد اپنی منزل پر پہنچنا چاہتے ہیں۔ انہیں مالی آسودگی نصیب ہو جائے تو ان میں تبدیلی آ جاتی ہے۔ یہ لوگ فیاض ہو جاتے ہیں اور ضرورت مندوں کی دل کھول کر ان کی مدد کرتے ہیں۔

Marfat.com

# برج جدی کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




جدی افراد بہترین دوست ثابت ہوتے ہیں۔ وہ دوستوں کے لئے دریا دل ثابت ہوتے ہیں۔ ان کی دوست اس قسم کے ہوتے ہیں جن کے ساتھ وہ فرصت کے اوقات میں اچھا وقت گزار سکیں۔ جدی افراد کسی سے دوستی کرنے سے پہلے اسے اچھی طرح پرکھ لیتے ہیں، پھر دوستی کرتے ہیں اور جب کسی سے دوستی کرتے ہیں تو پھر ہر حالت میں اپنے دوست کا ساتھ دیتے ہیں۔ جدی افراد کے سچے اور حقیقی دوست دو چار ہی ہوں گے۔ جدی افراد اپنے چند سچے اور حقیقی دوستوں سے خوش رہتے ہیں اور ان کی قدر کرتے ہیں۔ جو لوگ جدی افراد کو سمجھ نہیں پاتے، وہ ان کے دوست بن ہی نہیں سکتے۔ جدی افراد کی شخصیت سلجھی ہوئی اور وسیع النظر ہوتی ہے۔ وہ فراخدل اور دریادل ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے دوست بھی سلجھے ہوئے اور باشعور ہوں گے۔ جدی افراد ایسے دوستوں کو پسند کرتے ہیں جو ٹھوس عزائم رکھتے ہوں نیز باہمت اور حوصلہ مند ہوں۔ وہ کبھی نہ چاہیں گے کہ ان کے دوست شکی اور بے یقین قسم کے لوگ ہوں۔

Marfat.com

جدی افراد اپنے ذہنوں میں دوستی کے سچے' بے لوث اور بے غرض قسم کے جذبے رکھتے ہیں۔

## برج جدی کا بارہواں گھر، حدود




جدی پیدائشی مہم جو ہوتا ہے۔ وہ ہر شعبہ حیات میں کامیاب ہونا چاہتا ہے لیکن اسے اپنے خراب موڈ اور اس کے بڑے ذریعے (خوف) پر قابو پانا چاہئے۔ وہ متفرق اشیاء سے

Marfat.com


خوف کھاتا ہے۔ اسے مسترد کئے جانے، تنہائی، بیماری اور غربت کا ڈر ہوتا ہے۔ وہ خطرات اور جذباتی مطالبات سے بھرپور زندگی سے بھی خوف زدہ ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات وہ محبت کرنے سے بھی خوف کھاتا ہے کیونکہ اسے حوصلہ افزا ردعمل کی امید نہیں ہوتی۔

اس کا حکمران سیارہ زحل محبت میں ابتدائی جدوجہد اور آخر میں کامیابی کی ضمانت دیتا ہے۔ زحل کے تحت محبت مشکل مگر گہری اور سچی ہوتی ہے۔ آپ کو گلگت کی شنا زبان کا یہ محاورہ یاد رکھنا چاہئے کہ "ہوا پتھر کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی" اس لئے آپ کو دیواروں سے سر نہیں ٹکرانا چاہئے۔ آنے والے سال آپ کے لئے یقیناً شاندار ہوں گے۔ اگر آپ اپنے منفی جذبات بالخصوص خوف سے پیچھا چھڑائیں تو آپ کا شباب محبت اور بامعنی جذبات سے پر ہو سکتا ہے چنانچہ زندگی میں پیسے، تحفظ اور بے یقینی کے بارے میں اپنے اضطراب کو ختم کر ڈالیں۔

مراقبے کی تکنیک کو استعمال کر کے اور اس کے نتائج کا تجربہ کر کے آپ اپنا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اس تکنیک کو بروئے کار لا کر آپ کسی بھی منفی جذبے بالخصوص خوف سے نجات پا سکتے ہیں۔

Marfat.com

## برج دلو کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو

اس برج سے تعلق رکھنے والے عموماً بلند آدرش کے حامل، دیانت دار اور صاف گو ہوتے ہیں۔ وہ اپنی زندگی کے لئے بہت اعلیٰ اور ارفع نصب العین کا تعین کرتے ہیں۔ وہ قابل اعتماد اور مخلص لوگ ہوتے ہیں۔ دلو مرد اور عورتیں ذرگزر کرنے اور معاف کر دینے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ وہ دوسروں کے نظریات اور خیالات کا پورا احترام کرتے ہیں۔ وہ کبھی دوسروں کے جذبات کو ٹھیس نہیں پہنچاتے اور ظلم وزیادتی کسی سطح پر بھی ہو وہ اس سے نفرت کرتے ہیں۔ غریبوں اور مظلوموں کی مدد کے لئے ہر آن تیار رہتے ہیں۔ وہ پوری نوع انسانی سے محبت کرتے ہیں۔

دلو افراد اگرچہ دوسروں کی مدد کرتے ہیں مگر خود اپنے کاموں میں وہ کسی کی مدد لینا پسند نہیں کرتے۔ زندگی کے بارے میں ان کے نظریات جدید اور قابل عمل ہوتے ہیں اور عام طور پر کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے عہد سے نصف صدی آگے کے لوگ ہوتے ہیں۔


برج دلو کے لوگ کشادہ دل اور کشادہ ذہن ہوتے ہیں۔ انصاف پسندی ان کے کردار کا لازمی جزو ہوتی ہے۔ دوسروں کی مدد کرتے وقت وہ اپنے نقصان کو بھی فراموش کر دیتے ہیں۔

## شخصیت کے منفی پہلو

اس برج میں پیدا ہونے والے بعض افراد تصورات کی دنیا میں مگن رہتے ہیں۔ ان کے نصب العین بہت ارفع ہوتے ہیں مگر عموماً وہ ان کے حصول کے لئے سنجیدگی سے کوشش نہیں کرتے۔ دلو افراد کبھی کبھی غیر حقیقت پسند بھی ہو جاتے ہیں اور زندگی اور دنیا سے کٹ کر رہ جاتے ہیں۔

دوسرے لوگ دلو افراد کے خیالات سے ہمیشہ اتفاق نہیں کر پاتے اور بعض اوقات ان کے ترک تعلق کی وجہ سے وہ یکسر تنہا رہ جاتے ہیں۔ اس برج سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ اپنے بارے میں ضرورت سے زیادہ خوش فہمیوں کا شکار رہتے ہیں اور اپنی غلطیوں کو کبھی تسلیم کرنے پر تیار نہیں ہوتے۔ دوسروں کے کام اور طریقہ کار پر ان کی نکتہ چینی کبھی کبھی دشمنی میں بدل جاتی ہے۔

# برج دلو کا پہلا گھر، شخصیت و کردار




برج دلو منطقہ البروج کا غالباً واحد برج ہے جس کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد سب سے زیادہ ترقی پسند ہوتے ہیں۔ دلو افراد عام طور پر کشادہ ذہن کے مالک اور متحمل مزاج ہوتے ہیں۔ ان میں قوت برداشت بھی دوسروں کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے لیکن اگر دباؤ حد سے زیادہ بڑھ جائے تو وہ غبارے کی طرح پھٹ پڑتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ دلو افراد اپنے وقت سے پچاس برس آگے ہوتے ہیں۔ اصولی طور پر وہ بے غرض، بے لوث اور امن پسند واقع ہوتے ہیں۔ وہ ہمیشہ اپنے سے زیادہ دوسروں کا خیال رکھتے ہیں۔ وہ ہر ایک کے لئے انصاف چاہتے ہیں۔ ناانصافی، خواہ وہ کسی کے لئے بھی ہو، ان کے لئے ذہنی کرب کا باعث بنتی ہے۔ دلو افراد قدامت پرستی کے قائل نہیں ہوتے۔ وہ چونکہ ترقی پسند ہیں اس لئے ان کی

Marfat.com

نگاہ ہمیشہ آگے رہتی ہے۔ وہ آگے بڑھنا چاہتے ہیں لیکن ماحول میں امن، سکون اور ہم آہنگی ان کے لئے بہت ضروری ہے۔ کوئی بھی ایسی چیز جس سے بنی نوع انسان کی بھلائی وابستہ ہو ان کے لئے دلچسپی کا باعث ہوتی ہے ان کے عام مشاغل بھی بے مقصد نہیں ہوتے۔ ان کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ وہ جو کچھ سوچتے ہیں اس میں کوئی نہ کوئی مقصد ضرور پوشیدہ ہوتا ہے۔ دلو افراد مساوات کے قائل ہوتے ہیں۔ انسان میں غریب اور امیر کی تفریق انہیں پسند نہیں۔ ان کے خیال میں ہر انسان کو خواہ اس کا تعلق کسی بھی طبقے سے ہو، مساوی حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ ذہین ہونے کے ناطے دلو افراد کسی چیز کے بارے میں دوسروں سے کچھ زیادہ ہی جانتے ہیں۔ وہ اپنا علم دوسروں کو منتقل کر کے روحانی خوشی محسوس کرتے ہیں۔


یہ لوگ معدے سے زیادہ دماغ کو اہمیت دیتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ اگر ایک وقت معدہ خالی ہو تو گزارہ ہو سکتا ہے لیکن اگر دماغ میں کچھ نہ رہے تو دنیا ان کے لئے عذاب بن سکتی ہے۔ دلو افراد کی سوچ یہ ہے کہ اگر دنیا کا ہر شخص اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں تو یہ دنیا جنت بن سکتی ہے۔ دلو افراد تنہا رہنے کی بجائے گروپ کی صورت میں کام کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لا کر انہیں بے حد خوشی ہوتی ہے۔ وہ اپنے علاوہ وہ دوسروں کی زندگی میں بھی سکون اور ہم آہنگی دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ ذاتی مفادات کو ترجیح نہیں دیتے۔ اس کے برعکس اجتماعی مفاد کو ہر معاملے میں فوقیت دیتے ہیں۔

دلو افراد کا رویہ بعض اوقات دوسروں کے لئے الجھن کا باعث بن جاتا ہے۔ کوئی نہیں جانتا کہ ان کا اگلا قدم کیا ہوگا اور حقیقت تو یہ ہے کہ بعض اوقات وہ خود بھی نہیں جانتے کہ ان کا اگلا اقدام کیا ہوگا۔ برج دلو کے زیر اثر پیدا ہونے والے افراد زندگی گزارنے کے لئے اپنے کچھ اصول وضع کر لیتے ہیں۔ وہ اپنا برا بھلا خوب سمجھتے ہیں۔ وہ اس چیز کو پسند نہیں کرتے کہ دوسرے ان کے معاملات میں ان پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کریں۔ دلو افراد تصنع کو بھی پسند نہیں کرتے بلکہ وہ سادگی پر یقین رکھتے ہیں۔

دلو افراد کا دماغ نت نئے منصوبوں کی آماجگاہ بنار ۔ وہ چونکہ ذہنی طور پر کسی نہ کسی منصوبے کے تانے بانے بننے میں مصروف رہتے ہیں اس لئے بعض لوگ انہیں تصورات میں کھویا رہنے والا سمجھتے ہیں جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہوتی ہے۔

Marfat.com

# برج دلو کا دوسرا گھر، دولت




☆دولت کے معاملے میں اگر دلو افراد مندرجہ ذیل پیشے اختیار کریں تو خوب دولت کما سکتے ہیں۔

☆ابلاغ عامہ، انجینئرنگ، تعلیم و تدریس، جاسوسی و سراغ رسانی اور سرکاری ملازمت انہیں راس ہے۔دلو افراد شراکت کے کاروبار کے لئے انتہائی موزون ہیں لیکن اگر کام نیک نیتی سے کریں تو شہرت کے ساتھ دولت بھی حاصل کریں۔


☆آپ اگر دلو افراد کے کاروباری شریک ہیں تو ان پر بھرپور اعتماد کر سکتے ہیں۔

☆ذاتی طور پر دلو فضول خرچی کر سکتا ہے لیکن وہ اپنے پاؤں چادر کے اندر ہی رکھنا چاہتا ہے۔

☆وہ جس کے کاروبار میں شریک ہو گا اس کے میزانئے کو کبھی خسارے میں نہیں جانے دے گا۔

Marfat.com

# برج دلو کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت





ان بچوں کو ابتدائی عمر میں پیروں اور ٹخنوں کی چوٹوں سے بچانا چاہئے یہ بہت آسانی کے ساتھ گر پڑتے ہیں۔ 14 سال کی عمر تک کبھی کبھی ان کی آنکھوں کا معائنہ کراتے رہنا چاہئے۔ یہ بچے بہت حساس ہوتے ہیں۔ ان کو جوش میں نہ آنے دینا چاہئے اور ان کے اعصاب پر زیادہ بار نہ ڈالنا چاہئے۔

مشاہیر کی سوانح عمریاں ان کی کردار انسانی کے مطالعہ کی فطری تشنگی کو تسکین دیں گی اور جو علم ایسی کتابوں سے حاصل کیا جائے، وہ آخر عمر میں کار آمد ثابت ہو گا۔

ان کی قوت ایجاد نیز ادبی اور فنی قابلیتوں کی نگرانی کرتے رہنا چاہئے اور ان کے خیالات اور افعال کی اصلاح کر کے ان کو سنوارتے اور ترقی دیتے رہنا چاہئے۔

Marfat.com

# برج دلو کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی




اگرچہ گھریلو معاملات میں دلو افراد کے اندر غیر مقلدانہ رجحان پایا جاتا ہے' لیکن وہ قابل تغیر اور غیر مستحکم ہوتے ہیں۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ جہاں انہوں نے زندگی کے دیگر شعبوں کی رکاوٹیں توڑی ہیں' اسی طرح خاندانی رکاوٹوں اور پابندیوں کو توڑ دیں۔

دلو افراد بڑے ملنسار ہوتے ہیں۔ وہ ایک بہت اچھا گھر چاہتے ہیں جہاں وہ اپنے خاندان والوں اور دوستوں کی ضیافت کر سکیں۔ ان کا گھر بالعموم جدید طریقے سے سجا ہوتا ہے جس میں تمام مطلوبہ لوازمات ہوتے ہیں...... ایک ایسا ماحول جس کو دلو افراد بہت ضروری خیال کرتے ہیں۔۔


اگر ان کی گھریلو زندگی صحت مندانہ اور ان کی ضروریات پوری کر دینے والی ہو تو دلو افراد کو چاہئے کہ اس میں معیار اور استحکام پیدا کریں۔ ابتدا میں کچھ کفایت شعاری بھی ضروری ہے۔ ان کے لئے یہ سب بہت ضروری ہے کہ کم از کم ان کی زندگی کا ایک شعبہ ایسا ضرور ہو جو وقتی صدمات برداشت کر سکے اور یہ شعبہ ان کی فیملی لائف ہے۔

Marfat.com

محبت کا سیارہ زہرہ دلو کے چوتھے گھر پر حکومت کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جہاں تک گھر اور بچے پیدا کرنے کا تعلق ہے، اس میں نظریات ہمیشہ کامیاب نہیں رہتے۔ گھریلو زندگی کو کامیاب بنانے کے لئے دلو افراد کے لئے نہایت ضروری ہے کہ وہ ضرورت کے مطابق اپنے اندر جذبہ محبت پیدا کریں۔

جس وقت گہرے جذبات کے اظہار کا موقع ہوتا ہے، اس وقت آپ علیحدگی پسندانہ اور لاتعلقی کا طرز عمل اختیار کرتے ہیں۔ آپ کی سرد مہری کا ایک مثبت پہلو بھی ہے جس کو مسترد نہیں کیا جا سکتا۔ جب دوسرے لوگ غم کے طوفان کے بعد آنسو بہانے لگتے ہیں تو آپ ان کی مشکلات کو حل کرنے کے لئے پہنچ جاتے ہیں۔

## برج دلو کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق




دلو افراد والدین کی حیثیت سے بڑے سمجھدار اور پختہ مزاج ہوتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں

Marfat.com

کو فطری طور پر نشوونما پانے کا موقع دیتے ہیں اور یہ کوشش کرتے ہیں کہ ان کو زبردستی اپنے مزاج اور طبیعت کے مطابق نہ ڈھالیں۔

برج دلو اخوت بھائی چارے اور باہمی مفاہمت کی نمائندگی کرتا ہے اور دلو والدین اپنی اولاد کے ساتھ اس جذبے کے تحت سلوک کرتے ہیں۔ اگرچہ ان کو اپنی اولاد سے گہری محبت ہوتی ہے لیکن اس کے ساتھ ان کے طرز عمل کی بنیاد غیر جذباتی ہوتی ہے۔ وہ اپنے بچے کے جذبات اور خواہشات کو دباتے نہیں۔

دلو ماں باپ دونوں اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ اپنے خیالات کو بغیر کسی خوف و خطر کے ظاہر کرے اور دوسروں کی اندھی تقلید کرنے کی بجائے ان سے سوال و جواب کر سکے۔ وہ اپنے بچوں کو بتاتے ہیں کہ وہ محض مسابقت کے جذبے سے کام نہ لیں بلکہ اپنے دماغ کو بھی کام میں لائیں اور ہر کام کو سوچ سمجھ کر انجام دیں۔ دلو افراد اپنے بچوں کی بھلائی اور کامیابی کے لئے اتنی ہی دعا کرتے ہیں جتنی دوسرے افراد لیکن وہ مادی اقدار پر بہت زیادہ زور نہیں دیتے اور یہ نہیں چاہتے کہ ان کے بچے خود بین اور مغرور بنیں۔ دلو والدین اپنے بچوں میں اخلاقی اور انسانی اقدار کو پروان چڑھانے میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔


بچوں کے ساتھ ان کا طرز عمل نرمی اور معقولیت پر مبنی ہوتا ہے۔ وہ اس بات کی کوشش کرتے ہیں کہ بچے ان کی نگرانی میں اپنے لئے کوئی اطمینان بخش طرز زندگی اختیار کر لیں۔ بچوں کی تربیت سے متعلق ان کے نظریات اپنے زمانے سے آگے ہوتے ہیں اور اس وجہ سے خاندان کے وہ افراد ان پر تنقید کر سکتے ہیں جو لکیر کے فقیر ہوتے ہیں لیکن دلو والدین کے خیالات پختہ ہوتے ہیں اور وہ اس معاملے میں رشتہ داروں کی مداخلت ناپسند کرتے ہیں۔

جہاں تک نظم و ضبط کا تعلق ہے تو اس معاملے میں دلو والدین ایک ایسا انداز اختیار کرتے ہیں جو معقول اور سنجیدہ ہوتا ہے۔ وہ اپنے بچوں کو سخت قسم کی سزائیں بہت کم دیتے ہیں۔ جب چھوٹے بچے ضد میں آجاتے ہیں اور کوئی دلیل سننے کے لئے تیار نہیں ہوتے تو ان کو بھی والدین کے لئے جھڑکنا اور ڈانٹنا بہت مشکل ہوتا ہے۔

Marfat.com

ایک دلو ماں اپنے بچوں کو ایسے کپڑے پہنانا پسند کرتی ہے جن میں وہ نمایاں نظر آئیں۔ وہ ان کو دیانت داری کی تعلیم دیتی ہے اور تاکید کرتی ہے کہ وہ کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے ان کا ضمیر مطمئن نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ دلو والدین کے بچے اپنے گھر والوں اور دوستوں کے وفادار ہوتے ہیں۔

## برج دلو کا چھٹا گھر، صحت و امراض





برج دلو ان برجوں میں سے ہے جن سے وابستہ لوگ طویل زندگی پاتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی صحت کو اچھا رکھنے اور اس کی دیکھ بھال کرنے کا گر جانتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ یہ لوگ کوئی خاص احتیاطی تدابیر اختیار کریں لیکن وہ عام طور پر اعتدال پسند ہونے کی وجہ سے زندگی بھی معتدل انداز میں گزارتے ہیں۔ نہ تو وہ پر خور اور پیٹو ہوتے ہیں اور نہ ہی مضر صحت اشیاء استعمال کرتے ہیں۔ یہی اعتدال پسندی ان کی اچھی صحت کا راز ہے۔

ان کے جسم کی ساخت میں بڑی لچک ہوتی ہے اور وہ جسمانی محنت کا کام بھی آسانی

Marfat.com

سے کر سکتے ہیں لیکن وہ اس قسم کی جسمانی مشقت زیادہ عرصہ تک نہیں کر سکتے۔
برج دلو جسم میں خون کے نظام گردش پر حکمران ہے۔ پنڈلیاں اور ٹخنے بھی اس کے دائرے میں آتے ہیں۔ برج دلو کا حکمران سیارہ یورنیس ہے جس کا تعلق ٹوٹ پھوٹ سے ہے۔ چنانچہ دلو افراد کی ٹانگیں کمزور ہوتی ہیں اور وہ آسانی سے مجروح ہو سکتی ہیں۔ خاص طور پر گھٹنے سے نیچے کا حصہ جلدی متاثر ہو سکتا ہے۔ بعض خاص قسم کے کھیلوں سے ان کی غیر معمولی دلچسپی کی وجہ سے ان کے جسم کے اعضاء ٹوٹ سکتے ہیں۔ مزید بر آں دلو افراد کے خون کی رگیں پھول سکتی ہیں اور وہ سخت بن سکتی ہیں۔

## برج دلو کا ساتواں گھر، محبت اور شادی




برج دلو سے تعلق رکھنے والی بعض عورتیں محبت کے معاملے میں بظاہر سرد مہر نظر آتی ہیں لیکن در حقیقت اس معاملے میں وہ انتہائی پرجوش ہوتی ہیں۔ ضرورت صرف اس


بات کی ہے کہ انہیں بھرپور طریقہ سے متوجہ کیا جائے۔ جب تک انہیں اس طرف متوجہ نہیں کیا جائے گا، وہ بدستور الگ تھلگ اور سرد مہر نظر آئیں گی لیکن یہ بات ذہن نشین رکھنا بھی ضروری ہے کہ مرد کو ان کی توقعات پر پورا اترنا چاہئے بصورت دیگر وہ علیحدگی اختیار کرنے میں زیادہ دیر نہیں لگائیں گی۔

برج دلو سے تعلق رکھنے والی عورتوں کے لئے جنس مخالف میں خاصی کشش ہوتی ہے لیکن یہ بات یاد رکھنا چاہئے کہ دلو افراد کے کچھ اصول اور قائدے ہوتے ہیں جن سے الگ ہونا انہیں گوارہ نہیں ہوتا۔ اگر کوئی مرد کسی دلو عورت کو فوری طور پر اپنے اصولوں کے سانچے میں ڈھالنا چاہے تو اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا البتہ اسے اپنے راستے پر لایا جا سکتا ہے۔ دلو عورت شادی کے بعد بھی آزادی کی خواہش مند ہوتی ہے۔ اگر اس کے جذبات کا بھرپور خیال رکھا جائے تو وہ کسی دیوتا کی طرح اپنے محبوب کی پرستش کرے گی۔ دلو عورت اگرچہ فلرٹ کی قائل نہیں لیکن شادی سے پہلے اس کے نام دو چار رومانس وابستہ ہو سکتے ہیں۔ کسی دلو عورت کے بارے میں یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ وہ ایک بہترین دوست اور وفا شعار بیوی ثابت ہوتی ہے۔ دلو عورت اپنے اندر بے حد جنسی کشش رکھتی ہے اور اگر محبت کے معاملے میں منفی اثرات میں پھنس جائے تو اس کا دماغی توازن خراب اور زندگی تباہ ہو جانے کا امکان ہوتا ہے۔ دلو عورت محبت میں ہر قسم کے حالات سے سمجھوتہ کر لیتی ہے مگر عورت ذات ہونے کے حوالے سے اس کی جو جذباتی اور جنسی احتیاجات ہوتی ہیں، ان کی تکمیل کی آرزومند رہتی ہیں۔

دلو مرد کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی وجاہت اور ذہانت کے باعث جنس مخالف کا دل جیت سکتا ہے۔ یہ عام طور پر زیرک، ظریف اور باتونی ہوتے ہیں اور ان کا طرز زندگی جنس مخالف کو بے حد متاثر کرتا ہے۔ دلو مرد عام طور پر آزادی پسند ہوتے ہیں اور وہ اپنی محبوبہ یا بیوی پر بھی کوئی پابندی لگانا پسند نہیں کرتے۔ انہیں رام کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ان کی خواہشات کا احترام کیا جائے لیکن ان پر بالادستی حاصل کرنے کی کوشش کی جائے تو وہ کسی پیشگی اطلاع کے بغیر تعلقات منقطع کر سکتے ہیں۔ دلو مرد اگرچہ قدرے شرمیلے ہوتے ہیں لیکن شادی سے پہلے وہ رومانس میں ملوث ہو چکے ہوتے ہیں۔ بعض

اوقات یہ لوگ پہلی ہی نظر میں گھائل ہو جاتے ہیں لیکن کچھ ہی عرصے بعد نگاہیں پھیر لیتے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کسی عورت سے کسی دلو مرد کے تعلقات اتنے خوشگوار نہ ہوں لیکن شادی کے بعد وہ بہترین شوہر ثابت ہوتے ہیں۔ دلو مرد کی محبت کے بارے میں کوئی پیشگوئی نہیں کی جاسکتی۔ محبت کے معاملے میں بظاہر وہ سنجیدہ نظر آتے ہیں لیکن یکایک اس طرح لاتعلق ہو جاتے ہیں کہ ان کے اس رویے پر شدید حیرت ہوتی ہے۔

## برج دلو کا آٹھواں گھر، عمر




عمر کے ضمن میں ایک امریکی ادارے نے سال سات کی لگاتار تحقیق کے بعد علم نجوم کے بارے میں جو انکشافات کیے ہیں، وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔

اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا ہے کہ سیارے انسانی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔


Marfat.com

اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداو شمار جمع کیے ہیں۔اس کے مطابق یہ افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس دنیا سے رخصت ہوئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے اور اس

محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت عامہ سے حاصل کی تھیں۔اس کے علاوہ قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے بھی مدد لی گئی۔اس نے بتایا کہ ہم نے پندرہ ہزار کیسوں کا مطالعہ کیا اور ہم یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔اب آپ بھی اپنا برج دیکھ کر اس کے مطابق اپنی عمر دیکھ سکتے ہیں۔


چونکہ یہ باب برج دلو اور اس کے سیاروں زحل اور یورینس سے متعلق ہے اس لئے جن افراد کی تاریخ پیدائش 21 فروری تا 19 جنوری کے دوران ہوئی ہو، ان کا برج دلو بنتا ہے اور ان میں مردوں کی عمر 71 سال 6 ماہ ہوتی ہے اور خواتین کی عمر بھی 71 سال 6 ماہ ہوتی ہے۔

## برج دلو کا نواں گھر، قسمت



| | |
|---|---|
| حکمران ستارہ | زحل، یورنیس |
| موافق نگینہ | پلک، نیلم |
| موافق رنگ | نیلا، سبز، بنفشی |
| موافق پھول | آبی نرگس |
| موافق خوشبو | صنوبر |
| موافق دن | ہفتہ |
| موافق نمبر | 4 |
| موافق برج | جوزا، میزان |
| ناموافق برج | ثور، اسد، عقرب |
| گوارا برج | حمل، قوس، جدی، حوت |
| غیر جانبدار برج | سنبلہ، سرطان |

## برج دلو کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار





جب تک کہ آپ جملہ راویتی عقائد کو ترک نہیں کر دیتے اور ایک ایسی حالت میں

Marfat.com

نہیں پہنچ جاتے ہیں جس میں قدرت کے عطا کردہ نفسیاتی تحفوں کو استعمال کر کے دولت نہ کمائی جاسکے، اس وقت تک بات نہیں بن سکتی۔ آپ اپنی خصوصیات کو ایسے کاموں کے ساتھ ساتھ استعمال کر سکتے ہیں جن کو آپ نے پہلے ہی سے اپنا پیشہ بنا رکھا ہے اور جن میں آپ شب و روز مصروف رہتے ہیں۔ روز مرہ کے کام آپ کے بہترین دوست ہیں اور ذاتی کاروبار آپ کی تنہائی کے خلاء کو پورا کر دے گا۔

آپ یہ جو رنگ برنگی شکلیں ہمیشہ دیکھتے رہتے ہیں، ان سے فائدہ نہ اٹھانے کی غلطی نہیں کریں گے۔ اس لئے کہ آپ ایک نقاش یا گرافک ڈیزائینر کا پیشہ اختیار کر سکتے ہیں۔ شیشوں پر نقش و نگار بنانا یا ان کے اندر ڈھالتے وقت پھول پتیاں بنا دینا، فیرک کی بنائی، ٹیکسٹائل ڈیزائننگ ایسے پیشے ہیں جن میں آپ کی صلاحتیں کارآمد ثابت ہو سکتی ہیں۔

## برج دلو کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




یہ افراد ملنسار اور سچے دوست ہوتے ہیں۔ اس ناطے وہ زیادہ سے زیادہ لوگوں سے ملتے


Marfat.com

ہیں اور ان کی کوئی خدمت انجام دے کر خوشی محسوس کرتے ہیں لیکن بعض اوقات وہ اپنے آپ پر قنوطیت کا خول چڑھا لیتے ہیں اور اپنی سماجی سرگرمیاں بالکل ترک کر دیتے ہیں۔ یہی وہ موقع ہے جب دوسروں کو انہیں سمجھنے میں خاصی دشواری پیش آتی ہے۔ دوستی کا حلقہ وسیع ترہونے کے باوجود ان کے دوستوں کی تعداد انگلیوں پر گنی جاسکتی ہے۔

یہ افراد عام طور پر خوش فہم ہوتے ہیں اور ہمیشہ تصویر کے روشن پہلو ہی کو دیکھتے ہیں چنانچہ تاریک پہلو کو وہ بالکل نظر انداز کر دیتے ہیں۔ کسی کو اپنے حلقۂ دوستی میں شامل کرتے ہوئے بھی وہ اس کی اچھائیوں پر نگاہ رکھتے ہیں اور برائیوں کو یکسر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ ان کے دوستوں میں ہر طبقہ کے افراد شامل ہوتے ہیں اور دوستی کا حق نبھانے کے لئے وہ اس حد تک جھک جاتے ہیں کہ بعض لوگ ان کی اس لچک سے ناجائز فائدہ اٹھانے میں دیر نہیں لگاتے۔ کسی سے باربار دھوکا کھانے کے باوجود یہ افراد اس پر اعتماد کر لیتے ہیں۔

یہ افراد نہایت دیانتدار اور قابل اعتماد ہوتے ہیں اور ان پر مکمل بھروسہ کیا جاسکتا ہے

## برج دلو کا بارہواں گھر، حدود




سادہ سی بات یہ ہے کہ دلو کو اعتماد کرنا سیکھنا چاہئے۔ اسے زندگی کے بارے میں زیادہ

Marfat.com

عملی سطح پر سیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ نظریاتی اصول اور تصورات بہتر مستقبل کے لئے اس کے ہتھیار ہیں لیکن قربت اور شراکت کے ٹھوس افعال ایسی چیزیں ہیں جن کے لئے انسان کو پیدا کیا گیا ہے اس لئے اسے ان کی طرف بھی توجہ مرکوز کرنی چاہئے۔

اسے محسوس کرنے اور دوسروں کے انداز میں محسوس کرنے کی صلاحیت پیدا کرنی چاہئے۔ اس کے احساسات منفرد نوعیت کے ہوتے ہیں اور اگر برتر انداز نہیں تو مناسب انداز سے ان کا اظہار کرتا ہے۔ وہ تعلم اور تعلیم میں لوگوں کے ساتھ شراکت کرتا ہے چنانچہ وہ قابل قبول احساسات کے بارے میں پختہ نظریات قائم کر لیتا ہے۔


اس کی مہارتیں دو دھاری تلوار کی طرح ہوتی ہیں اور نتائج خواہش کے مطابق نہ ہوں تو وہ لاشعوری طور پر تکلیف محسوس کر سکتا ہے۔ جب وہ جنس مخالف سے مقابلہ کرتا ہے تو اس پر تسلط قائم کرنے کے لئے اپنے ترکش کا ہر تیر استعمال کرتا ہے۔ دلو عورت مردوں کے ساتھ الجھے بغیر آسانی سے اپنے مقاصد حاصل کر لیتی ہے۔

دلو عورت اگرچہ حقیقت کو تسلیم کرے یا نہ کرے تاہم وہ خود کو پرکشش اور پروقار بنانے والی شے کو رد کر دیتی ہے...... نسوانیت! وہ اپنے مردانہ پہلو کی تلاش میں اپنی نسوانیت کو فراموش کر دیتی ہے۔ دونوں پہلوؤں کے درمیان توازن قائم کیا جانا چاہئے ورنہ کوئی پہلو زیادہ مضبوط ہو جائے گا۔ وہ رد کئے جانے سے ڈرتی ہے تاہم نسوانی بدن کے اندر مضبوط "مردانہ" پہلو رکھنے کی بناء پر وہ اسے قبول کر لیتی ہے۔ مرد اس کی طرف سے بے پناہ کشش محسوس کرتے ہیں کیونکہ اس کی آنکھوں کے اندر ایک مقناطیسی پیغام ہوتا ہے جو کہ دائرہ البروج کی دوسری عورتوں میں کم کم ہی پایا جاتا ہے۔ جب وہ مردوں سے منہ موڑتی ہے اور انہیں ہوس پرست یا موقع پرست قرار دیتی ہے تو وہ انہیں الجھن میں ڈال دیتی ہے۔ وہ جو وعدہ کرتی ہے، اسے وفا کیا جانا چاہئے۔ جب اسے اس بات کا احساس ہوتا ہے تو وہ وعدے پہ وعدہ کرتی چلی جاتی ہے کیونکہ وعدے کی تکمیل اس کے لئے ناگزیر ہوتی ہے۔ مگر صورت حال یہ ہو جاتی ہے کہ "وہ وعدہ ہی کیا جو وفا ہو گیا"۔

دلو کو اپنے جذبات کے فوری اخراج کی ضرورت ہوتی ہے جس کی کوئی اور نہیں تو یہ وجہ کافی ہوتی ہے کہ نتیجہ کیسا محسوس ہو گا۔ اس کے بعد وہ اتنا بہتر محسوس کرے گا کہ دوبارہ

Marfat.com

اخراج کی کوشش کرے گا۔ اگر وہ ضبط سے کام لے تو پیشہ ورانہ کامیابی سے ہمکنار ہو گا لیکن ذاتی تسکین کے حصول کی گارنٹی نہیں دی جاسکتی۔ جب آپ ملازمت کی بجائے ذاتی تسکین کو ترجیح دیں تو اس شخص سے محبت کریں جس کا ذہن پر کشش ہو۔ اس طرح آپ غلطی بھی کریں گے تو قابو پانے کی پوزیشن میں ہوں گے کیونکہ غلطیاں کامیابیوں کا پیمانہ ہوتی ہیں۔ اور آپ اپنی اثر انگیزی ثابت کرنے کے لئے اپنے قریبی افراد سے Feed back پر ہمیشہ انحصار نہیں کرسکتے یعنی ہر بار آپ کے متعلقین آپ کو آپ کی اثر انگیزی کے بارے میں اپنا رد عمل نہیں دیں گے۔ اپنی اثر انگیزی کو خود خطرات مول لے کر ثابت کریں۔ اپنی ذات کی تہیں کھولیں اور اپنا اخراج کریں۔ آپ اپنے جذبات کی حرارت اور گہرائی پاؤں کے تلوے سے لے کر دماغ کی بالائی سطحوں تک محسوس کریں گے۔




Marfat.com

# دنیا کے 12 پراسرار علوم

دنیا کے ان 12 پراسرار علوم کے اسرار و رموز پر مبنی ہے جنہیں صدیوں سے مستقبل بینی اور پیش گوئیوں کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔

1۔ پامسٹری سے پوچھئے کہ آپ کے ہاتھ کی لکیروں میں کیا چھپا ہے؟

2۔ تحریر کو دیکھ کر قسمت کے حال سے واقفیت حاصل کیجئے۔

3۔ انسانی سر کی ساخت سے انسانی تقدیر کا احوال سنئے۔

4۔ ٹیرٹ کارڈز میں چھپی پیش آمدہ حقیقتوں کا کھوج لگایئے۔

5۔ تاش کے پتوں کے ذریعے مستقبل پر پڑے پردے ہٹایئے۔

6۔ لوڈو اور ڈومینو ے پانسوں میں تقدیر کا حال تلاش کیجئے۔

7۔ قدیم الواح سے اپنی قسمت کے رازوں کی نقاب کشائی کیجئے۔

8۔ علم الاعداد کے ذریعے اپنے مستقبل کا تعین کیجئے۔

9۔ قدیم چینی علم آئی چنگ کے ذریعے چھوٹے چھوٹے تنکوں سے اپنے مستقبل کا پتہ چلایئے۔

10۔ چائے کی پیالی میں چھپی ہوئی تقدیر کو ڈھونڈیئے۔

11۔ آسمان کے ستاروں سے منسوب کردہ علم کی روشنی میں مستقبل کی راہیں پہچانئے۔

ہر اس شخص کی ضرورت جو اپنے مستقبل کو جاننے اور سنوارنے کی خواہش رکھتا ہے۔

قیمت =/150 روپے

منگوانے کا پتہ **روبی پبلی کیشنز**

# برج حوت کا مکمل زائچہ




Marfat.com

## شخصیت کے مثبت پہلو


اس برج میں پیدا ہونے والے ایک مہربان اور ہمدرد شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ دوسروں کی تکالیف اور مسائل کو سمجھنے اور دور کرنے کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ وہ اتنی نرم طبیعت کے مالک ہوتے ہیں کہ کسی بیمار یا تکلیف میں مبتلا شخص کو دیکھ کر ان کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ وہ بہت فراخدل ہوتے ہیں اور دوسروں کی غلطیوں پر برہم نہیں ہوتے۔ مجموعی طور پر وہ نرم خو اور نہایت قابل اعتماد ہوتے ہیں۔ وہ امن پسند ہوتے ہیں اور معذور اور بے سہارا افراد کی مدد پر ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ برج حوت سے تعلق رکھنے والوں کی چھٹی حس بہت تیز ہوتی ہے اور وہ عموماً اس سے کام لینا بھی جانتے ہیں۔ وہ دوسروں کے دل کا حال ان کے چہروں سے بھانپ لینے میں مہارت رکھتے ہیں۔ حوت مرد اور خواتین آئیڈیل کی تلاش میں ہوتے ہیں۔ وہ واقعات کا روشن پہلو دیکھنے کے عادی ہوتے ہیں۔ ان کی خواہش ہوتی ہے کہ جیسے وہ دوسروں کی مدد کرتے ہیں، اس طرح سب کو ایک دوسرے سے ہمدردی اور محبت کا سلوک کرنا چاہئے۔ ان میں قربانی کا جذبہ بھی شدت سے موجود ہوتا ہے۔ حوت افراد اچھے مصور اور موسیقار بن سکتے ہیں۔ ان کے سوچنے کا انداز فلسفیانہ ہوتا ہے۔

## شخصیت کے منفی پہلو

بعض حوت افراد اکثر مایوسی کا شکار ہو جاتے ہیں اور دنیا کو مصیبتوں اور ناانصافیوں سے بھرپور سمجھتے ہیں۔ انہیں یہ وہم بھی رہتا ہے کہ انہیں نظرانداز کیا جارہا ہے اور دوسرے لوگ ان کی ذات سے ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ان کے حوصلے جلد پست ہو جاتے ہیں اور ناکامیوں سے وہ بے حد دل برداشتہ ہو جاتے ہیں۔ ان میں تلخ حقائق کا سامنا کرنے کا فقدان ہوتا ہے اور وہ ناکامیوں کے بعد گوشہ نشین ہو جاتے ہیں۔ ان میں قوت مزاحمت کم ہوتی ہے۔ وہ خود کو حالات کے بہاؤ پر چھوڑ دیتے ہیں اور قوت ارادی کی کمی کے باعث اکثر ناکام رہ جاتے ہیں۔ حالات سے گھبرا کر بعض حوت لوگ منشیات میں پناہ لینے کی کوشش کرتے ہیں۔

Marfat.com

# برج حوت کا پہلا گھر، شخصیت و کردار




برج حوت کے زیر اثر پیدا ہونے والے لوگ عام طور پر متاثر کن شخصیت کے مالک اور فرض شناس ہوتے ہیں۔ وہ زندگی کے مفہوم کو بڑے سنجیدہ انداز میں لیتے ہیں لیکن بعض اوقات ان کا یہ انداز قطعی غیر حقیقی ہوتا ہے۔ برج حوت کے حامل افراد کے بارے میں یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ یہ لوگ دوہری فطرت کے مالک ہوتے ہیں گویا یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ ہوتے کچھ ہیں اور نظر کچھ آتے ہیں۔ ان کا طرز عمل بہت پیچیدہ اور پراسرار ہوتا ہے۔ بعض اوقات یہ ایسی باتوں کو راز میں رکھنے کی کوشش کرتے ہیں جن کی در حقیقت کوئی اہمیت نہیں ہوتی جبکہ بعض ایسی باتوں کو سامنے لے آتے ہیں جنہیں واقعی راز میں رکھا جانا چاہیے۔ ان کی ایک خاصیت یہ ہے کہ یہ لوگ ایسی بات نہیں کرتے جس سے دوسروں کے جذبات کو ٹھیس لگنے کا اندیشہ ہو۔ مجموعی طور پر یہ ہمدرد اور مہربان قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ اپنی دوہری فطرت کے باعث بعض اوقات تو یہ لوگ انتہائی بامقصد ثابت ہوتے ہیں

لیکن اس کے ساتھ ہی بعض اوقات یہ اپنے آپ کو زندگی کے سامنے بالکل بے بس محسوس کرنے لگتے ہیں۔ ایسے موقعوں پر ان کی خوداعتمادی سلب ہو کر رہ جاتی ہے۔ جہاں بولنے کی ضرورت ہو، وہاں یہ لوگ اپنی زبان پر تالا ڈال لیتے ہیں اور جہاں خاموش رہنا ضروری ہو، وہاں بے تکان بولے چلے جاتے ہیں۔ بعض اوقات تو کسی پیچیدہ ترین مسئلے کو فوراً ہی سمجھ لیں گے اور بعض اوقات کسی معمولی سی بات کو سمجھنے میں بہت وقت لگا دیتے ہیں۔

عام لوگ حوت افراد کو دوسروں کی نسبت زیادہ پسند کرتے ہیں کیونکہ یہ صاف گو، صاف باطن اور قابل اعتماد ہوتے ہیں اور کسی بھی صورتحال میں ان پر بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ بات کے دھنی اور وعدے کے پکے ہوتے ہیں۔ حوت افراد فطرتاً امن پسند ہوتے ہیں لیکن حساس ہونے کے ناطے اگر انہیں لڑائی پر مجبور کیا جائے تو وہ مٹی کے مادھو بھی ثابت نہیں ہوں گے۔ بہت زیادہ حساس ہونے کی وجہ سے بعض اوقات وہ بہت معمولی باتوں پر بھڑک اٹھتے ہیں لیکن یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ بعض اوقات کسی بڑی سے بڑی بات کو


بھی اس طرح برداشت کر جاتے ہیں جیسے کوئی بات ہی نہ ہوئی ہو۔ برج حوت کے زیر اثر پیدا ہونے والے اپنے کام کے سلسلے میں بڑے باسلیقہ اور بااسلوب واقع ہوتے ہیں۔ بظاہر وہ سست اور کاہل نظر آئیں گے مگر درحقیقت وہ اپنے فرائض اور ذمہ داریوں سے کوتاہی نہیں برتتے۔ وہ زندگی کو ہر حالت میں قبول کر لیتے ہیں اور کبھی کوئی شکوہ نہیں کرتے۔ اس کے ساتھ ہی وہ نہایت آسانی سے اپنے آپ کو ہر قسم کی صورتحال کے مطابق ڈھال لیتے ہیں۔

حوت افراد زندگی میں کسی تبدیلی سے نہیں گھبراتے۔ اس کے برعکس وہ ان تبدیلیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ اگر ان کی کسی تبدیلی سے کسی اور کو فائدہ پہنچتا ہو تو انہیں بہت خوشی ہوتی ہے۔ وہ ہمیشہ بنی نوع انسان کی بھلائی کے لئے سوچتے ہیں۔ انہیں دوسروں سے بے پناہ ہمدردی ہوتی ہے اور بعض اوقات وہ کسی کے بتانے سے پہلے ہی اس کے مسائل کو سمجھ لیتے ہیں۔ وہ بے پناہ قوت متخیلہ کے مالک اور دنیا کے مسائل سے آگاہ ہوتے ہیں اور ہمیشہ یہی سوچتے رہتے ہیں کہ اس دنیا کو امن کا گہوارہ کس طرح بنایا جاسکتا ہے لیکن وہ صرف سوچ تک ہی محدود رہتے ہیں۔ اپنی سوچ کو حقیقت کا روپ دینے کی صلاحیت ان میں بہت کم ہوتی ہے۔ انہیں ہمیشہ یہ خوف رہتا ہے کہ اگر انہوں نے کسی منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی

Marfat.com

تو اس میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حوت افراد کو موڈی بھی کہا جا سکتا ہے۔ کبھی تو وہ بہت خوش اور پر جوش نظر آئیں گے اور کبھی انتہائی افسردہ جیسے زندگی کی تمام اداسیاں انہی کی ذات میں سمٹ آئی ہوں۔ جیسا کہ پہلے بھی بتایا جا چکا ہے حوت افراد حقیقت پسند نہیں ہوتے اس لئے وہ کسی سچی بات کو سننے کے بجائے کسی فرضی قصے کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔

## برج حوت کا دوسرا گھر، دولت





بعض حوت افراد اس لحاظ سے بڑے خوش نصیب ہوتے ہیں کہ وہ زیادہ محنت کئے بغیر دولت کما لیتے ہیں اور اگر یہ جائیداد کی خرید و فروخت میں روپیہ پیسہ لگائیں تو انہیں سب سے زیادہ فائدہ ہو سکتا ہے۔ برج حوت سے تعلق رکھنے والے افراد کو اگر کام ان کے مزاج اور ان کی منشاء کے مطابق نہ ملے تو یہ لوگ بے چین اور مضطرب سے رہیں گے اور اگر انہیں اس قسم کا کام بھی مل جائے جس میں ان کا مستقبل روشن ہو اور ان کو مالی فائدہ بھی بہت زیادہ حاصل ہو تو بھی یہ کام نہ کریں گے کیونکہ یہ عجیب ماہیت کے افراد ہوتے ہیں۔ حوت افراد

Marfat.com

میں بڑے بڑے کاروباری ادارے سنبھالنے کی اہلیت نہیں ہوتی۔

اکثر حوت افراد کی بد قسمتی یہ ہوتی ہے کہ ان کا مقدر ان کا ساتھ نہیں دیتا۔ انہیں اپنی مرضی کا کام بہت مشکل سے ہی ملتا ہے اور جو کام انہیں مل جاتا ہے، اسے وہ توجہ اور محنت سے نہیں کرتے۔ حوت افراد میں مستقل مزاجی کا فقدان ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے وہ اچھے شریک کار ثابت نہیں ہو سکتے۔ اکثر حوت افراد کسی کے ساتھ کاروبار میں مضبوط شراکت دار ثابت نہیں ہوتے۔ اخراجات کے معاملات میں بھی ان کا انداز جداگانہ ہوتا ہے۔ یہ لوگ بہت فضول خرچ ہوتے ہیں اور لاپرواہی کا ثبوت دیتے ہیں۔

## برج حوت کا تیسرا گھر، تعلیم و تربیت




اس برج کے بچوں کو سردی سے محفوظ رکھنا چاہئے اور احتیاط کے ساتھ کھانے پینے کو دینا چاہئے۔ ان کا سرمائی لباس خصوصیت کے ساتھ گرم اور آرام دہ ہونا چاہئے کیونکہ دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں یہ سردی کا اثر جلد قبول کرتے ہیں۔ ان کے کمرے میں


Marfat.com

روشنی، ہوااور دھوپ کاکافی گزر ہونا چاہئے۔ان کو مہربانی اور صبر کی تعلیم دینا چاہئے تاکہ ان کی خوبیوں میں اضافہ ہو۔ اور یہ زیادہ سے زیادہ خوش اخلاق بن سکیں۔ ان کو سادہ لباس میں رکھنا چاہئے اور کپڑے انہی کی پسند سے بنانے چاہیں تاکہ ان کی پسند کا اندازہ ہو سکے اور ساتھ ہی ساتھ خوش بھی رہیں۔

ان کی عملی قابلیت کی تربیت کے لئے ابتداہی سے ان کے لئے ایسے کھلونے اور کھیل کود کا سامان مہیا کرنا چاہئے جس میں بنانے بگاڑنے کی صفت ہو۔ پھر رفتہ رفتہ ان کو مختلف اوزاروں سے روشناس کرایا جائے تاکہ وہ اپنی قوت ایجاد کو کام میں لا سکیں۔ان کو محسوسات اور جذبات کے اظہار کرنے پر اکسانا چاہئے اور ان کے لئے ایسے ساتھی تلاش کرنے چاہئیں جو ہشاش بشاش، خوش مزاج، زندہ دل اور صاف دل ہوں۔ ان کو زیادہ غور وفکر کرنے کا موقع نہیں دینا چاہئے بلکہ ان کو تفریحات اور دلچسپیوں کی جانب مائل رکھنا چاہئے تاکہ ان کا دماغ بے فکر رہے۔ ان بچوں کی نگہداشت اور نگرانی خصوصیت کے ساتھ کرنا چاہئے۔ ان کے ذاتی رجحان کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ان سے ہر امر میں مشورہ لینا چاہئے اور جہاں تک ممکن ہو،ان کی رائے پر عمل کرنا چاہئے۔ اکثر ان کا فطری سکون بھی ان کو اپنے خیالات جذبات اور قابلیتوں کے اظہار کرنے میں مانع ہوتا ہے لہٰذا ان میں خود اعتمادی کی قوت پیدا کرنا چاہئے۔

Marfat.com

# برج حوت کا چوتھا گھر، گھریلو زندگی





حوت افراد بہت جلد ماحول کا اثر قبول کر لیتے ہیں۔ گھر کا پر سکون ماحول ان میں زندگی کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ گھر کے علاوہ کہیں بھی یکسوئی محسوس نہیں کر سکتے۔ گھر میں کسی ایسی چیز کا ہونا بہت ضروری ہے جس کا تعلق آرٹ سے ہو کیونکہ آرٹ ان کی زندگی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ حوت افراد تنگ اور چھوٹے گھروں میں نہیں رہ سکتے۔ یہ عام طور پر کشادہ اور وسیع گھر پسند کرتے ہیں۔ جہاں ہوا اور روشنی وافر ہو۔ دیہی علاقوں کی کھلی فضا سے انہیں دلچسپی ہوتی ہے۔ جہاں خوف و خدشے کے بغیر آزادی سے گھوم پھر سکتے ہیں۔

حوت افراد بہترین میزبان ثابت ہوتے ہیں، جب کوئی ان کی تعریف میں باتیں کرتا ہے تو وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔

Marfat.com

## برج حوت کا پانچواں گھر، اولاد سے تعلق





حوت باپ نیک ہوتے ہیں اور یہ اپنے بچوں سے بے حد محبت کرتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کے بچے بعض دفعہ ضدی اور آوارہ ہو جاتے ہیں اور پھر ان کی اصلاح بہت مشکل ہوتی ہے۔ حوت باپ تمام مشکلات کے باوجود بھی اپنے بچوں کی تربیت بہت اچھے انداز سے کرتے ہیں۔ یہ اپنے بچوں کو وہ سب کچھ سکھاتے ہیں جو عملی زندگی گزارنے کے لئے ضروری ہوتا ہے اور اس طرح ان کے بچوں میں پائی جانے والی کمزوری ختم ہو جاتی ہے۔ جب حوت باپ برے حالات میں گھرا ہو تو یہ اپنے بچوں کے ساتھ بہت سختی سے کام لیتا ہے۔ ان کو اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہئے کہ ان کا بہت زیادہ لاڈ پیار ان کے بچوں کو بگاڑ دیتا ہے اور پھر ان کی اصلاح کرنا بہت مشکل بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے اور وہ معاشرے کے ذمہ دار شہری نہیں بنتے۔

حوت ماں اپنے خاندان اور اپنے بچوں سے بے حد محبت کرتی ہے۔ وہ اپنے بچوں کے

Marfat.com

لئے بہت مہربان اور شفیق ثابت ہوتی ہے نیز وہ اپنے بچوں کی کامیابی سے بہت زیادہ خوش ہوتی ہے۔ وہ اپنے بچوں کے مسائل غور سے سننے کے بعد انہیں ہمدردانہ انداز میں حل کرنے کی کوشش کرتی ہے اور انہیں مفید مشورے بھی دیتی ہے۔ حوت ماں اپنے بچوں کے دوستوں اور سہیلیوں سے مل کر بھی خوشی محسوس کرتی ہیں اور انہیں پیار سے خوش آمدید کہتی ہے۔ حوت ماں کا ضرورت سے زیادہ لاڈ پیار بچوں کو بگاڑ دیتا ہے۔ اس کی وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ یہ اپنے بچوں کی مکمل ذمہ داری اٹھانے سے گھبراتی ہے نیز نظم و ضبط سے اسے گھبراہٹ محسوس ہونے لگتی ہے تاہم اپنے بچوں کو معاشرتی آداب اور اخلاقیات سے باخبر کرتی ہے۔ مجموعی طور پر حوت ماں اپنے بچوں کے حق میں بہترین ثابت ہوتی ہے۔ اگر وہ اپنے بچوں کے ساتھ لاڈ پیار نہ کرے تو اس کے بچے بہت سی مشکلات سے بچ سکتے ہیں۔

## برج حوت کا چھٹا گھر، صحت و امراض




عام طور پر ان کی صحت کبھی اچھی اور کبھی خراب رہتی ہے اس لئے انہیں چاہئے کہ

Marfat.com


اپنی صحت بر قرار رکھنے کے لئے جملہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں لیکن ان کو اپنی صحت کے بارے میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ حوت افراد سیر و تفریح اور غذا کے ذریعے اپنی صحت کو بر قرار رکھ سکتے ہیں۔ یہ لوگ ویسے بھی سیر و تفریح کے دلدادہ ہوتے ہیں اور صبح کی سیر سے نہ صرف لطف اندوز ہوتے ہیں بلکہ ان کی صحت و توانائی میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے۔ جب کھانا کھائیں تو بھوک رکھ کر کھائیں اور کبھی ٹھونس کر اپنا پیٹ بھرنے کی کوشش نہ کریں تو ان کی صحت قابل رشک حد تک درست رہ سکتی ہے۔

سادہ خوراک اور سادہ غذا ان کے لئے بہت مفید ہے۔ مختلف قسم کی سبزیاں اور پھل ان کی صحت کے لئے بہت مفید ثابت ہوتے ہیں اور وہ سبزیوں اور پھلوں سے توانائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان افراد کو چاہئے کہ وہ ہرے پتوں والی سبزیوں کا استعمال کثرت سے کریں۔ اس کے علاوہ ان پھلوں کا استعمال کرنا چاہئے جو ثقیل نہ ہوں۔ ان کو دودھ کا استعمال بھی کثرت سے کرنا چاہئے۔ ان افراد کو مرغن، سخت گرم اور ثقیل غذاؤں سے مکمل طور پر پرہیز کرنا چاہئے۔ ان افراد کو چاہئے کہ وہ اپنی صحت اور تندرستی کے لئے خوراک میں احتیاط سے کام لیں ورنہ انہیں بہت سی مشکلات پیش آسکتی ہیں۔

حوت مرد محبت میں بہت پر جوش ہوتے ہیں بلکہ جذباتی بھی بے پناہ ہوتے ہیں۔ حوت مرد سے محبت کے تعلق میں جانا کسی امتحان سے کم نہیں ہوتا کیونکہ وہ ہمیشہ جذبات کی رو میں رہتے ہیں۔ ہر آن ان پر ایک جذباتی کیفیت طاری رہتی ہے اور وہ جس سے محبت کرتے ہیں، اس کی مکمل اور بھرپور توجہ چاہتے ہیں۔ کسی وقت اگر انہیں اندازہ ہو جائے کہ انہیں پوری توجہ نہیں مل رہی ہے تو وہ شدید جذباتی کرب میں مبتلا ہو جاتے ہیں لیکن اگر انہیں توجہ دی جائے تو وہ ایک بہترین محبت کرنے والے ثابت ہوتے ہیں۔ حوت مرد جس

Marfat.com

## برج حوت کا ساتواں گھر، محبت اور شادی





Marfat.com

سے محبت کرتے ہیں، اس کی ہر خواہش کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان کی آرزو ہوتی ہے کہ وہ اسے خوش رکھیں۔ حوت مرد محبت کے لئے ایک مرتبہ جس کا انتخاب کر لیتے ہیں، پھر ہمیشہ کے لئے اس کے ہو کر رہتے ہیں کیونکہ کسی کے جذبات سے کھیلنا انہیں پسند نہیں ہوتا۔ وہ زندگی میں محبت کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ حوت افراد جس سے رومانس کرتے ہیں، اس سے شادی بھی کرنا پسند کرتے ہیں۔ ان کی نظر میں محبت ایک مقدس چیز ہوتی ہے اور وہ کسی کو دھوکہ دینا بالکل پسند نہیں کرتے۔

حوت خواتین شادی اور محبت کو بہت زیادہ اہمیت دیتی ہیں۔ وہ جس سے بھی محبت کرتی ہیں، وہ خوش نصیب ہوتا ہے۔ کسی دوسرے برج کی خواتین اتنے حوصلے اور عزم کے ساتھ محبت نہیں کرتیں جتنا حوت خواتین کرتی ہیں۔ حوت عورت زندگی میں صرف ایک مرتبہ محبت کرتی ہے۔ وہ اپنی پہلی اور آخری محبت میں بڑی عزم اور حوصلے کا مظاہرہ کرتی ہے۔ اس کا مظاہرہ اس طرح ہوتا ہے کہ وہ یہ رشتہ یک طرفہ طور پر ختم نہیں کرتی بلکہ اسے اندازہ بھی ہو جائے کہ اس کا فیصلہ غلط ثابت ہو چکا ہے، تب بھی اس کی محبت میں کوئی کمی نہیں آتی۔ حوت عورت بدترین حالات میں بھی اپنی محبت کو بچانے کی ہر ممکن جدوجہد کرتی ہیں۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ حوت خواتین جس سے محبت کرتی ہیں، شادی بھی اسی فرد سے کرتی ہیں۔ محبت اور شادی کو وہ ایک ہی تصویر کے دو رخ سمجھتی ہیں اور جس طرح وہ محبت میں ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتی ہیں، بالکل اسی طرح شادی اور ازدواجی زندگی میں ذمہ داری کا رویہ اختیار کرتی ہیں نیز کبھی علیحدگی کا خیال ذہن میں نہیں لاتیں۔ حوت عورت جس سے محبت کرتی ہے اس کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرتی۔ محبت کے معاملے میں حوت عورت مخلص دیانت دار اور وفادار ہوتی ہے۔ حوت عورت کبھی بھی فلرٹ نہیں کرتی۔ وہ جب بھی کسی سے محبت کرتی ہے تو سچے دل سے اور اسے دل کی گہرائیوں سے چاہتی ہے۔

Marfat.com

## برج حوت کا آٹھواں گھر، عمر




اس ضمن میں ایک امریکی تحقیقی ادارے نے سات سال کی لگاتار تحقیق کے بعد علم نجوم کے بارے میں جو انکشافات کیے ہیں، وہ بڑے حیرت انگیز ہیں۔

اس ادارے کے سربراہ نے یہ انکشاف کیا ہے کہ سیارے انسان کی عمر کے تعین میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں، یعنی مختلف برجوں کے تحت پیدا ہونے والے افراد کی عمریں بھی مختلف ہوتی ہیں۔


اس ادارے نے اپنی تحقیق کے دوران باسٹھ ہزار لوگوں کی تاریخ پیدائش اور وفات کے اعداد و شمار جمع کیے ہیں۔ ان کے مطابق یہ افراد 1945ء سے لے کر 1981ء کے دوران اس دنیا سے رخصت ہوئے نیز ہر برج کے ایک ہی یوم پیدائش کے لوگ لئے گئے اور اس محکمہ نے یہ معلومات زیادہ تر محکمہ صحت عامہ سے حاصل کی تھیں۔ اس کے علاوہ قبروں پر لگے ہوئے کتبوں سے بھی مدد لی گئی۔

Marfat.com

اس نے بتایا کہ ہم نے پندرہ ہزار کیسوں کا مطالعہ کیا اور ہم یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان سب میں عمروں کی قدر مشترک تھی۔ اب آپ بھی اپنی تاریخ پیدائش سے اپنا برج معلوم کر کے اپنی عمر معلوم کر سکتے ہیں۔

چونکہ یہ باب برج جوزا اور اس کے متعلقہ سیاروں مشتری اور نیپچون سے تعلق رکھتا ہے چنانچہ جن افراد کی پیدائش 19 فروری تا 20 مارچ کے دوران ہوئی ہو، ان میں مردوں کی عمر 71 سال ہے اور عورتوں کی عمر 75 سال ہے۔

## برج حوت کا نواں گھر، قسمت





| | |
|---|---|
| نام کا پہلا حرف | د، چ |
| حکمران ستارہ | مشتری |
| موافق نگینہ | عقیق، نیلم، زمرد |
| موافق رنگ | ارغوانی، بنفشی، جامنی |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| موافق پھول | گل سوسن |
| موافق خوشبو | صندل |
| موافق دن | جمعرات |
| موافق نمبر | 7 |
| موافق برج | سرطان، عقرب |
| ناموافق برج | جوزا، سنبلہ، قوس |
| گوارا برج | جدی، دلو، حمل، ثور |
| غیر جانبدار برج | اسد، میزان |

## برج حوت کا دسواں گھر، پیشے اور کاروبار




حوت افراد کی صلاحیت مختلف سمتوں میں کام کرتی ہے اور وہ اپنی فراخ دلی اور وسعت نظری سے مکمل طور پر واقف ہوتے ہیں۔ یہ افراد کسی بھی ایسے کام کے لئے جو ان کے تصور


Marfat.com

اور تخلیقی استعداد کے مطابق ہو، بہت موزوں ہوتے ہیں۔ حوت افراد اپنے خیالات کا اظہار چاہتے ہیں۔ یہ افراد جس جگہ کام کرتے ہیں، وہاں تخلیقی ماحول بنا دیتے ہیں۔ یہ پر جوش ہوتے ہیں اور اچھی سوچ کو پسند کرتے ہیں چنانچہ ان لوگوں کو جو دوسروں کی مدد کے خواہاں ہوتے ہیں، پسند کرتے ہیں۔ حوت افراد ایک عمدہ اور نفیس جگہ کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ گرد و پیش کا خاموش اور پر امن ماحول آپ کے لئے بہت مفید اور آپ کی تعمیری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ یہ ماحول آپ کے لئے اور بھی زیادہ موزوں اس وقت ہوگا جب آپ کے ساتھ کام کرنے والے پسندیدہ اور ذمہ دار لوگ ہوں۔ آپ اپنے کام سے جذباتی تسکین چاہتے ہیں۔

اکثر حوت افراد پس منظر میں رہ کر کام کرتے ہیں۔ آپ اپنے آپ کو بڑے اداروں میں جیسے لائبریریز، یونیورسٹیز، میوزیم یا پھر ہسپتال وغیرہ میں پا سکتے ہیں نیز ریاست یا وفاقی حکومت کے ملازم بھی ہو سکتے ہیں یعنی سول سروسز میں اپنا مقام تلاش کریں۔ حوت ایک آبی نشان کا حامل ہوتا ہے اور پانی کے نزدیک کام کرنا آپ کے لئے بڑی کشش رکھتا ہے جہاں قدرتی مناظر اور لہروں سے آپ کو مکمل سکون حاصل ہوتا ہے۔ ایک جوان حوت فرد کالج کے زمانے سے ہی تفریح کے حوالے سے ساحل سمندر پر کام کرنا پسند کرتا ہے اور ہر سال گرمی کی چھٹیوں میں وہ ادھر کا رخ کرتا ہے یہاں تک کہ وہ آخر کار سمندر کو کیریئر کے طور پر اپنا لیتا ہے۔ حوت افراد کے لئے پیشے کا انتخاب بہت اہم ہوتا ہے۔ آپ ایسے پیشے میں کامیاب اور خوش نظر آئیں گے جو آپ کی مخصوص صلاحیتوں سے مطابقت رکھتا ہو۔ اس کے برعکس آپ اپنی ضرورت سے زائد حساسیت کی وجہ سے کسی غیر یقینی جگہ پر بھی بیٹھ سکتے ہیں۔ ان افراد میں بہت سی صلاحیتیں ہوتی ہیں۔ جن میں اکثر شاعری اور میوزک شامل ہوتے ہیں۔

Marfat.com

# برج حوت کا گیارہواں گھر، دوستانہ تعلقات




برج حوت سے تعلق رکھنے والے لوگ بہت بااعتماد دوست ثابت ہوتے ہیں اور ان سے ہر بات کی جا سکتی ہے۔ اگر انہیں اعتماد میں لیا جائے تو وہ بہترین مشورے دیتے ہیں۔
حوت افراد کو نہایت حساس معلومات میں بھی بلاخوف و خطر اعتماد میں لیا جاسکتا ہے اور ان پر ہر طرح کا اعتماد اور بھروسہ کیا جاسکتا ہے۔ حوت افراد ان دوستوں کے احسان مند رہتے ہیں جو ان پر اعتماد کا اظہار کرتے ہیں۔ وہ بڑی صاف گوئی سے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں اور کسی بھی دوست کو خوش کرنے کے لئے غلط بیانی سے کام نہیں لیتے۔ وہ اپنے قول کے دھنی ہوتے ہیں اور جو وعدہ کرتے ہیں، اسے ضرور پورا کرتے ہیں۔ حوت افراد خوش گفتار اور بہت ہی نفیس اور نرم فطرت کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ لوگ خود کو خوش نصیب سمجھ سکتے ہیں جن کے دوستوں میں حوت فرد شامل ہو۔ کسی بھی ضرورت مند دوست کی مدد کرنا ان کی زندگی کا اہم مقصد ہوتا ہے۔ حوت افراد اپنے دوستوں کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں اور ان کے نزدیک دوستی کی اہمیت بہت ہوتی ہے۔ یہ لوگ اپنے دوستوں کی تلخ اور ترش بات سن کر

Marfat.com

بھی مسکراتے رہتے ہیں اور اپنی ذات سے بھی اپنے کسی دوست کو نقصان پہنچانے کی سوچ بھی نہیں سکتے۔

## برج حوت کا بارہواں گھر، حدود




حوت افراد جب اپنے جوبن پر ہوں تو ان کا ذہن ایک باغ کی طرح ہوتا ہے جس میں ہر طرف رنگ برنگے پھول کھلے ہوتے ہیں۔ ان کی فطرت میں ہر چیز کی فراوانی ہے۔ یہ اپنی بصیرت اور پاکیزہ دل کے ساتھ ناممکن کو ممکن بنا سکتے ہیں لیکن اس کے لئے انہیں اپنی خودی اور نفس سے بالاتر ہونا ہوگا کیونکہ ذہن کی بلندی سے ہی یہ اپنے باطن میں پوشیدہ ہر چیز کو دیکھ سکیں گے۔

ان افراد کو چاہئے کہ وہ جو بھی کام کریں، اسے خدا کے سپرد کر دیں۔ قہقہوں اور سرور سے اپنی توانائیوں کو رواں کریں۔ آپ کی روح ہی آپ کی روشنی اور راہ نما ہے۔ اس کی آواز کو سنیں اور اس پر عمل کریں۔ اب ان کے پاس محبت کی طاقت ہو گی۔ اس کے ذریعے یہ خوشیاں محبت اور آزادی حاصل کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

ان افراد کا ذہن بہت تیز ہوتا ہے اور ان کے ساتھ دوستی کرنے کا مطلب کسی جادوگر سے دوستی کرنے کے مترادف ہے۔ ان لوگوں کا ذہن کھلے اور کشادہ ماحول میں اپنے آپ کو بے حد آرام اور سکون میں محسوس کرتا ہے جہاں ان کی صلاحیتوں کے جوہر خوب کھلتے ہیں۔ ان کے تخیل پر حقیقت کے اثرانداز ہونے کے امکان ہوتا ہے تاہم سچائی کے بارے میں ان کا نقطہ نظر بے حد ذاتی ہوتا ہے۔

فنون لطیفہ کے شعبے میں ان کا ذہن بہت چلتا ہے کیونکہ یہ تخلیقی کام ہے۔ جب ان کے دل کی نشوونما ہو جاتی ہے تو ان کی وجدانی قوتیں بے حد طاقتور ہو جاتی ہیں اور اس طرح انہیں اپنی تکالیف کو ختم کرنے پر ملکہ حاصل ہو جاتا ہے۔ حوت ایک پراسرار، تغیر پذیر اور ڈھیلا ڈھالا سا برج ہے جو زمین پر کبھی اپنے گھر میں نہیں ہوتا اور ہمیشہ اپنی روحانی تکمیل کی کوشش میں مصروف رہتا ہے۔ حوت افراد اپنی زندگی موج میلے سے گزارتے ہیں اور دوسروں کو بھی اپنی خوشیوں میں شریک کرتے ہیں۔ حوت افراد میں مزاح کی حس جھلمل کرتی رہتی ہے اور دوسرے ان کے مزاج کی دلفریبی سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ یہ لوگ غیر معمولی کام کرنے کے اہل ہوتے ہیں۔ دراصل حوت کے ذہن میں اس قدر جادو ہے کہ وہ اپنی ایک دنیا تخلیق کر سکتا ہے لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے چھوٹے اندیشوں کو ختم کر دے۔

Marfat.com

دنیائے ادب کی نامور شخصیات کی زندگی کا احوال

# نوبل انعام یافتہ شخصیات

## (1901 – 2012)

مختلف ممالک سے ادب کے لیے نمایاں خدمات سرانجام دینے والے لوگوں کے بارے میں مختصر اور کارآمد معلومات کا خزانہ۔

دنیا کے سب سے بڑے اعزاز (نوبل) حاصل کرنے والے ادیبوں کی تصاویر اور شخصیت و خدمات کا احوال یقیناً آپ کی نالج میں اضافے کا سبب بنے گا۔

تحریر و تالیف

ڈاکٹر صابر علی ہاشمی

قیمت بمعہ ڈاک خرچ -/200 روپے

**روبی پبلی کیشنز**

دکان نمبر 13، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور

فون: 042-37243301، موبائل: 0300-4213406

Email: rubypublisher@hotmail.com

Marfat.com

قرآن وسنت کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کا دسترخوان

# رسول اللہ ﷺ کی غذائیں

# اور

# شافی علاج

اس کتاب میں حضور اکرم ﷺ کے دسترخوان میں جو غذائیں شامل تھیں اور جنھیں آپ ﷺ نے شرف طعام بخشا اور ہمارے لیے ان کی افادیت کو بڑھایا ان کا مفصل ذکر کیا گیا ہے

جس غذا کو اللہ کے محبوب ﷺ نے تناول فرمایا اس کی فضیلت وشرف کا کیا کہنا۔ یہ وہ غذائیں ہیں جو اپنی افادیت اور طبی نقطہ نگاہ سے شافی علاج ہیں۔

قارئین کے لئے ان غذاؤں کی افادیت کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں میں ان کا استعمال کس طرح فائدہ دیتا ہے اسے بھی آسان طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔ ہم سنت نبوی پر عمل پیرا ہو کر ڈاکٹروں کی بھاری فیس سے بچ سکتے ہیں۔

تحریر وتالیف: ڈاکٹر شبیر احمد باصل

قیمت بمعہ ڈاک خرچ -/300 روپے


**روبی پبلی کیشنز**

دکان نمبر 13، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور

فون: 042-37243301، موبائل: 0300-4213406

Email: rubypublisher@hotmail.com

حکیم حافظ عبدالکریم کی اس کتاب

# حمل سے پیدائش تک

میں دورانِ حمل

حفاظت کے لئے ہدایات، امراضِ حمل اور ان کا علاج، زچگی میں حفاظت، غذا اور پرہیز، علاوہ ازیں بعد از زچگی مسائل، بچے کو دودھ پلانے اور دیگر ضروری معاملات کے متعلق مفید ہدایات دی گئی ہیں جن کا جاننا ہر شادی شدہ خاتون کے لئے اشد ضروری ہے۔ بچوں کی ابتدائی خوراک، دانت نکلنے کے مسائل اور دودھ چھڑانے کا طریقہ، شیر خوار بچوں کے امراض اور دیگر ابتدائی ہدایات کے ساتھ

روبی پبلی کیشنز

دوسری منزل راجپوت مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 0303-6416808

Marfat.com

عظیم احمد کی ایک اور منفرد و مفید کتاب

# ننھے بچوں کی

# نگہداشت اور پرورش

# (Child Care)

جدید ترین تحقیق کی روشنی میں


بچوں کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی پرورش کے راہنما اصول

روبی پبلی کیشنز

دوسری منزل راجپوت مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 0303-6416808


Marfat.com


# علم نجوم پر ادارے کی دیگر شاندار کتب










روبی پبلی کیشنز
دکان نمبر 13 الحمد مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 042-37243301
E-mail: rubypublisher@yahoo.com